(۵۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جس شخص کو روزی کی کشایش اور حیات کی ترقی منظور ہو اوسکو قرابت پروری کرنا چاہیے"

Marfat.com

باب ۲۹ قرابت پرور آدمی سے لوگونکا محبت کرنا

(۵۶) ابن عمرؓ کہتے ہین "جو شخص اپنے خدا سے ڈرتا رہے اور قرابت پروری کرتا رہے اوسکی حیات کی مدت مین مہلت دیجاویگی۔ اوسکے مال مین بھی زیادتی ہوگی۔ اوسکے لوگ بھی اوسکو چاہنے لگین گے"

(۵۷) ابن عمرؓ کہتے ہین الخ وہی روایت نمبر ۵۶ (صرف لفظون کا فرق ہے)

باب ۳۰ اہل قرابت سے درجہ بدرجہ سلوک کرنا

(۵۸) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اللہ تعالے تم لوگون کو مان کے بارے مین بہت تاکید فرماتا ہے۔ پھر مکر مان ہی کے بارے مین تاکید فرمائی۔ پھر باپ کے بارے مین۔ تب باقی اہل قرابت درجہ بدرجہ کے بارے مین"

(۵۹) سلیمانؓ کہتے ہین "جمعرات کی شام کو حضرت ابوہریرہؓ ہمارے یہان آئے اور کہا "مین ہر ناتا کاٹنے والے کو تکلیف دیتا ہون کہ میرے پاس سے اوٹھ جاوے مگر کوئی اوٹھا نہین یہان تک کہ اونہون نے تین بار کہا تب ایک نوجوان آدمی جو اپنی پھوپھی کو دو برس سے چھوڑے ہوے تھا وہ اوسکے یہان گیا تو اوس نے پوچھا "بھتیجے! تو یہان کیونکر آیا؟" بولا "مین ابوہریرہؓ کو ایسا ایسا کہتے ہوے سنکر آیا ہون" وہ بولی "اون سے جاکر پوچھ اونہون نے ایسا کیون کہا" ابوہریرہؓ نے جواب دیا "مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوے سنا ہے کہ آدمی کے اعمال جمعرات کی شام کو اللہ تعالے کے دربار مین پیش کیے جاتے ہین تو کسی ناتا کاٹنے والے کا عمل قبول نہین ہوتا"

(۶۰) ابن عمرؓ کہتے ہین "آدمی جو کچھ اپنی ذات مین اور اپنے لوگون مین ثواب کی نیت سے خرچ کرتا ہے اللہ تعالے اوسکو اجر دیتا ہے۔ اور خرچ اپنے بال بچون سے شروع کرو۔ پھر کچھ بچے تو اہل قرابت کو درجہ بدرجہ دو۔ اور کچھ بچ رہے تو پھر جسکو چاہو دو"

باب ۳۱ جس گروہ مین ناتا کاٹنے والا ہو اوس پر رحمت کا نازل نہ ہونا

(۶۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے "جس گروہ مین ایک شخص بھی

Marfat.com

ناتا کاٹنے والا ہوتا ہے اوس گروہ پر رحمت نازل نہین ہوتی ہے"

۳۲ قرابت چھوڑنے کا گناہ

(۶۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے "ناتا کاٹنے والا بہشت مین نہین جائیگا"

(۶۳) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے "رحم۔ رحمٰن کی ایک شاخ ہے وہ قیامت مین فریاد کریگی۔ اَے پروردگار! مین ستائی گئی۔ اَے پروردگار! مین کاٹ دی گئی۔ اَے پروردگار! مجھپر یہ ہوا۔ جواب ملے گا۔ تو راضی ہے نہ؟ کہ جو تجھے کاٹ دے اوسے مین بھی کاٹ دون اور جو تجھے جوڑے مین بھی اوسے جوڑون"

(۶۴) حضرت ابوہریرہ رضؓ لڑکے اور ناقابلون کی بادشاہت سے پناہ مانگا کرتے۔ ابن حسنہ رضؓ نے اون سے پوچھا "اِسکی نشانی کیا ہے؟" فرمایا "اِسکی نشانی یہ ہے کہ قرابتین کاٹ دی جاوینگی۔ اور گمراہ کرنے والون کی بات مانی جاویگی۔ اور ٹھیک راہ بتانیوالونکی بات نہین مانی جاویگی"

۳۳ ناتا کاٹنے والے پر دنیا دی عذاب

(۶۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ناتا کاٹنے اور بغاوت کرنے سے بڑھکر کوئی گناہ اِس قابل نہین ہے کہ اوسکے کرنے والے پر اللہ دنیا ہی مین عذاب کرے اور آخرت کا عذاب علاوہ ہے"

۳۴ قرابت پرور آدمی کا عوض نہ لینا

(۶۶) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "قرابت پرور آدمی بدلہ نہین لیا کرتا بلکہ اوس سے برادری بھی چھوڑ دو تو وہ ملا ہی لیا کرتا ہے"

۳۵ ظالم قرابت مند سے قرابت بنے کی بزرگی

(۶۷) براء رضؓ کہتے ہین ایک دیہاتی آدمی نے حاضر ہوکر عرض کی "یا نبی اللہ مجھے ایسا عمل ارشاد ہو جو مجھکو جنت مین پہونچا دے" فرمایا "بات تو تو مختصر ہی بولا مگر سوال بھاری کیا اچھا جا غلام آزاد کر۔ اور گردن چھوڑا" اوس نے عرض کی "یہ دونون تو

Marfat.com

ایک ہی بات ہین نہ؟" فرمایا "نہین۔ غلام آزاد کرنا تو یہ ہے کہ تو غلام آزاد کرے۔ اور گردن چھوڑانا یہ ہے کہ کسی کی گلوخلاصی مین مدد کرنا۔ اور اہل قرابت کو اوسکی رغبت کی چیز دینا۔ اونکی طرف سلوک کے ساتھہ متوجہ رہنا۔ اگر یہ نہ ہوسکے تو اچھی بات کی ہدایت کر اور بُری بات سے روک۔ اگر یہ بھی نہ ہوسکے تو اچھی بات کے سوا کچھہ نہ بول"

۳۶ نومسلم کا کفر کی حالت مین صلہ رحم کرنا

(۶۸) حکیم بن حزام رضؓ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی "حضور اون باتون کے بارے مین فرمائیے مین جنہین حالت کفر مین بہ نیت عبادت کر لیا کرتا تھا جیسے برادرانہ سلوک کرنا ہوا۔ غلام آزاد کرنا ہوا۔ خیرات دینا ہوا۔ مجھے اونکا بھی کچھ ثواب ہوگا؟" فرمایا "اچھی باتین جو کر چکے ہو اسلام لانے پر بھی سب کمال ہین"

۳۷ مشرک قرابت مند سے برادرانہ سلوک کرنا اور ہدیہ دینا

(۶۹) ابن عمر رضؓ کہتے ہین "حضرت عمر رضؓ نے ایک ریشمی حلہ دیکھکر عرض کی "یا رسول اللہ اسکو حضور مول لے لیتے۔ اور جمعے کو اور جب باہر کے لوگ حضور مین آتے تب پہنتے"۔ اسپر آپؐ نے فرمایا "اسکو تو بے نصیب ہی شخص پہنے" پھر اوسی قسم کے کئی حلے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان بطور ہدیے کے آئے تو آپؐ نے اوسمین سے ایک حلہ حضرت عمر رضؓ کو بھی تحفہ بھیجا۔ تو حضرت عمر رضؓ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہوکر عرض کی کہ "حضور نے مجھے یہ بھیجا حالانکہ مین اسکے بارے مین وہ بات سُن چکا ہون جو آپ نے فرمائی تھی"۔ آپؐ نے فرمایا "مینے تمہین پہننے کو نہین دیا ہے بلکہ اسواسطے البتہ دیا ہے کہ تم اسکو بیچ ڈالو یا کسی کو پہنا دو"۔ تب حضرت عمر رضؓ نے وہ حلہ اپنے ایک مشرک اخیافی بھائی کے پاس بھیجدیا"

۳۸ صلہ رحم کرنیکے لیے خاندانی قرابتون کا معلوم کرنا

(۷۰) حضرت عمر رضؓ نے منبر پر فرمایا "خاندانی قرابتون کو معلوم کر کے برادرانہ سلوک

Marfat.com

کیا کرو قسم خدا کی دو مسلمان بھائیون مین رنجش ہوا کرتی ہے - اور جو قرابت اون
دونون مین ہے کاش وہ اون دونون کو معلوم ہو جائے تو بدسلوکی نہ ہونے پائے"
(۷۱) ابن عباس رض فرماتے ہین "خاندان کا لگاؤ یاد رکھو صلہ رحم کیا کرو - دور ہی کی
قرابت کیون نہ ہو ملاتے رہو تو کچھ دوری نہین ہے - اور نزدیک ہی کی قرابت ہو مگر
ملائی نہ جائے تو کچھ نزدیک نہین ہے - اور ساری قرابتین قیامت کے روز
قرابت والے کے آگے آگے حاضر ہون گی اگر اوس نے صلہ رحم کیا ہوگا تو صلے کی
گواہی دینگی - اور اگر قطع رحم کیا ہوگا تو قطع کی گواہی دینگی"

۳۹ آزاد غلام آزاد کرنے والون مین اپنے کو کہے یا نہ کہے

(۷۲) عبد الرحمن بن ابی حبیب رض کہتے ہین "مجھسے عبد اللہ بن عمر رض نے پوچھا - تم کن
لوگون مین ہو؟ مین نے کہا "خاندان تمیم کے قبیلہ بنی تیم مین ہون" پوچھا اونکی اپنایت ہو
یا آزاد غلامون مین ہو؟ مین نے کہا "اونکے آزاد غلامون مین ہون" کہا "تب تو نے
یہی کیون نہ کہا"

۴۰ آزاد غلام کا آزاد کرنے والون مین داخل ہو جانا

(۷۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمر رض سے فرمایا "اپنی قوم (قریش) کو جمع کرو
مجھے ضرورت ہے" اونہون نے سب کو جمع کیا - جب وہ لوگ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم کے دروازے پر حاضر ہوے - عمر رض نے اندر جا کر اطلاع کی - انصاریون نے یہ
خبر سنکر کہا "بیشک قریش کے بارے مین کچھ وحی اوتری" یہ سمجھکر وہ بھی سننے دیکھنے
آئے - پھر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مکان سے نکلکر اون لوگون مین کھڑے ہو گئے
اور پوچھا تم مین غیر لوگ بھی ہین؟ اونہون نے عرض کی "ہان ہمارے معاہدے والے
لوگ بھی ہین - ہمارے بھانجے لوگ بھی ہین - ہمارے آزاد غلام لوگ بھی ہین"
آپ نے فرمایا "ہمارے معاہدے والے تو ہمین مین ہین - ہمارے بھانجے تو ہمین
مین ہین - ہمارے آزاد غلام تو ہمین مین ہین - سنتے ہو! تم لوگون مین میرے دوست
پرہیزگار ہی لوگ ہین اگر تم پرہیزگار ہو تو بہتر ورنہ خیال رکھو کہین ایسا نہ ہو کہ قیامت

Marfat.com

کے دن لوگ تو اپنے اپنے اعمال لے لیکر حاضر ہون اور تم لوگ (اپنے اپنے گناہون کے) بوجھے اوٹھائے اوٹھائے آؤ اور تم سے مونہہ پھیر لیا جاے۔ پھر آپ نے دونون ہاتھہ اوٹھا کر قریش کے سرون پر رکھا اور پکار کر فرمادیا اے لوگو! قریش۔ اہل امانت ہین جو شخص انکی بدخواہی کریگا اللہ اوسکو ٹھنون کے بل گرادیگا" آپ نے یہ باتین تین بار فرمائین۔

۴۱ دو تین لڑکیون کی پرورش

(۷۴) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جس شخص کی تین بیٹیان ہون اور وہ (اونکی پرورش کی مصیبت پر) صبر کرے اور اونکے کپڑے لتے کی خبر لے تو وہ لڑکیان اوسکے اور دوزخ کے درمیان مین پردہ ہوجائینگی"

(۷۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جس مسلمان کی دو بیٹیان ہون اور وہ اونکا اچھا ساتھہ دے تو وہ دونون اوسکو بہشت مین پہونچا دینگی"

(۷۶) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جس شخص کی تین بیٹیان ہون وہ اونکو رہنے کا ٹھکانا دے۔ اونکے خرچ کی خبر گیری کرے۔ اون پر مہربانی کرے۔ اوسکے لیے بہشت مین جانا البتہ واجب ہے" ایک شخص نے عرض کی "اور اگر دو ہی ہون یا رسول اللہ؟" آپ نے فرمایا "دو ہون تب بھی"

۴۲ تین بہنون کی پرورش

(۷۷) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جس شخص کی تین بیٹیان ہون یا تین بہنین ہون اور وہ اونکے ساتھہ سلوک کرتا ہو وہ ضرور بہشت مین جائیگا"

۴۳ واپس شدہ بیٹی کی پرورش

(۷۸) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سراقہ بن جعشم سے فرمایا کہ "مین تجھے بڑے سے بڑا صدقہ بتادون؟" عرض کی "ہان یا رسول اللہ" فرمایا "تیری بیٹی تجھکو واپس ہوئی اب اوسکو کما کر کھلانے والا تیرے سوا کوئی نہین ہے"

(۷۹) وہی حدیث۔

Marfat.com

(۸۰) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو کچھ تو خود کھائے وہ بھی صدقہ (کا ثواب رکھتا) ہے۔ جو اپنے لڑکے کو کھلائے وہ بھی صدقہ ہے۔ جو اپنی بیوی کو کھلائے وہ بھی صدقہ ہے۔ جو اپنے خادم کو کھلائے وہ بھی صدقہ ہے"

۴۴ بیٹیون کی موت مانگنا

(۸۱) ابنِ عمر رضؓ کے پاس ایک شخص تھا اوسکی کئی بیٹیان تھین وہ اونکی موت منانے لگا تو ابنِ عمر رضؓ غصہ ہوکر فرمانے لگے کیا تو ہی اونکو روزی دیتا ہے۔

۴۵ لڑکے بالے بخیل بنا دیتے ہین بزدل بنا دیتے ہین

(۸۲) عائشہ رضؓ نے فرمایا "ایک دن ابوبکر رضؓ کہنے لگے قسم خدا کی روی زمین پر عمر رضؓ سے زیادہ کوئی میرا پیارا نہین ہے" پھر جب مکان سے نکلے تو لوٹ آئے اور پوچھنے لگے بیٹی! مین نے کیا قسم کھائی تھی جو مین نے عرض کردی۔ تب بولے "میرے نزدیک (عمر رضؓ سے) زیادہ عزت والا کوئی نہین کیونکہ شفقت تو اولاد پر زیادہ ہوتی ہے"

(۸۳) ابن ابی نعم رضؓ نے کہا "مین ابنِ عمر رضؓ کے پاس حاضر تھا۔ اِسمین ایک شخص نے اون سے مچھر مارنے کا مسئلہ پوچھا۔ تو ابنِ عمر رضؓ نے پوچھا تو کن لوگون مین سے ہے؟ وہ بولا "عراق والون مین ہون" اِسپر ابنِ عمر رضؓ بولے "اِسکو دیکھیے مچھر کے خون کا تو مسئلہ پوچھنے آیا ہے اور انہین صاحبون نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے کو شہید کر ڈالا ہمنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ یہ دونون (امام حسن رضؓ امام حسین رضؓ) دنیا کے میرے دو پھول ہین"

۴۶ لڑکے کو گردن پر بٹھانا

(۸۴) براء رضؓ کہتے ہین "مین نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ (امام) حسن صلوات اللہ علیہ آپؐ کی (مبارک) گردن پر ہین اور آپؐ فرما رہے ہین یا اللہ! مین اِسے چاہتا ہون تو بھی اِسے چاہ۔

۴۷ لڑکون کا آنکھ کی ٹھنڈک ہونا

(۸۵) جُبیر بن نفیر رضؓ نے کہا "ہم لوگ ایک دن مقداد بن الاسود رضؓ کے پاس بیٹھے تھے

Marfat.com

اِس مین اونکے پاس سے ایک شخص گزرا تو اوس نے کہا "زہے نصیب اِن دونون
آنکھون کے کہ انھون نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی ہے۔ قسم خدا
کی ہمین بھی آرزو رہگئی کہ جو (مقداد) نے دیکھا ہم بھی دیکھتے۔ اور جہان جہان آپ (مقداد)
حاضر رہے ہم بھی حاضر رہتے"۔ اِسپر مقداد کو غصہ آگیا۔ تو ہم لوگ تعجب کرنے لگے۔ کہ
اِس نے تو اچھی ہی بات کہی تھی۔ پھر مقداد اوسپر متوجہ ہوے اور کہا "آدمی کیون ایسے
موقع پر موجود رہنے کی تمنا رکھتا ہے جہان سے اللہ نے اوسے غیر حاضر رکھا یہ تو جانتا
ہی نہین کہ وہان ہوتا تو کس حال مین ہوتا۔ قسم خدا کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم کے وقت مین ایسے لوگ بھی حاضر تھے۔ جنکو اللہ نے تھنون کے بل جہنم
مین جھونک دیا۔ اون لوگون نے آپؐ کی بات کو نہ مانا نہ آپؐ کی تصدیق کی۔ تم لوگ
خدا کا شکر نہین کرتے۔ کہ تمکو ایسے وقت مین پیدا کیا کہ تم اپنے (سچے) پروردگار کے سوا
کسی کو جانتے ہی نہین تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کی (بے تکلف)
تصدیق کر لیتے ہو جو آپؐ ایسے سخت وقت مین لائے تھے کہ (شاید ہی) کوئی نبی ایسے
وقت مین بھیجا گیا ہو۔ انبیا مدت سے بھیجے نہین گئے تھے۔ کفر کا ایسا زور شور تھا کہ
لوگ ساری دنیا کو بھی بت پرستی پر ترجیح نہین دیتے تھے۔ ایسے وقت مین رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم معجزہ لے کر آئے جس سے آپؐ نے حق اور باطل کو جدا جدا
کر دیا اور اوسکے سبب سے باپ اور بیٹے کو علیحدہ علیحدہ کر دیا۔ یہان تک کہ آدمی
اپنے باپ کو یا بیٹے کو یا بھائی کو کفر مین مبتلا دیکھتا تھا۔ مگر چونکہ اللہ نے اِسکے دل کا
تالا ایمان کی کنجی سے کھول دیا تھا اِس لیے یہ خوب جانتا تھا کہ وہ اگر ہلاک ہو جائیگا
تو دوزخ مین جائیگا اِسواسطے (اوسکے دیکھنے سے) ٹھنڈک اِسکی آنکھ کو نہین ہوتی
تھی۔ کیونکہ یہ جانتا ہے کہ اِسکا پیارا دوزخی ہے۔ اور یہی ہے جو اللہ نے فرمایا ہے

سلہ
"اور وہ بندے جو یہ دعا کیا کرتے ہین اے میرے پروردگار! مجھے میری ازواج سے
اور اولاد سے آنکھون کی ٹھنڈک عطا فرما"

۴۸ اپنے رفیق کے حق مین کثرت مال اور اولاد کی دعا

Marfat.com

(۸۶) انس رضؓ نے کہا "ایک دن مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان حاضر ہوا۔ اور میرے ساتھہ میری مان اور ام حرامؓ خالہ بھی تھین اتنے مین آپؐ ہم لوگون کے پاس ہی چلے آئے اور فرمایا "مین تم لوگون کو نماز پڑہا دون"۔ اور وہ وقت کسی معمولی نماز کا وقت نہ تھا۔ ایک شخص نے پوچھا کہ "آپ نے انسؓ کو اپنے کدہر کھڑا کیا؟" تو انسؓ نے بتایا کہ "اپنے داہنے جانب"۔ پھر ہم لوگون کو نماز پڑھائی۔ پھر ہم سب گھر والون کے حق مین سب دنیا اور آخرت کی بھلائیون کی دعا فرمائی تو میری مان نے عرض کی "یا رسول اللہ! یہ (یعنی انسؓ) حضور کا ننھا خادم ہے اسکے لیے دعا فرمائیے"۔ تو آپؐ نے میرے لیے سب بھلائی کی دعا فرمائی۔ آخر مین یہ فرمایا۔ "یا اللہ! اسکے مال اور اولاد مین ترقی دے اور برکت عطا فرما"۔

باب ۴۹ مان کی شفقت

(۸۷) انس رضؓ نے کہا "حضرت عائشہ رضؓ کے یہان ایک عورت آئی۔ آپ نے اوسے تین چھوہارے دیے تو اوس نے ایک ایک چھوہارا اپنے لڑکون کو دیا اور ایک اپنے لیے رکھہ چھوڑا۔ لڑکے اپنے دونون چھوہارے کھا کر پھر مان کو دیکھنے لگے۔ تو اوس نے اوس چھوہارے کو (جسے اپنے لیے رکھا تھا) دو ٹکڑے کر کے پھر ایک ایک ٹکڑا دونون لڑکون کو دیدیا۔ جب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے تو عائشہ رضؓ نے آپؐ سے یہ حال کہا۔ اسپر آپؐ نے فرمایا "تمکو اسکا تعجب کیا ہے اسنے جو اپنے لڑکون پر مہربانی کی تو اللہ بھی اسپر مہربان ہو گیا"۔

باب ۵۰ لڑکون کو چومنا

(۸۸) حضرت عائشہ رضؓ نے کہا "ایک دیہاتی آدمی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہو کر پوچھنے لگا کہ "آپ لوگ اپنے لڑکون کو چومتے بھی ہین؟ ہم لوگ تو نہین چوما کرتے"۔ اسپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اللہ نے تیرے دل سے رحمت کو نکال ڈالا تو اس مین میرا کیا اختیار ہے"۔

(۸۹) ابوہریرہ رضؓ نے کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (امام) حسن بن علی رضؓ کا

Marfat.com

بوسہ لیا اوسوقت آپؐ کے پاس اقرع بن حابس تمیمیؓ بھی بیٹھے تھے اقرعؓ بولے "میرے دس لڑکے ہین مین نے کبھی ایک کا بھی بوسہ نہین لیا ہے" اِسپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اونکی طرف دیکھکر فرمایا "جو شخص کسی پر رحم نہین کریگا اوسپر بھی رحم نہین کیا جائیگا"

۵۱ باپ کی بیٹے کو تعلیم اور اوسکے ساتھ سلوک

(۹۰) نمیر بن اوسؓ نے کہا "اگلے لوگ کہا کرتے تھے کہ صلاحیت اللہ کی طرف سے ہے اور سلیقہ باپ دادا کی طرف سے"

(۹۱) نعمان بن بشیرؓ نے کہا کہ "اونکے باپ اونکو گود مین اوٹھاکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین لے گئے اور عرض کی "یارسول اللہ! مین آپکو گواہ کرتا ہون کہ مین نے نعمان کو یہ یہ دیا" اِسپر آپؐ نے پوچھا کہ "تمنے اپنے اور سب بیٹون کو دیا ہے؟" عرض کی "نہین" فرمایا "تو میرے سوا اور کسی کو گواہ کرلو" پھر فرمایا "کیا تم نہین چاہتے کہ تمہارے سب لڑکے تمہارے ساتھ برابر سلوک کرین؟" عرض کی "کیون نہین" فرمایا "تو تم بھی ایسا نہ کرو (کہ ایک ہی کو دو اور سبکو نہ دو) ابوعبداللہ بخاری کہتے ہین "آپؐ نے گواہی کی اجازت نہین دی"

۵۲ بیٹے کے ساتھ باپ کا سلوک

(۹۲) ابن عمرؓ نے کہا "اللہ نے اونکو ابرار (نیکوکار) اِسی سبب سے فرمایا کہ وہ لوگ جیسا (اپنے بزرگون) باپ (دادون) کے ساتھ سلوک کرتے ہین بیٹون کے ساتھ بھی سلوک کرتے ہین جیسا تم پر باپ کا حق ہے ویسا ہی بیٹے کا بھی حق ہے"

۵۳ بے رحم آدمی پر رحمت نہ ہونا

(۹۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص رحم نہین کریگا اوسپر بھی رحم نہین کیا جائے گا"

(۹۴) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اللہ اوسپر رحم نہین کرتا جو لوگون پر رحم نہین کرتا"

Marfat.com

(۹۵) وہی حدیث بتقدیم وتاخیر الفاظ۔

(۹۶) حضرت عائشہؓ نے کہا "چند دیہاتی آدمی نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہوے اونمین سے ایک شخص نے پوچھا "یارسول اللہ! آپ لوگ لڑکون کو چومتے بھی ہین؟ قسم خدا کی ہم لوگ تو نہین چومتے" اِسپر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اللہ نے تیرے دل سے رحمت کو نکال ڈالا تو اِسمین میرا کیا اختیار ہے"

(۹۷) حضرت عمرؓ نے ایک شخص کو (کسی کام پر) گماشتہ بنایا اوس شخص نے کہا کہ میرے اتنے لڑکے ہین (کچھ تعداد بتائی) مین نے اون مین سے کسی کا بوسہ نہین لیا۔ اِسپر حضرت عمرؓ بولے "اللہ تعالیٰ اپنے بندون مین خوش سلوک ہی بندے پر مہربانی فرمایا کرتا ہے"

باب ۵۴ رحمت کا سو حصے ہونا

(۹۸) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اللہ تعالےٰ نے رحمت کے سو حصے کیے۔ ننانوے ۹۹ تو اپنے ہی پاس رکھے۔ فقط ایک حصہ زمین پر اوتار دیا جس (کی برکت) سے ساری مخلوق ایک دوسرے پر مہربانی کیا کرتی ہے یہانتک کہ گھوڑی بھی بچہ کو صدمہ پہونچنے کے خوف سے اپنا سُم اوس سے اوٹھا لیتی ہے"

۲۵

باب ۵۵ ہمسائے کے بارے مین تاکید

(۹۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جبرئیل (علیہ السلام) ہمسائے کے بارے مین برابر مجھپر تاکید کرتے رہے یہان تک کہ مجھے گمان ہونے لگا کہ اب تو ہمسائے کو یہ وراثت ہی دلا ئینگے"

(۱۰۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جسکو اللہ پر اور روزِ قیامت پر ایمان ہے اوسکو ہمسائے کے ساتھ نیکی کرنا چاہیے۔ جسکو اللہ پر اور روزِ قیامت پر ایمان ہے۔ اوسکو اپنے مہمان کی خاطر کرنا چاہیے۔ جسکو اللہ پر اور روزِ قیامت پر ایمان ہے۔ اُسکو چاہیے کہ یا تو اچھی بات بولے یا چپ چاپ رہے"

باب ۵۶ ہمسائے کا حق

(۱۰۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحابؓ سے زنا کے بارے مین پوچھا

Marfat.com

سب نے عرض کی "حرام ہے اللہ نے اور رسول نے اوسے حرام کیا ہے" فرمایا "دس عورتون کے ساتھ زنا کرنا ہمسائے کی عورت کے ساتھ زنا کرنے سے بہت کم ہے" پھر آپؐ نے چوری کی بابت سوال کیا سب نے عرض کی "حرام ہے اللہ نے اور رسول نے اوسے حرام کیا ہے" فرمایا "دس گھر چوری کرنا ہمسائے کے گھر چوری کرنے سے بہت کم ہے"

۵۷ ہمسائے کو مقدم کرنا

(۱۰۲) حدیث تاکید جبرئیل علیہ السلام (۹۹)۔

(۱۰۳) ابن عمر رضؓ کے یہان ایک بکری ذبح ہوئی تو اپنے غلام سے پوچھنے لگے ہمارے یہودی ہمسائے کو بھی بھیجا؟ ہمارے یہودی ہمسائے کو بھی بھیجا؟ ہمنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنا ہے۔ آپؐ فرماتے تھے "جبرئیل (علیہ السلام) ہمسائے کے بارے مین مجھپر برابر تاکید کرتے رہے یہان تک کہ مجھے گمان ہونے لگا کہ اب تو ہمسائے کو یہ وراثت ہی دلائینگے"

(۱۰۴) حدیث تاکید جبرئیل علیہ السلام (۹۹)

۵۸ نزدیک دروازے والے ہمسائے کو تحفہ دینا

(۱۰۵) حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہین "مین نے پوچھا یا رسول اللہ! میرے ہمسائے دو ہین کسکے یہان تحفہ بھیجون؟" فرمایا "جسکا دروازہ قریب ہو"

(۱۰۶) مکرر وہی حدیث۔

۵۹ قریب تر ہمسائے کا حق مقدم ہونا پھر جو اوسکے بعد ہو برابر اسی طرح

(۱۰۷) امام حسن بصریؒ سے کسی نے پڑوس کو پوچھا کہا "چالیس گھر آگے۔ چالیس گھر پیچھے۔ چالیس گھر داہنے۔ چالیس گھر بائین"

(۱۰۸) ابوہریرہ رضؓ نے فرمایا "نزدیک والے ہمسائے پر دور والے کو مقدم نہ کرے بلکہ نزدیک ہی والے پڑوسی کو دور والے پر مقدم کرے"

۶۰ ہمسائے سے دروازہ بند کرنا

Marfat.com

(۱۰۹) حضرت ابنِ عمر رضؓ نے فرمایا "ہم لوگون کا ایک وقت گزرا ہے کہ کوئی شخص اپنے اشرفی روپؤن مین اپنا حق اور مسلمان بھائی سے زیادہ نہین سمجھتا تھا۔ مگر اب تو مسلمان بھائی سے بڑھکر اشرفی روپئے ہی پیارے ہو گئے ہین۔ مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سُنا ہے کہ "کتنے ہمسائے اپنے ہمسائے سے قیامت کے روز لپٹینگے اور کہینگے "آے پروردگار! اس نے ہمسے اپنا دروازہ بند کر کے ہمسائگی کے سلوک سے ہاتھہ روک لیا تھا"

۶۱ ہمسائے کو چھوڑ کر اپنا پیٹ نہ بھر لے

(۱۱۰) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مومن کا کام نہین ہے۔ کہ پڑوسی تو بھوکھا ہو اور آپ بھر پیٹ کھا لے"

۶۲ شوربے کا پانی زیادہ کر کے ہمسائے مین تقسیم کرنا

(۱۱۱) حضرت ابوذر رضؓ نے کہا "مجھے میرے دوست (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے تین باتون کی تاکید فرمائی ہے۔ بے ہاتھہ پانؤن کا بوچا غلام بھی حاکم ہو تو مین اوسکی بات سُنون اور حکم مانون اور جب شوربا پکائے تو اوس مین پانی زیادہ دے پھر اپنے ہمسائے والون کو دیکھکر کچھہ اونکو بھی اوس مین سے پہونچا دیا کر۔ اور نماز وقت پر پڑھہ لیا کر۔ اگر امام پہلے پڑھہ چکا ہے تو تیری فرض نماز ادا ہوئی نہین تو یہ نماز نفل ہو گی"

(۱۱۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اے ابوذر شوربا پکا تو پانی زیادہ دے اور اپنے ہمسائے کی بھی خبر لے"

۶۳ اچھا ہمسایہ

(۱۱۳) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "خدا کے نزدیک اچھا ساتھی وہ ہے جو اپنے ساتھی کے ساتھہ اچھا ہے۔ اور ایسا ہی اچھا ہمسایہ خدا کے نزدیک وہ ہے جو اپنے ہمسائے کے ساتھہ اچھا ہے"

۶۴ نیک بخت ہمسایہ

Marfat.com

(۱۱۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "کشادہ مکان - اور نیک بخت ہمسایہ اور سایستہ سواری مسلمان آدمی کی خوش قسمتی کی بات ہے"

باب ۶۵ بدہمسایہ

(۱۱۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا بھی فرمایا کرتے "یا اللہ! مقامی مکان کے بُرے ہمسائے سے تیری پناہ - اور دنیا کی ہمسائگی تو (آخر) بدلا ہی کرتی ہے"

(۱۱۶) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جب ایسا ہوگا کہ آدمی اپنے ہمسائے کو اور بھائی کو اور باپ کو قتل کر ڈالے گا تبھی قیامت قائم ہوگی"

باب ۶۶ ہمسائے پر زبان درازی

(۱۱۷) ابوہریرہ رضؓ کہتے ہین "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خبر دی گئی - کہ فلانی عورت رات بھر عبادت کرتی ہے - اور دن کو روزہ رکھتی ہے - اور یہ یہ کام کرتی ہے - اور خیرات دیتی ہے - مگر اپنے ہمسائے پر زبان درازی کرتی ہے - رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اوس مین کچھ خوبی نہین ہے - وہ دوزخی ہے" لوگون نے عرض کی "اور فلانی عورت فقط فرض نمازین پڑھ لیا کرتی ہے اور رمضان کے روزے رکھ لیتی ہے - اور کچھ کپڑے خیرات دیدیا کرتی ہے - مگر کسیکو ستاتی نہین" رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "یہ عورت بہشتی ہے"

(۱۱۸) عمارہ رضؓ کی پھوپھی کہتی ہین "مین نے ام المومنین عائشہ رضؓ سے پوچھا "ہم مین سے کسی عورت کا شوہر اوسکے ساتھ کچھ (صحبت کا) ارادہ کرے اور عورت اوسکو رد کرے (عورت کو اس بات کا ملال ہو) کہ وہ ہم پر خفا ہوا تھا یا اوسوقت رغبت نہو تو اس مین ہم لوگون پر کچھ مضائقہ ہے؟" حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا "ہان (مضائقہ) ہے شوہر کا تو حق یہ ہے کہ تو اونٹ پر بھی سوار ہو اور وہ اوسی وقت ارادہ کرے تب بھی روکنا نہین چاہیے" عمارہ رضؓ کی پھوپھی کہتی ہین "ہمنے اون سے پوچھا کہ "ہم مین کوئی عورت ایام مین ہو اور میان بیوی دونون کا ایک ہی بچھونا یا ایک ہی اوڑھنا ہو تو عورت کیا کرے؟" آپؓ نے فرمایا "اپنا تہبند کسکر باندھ لے پھر ساتھ سو رہے"

Marfat.com

بالائے ازار شوہر کو (تلذذ) جائز ہے علاوہ اسکے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کا حال مین تجھسے کہے دیتی ہون - ایک رات حضرتؐ کی میرے یہان (رہنے
کی باری تھی تو مین نے تھوڑے جو پیسکر ایک روٹی آپؐ کے لیے پکائی پھر آپؐ اندر
آکر دروازہ بھیڑکر مسجد مین چلے گئے اور آپؐ کا معمول تھا کہ جب سونے رہنے کا قصد فرماتے
تو دروازہ بند کر دیتے اور مشک کا منہ باندھ دیتے اور پیالہ اوندھا دیتے اور چراغ
بجھا دیتے - غرض مین انتظار کرنے لگی کہ آپؐ ادھر سے لوٹین تو آپؐ کو روٹی کھلاؤن
مگر آپؐ کو اس قدر توقف ہوا کہ مجھپر نیند غالب آگئی اور آپؐ کو جاڑے کی تکلیف
ہونے لگی - آپؐ میرے پاس تشریف لاکر مجھے کھڑی کر کے فرمانے لگے "مجھے گرماؤ
مجھے گرماؤ" مین نے عرض کی کہ "مجھے ایام ہین" آپؐ نے فرمایا "اپنی رانون سے
کپڑا سرکا دے" مین نے وہان سے کپڑا سرکا دیا - تو آپؐ رخسارۂ مبارک اور سر اقدس
میری رانون پر اتنی دیر تک رکھے رہے کہ گرما گئے - اسی مین میرے ہمسائے کی ایک
داجنہ بکری (جو گھر ہی مین کھاپی لے باہر چرنے کو نہ نکلے) آگئی اور روٹی کی طرف چلی اور
اوسے لیکر پھری اسکا مجھے قلق ہونے لگا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بیدار
ہو گئے پھر مین نے دروازے تک اوسکا پیچھا کیا اس پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے فرمایا "تمھاری روٹی جو کچھ مل جائے وہ تو لے لینا اور بکری کے بارے مین
کچھ اپنے ہمسائے کو نہ ستانا"

(۱۱۹) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جس شخص کا ہمسایہ اوسکی بدمعاشیون
سے مطمئن نہ ہو وہ بہشت مین نہ جائیگا"

۶۷ بکری کی جلی ہوئی کھری ہی سہی ہمسائے کے لیے تھوڑا نہ سمجھے

(۱۲۰) عمرو بن معاذ کی دادی نے کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے
فرمایا "اے ایماندار عورتو! بکری کا جلا ہوا پائچہ بھی تو ہمسائے کے (یہان بھیجے
کے) لیے تھوڑا نہ سمجھنا"

(۱۲۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اے مسلمان عورتو! اے مسلمان

۲۹

۱۷ بالتویہ بکری کی ملین جس سے ہمسائے کو نقصان پہونچے یا صدمہ ہو یا ہمسائے کی بکری چھوڑ دینے کا الزام دین ۱۲

Marfat.com

عورتو! بکری کی کھری بھی ہو تو ہمسائے کے واسطے تھوڑی نہ سمجھنا"

باب ۶۸ ہمسائے کی شکایت

(۱۲۲) ابوہریرہ رضؓ نے کہا "کسی نے عرض کی "یارسول اللہ! ایک ہمسایہ میرا مجھے تکلیف دیا کرتا ہے" آپؐ نے فرمایا "اچھا تو جاکر اپنا اسباب نکال کر سرِ راہ رکھدے" اوس نے اسباب سب نکالا تو لوگ جمع ہو گئے۔ اور پوچھنے لگے تیرا کیا حال ہے؟" اوس نے جواب دیا کہ "میرا ایک ہمسایہ مجھے تکلیف دیا کرتا ہے۔ مین نے یہ حال نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا تو آپؐ نے فرمایا کہ "جاکر اپنا اسباب نکال کر راہ پر رکھدے" بس یہ سُنکر سب کے سب کہنے لگے "خداوندا! اوسپر لعنت بھیج۔ خداوندا! اوسکو ذلیل کر" یہ خبر اوس (موذی) کو پہونچی تو اوس (فریادی) کے پاس آکر کہنے لگا "چلو گھر پھر چلو۔ خدا کی قسم اب ہم تمہین تکلیف نہ دینگے"

(۱۲۳) ابوجحیفہ رضؓ نے کہا "ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین اپنے ہمسائے کی شکایت کی تو آپؐ نے فرمایا "اپنا اسباب اوٹھاکر راہ پر رکھدے جو شخص اودھر سے گزرے گا اوسپر لعنت بھیجیگا (اوس نے یہی کیا) بس اب جو شخص اودھر سے گزرتا اوسپر لعنت بھیجتا۔ تب وہ (موذی) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہوا تو آپؐ نے پوچھا "لوگون سے تجھے کیا ملا؟" پھر آپؐ نے فرمایا "خدا کی لعنت اِن لوگون کی لعنتون کے علاوہ ہے"

(۱۲۴) جابر رضؓ نے کہا "ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہوکر آپؐ سے اپنے ہمسائے کی سزادہی کی درخواست کی۔ آپؐ (مسجد الحرام مین) رکن یمانی اور مقام ابراہیم کے درمیان مین تشریف رکھتے تھے اتنے مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اودھر (مقام کی طرف) رُخ کیا اور اوس شخص نے آپؐ کو دیکھا کہ آپؐ ایک سپید پوش شخص کے برابر مقام ابراہیم پر جہان جنازے کی نماز پڑھی جاتی ہے آگئے پھر آپؐ (اوسکی طرف) متوجہ ہوے تو اوس نے عرض کی "یارسول اللہ! میرے مان باپ آپ پر قربان ہون یہ سپید پوش آدمی کون تھا جسے مین نے

Marfat.com

آپ کے ساتھ آپ کے برابر مین دیکھا ہے" آپؐ نے پوچھا "تو نے اوسے دیکھ لیا" عرض کی "ہان" فرمایا "تو نے بڑے رتبے کی چیز دیکھی۔ یہ میرے رب کا قاصد جبرئیل صلے اللہ علیہ وسلم ہے برابر مجھے ہمسائے کے بارے مین تاکید کیا کیے یہانتک کہ مجھے گمان ہوا کہ یہ اوسکو ترکہ دلوائینگے"

۶۹ ہمسائے کی ایذا سے گھر چھوڑ دینا

(۱۲۵) ثوبانؓ نے کہا "جو دو آدمی تین دن سے زیادہ (رنجش کے سبب سے) ایک دوسرے سے کنارہ کش ہوجاتے ہین۔ اگر وہ دونون اسی کنارہ کشی کی حالت مین مرے تو دونون ہلاک ہوے اور جو شخص ہمسائے پر اسقدر ظلم کرے کہ وہ گھبرا کر اپنا گھر چھوڑ دے تو وہ بھی ہلاک ہوا"

۷۰ یہودی ہمسایہ

(۱۲۶) مجاہدؓ نے کہا "مین عبداللہ بن عمرؓ کے پاس تھا اور اونکا غلام بکری کی کھال کھینچ رہا تھا عبداللہ بن عمرؓ نے کہا "اے لڑکے! اس سے چھٹی کر کے پہلے میرے یہودی ہمسائے کے یہان کچھ (گوشت وغیرہ) پہونچا دینا اسپر ایک شخص نے اون سے کہا "خدا آپ کا بھلا کرے یہودی کے یہان؟" ابن عمرؓ نے جواب دیا "مین نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سنا آپؐ ہمسائے کے بارے مین اسقدر تاکید فرماتے تھے کہ ہم لوگ ڈرے کہ آپؐ شاید اوسکو وارث بنا دینگے"

۷۱ کرم

(۱۲۷) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا گیا "بڑے رتبے والا آدمی کون ہے؟" آپؐ نے جواب دیا "جو بڑا پرہیزگار ہے خدا کے نزدیک وہی بڑا رتبے والا ہے لوگون نے عرض کی "ہم یہ نہین پوچھتے" آپؐ نے فرمایا "تو سب سے بزرگ حضرت یوسف نبی اللہ ہین نبی اللہ کے بیٹے خلیل اللہ کے پوتے" لوگون نے عرض کی "ہم یہ بھی نہین پوچھتے" آپؐ نے فرمایا "تو عرب کے خاندانون کے بارے مین پوچھتے ہو؟" عرض کی "ہان" آپؐ نے فرمایا "تو جو لوگ

Marfat.com

ایام جاہلیت مین تم مین اچھے تھے وہی اسلام لانے پر بھی اچھے ہین مگر سمجھ دار ہونا شرط ہے"

۷۲ اچھے بُرے سب کے ساتھ احسان کرنا

باب

(۱۲۸) محمد بن علی رضؓ نے آیہ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ یعنی احسان کا بدلہ احسان کے سوا اور کیا ہوگا۔ کے بارے مین کہا "کہ یہ آیت نکوکار بدکار سب کے لیے دستاویز ہے"

سورۃ الرحمٰن رکوع ۲، ۱۲

۷۳ یتیم کی پرورش کی بزرگی

باب

(۱۲۹) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو آدمی کما کر بیواؤن اور مسکینون کی خبر لیتا ہے اوسکی مثال ایسی ہے جیسے راہ خدا مین جہاد کرنے والا۔ اور جیسے وہ شخص جو دن کو تو روزہ رکھے اور رات کو عبادت کرے"

۷۴ اپنے یتیم کی پرورش کی بزرگی

باب

(۱۳۰) حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا "میرے پاس ایک عورت آئی اوسکے ساتھ اوسکی دو بیٹیان بھی تھین اوس نے مجھ سے کچھ مانگا تو میرے پاس سے اوس کو ایک چھوہارے کے سوا کچھ نہ ملا مین نے وہ چھوہارا جو دیا تو اوسنے اوسکو اپنی دونون بیٹیون کو بانٹ دیا پھر اوٹھکر چلی گئی۔ پھر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اندر سے تشریف لائے تو مین نے آپؐ سے بیان کیا اِسپر آپؐ نے فرمایا "اُن بیٹیون کی فکر جسکے علاقے ہو اور وہ اونکے ساتھ احسان کرتا رہے تو وہ لڑکیان اوسکے اور دوزخ کے درمیان مین پردہ ہو جائینگی"

۷۵ جس لڑکے کے مان باپ نہون اوسکی کفالت

باب

(۱۳۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیچ کی اونگلی اور کلمے کی اونگلی دکھا کر فرمایا کہ "مین اور یتیم کا خبر گیر آدمی بہشت مین اِسطرح ہونگا جیسے یہ دونون اونگلیان"

(۱۳۲) حسن رضؓ نے کہا "ابنِ عمر رضؓ کے کھانے مین ایک یتیم بھی ساتھ ہوا کرتا تھا ایک روز اونھون نے کھانا منگوایا اور اوس لڑکے کو بلوایا تو وہ نہ ملا جب ابنِ عمر رضؓ

Marfat.com

کھانا کھاچکے تو وہ لڑکا بھی آگیا۔ تب ابن عمرؓ نے اوسکے لیے کچھ کھانا مانگا لیکن گھر مین کچھ نہ تھا تب آپ ستّو اور شہد لے آئے اور کہا "ہان اِسیکو کھالے۔ قسم خدا کی تیرا کچھ نقصان نہین ہوا" حسنؓ کہتے تھے "قسم خدا کی ابنِ عمرؓ کا بھی کچھ نقصان نہین ہوا"

(۱۳۳) حدیث (۱۳۱) بتفاوت الفاظ۔

(۱۳۴) ابوبکر بن حفصؒ نے کہا "عبداللہ کے کھانے مین کوئی یتیم ضرور ساتھ ہوتا تھا"

۷۶ جس گھر مین یتیم رہتا ہو اور اوسکے ساتھ سلوک کیا جاتا ہو اوس گھر کی خوبی

(۱۳۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مسلمانون مین اچھے سے اچھا وہ گھر ہے جہان کوئی یتیم لڑکا ہو اور اوسکے ساتھ اچھا سلوک کیا جاے۔ اور علیٰ ہذا القیاس مسلمانون مین بُرے سے بُرا وہ گھر ہے جہان کوئی یتیم ہو اور اوسکے ساتھ بدسلوکی کی جاتی ہو۔ مین اور یتیم کا خبرگیر جنت مین اِن دونون کی طرح ہونگا" رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو اُنگلیون سے اشارہ کرکے بتا بھی دیا۔ ۳۳

۷۷ یتیم کے ساتھ مہربان باپ کی طرح ہو رہنا

(۱۳۶) داؤدؒ نے کہا "یتیم کے ساتھ مہربان باپ کی طرح ہو رہ۔ اور جان رکھ کہ جیسا بوویگا ویسا ہی کاٹے گا۔ اور تونگری کے بعد فقیری کیا ہی بُری ہے۔ اور ہدایت کے بعد گمراہی اوس سے بھی بُری ہے۔ اور اپنے یار سے وعدہ پورا کیا کر نہین تو تیرے اوسکے درمیان عداوت ہوجائیگی۔ اور جو رفیق ایسا ہو کہ جو بات تجھے خیال ہو اوسمین تیری مدد نہ کرے۔ اور جو بات تو بھول جاے وہ یاد نہ دلائے ایسے رفیق سے خدا کی پناہ مانگا کر"

(۱۳۷) حسنؓ نے کہا "مین نے مسلمانون کا ایک زمانہ دیکھا کہ آدمی صبح کو اوٹھتا تو اپنے گھر والون سے پکار کر کہدیتا۔ اَے میرے لوگ! اَے میرے لوگ! اپنے یتیم کی خبر لینا اپنے یتیم کی خبر لینا۔ اَے میرے لوگ! اَے میرے لوگ! اپنے مسکین کی خبر لینا

Marfat.com

اپنے مسکین کی خبر لینا۔ اے میرے لوگ! اے میرے لوگ! اپنے ہمسائے کی خبر لینا اپنے ہمسائے کی خبر لینا
اور زمانے نے تمہارے اچھون کے ساتھ جلدی کی۔ اور تم روزانہ بتر ہوئے جاتے ہو"
حسن رض (اپنے وقت کے لوگون کا حال) بیان کرنے لگے کہ "جب کسیکو چاہو دیکھہ لو تیس
ہزار مال ناجائز طور پر حاصل کر کے دوزخ مین گھسا جاتا ہے خدا اوسے ہلاک کرے
خدا کے یہان کا اپنا حصہ تھوڑے دام پر بیچ ڈالا اور چاہو تو (یہ بھی) دیکھہ لو کہ شیطان کی
راہ اختیار کر لی ہے اور مال ضائع کر رہا ہے نہ اوسکو خود اپنے جی سے نصیحت ہوتی ہے
نہ اور کوئی اوسکو سمجھاتا ہے"

(۱۳۸) اسمار بن عبید رض نے کہا "مین نے ابن سیرین رض سے کہا کہ "میرے یہان ایک
یتیم ہے" اونھون نے کہا "جو سلوک اپنے بیٹے کے ساتھ کرتا ہے وہی اوسکے ساتھ
بھی کر جیسی مار اپنے لڑکے کو مارتا ہے ویسی ہی اوسے بھی مار"

۷۸ جو عورت اپنے (یتیم) بچے پر قناعت کر کے پھر نکاح نہ کرے اوسکی بزرگی

(۱۳۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مین اور جس عورت کا رنگ جھانو لا پڑ گیا
ہو (یعنی) بیوہ ہو گئی پھر یتیم بچے (کی خدمت) پر صبر کر کے بیٹھہ گئی بہشت مین ان دونون
(اونگلیون) کی طرح ہون گے"

۷۹ یتیم کی چشم نمائی

(۱۴۰) شمیسہ عتکیہ رض نے کہا "حضرت عائشہ رض کے پاس یتیم کی گوشمالی کا ذکر آیا تو
اونھون نے فرمایا "مین تو یتیم کو وہین تک مارتی ہون جہان تک وہ خوش رہے"

۸۰ جسکی اولاد مرے اوسکی بزرگی

(۱۴۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جس کسی مسلمان کے تین لڑکے
مر گئے قسم اوتارنے بھر کے سوا (دوزخ کی) آگ اوسکے پاس بھی نہین آویگی"

(۱۴۲) ابوہریرہ رض نے کہا "ایک عورت ایک لڑکے کو لیے ہوے نبی صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہو کر عرض کرنے لگی "تین تو مین دفن کر چکی ہون
اب اس بچے کے حق مین دعا فرمائیے" آپ نے فرمایا "تو نے مضبوط پناہ (گھیر لی)

Marfat.com

آگ سے اپنا بچاؤ کیا"

(۱۴۳) خالد عبسی رضؓ نے کہا "میرا ایک بیٹا مر گیا اوسکے مرنے کا مجھے سخت صدمہ ہوا تو ہمنے ابوہریرہ رضؓ سے پوچھا کہ "آپ نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایسی کوئی بات بھی سُنی ہے جس سے ہمارے دلون کو مُردون کا صدمہ نہ ہوا کرے" ابوہریرہؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "تمہارے بچے (جو مرجاوین) بے روک تمام بہشتون کی سیر کرتے پھرینگے"

(۱۴۴) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جسکے تین لڑکے مرجاوین پھر وہ ثواب سمجھکر (صبر کرے) تو وہ بہشت مین جائیگا" ہم لوگون نے عرض کی "یا رسول اللہ اور اگر دو ہی مرین" آپؐ نے فرمایا "دو مرین تب بھی" محمودؓ راوی کہتے ہین "مین نے جابرؓ سے کہا "قسم خدا کی مین تو سمجھتا ہون کہ اگر تم لوگ ایک لڑکے کے مرنے کو پوچھتے تو اوس مین بھی آپؐ یہی فرماتے" جابرؓ نے جواب دیا "قسم خدا کی مین بھی یہی سمجھتا ہون"

(۱۴۵) حدیث نمبر ۱۴۲۔

(۱۴۶) ابوہریرہ رضؓ نے کہا "رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین ایک عورت حاضر ہوکر عرض کرنے لگی کہ "ہم لوگ (عورتین) آپ کے (معمولی) جلسون مین حاضر ہو نہین سکتے تو ایک دن ہم لوگون کے لیے بھی ٹھیرا دیجیے کہ اوس دن حضور مین حاضر ہون" اِس پر آپؐ نے اوسے کسی کے مکان پر بُلا دیا پھر آپؐ بھی اوس وعدے کے بموجب وہان تشریف لائے تو باتون باتون مین آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ "جس کسی عورت کے تین بچے مرجاوین اور وہ ثواب سمجھکر (اون پر صبر کرے) تو ضرور بہشت مین جائیگی" اِسپر ایک عورت نے عرض کی "یا دو ہی مرین" آپؐ نے فرمایا "یا دو ہی مرین" سہیلؒ راوی حدیث کے بارے مین بہت تشدد کرتے تھے اور یاد ہی رکھتے تھے کسی کی قدرت نہ تھی کہ اونکے سامنے لکھ سکے"

(۱۴۷) ام سلیمؓ نے کہا "ایک دن مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر

Marfat.com

تھی تو آپؐ نے فرمایا "ام سلیم! جن دو مسلمان (میاں بیوی) کے تین لڑکے مرجاوین اللہ تعالیٰ اون لڑکون پر مہربانی فرماکر ضرور اون دونون کو بہشت مین داخل کریگا" مین نے عرض کی "اور دو ہی مرین" آپؐ نے فرمایا "تب بھی"

(۱۴۸) حضرت ابوذرؓ مشک لٹکائے ہوئے تھے اسی حال مین صعصعہؓ اون سے ملے پوچھا "ابوذر! لڑکے کے غم مین تمہارا کیا حال ہے؟" ابوذرؓ بولے "کیا تمھین حدیث نہ سناؤن؟" (صعصعہؓ کہتے ہین) مین نے کہا "ہان" بولے "مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنا ہے کہ جس مسلمان کے تین نابالغ لڑکے مرجائین اللہ تعالیٰ اون لڑکون پر مہربانی فرماکر اوسکو ضرور بہشت مین داخل کرے گا۔ اور جو شخص کسی مسلمانکو آزاد کرے اللہ تعالےٰ اوسکے ہر ہر بدن کے عوض آزاد کرنے والے کے ہر ہر بدن کو (آگ سے) چھڑاوے گا"

(۱۴۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جسکے تین نابالغ لڑکے مرجاوین اللہ تعالےٰ اوس شخص کو اور اون لڑکون کو اپنی رحمت سے بہشت مین داخل فرمائیگا"

باب ۸۱ حمل گرنے کا ثواب

(۱۵۰) سہل بن الحنظلیہؓ اون صحابیون مین ہین جنھون نے (معاملۂ حدیبیہ مین) بیعت تحت الشجرہ کی تھی ان کے کوئی لڑکا نہین ہوتا تھا تو وہ کہنے لگے۔ کہ "ہم کو ساری دنیا اور دنیا کی سب چیز مل جانے سے یہ بات زیادہ پسند ہے کہ اس حالت اسلام مین میرا کوئی حمل ہی ضائع ہوجائے کہ مین اوسکے ثواب کا مستحق ہوجاؤن"

(۱۵۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہؓ سے پوچھا "تم مین کس شخص کو اپنے وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ پیارا ہے؟" صحابہؓ نے عرض کی "یارسول اللہ! ہم لوگون کو تو اپنا ہی مال ورثہ کے مال سے زیادہ پیارا ہے" اس پر آپؐ نے فرمایا "ایسا نہین ہے بلکہ تم ہر ایک کو وارث ہی کا مال اپنے مال سے زیادہ پیارا ہے۔ تمھارا مال تو وہ ہے جو تم خرچ کرڈالو اور جو کچھ بچا رکھتے ہو وہ وارث کا مال ہے" اسی بیان مین آپؐ نے فرمایا "تم لوگ رقوب کسکو کہتے ہو؟" عرض کی "رقوب تو وہ ہے جسکے کوئی

Marfat.com

لڑکا نہ ہو،، آپؐ نے فرمایا ،، نہین بلکہ رقوب وہ ہے جسکی کوئی اولاد اوسکے سامنے نہ گئی ہو،، اور آپؐ نے فرمایا ،، تم لوگ کُشتی باز کسے کہتے ہو؟ ،، عرض کی ،، کُشتی باز تو وہی ہے جسے لوگ پچھاڑ نہ سکین،، فرمایا ،، نہین بلکہ اُستاد کُشتی باز وہ شخص ہے جو غصے مین اپنے کو سنبھال رکھے،،

۸۲ نیک خلقی

(۱۵۲) حضرت علی رضؓ نے فرمایا ،، جب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم (مرض الموت مین) ذی فراش ہوے آپؐ نے مجھسے فرمایا ،، علی! میرے پاس ایک صحیفہ لے آؤ ہم اوسمین کچھ لکھدین کہ میری امت گمراہ نہ ہو،، تو مجھے یہ خوف ہوا کہ کہین دوسرا کوئی نہ مجھپر سبقت کرے تو مین نے عرض کی کہ ،، صحیفے کی کیا حاجت ہی صحیفے سے زیادہ تو میرا حافظہ ہی گا اور آپؐ کا سر مبارک میرے ہاتھ اور بازو کے درمیان تھا۔ آپؐ دربارۂ نماز اور زکوٰۃ اور لونڈی غلام کے تاکید فرماتے رہے۔ یہان تک کہ آپؐ کا انتقال ہوگیا۔ راوی کہتا ہے کہ حضرت علی رضؓ کو اس بات پر گواہی دینے کا حکم فرمایا کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہین اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اوسکے بندے اور رسول ہین ان دو باتون کی گواہی دینے والا دوزخ پر حرام ہے،،

(۱۵۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ،، دعوت قبول کیا کرو۔ اور ہدیہ واپس نہ کیا کرو۔ اور مسلمانون کو مارا نہ کرو،،

(۱۵۴) علی صلوات اللہ علیہ نے فرمایا ،، آخر کلام نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہی تھا ،، نماز (کا خیال رکھو) نماز (کا خیال رکھو) لونڈی غلام کے بارے مین خدا سے ڈرا کرو،،

۸۳ بد خلقی

(۱۵۵) ابو درداء رضؓ لوگون سے کہا کرتے تھے ،، بیوقوف لوگ جسقدر جانورون کا حال پہچان لیتے ہین اوس سے زیادہ ہم تمہارا حال پہچانتے ہین۔ ہمنے تمہارے اچھون برون کو پہچان لیا۔ جس سے بھلائی کی امید ہو اور برائی سے امن ہو وہ تو اچھا ہے۔ اور جس سے بھلائی کی امید نہو اور برائی سے امن نہو اور اوسکا مکاتب غلام آزاد نہ کیا جاوے یہی برا ہے،،

Marfat.com

(۱۵۶) ابوامامہ رض کہتے ہین "جو شخص داود دہش نہ کرے - اور منزل پر اکیلے علیحدہ ڈیرا کیا کرے - اور اپنے غلام کو مار پیٹ کیا کرے وہی (کنود) ناشکرا ہے"

(۱۵۷) حسن رض نے کہا "ایک شخص نے اپنے غلام کو حکم دیا کہ "اونٹ پر پانی لاد کر لے آوے" مگر غلام سو گیا اِسپر اوس شخص نے آگ کا ایک شعلہ لیکر غلام کے مُنہ پر ڈال دیا کہ وہ غلام (گھبرا کر) کنوین مین گر پڑا - پھر صبح کو وہ غلام حضرت عمر رض کے پاس حاضر ہوا آپ نے جو اوسکی صورت دیکھی تو اوسکو آزاد کر دیا"

۸۴ باب — دیہاتیون کے ہاتھہ خادم کو بیچ ڈالنا

(۱۵۸) عمرہ رض نے کہا "حضرت عائشہ رض نے اپنی ایک لونڈی کو مدبر کیا اِسکے بعد حضرت عائشہ رض کچھہ بیمار ہوئین تو اونکے بھانجون نے قوم زُط کے ایک طبیب سے اونکا حال پوچھا اوس نے کہا "جن بی بی کا تم حال بیان کرتے ہو اون پر تو جادو ہوا ہے اون کی لونڈی نے جادو کیا ہے" پھر اِسکی خبر حضرت عائشہ رض کو ہوئی تو آپ نے اوس سے پوچھا "تو نے پھر جادو کیا ہے؟" اوس نے کہا "ہان" تب حضرت عائشہ رض نے کہا "کیون - جادو کیون کیا اچھا اب کبھی تجھکو چھٹکارا نہ ہوگا" پھر حضرت عائشہ رض نے حکم دیا کہ "اِسکو عرب کے بدمعاش لوگون کے ہاتھہ بیچ ڈالو"

۸۵ باب — خادم سے درگزر کرنا

(۱۵۹) ابوامامہ رض نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور آپ کے ساتھہ دو غلام بھی تھے اون مین سے آپ نے ایک (غلام) علی صلوات اللہ علیہ کو دیکر فرمایا کہ "اِسکو مارنا نہین - مین نمازیون کو مارنے سے منع کیا گیا ہون - اور یہ جسے میرے پاس آیا ہے مین نے اِسکو نماز پڑھتے دیکھا ہے" اور دوسرا (غلام) ابوذر رض کو دیکر فرمایا کہ "اِسکے ساتھہ نیکی کرنا" تب ابوذر رض نے اوسکو آزاد کر دیا (کچھہ دنون کے بعد) آپ نے پوچھا کہ "(وہ غلام) کیا ہوا؟" ابوذر رض نے عرض کی "آپ نے اوسکے ساتھہ نیکی کرنے کا حکم دیا تھا مین نے اوسکو آزاد کر دیا"

(۱۶۰) انس رض کہتے ہین "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینے مین تشریف لائے اور آپکے

لیعنی اپنی وفات کے بعد آزاد ہوجانے کی شرط کی ۱۲

۳۸

Marfat.com

پاس کوئی خادم نہ تھا ابوطلحہ رض مجھے پکڑ کر آپ کے پاس لے گئے اور کہا کہ "ای نبی اللہ! انس عاقل لڑکا ہے یہ آپ کی خدمت کریگا" انس رض کہتے ہین "مین نے آپ کی خدمت سفر مین بھی کی اور حضر یعنی مدینے مین بھی یہان تک کہ آپ نے انتقال فرمایا۔ کبھی ایسا نہین ہوا کہ مین نے کوئی کام کیا ہو اور آپ نے فرمایا ہو کہ "تو نے اسکو یون کیون کیا" اور نہ کبھی ایسا ہوا کہ مین نے کوئی کام نہ کیا ہو اور آپ نے فرمایا ہو کہ "تو نے اسکو یون کیون نہ کیا"

۸۶ غلام کا چوری کرنا

(۱۶۱) رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اگر غلام چوری کرے تو اوسکو بیچ ڈالو اگرچہ اوسکی قیمت نش (بیس درم) ملے۔ ابوعبداللہ رح نے کہا "نش (ایک وزن ہے جو) بیس درم کا ہوتا ہے۔ اور نواۃ پانچ درم کا۔ اور اوقیہ چالیس درم کا"

۸۷ خادم سے قصور ہونا

(۱۶۲) لقیط بن صبرہ رض نے کہا "مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہوا اور اوسی وقت چرواہا چراگاہ مین ایک بکری کا بچہ بھی لیتا ہوا چلا (آپ نے فرمایا اب اسکی جگہ ایک بکری ذبح کر ڈال) پھر مجھسے فرمانے لگے ایسا خیال نہ کرنا (کہ مین نے تیرے لیے بکری ذبح کرنے کا حکم دیا بلکہ) میرے پاس سو بکریان ہین اور مجھے اس سے بڑھانا منظور نہین ہے تو جب چرواہا کوئی نیا بچہ لاتا ہے تب مین اوسکی جگہ ایک جانور ذبح کرا دیتا ہون (کہ سو کی سو رہین) اور باتون مین آپ نے یہ بھی فرمایا۔ کہ بی بی کو لونڈی کی طرح نہ مارا کر اور (وضو مین) پانی ناک مین اچھی طرح لیا کر بشرطیکہ روزہ دار نہ ہو"

۸۸ خادم کو کچھ رکھنے کو دے تو بدگمانی کے خوف سے اوس پر مہر کرنا

(۱۶۳) ابوالعالیہ رض نے فرمایا "ہم لوگون کو حکم ہوتا تھا کہ خادم کو کچھ رکھنے کو دین تو (مہر کرنے کی چیز پر) مہر کر دین اور (ناپنے کی چیز کو) ناپ لین اور (گننے کی چیز کو) گن لین تاکہ اونکو بری عادت نہ پڑے یا ہم مین سے کوئی بدگمانی نہ کرے"

۸۹ خادم کو کچھ رکھنے کو دے تو بدگمانی کے خوف سے اوسکو گن لینا

۳۹ وقف ہے اوسکی عبارتن قطع کے واسطے ہے اوسکو ترجمہ مین نہین لایا ۱۲

Marfat.com

(۱۶۴) سلمان رضؓ نے کہا "خادم پر بدگمانی ہونے کے خوف سے مین گوشت کی ہڈیان گن لیتا ہون"

(۱۶۵) وہی حدیث فقط بعض لفظون کی کمی ہے۔

۹۰ خادم کی سزا

(۱۶۶) عبداللہ بن عمر رضؓ نے اپنے غلام کو سونا یا چاندی لے کر لوڑانے کو بھیجا تو اوس نے اوس مین دیر کی جب وہ آیا تو عبداللہ بن عمر رضؓ نے اوسکو خوب زور زور سے کوڑے لگائے اور فرمایا کہ "جاکر میرا مال پھیر لا اور اوس کو نہ توڑا"

(۱۶۷) ابو مسعود رضؓ نے فرمایا "مین اپنے ایک غلام کو مار رہا تھا تو پیچھے سے ایک آواز سُنی کہ "اے ابو مسعود! خبردار تجھے جسقدر اِسپر اختیار ہے اوس سے زیادہ خدا کو تجھپر اختیار ہے" پھر کر دیکھا تو حضرتؐ کو پایا۔ مین نے کہا "اے رسول اللہ! یہ اللہ کی راہ پر آزاد ہے" آپؐ نے فرمایا "جان لے کہ اگر (آزاد) نہ کرتا تو تجھے آگ جلا ہی ڈالتی"

۹۱ یہ نہ کہ کہ اللہ اوسکے چہرے کو بگاڑ دے

(۱۶۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "تم لوگ یہ نہ کہو کہ اللہ اوسکے چہرے کو بگاڑ دے"

(۱۶۹) ابو ہریرہ رضؓ نے فرمایا "تم لوگ یہ ہرگز نہ کہو کہ اللہ اوسکے چہرے کو بگاڑ دے یا جو اوسکے مشابہ ہو اوسکے چہرے کو بگاڑ دے کیونکہ اللہ پاک نے آدم صلی اللہ علیہ وسلم کو اِسی شکل پر پیدا کیا ہے"

۹۲ چہرے پر مارنے سے بچتے رہنا

(۱۷۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جب تم مین سے کوئی اپنے خادم کو مارے تو چہرے پر مارنے سے بچتا رہے"

(۱۷۱) جابر رضؓ نے کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے سے داغا ہوا ایک

Marfat.com

جانور گزرا اوسکے دونون ٹھنون سے دھوان اوٹھہ رہا تھا۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اِس کام کے کرنے والے پر خدا کی لعنت ہے۔ مُنہ پر ہرگز کوئی داغ نہ دے اور نہ مُنہ پر مارے"

۹۳ غلام کو طمانچہ مارے تو اوسے آزاد بھی کرے مگر یہ کچھہ ضروری بات نہین ہے

(۱۷۲) ہلال بن یساف رضؓ نے کہا "ہم سوید بن مقرّنؓ کے مکان مین کپڑا بیچ رہے تھے اتنے مین ایک لونڈی مکان سے نکلی اور کسی مرد سے کچھہ بولی اِسپر اوس نے لونڈی کو طمانچہ مارا تو سوید بن مقرنؓ نے اوس مرد سے کہا "اَین۔ تو نے اوسکے مُنہ پر مار دیا مجھے اپنا معاملہ یاد ہے ہم سات بھائیون کے درمیان مین خدمت کرنے والی بس ایک ہی لونڈی تھی۔ کسی بھائی نے اوس لونڈی کو طمانچہ مارا۔ تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوسکو حکم دیا کہ "اوس خادمہ کو آزاد کردو"

(۱۷۳) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص اپنے غلام کو طمانچہ لگا دے یا قصور سے بڑھکر سزا کرے تو اوس زیادتی کا کفّارہ یہی ہے کہ بس اوس غلام کو آزاد کردے"

(۱۷۴) یحییٰ بن سوید بن مقرنؓ نے کہا "مین نے ایک مشترک غلام کو طمانچہ مارا۔ بس وہ بھاگ گیا۔ تب مجھے میرے باپ نے بُلا کر کہا "ہاتھہ سمیٹے رہا کرو۔ ہم لوگ اپنے باپ مقرن کے سات لڑکے تھے ہم سب مین ایک ہی لونڈی تھی اوسکو کسی بھائی نے طمانچہ مارا اِسکا ذکر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین ہوا تو آپؐ نے فرمایا "اون لوگون سے کہو کہ اوسے آزاد کردین۔ تب آپؐ کو اطلاع کی گئی کہ اون لوگون کے پاس سوائے اوسکے اور کوئی خادم نہین ہے۔ آپؐ نے فرمایا "خیر تو ابھی اوس سے خدمت لین مگر جب فراغت ہو تو اوسکو آزاد کردین"

(۱۷۵) سوید بن مقرنؓ کے سامنے ایک شخص نے اپنے غلام کے مُنہ پر مارا تو سوید بولے "اَین۔ تم جانتے نہین کہ چہرہ بڑی عزت و حرمت والی چیز ہے مجھے اپنا قصہ یاد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد مین ہم سات بھائیون مین ایک ہی لونڈی تھی کسی بھائی نے اوسکو طمانچہ مارا تو آپؐ نے ہم لوگون کو حکم دیا کہ اوسے آزاد کردو"

Marfat.com

(۱۷۶) زاذان رضؓ نے کہا "ہم لوگ ابن عمر رضؓ کے پاس تھے۔ اونہون نے اپنے اوس غلام کو بلایا جسکو اونہون نے مارا تھا اوسکی ہتھیلی کھول کر دیکھی اور پوچھا کہ "تجھے کچھ تکلیف ہے؟" کہا "نہین" پھر اوسے آزاد کر دیا۔ پھر زمین پر سے ایک تنکا اوٹھا کر کہنے لگے "اِسکے آزاد کرنے مین مجھے اِس تنکے برابر بھی ثواب نہ ہوگا" مین نے عرض کی "ابو عبد الرحمن! آپ ایسا کیون فرماتے ہین؟" کہنے لگے "مین نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ جو شخص اپنے لونڈی غلام کی قصور سے بڑھکر سزا کرے یا مونہہ پر مارے اوس کا یہی کفارہ ہے کہ اوسے آزاد کر دے"

۹۴ غلام پر زیادتی کرنے کا بدلا

(۱۷۷) عمار بن یاسر رضؓ نے کہا "جو کوئی اپنے غلام پر بے قصور مار پیٹ کریگا قیامت مین اوس سے بھی بدلا لیا ہی جائیگا"

(۱۷۸) ابو لیلیٰ رضؓ نے کہا "سلمان رضؓ باہر نکلے تو کیا دیکھتے ہین کہ جانور کا دانہ۔ دانہ رکھنے کی چیز سے گر رہا ہے۔ اِسپر اپنے خادم سے کہنے لگے "اگر مجھے خدا کے بدلا لینے کا خوف نہ ہوتا تو مین تیری خوب سزا کرتا"

(۱۷۹) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "حقدارون کے حق ضرور دلوائے جائینگے سینگ والی بکری سے بے سینگ والی کا بدلہ تک لیا جائے گا"

(۱۸۰) اُم سلمہ رضؓ نے فرمایا "نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے یہان تشریف رکھتے تھے آپؐ نے اپنی یا ام سلمہ رضؓ کی لونڈی کو پکارا اوس نے آنے مین اِس قدر دیر کی کہ آپؐ کے چہرۂ مبارک پر غصہ نمایان ہو گیا تو ام سلمہ رضؓ پردے کے پاس گئین تو کیا دیکھا کہ لونڈی کھیل رہی ہے آپؐ ایک مسواک لیے ہوئے تھے آپؐ (اوسے دکھا کر) فرمانے لگے "اگر قیامت کے دن بدلے کا خوف نہوتا تو مین تجھے اِسی مسواک سے مارتا"

محمد بن ہیثم رضؓ کی روایت مین اتنا زیادہ ہے۔ کہ وہ لونڈی بھیڑ کے بچے سے کھیل رہی تھی مین جب اوسکو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لائی تو عرض کی "یا رسول اللہ! یہ تو قسم کھاتی ہے کہ مین نے آپ کی آواز سُنی ہی نہین۔ ام سلمہ رضؓ نے کہا" اور

صحیح مسلم نقطہ (آدمی) ہے جسکے معنی (دانہ رکھنے کی جگہ) کوئی چیز کی قسم سے معلوم ہوتا ہے ۱۲

Marfat.com

آپؐ کے ہاتھ مین ایک مسواک تھی"

(۱۸۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص مار پیٹ کرے گا قیامت مین اوس سے پورا بدلا لیا جائے گا"

(۱۸۲) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص مار پیٹ مین زیادتی کرے گا قیامت کے دن اوس سے پورا بدلا لیا جائے گا"

باب ۹۵ جو کپڑا آپ پہنے وہی غلامون کو بھی پہنانا

(۱۸۳) عبادہ بن الولیدؓ نے کہا "ہم اور ہمارے باپ انصار کے اِس خاندان مین علم حاصل کرنے کو اوس وقت آئے جبکہ اونکا جتھا قائم تھا تو ہم لوگ پہلے پہل جس سے ملے وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی ابو الیسرؓ تھے اونکے ساتھ اونکا ایک غلام بھی تھا۔ ایک چادر اور ایک معافری ابو الیسرؓ خود پہنے ہوے تھے اور ایک چادر ایک معافری اونکا غلام پہنے ہوے تھا۔ مین نے اونسے عرض کی "چچا! اگر غلام کی چادر آپ لے لیتے اور اپنی معافری اوسے دے دیتے یا اپنی چادر اوسے دیتے اور اوسکی معافری آپ خود لے لیتے تو آپ کے پاس اور اوسکے پاس ایک ایک خاصہ حلہ ہو جاتا" اونہون نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور دعا دی کہ "یا اللہ! اِس (لڑکے) مین برکت دے" "بھتیجے! سُنو" نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو میری اِن دونون آنکھون نے دیکھا ہے اور میرے اِن دونون کانون نے آپؐ کی باتین سُنی ہین اور جس رگ سے دل لگا ہوا ہے اوسکی طرف اشارہ کرکے بولے کہ "میرے دل نے اوس بات کو یاد رکھا ہے" آپؐ نے فرمایا "جو کچھ خود کھاؤ وہی غلامون کو بھی کھلاؤ۔ اور جو کچھ آپ پہنو وہی غلامون کو بھی پہناؤ۔ غلام میری نیکیون کو قیامت کے دن لیلے اِس سے تو ہم پر یہی آسان ہے کہ دنیا کے مال سے اوسکو دے دلا کر ہم اپنی چھٹی کرلین"

(۱۸۴) جابر بن عبد اللہؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم لونڈی غلامون پر مہربانی کرنے کی بہت تاکید فرمایا کرتے اور فرماتے جو خود کھاؤ وہی اونکو بھی کھلاؤ اور جو آپ پہنو وہی اونہین بھی پہناؤ اور اللہ عزوجل کی مخلوق کو نہ ستاؤ"

Marfat.com

(۱۸۵) معرور بن سوید رضؓ نے کہا "مین نے ابوذر صحابی رضؓ کو دیکھا کہ ایک حلہ خود پہنے ہونے ہین اور (ویسا ہی) ایک حلہ اونکا غلام پہنے ہوے ہے مین نے اونسے اس (مساوات) کا سبب پوچھا تو اونہون نے جواب دیا کہ "مین نے کسی (غلام) کو گالی دی اوس نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میری شکایت کی تو آپ نے مجھسے فرمایا "اَین تو نے اوسے ماں کا طعنہ دیا" مین نے عرض کی "ہان" تب آپ نے فرمایا "یاد رکھو یہ تمھارے بھائی ہین جن تمھارے غلام بنا دیے گئے ہین۔ اللہ تعالیٰ نے اِنھین تمھارے بس مین کر دیا ہے تو جسکا کوئی بھائی اوس کے بس مین ہو وہ جو خود کھائے وہی اوسے بھی کھلائے اور جو خود پہنے وہی اوسے بھی پہنائے اور اونکی طاقت سے بڑھے ہوے کام اون سے نہ لیا کرو اور اگر کوئی سخت کام اونسے لینا چاہو تو اون کی مدد بھی کیا کرو"

کام مین غلام کی مدد کرنا
۹۷

۴۴ (۱۸۶) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "تمہارے غلام بھی تمہارے بھائی ہی ہین اون پر مہربانی رکھا کرو مشکل کامون مین اون سے مدد لو اور تم اونکی مدد کرو"

(۱۸۷) ابوہریرہ رضؓ نے کہا "تم لوگ اپنے خادم کی مدد کیا کرو کیونکہ اللہ کا خادم بھی نا امید نہین ہوتا"

غلام کو اوسکی طاقت سے زیادہ کام کا حکم
۹۸

(۱۸۸) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "غلام کا کھانا کپڑا (آقا کے) ذمے ہے اور جو کام اوسکی طاقت سے زیادہ ہو اوس سے نہ لیا جاے"

(۱۸۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "غلام کا کھانا کپڑا آقا کے ذمے ہے مگر کام وہی کرے گا جو اوس سے ہو سکے گا"

(۱۹۰) معرور رضؓ نے کہا "ہم لوگ ابوذر صحابی رضؓ کے پاس آنکلے۔ دیکھا کہ جو کپڑا وہ خود پہنے ہوے ہین ویسا ہی حلہ اونکا غلام بھی پہنے ہوے ہے۔ تو ہم لوگون نے کہا "اگر یہ کپڑا آپ لے لیتے اور غلام کو دوسرا دے دیتے تو خاصہ حلہ ہو جاتا۔ ابوذر رضؓ نے کہا "

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "تمہارے بھائیون کو اللہ نے تمہارے بس مین کردیا ہے۔ تو جس کا بھائی اوس کے بس مین پڑ جائے وہ جو خود کھائے وہی اوسے بھی کھلائے۔ اور جو خود پہنے وہی اوسے بھی پہنائے۔ اور ایسا حکم نہ دے جو اوس سے نہ ہو سکے اور دے تو اوس کی مدد بھی کرے"

غلام اور خدمتگار کی ذات مین خرچ کرنا

۹۹

(۱۹۱) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "تم جو خود کھاتے ہو یا لڑکے کو کھلاتے ہو یا بی بی کو کھلاتے ہو یا نوکر چاکر کو کھلاتے ہو سب مین صدقے کا ثواب ہے"

(۱۹۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اچھے سے اچھا صدقہ وہ ہے کہ آدمی خود مفلس نہو جائے۔ اور اوپر کا ہاتھہ (یعنی دینے والا) نیچے کے ہاتھہ (یعنی لینے والا) سے بہتر ہے۔ اور پہلے اوس کو دے جس کا خرچ تیرے علاقے ہے۔ جورو کہیگی "ہمارا خرچ دے یا طلاق دے"، غلام کہیگا "میرا خرچ دے یا مجھے بیچ ڈال"، لڑکا کہیگا "ہمین کس پر چھوڑ دیا"

(۱۹۳) ابوہریرہ رضؓ نے کہا "نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صدقہ دینے کا حکم کیا۔ ایک شخص نے عرض کی "میرے پاس ایک دینار ہے"، آپؐ نے فرمایا "اپنی ذات مین خرچ کر"، اوس نے عرض کی "میرے پاس اور ہے"، فرمایا "اپنی بی بی کی ذات مین خرچ کر"، عرض کی "میرے پاس اور ہے"، فرمایا "اپنے نوکر چاکر مین خرچ کر۔ پھر تو آپ تجویز کرلے"

۴۵

اگر غلام کے ساتھہ کھانا منظور نہو

۱۰۰

(۱۹۴) ابنِ جریج رحؒ نے کہا "ابنِ زبیرؓ حضرت جابر رضؓ صحابی سے خدمتگار کے بارے مین پوچھتے تھے کہ جب خادم کھانا پکانے کی مشقت اور گرمی اوٹھاوے تو اوسکے بارے مین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا یہ فرمایا ہے کہ آقا اوسے بھی (ساتھہ کھانے پر) بلالے؟"، جابر رضؓ نے کہا "ہان پھر اگر (اوس وقت) خادم کا ساتھہ کھانا منظور نہو تو ایک لقمہ اوس کے ہاتھہ ہی مین دے دے"

Marfat.com

(۱۹۵) جابر رضؓ نے کہا "نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غلامون پر مہربانی کرنے کی بہت تاکید فرماتے اور فرماتے "جو خود کھاؤ اوس مین سے خادم کو بھی کھلاؤ۔ اور جو خود پہنو اوس قسم کا کپڑا اونکو بھی پہناؤ۔ اور خلق اللہ کو نہ ستاؤ"

(۱۹۶) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "خادم جب کسی کا کھانا لاوے تو اوسے بھی بٹھا لینا چاہیے۔ اگر خادم قبول نہ کرے تو کھانے مین سے کچھ اوسے دے ہی دے"

(۱۹۷) ابو محذورہ رضؓ نے کہا "مین حضرت عمرؓ کے پاس بیٹھا تھا۔ کہ صفوان بن امیہؓ کی طرف سے ایک بڑی قاب چند آدمی سے اوٹھوائے ہوے لوالائے اون سبھون نے اوس کو حضرت عمر رضؓ کے سامنے رکھدیا پھر حضرت عمر رضؓ نے چند مسکینون اور غلامون کو جو اونہین گھیرے بیٹھے تھے بلایا۔ پھر سب نے مل کر حضرت عمرؓ کے ساتھ کھایا۔ پھر حضرت عمر رضؓ اوس وقت بولے "اللہ اوس قوم کا برا کرے جو اپنے غلامون کے ساتھ کھانے سے انکار رکھتے ہین"۔ اس پر صفوان رضؓ نے کہا "سنیے قسم خدا کی ہم لوگ اون سے انکار نہین رکھتے۔ ترجیح البتہ دیتے ہین۔ کیونکہ قسم خدا کی اچھا کھانا ہم کو اس قدر میسر نہین آتا کہ خود بھی کھائین اور اونہین بھی کھلائین"

(۱۹۸) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو غلام اپنے سرکار کی بھی خیر خواہی کرے۔ اور پروردگار کی عبادت بھی اچھی طرح کرے اوسکو دوہرا ثواب ملیگا"

(۱۹۹) صالح بن حی رضؓ نے کہا "ایک شخص نے عامر شعبی رضؓ سے کہا "اے ابو عمرو! ہم لوگون مین تذکرہ ہوتا ہے۔ کہ کوئی لونڈی کو آزاد کرکے اوس سے نکاح کرلے۔ اوسکی مثال ایسی ہے جیسے بیت اللہ کی منت والے اونٹ پر سوار ہو۔ عامر رضؓ نے کہا کہ "ابو بردہ رضؓ مجھسے اپنے باپ کی کہی کہتے تھے کہ "اون لوگون سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "تین شخصون کے لیے دوہرا ثواب ہے۔ جو

Marfat.com

اہل کتاب اپنے نبی پر بھی ایمان لاوے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھی ایمان لاوے اوسکو دوہرا ثواب ہے۔ اور جو غلام اللہ کا حق بھی ادا کرے اور اپنے آقا کا حق بھی ادا کرے۔ اور جس آدمی کے پاس کوئی لونڈی ہے وہ اوس سے ہم صحبت ہوتا ہے۔ اوسکو اچھی طرح ادب تمیز سکھاوے۔ اور اچھی طرح دین کی بات تعلیم کرے پھر آزاد کرکے اوس سے نکاح کرلے اوسکو بھی دوہرا ثواب ہے۔ عامر رضؓ نے کہا "مین نے تمہین یہ حدیث مفت مین بتادی حالانکہ اس سے ہلکی بات دریافت کرنے کو مدینے تک سفر کرنا پڑتا تھا"

(۲۰۰) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو غلام اپنے پروردگار کی عبادت اچھی طرح بجالاوے۔ اور اپنی سرکار کا خراج معینہ ادا کرتا رہے۔ کہا مانے۔ اور خیر خواہی کرے اوسکو دوہرا ثواب ہے"

(۲۰۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو غلام عبادت مین خدا کا حق اور اپنے مالک کا حق ادا کرتا رہے اوسکو دوہرا ثواب ہے"

۷۴

۱۰۴ غلام چرواہا ہے

(۲۰۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "تم سب کے سب چرواہے ہو اور ہر ایک سے اوسکی رعیت کے بارے مین استفسار ہوگا۔ حاکم چرواہا ہے اوس سے اوس کی رعیت کے بارے مین استفسار ہوگا۔ اور آدمی اپنے گھر والون کا چرواہا ہے اوس سے اوس کی رعیت کے بارے مین استفسار ہوگا۔ اور غلام اپنے آقا کے مال کا چرواہا ہے اوس سے اوس کی رعیت کے بارے مین استفسار ہوگا۔ خوب جان لو تم سب کے سب چرواہے ہو اور ہر ایک سے اوسکی رعیت کے بارے مین استفسار ہوگا"

(۲۰۳) ابوہریرہ رضؓ نے کہا "آقا کا فرمانبردار غلام خدا کا فرمانبردار ہے۔ اور آقا کا نافرمان غلام۔ خدا کا نافرمان ہے"

۱۰۵ غلام ہونے کی خواہش

Marfat.com

(۲۰۴) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو مسلمان غلام خدا کا حق بھی ادا کرے اور اپنی سرکار کا حق بھی ادا کرے اوسکو دوہرا ثواب ہے (ابوہریرہ رض راوی کہتے ہین) اوسی ذات پاک کی قسم جسکے قابو مین ابوہریرہ کی جان ہے۔ اگر خدا کی راہ مین جہاد کا اور حج کا اور اپنی مان کی خدمت کا خیال نہوتا تو میری یہی خواہش تھی کہ غلامی کی حالت مین میری موت آتی"

۱۰۶ عبدی نہ کہے

(۲۰۵) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "کوئی غلام کو عَبدِی لونڈی کو اَمَتِی نہ کہے۔ مرد لوگ سب کے سب خدا کے عبد ہو اور تمہاری سب عورتین خدا کی اَمَت ہین۔ غلامون کو غُلَامِی کہے فَتَائِی کہے۔ لونڈیون کو جَارِیَتِی کہے فَتَاتِی کہے"

۱۰۷ سیدی کہے یا نکہے

(۲۰۶) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "کوئی اپنے غلام کو عَبدِی اپنی لونڈی کو اَمَتِی ہرگز نہ کہے اور نہ غلام ہرگز (سرکار کو) رَبِّی اور رَبَّتِی کہے (سرکار غلام لونڈی کو) فَتَائِی اور فَتَاتِی کہے (اور غلام سرکار کو) سَیِّدِی اور سَیِّدَتِی کہے۔ تم سب کے سب مملوک ہو اور رب اللہ عزوجل ہے"

(۲۰۷) مطرفؓ کے باپ نے کہا "بنی عامر کی جماعت مین مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین آیا۔ اون لوگون نے آپؐ کو کہا آپ ہمارے سید ہین آپؐ نے فرمایا "سید تو اللہ ہے" اونہون نے عرض کی "آپ ہم سب مین افضل ہین اور زیادہ ذی اختیار ہین آپؐ نے فرمایا جو کہتے ہو کہو مگر ایسا نہو کہ شیطان تمہین اپنا وکیل ٹھیرالے"

۱۰۸ مرد اپنے گھر کا چرواہا ہے

(۲۰۸) حدیث نمبر ۲۰۲۔ مگر یہان اتنا زیادہ ہے۔ کہ عورت اپنے شوہر کے گھر کی چرواہن ہے اوس سے بھی استفسار ہوگا۔

(۲۰۹) مالک بن الحویرثؓ نے کہا "ہم لوگ چند جوان ہمجولی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہوے اور آپؐ کے یہان بیس شب تک ٹھیرے رہے

۵۱ نفظ عبودیت اور بندگی کا مفہوم ایسا ہے جسکا تقاضا خدا ہی کی ذات کی نسبت کرنا جائز ہے اسواسطے اس لفظ کے اپنی طرف نسبت کرنے کو منع فرمایا اور بجای اوسکے غلامی۔ امتی۔ فتائی۔ فتاتی۔ کما مقرر کیا ہے

۵۲ (یہ غلام سرکار کی چھوٹی سی لونڈی ہے)

Marfat.com

پھر آپؐ نے خیال کیا کہ ہم لوگ اب مکان پر جانا چاہتے ہین تو آپؐ نے ہم لوگون سے مکان کا حال پوچھا کہ "وہان کسکا کون ہی" ہم لوگون نے آپ کو آگاہ کیا آپؐ تو نہایت ہی نرم دل اور مہربان تھے ہی فرمایا "تم لوگ اپنے اپنے گھر جاؤ اور جو کچھ تمنے سیکھا ہے وہ اونکو بھی سکھاؤ اور شریعت کے احکام سناؤ اور جسطرح مجھے نماز پڑھتے دیکھا ہے اوسی طرح نماز پڑھا کرو جب نماز کا وقت آئے کوئی تم مین سے اذان کہدے اور اور جو تم مین سب سے بڑا ہو وہ نماز پڑھائے"۔

ب ۱۰۹ عورت چرواہن ہے

(۲۱۰) حدیث نمبر ۲۰۲ و نمبر ۲۰۸ ابن عمرؓ راوی کہتے ہین مجھے خیال ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی فرمایا "اور آدمی اپنے باپ کے مال کا بھی چرواہا ہی"

ب ۱۱۰ احسان کا بدلہ چکانا

(۲۱۱) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جسپر کوئی احسان کرے اوسکو بدلہ چکا دینا چاہیے اگر بدلہ نہ سکے تو اوسکی تعریف ہی کرے تعریف کر دینے سے بھی اوسکی شکر گزاری ہو جاتی ہے جسنے کسیکا احسان کرنا چھپایا اوس نے اوسکی ناشکری کی اور جسنے لیاقت سے زیادہ بھڑک دکھائی اوسکی مثل ایسی ہی جیسے کسینے نمائش کے دو کپڑے پہنے"

(۲۱۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص خدا کو واسطہ ٹھہرا کر پناہ طلب کرے اوسکو پناہ دو اور جو شخص خدا کو واسطہ ٹھہرا کر سوال کرے اوسکو دو اور جو شخص تمہارے ساتھ بھلائی کرے اوسکا بدلہ کرو اگر بدلہ نہو سکے اوسکے واسطے اسقدر دعا کرو کہ وہ بھی جان لے کہ تمنے بھی بدلہ چکا ہی دیا"۔

ب ۱۱۱ احسان کے بدلے مین دعا کرنا

(۲۱۳) انسؓ نے کہا "مہاجرین نے عرض کی یا رسول اللہ ہم لوگون کی ہجرت کا سارا ثواب تو انصار ہی نے لے لیا آپؐ نے فرمایا "تم اگر اونکے حق مین دعاے خیر کرتے رہو اور اونکے سلوک کے بدلے اونکی تعریف کیا کرو تو تمہارا ثواب بھی برقرار رہیگا"

Marfat.com

۱۱۲ جو شخص لوگون کا شکر ادا نکرے

(۲۱۴) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص لوگون کا شکر نہین ادا کیا کرتا وہ خدا کا شکر بھی نہین ادا کرے گا"۔

(۲۱۵) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اللہ تعالیٰ نے نفس سے فرمایا "نکل بولی نہین" مگر بمجبوری"

۱۱۳ مسلمان بھائی کی مدد کرنا

(۲۱۶) ابوذر رضؓ نے کہا "کسی نے پوچھا "یا رسول اللہ! اچھے سے اچھا عمل کون ہے" فرمایا "خدا پر ایمان لانا اور اوسکی راہ مین جہاد کرنا" پوچھا "کس قسم کا غلام آزاد کرنا افضل ہے" فرمایا "گران قیمت اور نفیس" پوچھا "اگر بعض کام مجھسے نہ ہوسکے" فرمایا "کسی کے کام مین مدد کردو یا نکمے مجبور آدمی کا کام کردو" پوچھا "اگر یہ بھی نہو سکے" فرمایا "لوگون کو اپنے شر سے محفوظ رکھو یہ بھی ایک طرح کا صدقہ ہی ہے"۔

۱۱۴ جو لوگ دنیا مین اچھے ہین آخرت مین بھی اچھے رہینگے

(۲۱۷) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "دنیا مین جو لوگ اچھے ہین وہ آخرت مین بھی اچھے ہین اور دنیا مین جو لوگ بُرے ہین وہ آخرت مین بھی بُرے ہین"

(۲۱۸) حرملہ رضؓ نے کہا "مین مکان سے نکلا اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہوا اور وہین تھا کہ آپؐ نے مجھے پہچانا پھر جب گھر چلنے کا وقت آیا تو مین نے اپنے جی مین قسم کھائی کہ "آنحضرتؐ سے کچھ اور باتین معلوم کرلون" پھر حضور مین حاضر ہوکر روبرو کھڑا ہوا اور عرض کی کہ "مجھے کیا ارشاد ہوتا ہے" فرمایا "حرملہ! اچھی بات کیا کر اور بُری بات سے بچتا رہ" پھر مین لوٹا اور اپنے اونٹ تک پہونچ چکا تھا کہ پھر مین حضرتؐ کی طرف متوجہ ہوا اور بہت قریب جا کھڑا ہوا اور عرض کی "یا رسول اللہ! مجھے اور کیا ارشاد ہوتا ہے؟" فرمایا "حرملہ! اچھی بات کیا کر اور بُری بات سے بچتا رہ اور خیال کر کہ تو جو لوگون کے پاس سے اوٹھا کر تو جو بات تجھے پسند ہو کہ لوگ تیرے حق مین کہین وہی بات کر اور جو تجھے پسند نہو اوس سے

Marfat.com

بچتا رہ پھر مین (آپ کے پاس سے) لوٹ کر سوچنے لگا تو ان دونون (نصیحت کے جملون) سے کوئی بات باہر نہ تھی"۔

(۲۱۹) سلمان رضؓ نے کہا "جو لوگ دنیا مین اچھے ہین وہی آخرت مین بھی اچھے ہین" +

(۲۲۰) ابو عثمان رضؓ نے کہا حدیث گزشتہ +

۱۱۵ باب ہر اچھے کام مین صدقے کا ثواب ہے

(۲۲۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ہر اچھے کام مین صدقے کا ثواب ہے"

(۲۲۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "صدقہ کرنا ہر مسلمان کو ضرور ہے" صحابہ رضؓ نے عرض کی "اور جسکے پاس کچھہ نہو" فرمایا "ایسا آدمی قوت بازو سے پیدا کرکے آپ بھی منتفع ہو اور صدقہ بھی کرے" عرض کی "جس سے نہو سکے یا نکرے" فرمایا "کسی حاجتمند مجبور کی مدد ہی کرے" عرض کی "اگر یہ بھی نکرے" فرمایا "کسیکو اچھی بات ہی بتا دے" عرض کی "اگر یہ بھی نکرے" فرمایا "شرارت نکرے ایسے آدمی کا یہی صدقہ ہے" + ۵۱

(۲۲۳) ابو ذر رضؓ نے کہا "مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا "کون کام افضل ہے" فرمایا "خدا پر ایمان لانا - اور اوسکی راہ مین جہاد کرنا" پوچھا "کیسا غلام لونڈی آزاد کرنا افضل ہے" فرمایا "نہایت مہنگا بہت ہی نفیس" عرض کی "اگر یہ نکرون" فرمایا "کسی کے کام مین مدد کر دے یا کسی مجبور کا کام کر دے" عرض کی "اگر یہ بھی نکرون" فرمایا "لوگون کے ساتھہ شرارت نہ کر یہ بھی ایک طرح کا تیرا اپنی طرف سے صدقہ کرنا ہے"۔

(۲۲۴) ابو ذر رضؓ نے کہا "صحابہ رضؓ نے عرض کی "یا رسول اللہ! ثواب تو بالکل مال والون ہی کا حصہ ہو گیا وہ ہملوگ (غریبون) کی طرح نماز بھی پڑھتے ہین روزے بھی رکھتے ہین علاوہ اسکے اپنے خزانے سے صدقہ خیرات بھی کرتے ہین" آپ نے فرمایا "کیا خدا نے تمہارے (غریبون کے) لیے صدقے کا ثواب حاصل

Marfat.com

کرنیکی صورت نہین رکھی ہے ہر بار سبحان اللہ کہنے مین الحمد للہ کہنے مین صدقے کا ثواب ہے اور بیوی کے ساتھہ صحبت کرنے مین صدقے کا ثواب ہے" عرض کی "اپنے مزہ اوڑانے مین صدقے کا ثواب ہے" فرمایا "اگر حرام کاری کرتا تو گناہ ہوتا یا نہین ایسا ہی حلال کرنے مین ثواب کیون نہوگا" ٭

۱۱۶ تکلیف پہونچانے والی چیزین راہ سے ہٹا دینا

(۲۲۵) ابو برزہ اسلمی رض نے کہا "مین نے عرض کی "یا رسول اللہ! ایسا کام ارشاد فرمائیے جو مجھے بہشت مین پہونچا دے" فرمایا "راہ پر سے تکلیف دینے والی چیزین (ٹھوکر کوڑا کرکٹ کانٹا غلیظ وغیرہ) ہٹا دیا کر" ٭

(۲۲۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ایک شخص نے راہ پر کانٹا پڑا ہوا دیکھا کہنے لگا مین اسکو ہٹا دون ایسا نہو کہ کسی مسلمان کو تکلیف پہونچا دے بس (اسی پر اوسکے گناہون کی) بخشایش ہوگئی" ٭

(۲۲۷) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "میری امت کے اعمال اچھے بھی اور بُرے بھی میرے سامنے پیش کیے گئے تو راہ پر سے تکلیف کی چیزین دور کر دینا اچھے اعمال مین تھا اور مسجد مین کھنکار پھینک کر اوسکو بے دفن کیے چھوڑ دینا بُرے اعمال مین تھا" ٭

۱۱۷ اچھی بات بولنا

(۲۲۸) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ہر نیک کام مین صدقے کا ثواب ہے"

(۲۲۹) انس رض نے کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معمول تھا کہ جب آپ کے یہان کوئی چیز (تحفہ ہدیہ نذر کی قسم سے) آتی آپ فرماتے "اسکو فلانی مسماۃ کے پاس لیجاؤ وہ خدیجہ کی دوست تھی اسکو فلانی مسماۃ کے پاس لیجاؤ وہ خدیجہ کو چاہتی تھی" ٭

(۲۳۰) باب کی پہلی حدیث نمبر ۲۲۸ ٭

۱۱۸ راستہ کا رعایت کے کھیت پر جانا اور تھیلے مین چیز بھر کر کاندھے پر گھر لے آنا

(۲۳۱) ابو قرہ رض کے بیٹے عمرو رض نے کہا "ابا جان نے سلمان رض سے اپنی بہن کے ساتھہ

Marfat.com

نکاح کرنے کی درخواست کی اونہون نے انکار کیا اور اونکی ایک آزاد کی ہوئی لونڈی سے جسکا نام لبقرہ تھا نکاح کرلیا۔ پھر ابوقرہ کو خبر ملی کہ حذیفہ رض اور سلمان رض کے درمیان مین کچھہ (رنج) ہوگیا ہے ابوقرہ رض سلمان رض کو تلاش کرتے ہوے آئے معلوم ہوا کہ وہ اپنی ترکاریون کے کھیت پر گئے ہین وہ اوسیطرف چلے وہان اون سے ملاقات ہوئی وہ اپنے تھیلے مین ترکاری بھرے ہوے اوسکو اپنی لاٹھی مین لٹکا کر کاندھے پر رکھے ہوے طیار تھے پھر ابوقرہ رض نے پوچھا؟ اباعبداللہ! تمھارے اور حذیفہ رض کے درمیان کیا بات ہوگئی ہے۔ سلمان رض بولے "آدمی نہایت جلد باز ہے پھر دونون چلتے چلتے سلمان رض کے مکان پر پہونچے۔ سلمان رض نے مکان کے اندر جاکر کہا "السلام علیکم" پھر ابوقرہ رض کو اندر بلایا وہ بھی گئے تو کیا دیکھتے ہین کہ ایک اونی قالین دروازے پر بچھا ہوا ہے اور اوسکے سرہانے چند اینٹین رکھی ہوئی ہین اور اونٹ کی جھول پڑی ہوئی ہے۔ سلمان رض نے کہا "اپنی آزاد لونڈی کے بچھاون پر بیٹھو" پھر بات کرنے لگے تو کہا کہ "حذیفہ رض لوگون مین وہ وہ باتین بیان کیا کرتے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم غصے کی حالت مین بعض قوم کی شان مین فرمایا کرتے تو لوگ آآکر اون باتون کو مجھسے پوچھنے لگے مین یہ کہکر ٹالتا رہا کہ حذیفہ جو کچھہ کہتے ہین اوسکا حال اونہین کو خوب معلوم ہے اور مجھے یہ بات ناپسند ہے کہ لوگون کے دلون مین کینہ پیدا ہو تب لوگون نے حذیفہ رض سے جاکر کہا کہ سلمان رض تمھاری باتون کو نہ سچی ہی بتاتے ہین نہ جھوٹی ہی کہتے ہین تب تو حذیفہ میرے پاس آکر کہنے لگے کہ "اے اپنی ماں کے بیٹے سلمان! اسیر مین نے کہا کہ اے اپنی ماں کے بیٹے حذیفہ تم نہین باز آؤ گے تو ہم حضرت عمر رض کو لکھہ بھیجینگے بس جب ہمنے اونکو حضرت عمر رض سے ڈرایا تب اونہون نے میرا پیچھا چھوڑا حالانکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (دعا) فرمائی ہے کہ (اے اللہ) مین بھی آدمی ہون مین اپنی امت کے جس آدمی پر لعنت کرون یا کسیکو برا کہون جسکا وہ سزاوار نہو اوسکو اوسکے حق مین رحمت کردے"۔

Marfat.com

(۲۳۲) ابن عباس رضؓ نے کہا "عمر رضؓ نے فرمایا "چلو اپنے لوگون کی زمین کی طرف چلین پھر ہملوگ چلے تو مین اور اُبی بن کعب رضؓ سبکے پیچھے تھے اتنے مین بدلی گھر آئی اُبیؓ نے دعا کی "یا اللہ مین بدلی کی تکلیف ہملوگون سے دفع کر" پھر ہملوگ جاکر اگلون سے ملے تو کیا دیکھا کہ اون لوگون کے کجاوے تر ہو رہے ہین اون لوگون نے کہا تم لوگون پر بارش کا اثر نہین معلوم ہوتا" مین نے کہا "خدا سے دعا کی گئی کہ اسکی تکلیف ہملوگون سے دور رکھے" اسپر عمر رضؓ نے کہا "اپنے ساتھ ہملوگون کے لیے دعا کی"

۱۱۹ جائداد دیکھتے جانا

(۲۳۳) ابو سلمہ رضؓ نے کہا "میری اور ابو سعید خدری رضؓ کی دوستی تھی مین نے اونکے پاس آکر کہا "کھجور بنی نہین چلتے بس وہ اپنی چادر اوڑھ کر چلے" +

(۲۳۴) علی رضؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبد اللہ بن مسعود رضؓ کو حکم دیا کہ کسی درخت پر چڑھکر آپؐ کے لیے کچھ لے آوین عبد اللہ رضؓ کے ساتھیون نے اونکی پنڈلی دیکھی اور اوسکا دُبلا پن دیکھکر ہنسنے لگے اسپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ہنستے کیا ہو خدا کی نزدیک (اعمال کے) ترازو مین عبد اللہ کا پانون کوہ احد سے بھی بھاری ہے" +

۱۲۰ مسلمان مسلمان کا آئینہ ہوتا ہے

(۲۳۵) ابو ہریرہ رضؓ نے کہا "ایمان دار آدمی اپنے (مسلمان) بھائی کا آئینہ ہے جب اوس مین کوئی عیب دیکھے گا اوسکی اصلاح کرے گا" +

(۲۳۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ایماندار آدمی اپنے (مسلمان) بھائی کا آئینہ ہوتا ہے اور ایماندار آدمی (دوسرے) مسلمان کا بھائی ہوتا ہے اوس کی جائداد کو سنبھالتا ہے اوسکی غیبت مین اوسکی گرد آوری کرتا ہے" +

(۲۳۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص کسی مسلمان (کی رعایت نکرنے) پر کچھ کھانا پاوے اللہ تعالیٰ اوسکو ویسا ہی کھانا جہنم کا کھلاویگا یا کپڑا پاوے

Marfat.com

اللہ تعالیٰ اوسکو جہنم کا کپڑا پہناویگا اور جو شخص کسی (مالدار) مسلمان کے (دھوکہ دینیکے لیے دکھانے سنانے کی باتین کرے اللہ تعالیٰ (اوسکے دھوکہ کھانے کو) قیامت کے دن دکھانے سُنانے کی باتین کریگا" +

۱۲۱ باب ناجائز کھیل اور دل لگی

(۲۳۸) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ساتھی کی چیز کھیل سے یا سچ مچ لے لینا نہین چاہیے کوئی اپنے ساتھی کی لاٹھی لے لے تو پھر اوسکو پھیر بھی دے" +

۱۲۲ باب اچھی بات سمجھانا

(۲۳۹) ابو مسعود انصاری رضؓ نے کہا "ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوکر عرض کی کہ "مین تھک جایا کرتا ہون مجھے کوئی سواری دیجیے" آپؐ نے فرمایا میرے پاس تو ہی نہین مگر تو فلان شخص (کسی کا نام بتایا) کے پاس جا شاید وہ دے بس وہ سائل اوس شخص کے پاس گیا اوس نے اوسے سواری دی پھر سائل نے آکر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خبر کی آپؐ نے فرمایا "نیک بات بتانے والے کو بھی نیکی کرنے والے کی طرح ثواب ملتا ہے" +

۱۲۳ باب معاف کرنا اور درگزر کرنا

(۲۴۰) انس رضؓ نے کہا "ایک یہودیہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین بکری کا گوشت زہر ملاکر لے آئی آپؐ نے اوسمین سے کچھ تناول فرمایا (اوسوقت بطور معجزہ آپؐ کو زہر ملانے کی خبر ہوگئی آپؐ نے اوسے بلوایا) وہ حاضر لائی گئی لوگون نے عرض کی اسکو مار نہ ڈالین" آپؐ نے فرمایا "نہین" (انس رضؓ نے کہا) مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حلق کے کوّے پر ہمیشہ اوس کا اثر دیکھا" +

(۲۴۱) وہب بن کیسان رضؓ نے کہا "عبداللہ بن الزبیر رضؓ نے منبر پر یہ آیت پڑھی معاف کرنا اختیار کرو اور اچھی بات کی ہدایت کرو اور جھگڑالو لوگون سے کنارہ کرو" پھر عبداللہ بولے "قسم خدا کی اللہ نے اچھی باتین لوگون ہی سے اخذ کرنیکو فرمایا

Marfat.com

اور مجھسے جب لوگون سے ساتھ پڑا ہے تب مین نے اخذ بھی کیا ہے" +

(۲۴۲) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا" لوگون کو تعلیم کرو اور لوگون پر آسانی کرو اور دشواری مت ڈالو اور جب کسیکو غصہ آوے تو اوسکو چپ رہنا چاہیے"

۱۲۴ لوگون سے کشادہ پیشانی ملنا

(۲۴۳) عطار بن یسار رض نے کہا" مجھسے عبداللہ بن عمرو بن العاص رض سے ملاقات ہوئی مین نے پوچھا تورات مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفت کیا مذکور ہے مجھے بتائیے" کہا" اچھا قسم خدا کی آپ کی بعض صفتین تو جو قرآن مین ہین وہی تورات مین بھی ہین یعنی یا نبی ہمنے آپ کو گواہ بناکر اور بشارت دینے کو اور دھمکا دینے کو اور اَن پڑھون کے بچاؤ کے لیے بھیجا ہے آپ میرے بندے ہین اور میرے رسول ہین ہمنے آپ کا نام متوکل (خدا پر بھروسا کرنے والے) رکھا بدزبان سخت دل نہین ہین نہ بازارون مین غل شور مچانے والے ہین برائی کے بدلے برائی نہین کرتے بلکہ معاف کرتے اور بخشدیتے ہین جب تک اللہ تعالے آپ کی ذات پاک (کی برکت) سے دین کی کجی مٹا کر دین کو اتنا سیدھا نکر لیگا کہ لوگ خدا ہی کی الوہیت کے قائل ہوجاوین اور اندھی آنکھین اور بہرے کان اور ناسمجھ دل کھل نجائین تب تک آپ کی وفات نہوگی" +

(۲۴۴) عبداللہ بن عمرو رض نے کہا" قرآن کی اِس آیت کا مضمون یا ایہا النبی انا ارسلناک شاہدا ومبشرا ونذیرا یعنی اے نبی مین نے آپ کو گواہ بناکر اور (بہشت کی) بشارت دینے کو اور (دوزخ سے) ڈرا دینے کو بھیجا ہے۔ تورات مین بھی ہے" +

(۲۴۵) معاویہ رض نے کہا" مین نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک بات سُنی جسکا نفع بھی خدا کے فضل سے مجھے ہوا آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا" اگر تو لوگون کے ساتھ شبہے پر کارروائی کیا کریگا تو ضرور فساد برپا ہوگا سو مین شبہے پر کارروائی نہین کرتا اسلیے فساد بھی نہین ہوتا" +

(۲۴۶) ابوہریرہ رض نے کہا" میرے اِن کانون نے سُنا اور اِن آنکھون نے

Marfat.com

دیکھا امام حسن تھے یا امام حسین (صلوات اللہ علیہما) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اونکے دونون ہاتھ اپنے ہاتھون سے پکڑے اور اونکے دونون پانؤن آپؐ کے قدم (مبارک) پر تھے آپؐ فرماتے تھے چڑھو وہ چڑھنے لگے یہان تک کہ اپنے دونون پانؤن کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سینۂ (مبارک) پر رکھا پھر آپؐ نے (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) فرمایا "مونہہ کھول" پھر آپؐ نے مُنہ چوما پھر فرمایا "اے اللہ! مین اِسکو چاہتا ہون تو بھی چاہ" ؛

۱۲۵ مُسکرانا

(۲۴۷) قیس رضؓ نے کہا "جریرؓ کہتے تھے "جبسے مین مسلمان ہوا ہون سوقت سے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے دیکھا مسکرا دیا کیے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "یمن والون کا ایک بہت اچھا آدمی اس دروازے سے اندر آویگا اوسکے مونہہ پر فرشتے نے ہاتھ پھیر دیا ہے" پس جریرؓ آگئے ؛

۵۷

(۲۴۸) عائشہ رضؓ نے کہا "کبھی مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا ہنستے نہین دیکھا کہ آپؐ کے حلق کا کوا نظر آجاے آپؐ فقط مسکرا دیا کرتے (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور جب کبھی آپؐ بدلی یا طوفان دیکھتے اوس (کے تردد) کا اثر آپؐ کے چہرۂ مبارک پر صاف ظاہر ہوجاتا تھا ایک دفعہ عائشہ رضؓ نے عرض کی یا رسول اللہ! لوگ جب بدلی دیکھتے ہین تو پانی کی امید پر خوش ہوتے ہین اور آپکو دیکھتی ہون کہ آپ متردد ہوجاتے ہین" آپؐ نے جواب دیا "عائشہ! اِسکا مجھے کیونکر اطمینان ہو کہ اِسمین عذاب (آلہی) نہین ہے ایک قوم پر طوفان ہی کا عذاب نازل کیا گیا اور ایک قوم پر بدلی مین عذاب آیا اور سمجھتے رہے کہ اِس بدلی سے ہم لوگ سیراب ہون گے" ؛

۱۲۶ ہنسنا

(۲۴۹) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "کم ہنسا کرو بہت ہنسنے سے دل مردہ ہوجاتا ہے" ؛

Marfat.com

(۲۵۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "بہت مت ہنسا کر بہت ہنسنے سے دل مردہ ہو جاتا ہے" +

(۲۵۱) ابوہریرہ رضؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مکان سے باہر تشریف لائے دیکھا کہ چند اصحاب باتین کر رہے ہین اور ہنستے جاتے ہین" آپؐ نے فرمایا "قسم اوس ذات کی جسکے ہاتھہ مین میری جان ہے جو بات مین جانتا ہون اگر تمھین معلوم ہوتی تو تم ہنستے کم اور روتے بہت" یہ کہکر آپ تو اندر چلے گئے اور صحابہ رونے لگے بس اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی کہ اے محمد آپ میرے بندونکو ناامید کیون کرتے ہین تب تو آپؐ پھر لوٹ آئے اور فرمانے لگے کہ "خوش رہو اور سیدھے رہو اور میانہ روی اختیار کرو" +

۱۲۷ جدہر منہ کرے سارے بدن سے اودہر ہو جاے اور جدہر پیٹھہ پھیرے سارے بدن سے پھر جاے

(۲۵۲) مسلمؒ کے بیٹے موسےٰؒ نے کہا "ابوہریرہ رضؓ اکثر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات بولا کرتے تو یون کہا کرتے "مجھسے لا نبی پلک والے سفید تہیگاہ والے (یعنی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا ہے" جنکا یہ طور تہا کہ منہ کرتے تو سارے بدن سے اودہر ہو جاتے اور پیٹھہ پھیرتے تو سارے بدن سے پھر جاتے اونکا مثل نہ کسی نے دیکھا ہے نہ دیکھے گا" +

۱۲۸ جس سے مشورت لی جاوے اوسکو امانت داری چاہیے

(۲۵۳) ابوہریرہ رضؓ نے کہا "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوالہیثم رضؓ سے پوچھا "تمہارے پاس کوئی خادم ہے۔ عرض کی "نہین" فرمایا "اچھا جب میرے یہان کچھہ لوگ گرفتار ہوکر آوین تو تم بھی آجائیو" پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین دو ہی شخص گرفتار ہوکر آئے یہ خبر سنکر ابوالہیثم رضؓ بھی پہونچے۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ایک کو پسند کر لو" عرض کی "یارسول اللہ! میرے لیے حضور ہی پسند فرماوین" نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جس سے مشورہ لیا جاوے اوسکو امانت داری لازم ہے

Marfat.com

تم اس غلام کو لے لو ہنے اسے نماز پڑھتے دیکھا ہی اور خبردار اسکے ساتھ نیکی
کرتے رہنا یہ سُنکر ابو الہیثم رضؓ کی بی بی نے کہا کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی فرمائش کی پوری تعمیل تو یہی ہے کہ اسکو آزاد کر دو" ابو الہیثم رضؓ نے کہا "اچھا آزاد
ہے" پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اللہ تعالےٰ نے جو نبی یا خلیفہ
بھیجا اوسکے دو قسم کے اندرونی مشیر کار ضرور ہوتے ہین ایک تو اچھی بات بتاتا ہی
بُری بات سے روکتا ہے اور دوسرا اوسکے نقصان کی پروا بھی نہین کرتا جو اوسکی
بُرائی سے بچاوے بچ گیا" +

۱۲۹ مشورہ

(۲۵۴) عمرو بن دینار رضؓ نے کہا "ابن عباس رضؓ نے اس آیت کو یون پڑھا وشاورہم
فی بعض الامر یعنی بعض باتون مین اون سے بھی صلاح لیا کیجیے" +

(۲۵۵) حسن رضؓ نے کہا "قسم خدا کی جن لوگون سے کسی کام مین شورا کیا اونکو ضرور
ٹھیک بات کا پتہ لگجاتا ہے" یہ کہکر حسن رضؓ نے یہ آیت پڑہی "وامرہم شوریٰ بینہم"
یعنے اونکی باتین آپس کی صلاح سے ہوا کرتی ہین" + ۵۹

۱۳۰ بُری صلاح دینے کی بُرائی

(۲۵۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص کسی بات کی نسبت یہ ظاہر
کرے کہ وہ بات میری کہی ہوئی ہے اور واقع مین میری کہی نہ ہو وہ شخص جہنم مین
اپنی جگہ بھی تجویز کر لے اور جس مسلمان سے کوئی مسلمان صلاح لے اور وہ
اوسکے خلاف مصلحت صلاح دیدے اوس نے خیانت کی جو شخص بے سمجھے ہوے
کوئی فتویٰ دیدے اوسکا گناہ فتویٰ دینے والے پر ہوگا" +

۱۳۱ آپس کی محبت

(۲۵۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "قسم اوس ذات پاک کی جسکے ہاتھ
مین میری جان ہے جب تک مسلمان نہ ہوگے بہشت مین جانے نپاؤگے
اور جب تک آپس مین دوستی نہ پیدا کروگے مسلمان نہوگے سلام پھیلاتے رہو

Marfat.com

آپس مین دوست بنجاؤ گے اور بغض سے بچتے رہو بغض مونڈ ڈالتا ہے میری غرض نہین کہ بال مونڈتا ہے بلکہ دین کو مونڈتا ہے" +

(۲۵۸) وہی پہلی حدیث +

الفت ۱۳۲

(۲۵۹) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "دو ایماندار آدمی کی روحین ایک دن کی راہ کے فاصلے سے ملاقات کیا کرتی ہین حالانکہ دونون شخصون مین ایک نے دوسرے کو دیکھا تک نہین ہے" +

(۲۶۰) ابن عباس رضہ نے کہا "دلون کے پھر جانیکے برابر کوئی (خراب) بات نہین دیکھی (اسی سے) نعمتون کی ناشکری ہوتی ہے اور برادری چھوٹ جاتی ہے" +

دل لگی ۱۳۳

(۲۶۱) انس بن مالک رضہ نے کہا "نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (کسی سفر مین) اپنی کسی بیوی کیطرف آئے اونکے ساتھ اُم سلیم بھی تھین آپ نے فرمایا "انجشہ شیشون کو (یعنی عورتون کو) آہستہ آہستہ ہانک (ابو قلابہ راوی نے کہا) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسی بات بولے کہ اگر دوسرا کوئی بولتا تو تم لوگ اوسکو ہنستے یعنی آپ نے یہ جو فرمایا شیشون کو آہستہ آہستہ ہانک" +

(۲۶۲) ابو ہریرہ رضہ نے کہا "صحابہ نے عرض کی "یارسول اللہ احضور ہم لوگون سے دل لگی کرتے ہین" آپ نے فرمایا "مگر جو بولتا ہون ٹھیک ہی بولتا ہون" +

(۲۶۳) بکر بن عبد اللہ رضہ نے کہا "صحابہ (کھیل سے) آپس مین خربزے لوکا کرتے پھر جب کام کا وقت آتا تو وہی لوگ مرد بھی نکلتے"

(۲۶۴) ابن ابی ملیکہ رضہ نے کہا "ایک دفعہ عائشہ رضہ نے مزاح کیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی وہین پر تھے۔ عائشہ رضہ کی ماں نے عرض کی "یارسول اللہ یہ کنانہ کے خاندان کی دل لگی ہے" آپ نے فرمایا "(خاندان کنانہ کیون) بلکہ اسی میرے ہی خاندان کی دل لگی ہے" +

یعنی بخل نہ ہونے کے باعث آپس مین ایک دوسرے کی طرف بڑھنا ہوتا ہے اور بڑے اخلاق طبیعت اور ہر قسم کی مسلمان کی روحانی قوت اتنے فاصلے کو کفایت کرتی ہے ۱۲

لفظ حدیث تقارب ۶۰

Marfat.com

(۲۶۵) انس رضؓ نے کہا "ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین سواری مانگنے آیا"، آپؐ نے فرمایا "مین تجھے اونٹنی کے بچے پر سوار کرونگا"، کہنے لگا "یارسول اللہ! مین اونٹنی کا بچہ لیکر کیا کرونگا"، آپؐ نے فرمایا "بڑے بڑے اونٹ بھی تو اونٹنیون ہی کے بچے ہین"۔

۱۳۴ لڑکون کے ساتھہ دل لگی

(۲۶۶) انس رضؓ نے کہا "نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بڑے ہی ملنسار تھے آپؐ میرے چھوٹے بھائی سے فرماتے "ابوعمیر نغیر کیا ہوا"۔

(۲۶۷) ابوہریرہ رضؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام حسنؓ یا امام حسینؓ کا ہاتھہ پکڑا پھر اونہون نے اپنے دونون پانؤن آپؐ کے دونون پانؤن پر رکھے پھر آپؐ نے فرمایا چڑھو"۔

۱۳۵ اچھی عادت

(۲۶۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "عمل تولنے کی ترازو مین اچھی عادت سے زیادہ اور کوئی بات بھاری نہین ہے"۔

(۲۶۹) عبداللہ بن عمرو رضؓ نے کہا "نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہ بدزبان تھے نہ بدچلن اور نہ کبھی یہ بات آپؐ سے بہ تکلف ہوتی اور فرمایا کرتے "تم مین وہی لوگ بہت بہتر ہین جنکی عادت اچھی ہے"۔

(۲۷۰) عمرو بن شعیب رضؓ کے دادا نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ سے فرمانے لگے "بتادون کہ مین تم مین کسکو زیادہ چاہتا ہون اور کسکو قیامت کے دن سب سے زیادہ میرے قریب جگہ ملیگی بس لوگ چپکے رہے"، آپؐ نے پھر دوبارہ یا سہ بارہ پوچھا تب لوگون نے عرض کی "ہان یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا "اچھی عادت والے"۔

(۲۷۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مین فقط عمدہ اخلاق کے کامل کرنیکے لیے بھیجا گیا ہون"۔

Marfat.com

(۲۷۲) عائشہ رضؓ نے کہا "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب کبھی دو باتین پیش آئین اور آپؐ کو (خدا کی طرف سے) یہ موقع بھی دیا گیا کہ کسی ایک کو اختیار کرلین تو دونون مین جو بات زیادہ آسان ہوتی آپؐ اوسی کو اختیار فرماتے بشرطیکہ گناہ کی بات نہوتی اور اگر کہین گناہ کی بات ہوئی تب تو آپؐ سب لوگون سے بڑھکر اوس سے کنارہ کرتے اور آپؐ نے کبھی اپنے ذاتی معاملے مین کسی سے کسر نہین لی ہان اگر اللہ کی حرمت کی ہتک کی جاتی تو اللہ کے واسطے ضرور بدلا لیتے" +

(۲۷۳) عبداللہ رضؓ نے کہا "اللہ تعالیٰ نے تم لوگون مین جیسے روزی تقسیم کردی ہے ایسے ہی اخلاق بھی تقسیم کردیے ہین اور اللہ تعالیٰ مال تو دوست دشمن سب کو دیتا ہے مگر ایمان فقط دوست ہی کو دیا کرتا ہے تو جو کوئی مال خرچ کرنے مین تامل کرے اور دشمن سے جہاد کرنے مین ڈرے اور اوسپر رات کو جاگنا مشکل ہو اوسکو چاہیے کہ لا الہ الا اللہ وسبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر اکثر پڑھا کرے" + ۶۲

۱۳۶ باب دل کی سخاوت

(۲۷۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "بہت مال ہونے سے آسودگی نہین ہوتی آسودگی دل کی آسودگی ہے" +

(۲۷۵) انس رضؓ نے کہا "مین نے دس برس نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کی آپؐ نے کبھی مجکو اُف نہین فرمایا اور جو کام مین نے خود نہین کیا آپؐ نے کبھی نہین فرمایا کہ یہ تو نے کیون نہین کیا یا کوئی کام مین نے کرلیا تو آپؐ نے یہ بھی نہ فرمایا کہ یہ کیون کیا" +

(۲۷۶) انس رضؓ نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بڑے رحم دل تھے اور آپؐ کے پاس جو کوئی (حاجتمند) آتا تو آپؐ اوسکی حاجت پوری ہی کردیتے اور اگر نہو سکتا تو اوس سے ضرور وعدہ فرماتے ایک دفعہ نماز کی اقامت ہوچکی تھی

Marfat.com

اور ایک دیہاتی نے آکر آپؐ کا کپڑا پکڑ لیا اور کہنے لگا کہ میری کچھ بات رہگئی ہے
شاید (نماز تمام ہونے تک) بھول جاؤن" بس آپؐ برابر اوسکے ساتھ کھڑے رہے
جب اوسکی بات تمام ہوچکی تب ادہر پھرے اور نماز پڑہائی"۔

(۲۷۷) جابرؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی چیز کے سوال پر نہین نفرمایا"۔

(۲۷۸) عبداللہ بن الزبیرؓ نے کہا "مین نے عائشہؓ اور اسماءؓ سے زیادہ سخی
کوئی عورت نہین دیکہی اور دونون کے دینے کا انداز الگ الگ تھا عائشہؓ کا طور
یہ تھا کہ چیزون کو رکھتی جاتین جب جمع ہولیتی تب بانٹ دیتین اور اسماءؓ توکل
کے لیے کچھ رکھنا جانتی ہی نہ تھین"۔

(۲۷۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جسطرح کسی کے پیٹ مین خدا
کے راہ کا غبار اور جہنم کا دہوان دونون کبھی اکٹھا نہین ہوسکتے (اسی طرح) کسی کے
دل مین کنجوسی اور ایمان دونون کبھی اکٹھا نہین ہوسکتے"۔

(۲۸۰) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "دو خصلتین ایسی ہین کہ مومن
مین اکٹھی نہین ہوسکتین بخل اور بدخلقی"۔

(۲۸۱) ربیعہؓ کے بیٹے عبداللہؓ نے کہا "ہم لوگ عبداللہؓ کے پاس بیٹھے تھے
لوگ ایک شخص کا ذکر کرکے اوسکی عادت کا بہی ذکر کرنے لگے اسپر عبداللہؓ
نے پوچھا اگر تم اوسکا سر کاٹ ڈالو تو کیا پھر اوسکو جوڑ سکتے ہو؟ لوگون نے کہا نہین
پوچھا فقط اوسکا ہاتھ؟ کہا "یہ بھی نہین ہوسکتا" پوچھا فقط پانون؟ کہا یہ بھی
ناممکن ہے کہا "جب کہ تم اوسکی خلقت کو نہین لوٹا سکتے تو اوسکے خلق کو بھی نہین
لوٹا سکتے"۔ یاد رکھو نطفہ چالیس دن رحم مین ٹھیرتا ہے پھر خون ہوجاتا ہے عادت
پھر وہ خون پھٹکی ہوجاتا ہے پھر وہ پھٹکی بوٹی ہوجاتی ہے تب اللہ فرشتہ بھیجتا ہے
وہ اوسی وقت اوسکی روزی اور خلق اور بدبختی یا نیکبختی لکھ جاتا ہے"۔

Marfat.com

(۲۸۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "آدمی اپنی اچھی عادت کی برکت سے تہجد گزار کا درجہ پاتا ہے"۔

(۲۸۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اچھا اسلام اوسکا ہے جسکے اخلاق اچھے ہون بشرطیکہ سمجھدار بھی ہو"۔

(۲۸۴) عبید رضؓ کے بیٹے ثابت رضؓ نے کہا "مینے لوگون مین کسی بیٹھے والے کو ثابت رضؓ کے بیٹے زید سے زیادہ باوقار نہین دیکھا اور نہ کسی کو اپنے گھر مین اُنسے زیادہ خوش دیکھا"

(۲۸۵) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "کون سا دین خدا کو زیادہ پسند ہے (پھر خود فرمادیا) یہی آسان ایک پکا دین (دین ابراہیمی)"۔

(۲۸۶) عبداللہ بن عمرو رضؓ نے کہا "اگر تجکو چار باتین حاصل ہین اور دنیا بھر کی باتین نہین ہین تو کچھ پروا نہین اچھی عادت۔ روٹی کی اطمینان۔ راستگوئی۔ امانت داری"

(۲۸۷) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جانتے ہو لوگ کثرت سے دوزخ مین کس چیز کی بدولت جائینگے"۔ صحابہ نے عرض کی "خدا جانے خدا کا رسول جانے" فرمایا "دونون پھونک چیزون کی بدولت۔ ایک تو یہی شرمگاہ اور دوسرا یہی مُنہ اور بہشت مین کسکی بدولت کثرت سے جائینگے ایک تو اللہ سے ڈرتے رہنا دوسرے اچھی عادت"۔

(۲۸۸) دردار رضؓ کی ماں نے کہا "ایک رات دردا کے باپ نماز کو اوٹھے تو رو رو کر برابر صبح تک یہی دعا کرتے رہے "ای اللہ تو نے میری صورت تو اچھی بنائی میری عادت بھی اچھی کر دے"۔ مین نے کہا "ابو دردا! ساری رات عادت ہی کی خوبی کے لیے دعا کرتے رہ گئے"۔ اونہون نے جواب دیا "ام دردا! مسلمان آدمی کو اچھی عادت کے سبب سے بہشت ملجاتی ہے اور بداطوار ہوتا ہے تو بس دوزخ مین داخل ہوتا ہے۔ اور مسلمان آدمی سوتا ہوتا ہے اور اوسکی بخشائش ہوجاتی ہے"۔ مین نے کہا "سوتے آدمی کی بخشائش کیونکر ہوجاتی ہوگی"۔ کہا "کوئی مسلمان شب کو اوٹھا تہجد پڑھکر (اپنے لیے) خدا سے دعا کی اللہ تعالیٰ اوسکی دعا قبول فرمائی پھر اپنے مسلمان بھائی کے واسطے دعا کی اللہ تعالیٰ نے اوسکے حق مین بھی اوسکی دعا

۶۴
۵
یعنی انکا برتاؤ اپنے بال بچون کے ساتھ نہایت پسندیدہ تھا
۱۲

Marfat.com

قبول کرلی۔ +

(۲۸۹) شریکؓ کے بیٹے اُسامہؓ نے کہا "مین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر تھا اور اِدھر اُدھر کے دیہاتی لوگ بہت آئے ہوئے تھے اور لوگ تو چُپکے تھے فقط وہی سب بول رہے تھے تو اُن لوگون نے بعض بعض مباح باتون کے بارے مین پوچھا کہ یارسول اللہ! اِن باتونمین کچھہ مضائقہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا خدا کے بندو! اللہ تعالےٰ نے سب مضائقہ اُٹھا دیا ہے ہان کوئی شخص کوئی بات ظلم کی قائم کرے تو البتہ اُس مین مضائقہ بھی ہے ہلاکت بھی ہے" عرض کی "ہم لوگ (بیمارلیون کی) دوا کرین؟" فرمایا "ہان اَے خدا کے بندو! دوا کیا کرو اللہ تعالےٰ نے جو جو بیماریان پیدا کی ہین ایک بیماری کے سوا سب کی دوائین بھی پیدا کی ہین" عرض کی "وہ کون بیماری ہے یارسول اللہ!؟" فرمایا "موت" عرض کی "یارسول اللہ! انسان کو (خدا کی طرف سے) سب سے بہتر کون چیز عنایت ہوئی ہے؟" فرمایا "اچھی عادت" +

(۲۹۰) ابنِ عباسؓ نے کہا "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بڑے ہی فیاض تھے اور آپؐ کی فیاضی رمضان مین اور بھی بڑھ جاتی جب کہ جبرئیل صلی اللہ علیہ وسلم آپ سے مِلتے اور جبرئیل تو رمضان مین ہر شب آپؐ سے مِلا کرتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُنکو قرآن سُنایا کرتے تو جبرئیل سے مِلنے کے وقت آپ کا فیض ہوا کے فیض سے بھی بڑھا ہوا ہوتا" +

(۲۹۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اگلی اُمّت کے ایک شخص سے (مرنے کے بعد) مُحاسبہ ہونے لگا تو اُسکے پاس ایک ہی نیکی ٹھیری کہ وہ خوش حال آدمی تھا اور لوگون سے کاروبار رکھتا تھا تو اپنے کارپردازون سے کہدیا تھا کہ تنگدست آدمی کو چھوڑ دیا کرو اللہ تعالےٰ نے فرمایا "ہم تو زیادہ تر اِسکے سزاوار ہین" بس اُسکو چھوڑ ہی دیا" +

(۲۹۲) ابوہریرہؓ نے کہا "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُوال

Marfat.com

ہوا کہ لوگ بہشت مین کس چیز کی بدولت کثرت سے جائینگے؟ فرمایا "ایک تو اللہ سے ڈرتے رہنا دوسرے عمدہ عادت" اور پوچھا دوزخ مین کس چیز کی بدولت کثرت سے جائینگے؟ فرمایا "دولون پھوک بدن کے منہ اور شرمگاہ ÷

(۲۹۳) نواس انصاریؓ نے کہا "مین نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نیکی اور بدی کو پوچھا؟ آپؐ نے فرمایا "نیکی تو عادت کی عمدگی ہے اور بدی وہی ہے جو تیرے دل مین کھٹکے اور اُس سے لوگون کا آگاہ ہوجانا تجھے ناپسند ہو ÷

۱۳۹ بخیلی

(۲۹۴) جابرؓ نے کہا "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا بنی سلمہ تمہارے یہان سردار کون ہے؟ ہم لوگون نے عرض کی "قیس کا بیٹا جد مگر اتنی بات ہے کہ ہم لوگون مین وہ بخیل مشہور ہے" آپؐ نے فرمایا "بھلا بخیلی سے بڑھکر کون علت ہوگی تب وہ سردار نہین ہے بلکہ تمہارا سردار عمرو بن جموح ہے" اور یہ عمرو زمانۂ جاہلیت مین اُن کے بتون کا محافظ تھا اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوئی نکاح کرتے تو آپ کی طرف سے ولیمے کی دعوت کیا کرتا ÷÷÷

۶۶

(۲۹۵) مغیرہؓ کے محرر وراد نے کہا "امیر معاویہؓ نے مغیرہ بن شعبہؓ کو لکھا کہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کچھ سُنا ہو تو مجھے لکھ بھیجیے مغیرہؓ نے انکو لکھا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ان باتون سے منع فرمایا کرتے بک بک کرنا مال نقصان کرنا بہت پوچھ پاچھ اپنا رکھ پرایا چکھ ماں کی نافرمانی بیٹیون کو زندہ دفن کرنا ÷

(۲۹۶) جابرؓ نے کہا "ایسا کبھی نہین ہوا کہ آپؐ نے کسی چیز کے سوال مین نہین فرمایا ہو ÷

۱۴۰ اچھے آدمی کو اچھا مال

(۲۹۷) عمرو بن العاصؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے بلوا کر

Marfat.com

حکم دیا کہ "مین اپنے کپڑے پہنکر ہتھیار لیکر حضور مین حاضر آؤن" مین حسب الحکم حاضر ہوا
اُسوقت آپؐ وضو فرما رہے تھے آپؐ نے نظر اُٹھا کر مجھے دیکھا پھر نظر نیچی کر لی
پھر فرمایا "عمرو! مین تجھے لشکر کا افسر کر کے بھیجنا چاہتا ہون کہ خدا تجھے کچھ
غنیمت دلوا دے اور میری خواہش ہے کہ تجھے کچھ مال حاصل ہو جاے" مین نے
عرض کی "مین مال کی رغبت سے تو مسلمان ہوا نہین ہون مین تو اِسلام
ہی کی رغبت سے مسلمان ہوا ہون کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
ساتھ رہون" فرمایا "اَے عمرو! اچھا مال اچھے آدمی کے واسطے بہت عمدہ چیز ہے"

۱۴۱ صبح کو خوش خوش اُٹھنا

(۲۹۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو صبح کو خوش خوش اُٹھا اور
بھلا چنگا بھی ہے اور اُسکے پاس ایک دن کا کھانا بھی ہے بس اُسکے لیے گویا
دنیا بھر کا سامان اکٹھا ہے"

۱۴۲ بشاشت

(۲۹۹) عبداللہ بن خبیب رضؓ کے چچا نے کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم مکان سے باہر تشریف لائے اور آپؐ پر نہانے کے آثار تھے اور آپؐ
بشاش بھی تھے ہم لوگون نے خیال کیا کہ آپؐ کو اِسوقت اپنے اہل کے ساتھ
خلوت کا اتفاق ہوا ہے۔ پھر ہم لوگون نے عرض کی "یا رسول اللہ! حضور اِس
وقت بشاش معلوم ہوتے ہین" آپؐ نے فرمایا "ہان خدا کا شکر ہے" پھر
تونگری کا ذکر آگیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "تونگری
مین پرہیزگار آدمی کے واسطے کوئی پروا نہین ہے اور پرہیزگار آدمی کے لیے
تندرستی تونگری سے بہتر ہے اور خوشدلی بھی بڑی نعمت ہے"

(۳۰۰) جبیر رضؓ نے کہا "نواس رضؓ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے نیکی اور بدی کو پوچھا تو آپؐ نے فرمایا "نیکو کاری عمدہ عادت کا نام ہے
اور گناہ وہی ہے جو دل مین کھٹکے اور اُسپر لوگون کا آگاہ ہو جانا ناپسند ہو"

Marfat.com

(۳۰۱) انس رضؓ نے کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نہایت ہی خوب اور بڑے سخی اور بڑے بہادر تھے ایک رات مدینے مین کچھ غل مچا سب لوگ آواز کی طرف چلے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم راہ ہی مین لوگون کے سامنے آگئے آپؐ سب کے پہلے وہان پہونچ گئے تھے آپؐ فرما رہے تھے "ڈرو مت ڈرو مت" آپؐ اسوقت ابو طلحہؓ کے گھوڑے پر بے زین رکھوائے ہوئے ننگی ہی پیٹھ پر سوار تھے اور آپؐ کی (مبارک) گردن مین تلوار لٹکتی تھی آپؐ نے فرمایا "اس (گھوڑے) کو تو ہمنے دریا پایا" یا یون فرمایا "یہہ (گھوڑا کیا ہے) دریا ہے" ✤

(۳۰۲) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ہر نیکی مین صدقے کا ثواب ہے اور مسلمان بھائی سے ہنس مکھ ملنا نیکی ہے اور اپنے ڈول سے اپنے مسلمان بھائی کے برتن مین پانی دیدینا نیکی ہے" ✤

۱۴۳ مظلوم کی مدد ضرور ہے

(۳۰۳) ابوذر رضؓ نے کہا "کسی نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کون کام بہتر ہے؟ فرمایا "اللہ پر ایمان لانا اور اسکی راہ مین جہاد کرنا" عرض کی "کیسا غلام آزاد کرنا افضل ہے؟" فرمایا "بیش قیمت اور مالک کا پیارا" عرض کی "اگر مجھسے اسمین سے کچھ نہو سکے؟" فرمایا "کاریگر کی مدد کر دے یا نکمے آدمی کا کام ہی کر دے" عرض کی "اگر نہو سکے؟" فرمایا "لوگون کے ساتھ شرارت نکر اس مین بھی تجھے صدقے ہی کا ثواب ہے" ✤

(۳۰۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ہر مسلمانکو صدقہ کرنا (لازم) ہے" ابو بردہؓ کے باپ نے عرض کی "بھلا فرمائیے تو کسی کے پاس کچھ نہو (تو کہان سے دے؟)" ارشاد ہوا "کوئی دھندھا کر کے آپ بھی نفع اٹھاوے خیرات بھی کرے" عرض کی "اگر یہ نکر سکا یا نہین کیا؟" فرمایا "حاجتمند مظلوم کی مدد کرے" عرض کی "اگر یہ بھی نکر سکا یا نہین کیا؟" فرمایا "اچھی بات بتا دے" عرض کی "اگر یہ بھی نکر سکا یا نہین کیا؟" فرمایا "شرارت نکرے ایسے شخص کا یہی صدقہ ہے" ✤

۱۴۴ خدا سے دعا مانگنا کہ میری عادت اچھی بنا دے

Marfat.com

(۳۰۵) عبداللہ بن عمرؓ نے کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر یہ دعا فرمایا کرتے "اللّٰھمَّ اِنِّی اسألک الصحّۃ والعفّۃ والامانۃ وحُسن الخُلق والرضیٰ بالقدر" یعنی اے اللہ مین تجھسے تندرستی پارسائی امانت داری عمدہ خلقون کی خوبی تقدیر پر رضامندی چاہتا ہون ٭

(۳۰۶) یزید بن بابنوس رضؓ نے کہا "ہملوگ حضرت عائشہ رضؓ کی ملاقات کو گئے اُن سے عرض کی "اے مسلمانون کی مان! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کیا عادت تھی؟" فرمایا "آپؐ کی عادت قرآن کے موافق تھی سورۃ المؤمنون تم لوگ پڑھتے ہو "قد افلح المؤمنون" پڑھو تو"، یزید رضؓ کہتے ہین "مین نے قد افلح المؤمنون سے لیکر لفروجہم حافظون تک پڑھا" حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہی عادت تھی ٭

ایماندار آدمی (کسی پر) طعن (تشنیع) نہین کیا کرتا

(۳۰۷) عبداللہ (بن عمرؓ) کے بیٹے سالم رضؓ نے کہا "مین نے عبداللہ رضؓ سے کسی چیز پر لعنت کرتے نہین سُنا"، سالم رضؓ کہتے ہین "عبداللہ نے کہا ہے "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ایماندار آدمی کو نہین چاہیے کہ (ہر وقت) لعنت لعنت کیا کرے ٭

(۳۰۸) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "بدزبان آدمی جو چھیڑ چھیڑ کر بدزبانی کیا کرے اور بازار مین غُل مچانے والے انکو اللہ تعالیٰ پسند نہین کرتا" ٭

(۳۰۹) عائشہ رضؓ نے کہا "یہود نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہوے تو (بجاے سلام کے اُنھون نے) کہا "السّام علیکم"، (یعنی تمھاری مَوت آوے) اِسپر حضرت عائشہ رضؓ نے کہا "وعلیکم ولعنکم اللہ وغضب اللہ علیکم" (یعنی تمھاری ہی مَوت آوے اور تمپر خدا کی پھٹکار اور خدا کا غضب پڑے) آپؐ نے فرمایا "(ہین ہین) عائشہ ٹھہرو تمھین نرمی کرنا لازم ہے اور درشتی اور بدزبانی سے بچتی رہا کرو"، عائشہ رضؓ نے عرض کی

Marfat.com

حضور نے سُنا نہین یہ (یہود) لوگ کیا کہہ گئے"، فرمایا "تمنے نہین سُنا مین نے (جواب مین) کیا کہا مین نے بھی (ویسا ہی) لوٹا دیا میری (بات تو) اُنکے حق مین قبول ہو جائے گی اور اُنکی (بات) میرے بارے مین قبول نہ ہوگی +

(۳۱۰) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ایمان والا آدمی نہ تو (بہت) طعن (تشنہ) کیا کرتا ہے نہ لعنت لعنت کیا کرتا ہے نہ بیحیا ہوتا ہے نہ بدزبان ہوتا ہے +

(۳۱۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "دوپھا سیا آدمی امانت دار نہین ہوگا +

(۳۱۲) عبداللہ رض نے کہا "مومن کے لیے بدزبان ہونا بہت خراب عادت ہے" +

(۳۱۳) علی بن ابی طالب رض نے کہا "لعنت کرنے والے آپ لعنت مین گرفتار ہوئے مروان راوی کہتے ہین یعنے جو دوسرون پر لعنت کیا کرتے ہین +

۱۴۶ بہت لعنت کرنیوالا آدمی

(۳۱۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "بہت لعنت کرنے والے لوگ نہ تو قیامت کے دن گواہ (ہوکر طلب) ہونگے نہ کسی کی سپارش کر سکینگے" +

(۳۱۵) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "صدیق کو (کسی پر) لعنت کیا کرنا مناسب نہین + + +

(۳۱۶) حذیفہ رض نے کہا "جو لوگ آپس مین (ایک دوسرے پر) لعنت کرنے لگے بس سب کے سب لعنتی ہوے +

۱۴۷ غلام پر لعنت کرنے (کے کفارے) مین اُسے آزاد ہی کر دینا

(۳۱۷) عائشہ رض نے کہا "حضرت ابوبکر رض نے اپنے کسی غلام پر لعنت کی اِسپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ابوبکر لعنت کرنے والے اور صدیق (بھلا ایسا بھی ہو سکتا ہے) پروردگار کعبہ کی قسم ہرگز نہین (ہو سکتا) آپ نے دوبار یا تین بار فرمایا تب تو حضرت ابوبکر رض نے اُسی دن غلام کو آزاد ہی کر دیا اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہو کر عرض کرنے لگے کہ "مین پھر ایسی حرکت نہ کرونگا" +

Marfat.com

(۳۱۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "آپس مین خدا کی لعنت اور خدا کے غضب اور (دوزخ کی) آگ (مین جلنے) کا کوسنا نہ دیا کرو"

۱۴۹ کافر پر لعنت کرنا

(۳۱۹) ابوہریرہ رض نے کہا "لوگون نے عرض کی "یارسول اللہ! مشرکون کے حق مین بددعا فرمائیے"، ارشاد ہوا "مین لعنت کیا کرنے کو نہین بھیجا گیا ہون مین تو مہربانی کرنے کو بھیجا گیا ہون"

۱۵۰ چغلخور

(۳۲۰) ہمام رض نے کہا "ہم لوگ حذیفہ رض (صحابی) کے ساتھ تھے"، کسی نے اُن سے کہا "(معلوم ہوتا ہے) کہ کوئی آدمی (حضرت) عثمان رض کے یہان بات پہونچایا کرتا ہے"، اسپر حذیفہ رض نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "چغلخور بہشت مین نہین جائے گا"

(۳۲۱) اسماء بنت یزید رض نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "بتا دون تم مین اچھے کون لوگ ہین (صحابہ نے) عرض کی "ہان ارشاد ہو" فرمایا "جنکے دیکھنے سے خدا یاد آئے اور یہ بھی بتا دون کہ تم مین بُرے کون لوگ ہین" عرض کی "ہان ارشاد ہو"، فرمایا "چغلخور دوستون مین فساد ڈالنے والے بدمعاشی (کا موقع) تلاش کرنے والے"

۱۵۱ کسی کی بُری بات سُنکر مشہور کرنا

(۳۲۲) علی بن ابی طالب رض نے کہا "بُری بات کہنے والا اور اُسکا مشہور کرنے والا گناہ مین دونون برابر ہین"

(۳۲۳) شبیل بن عوف رض نے کہا "(اگلے زمانے مین) یہ بات کہی جاتی تھی کہ "بُری بات سُنکر مشہور کرنے والا گناہ کرنے والے کے مثل ہے"

(۳۲۴) عطاء رح کی رائے تھی کہ کسی کی زنا کی خبر پھیلانے والے پر بھی (دنیا

Marfat.com

اور آخرت مین) عذاب سے وہ کہتے تھے کہ "یہ شخص بے حیائی کی بات پھیلانیوالا ہے"۔

باب ۱۵۲ — بے حیائی کی بات پھیلانے والا

(۳۲۵) علی رضؓ نے کہا "تم جلد باز بے حیائی کی بات ظاہر کرنے والے بھید کھولنے والے مت ہو کیون کہ تمھارے پیچھے بڑی بڑی آفتین اور بے انتہا فتنے آنے والے ہین"۔

(۳۲۶) ابن عباس رضؓ نے کہا "جب کسیکا عیب بیان کرنے کا تیرا ارادہ ہو تو اپنا ہی عیب یاد کر لیا کر"۔

(۳۲۷) ابن عباس رضؓ نے کہا کہ "آیت وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ کے معنی یہ ہین کہ کوئی کسی پر طعن نکرے"۔

(۳۲۸) ابوجمیرہ بن ضحاک رضؓ نے کہا کہ "یہ آیت وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ہمین لوگون کے بارے مین ہی سلمہ کی نسبت اُتری ہے" کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم لوگون کے یہان تشریف لائے اور ہم لوگون کے ہر ہر شخصون کے دو دو نام ہوتے تھے حضرتؐ پکارتے اے فلان! تو لوگ عرض کرتے "یا رسول اللہ! وہ اِس نام سے خفا ہوتا ہے"۔

(۳۲۹) عکرمہ رضؓ نے کہا "ابن عباس رضؓ نے یا اُنکے چچازاد بھائی نے غرض ایک نے دوسرے کے لیے کچھ کھانا طیار کرایا تھا اسی درمیان مین ایک لونڈی اُن لوگون کے کام کاج مین تھی کہ ایک شخص نے اُسکو کہدیا "اے چھنال" اِسپر ابن عباسؓ بولے "مَہ" (یہ لونڈی) اگر دنیا مین تجھپر حد جاری نکر سکیگی تو آخرت مین تجھے حد لگاویگی" اُس (گالی دینے والے) نے کہا "بتائیے تو اگر (بات) ایسی ہی ہو تب" کہا "اللہ تعالے بدزبان آدمی کو یا جو بکلف بدزبانی کرے اُس کو نہین دوست رکھتا"۔

(۳۳۰) حدیث نمبر (۳۱۰)

باب ۱۵۳ — ایک دوسرے کی تعریف کرے

(۳۳۱) ابوبکرہ رضؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین ایک

یعنی قرآن مین اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ دیو لوگ ایمان والون مین بدکاری کا چرچا پھیلانے مین داخل ہین ۱۲

Marfat.com

شخص کا مذکور ہوا تو ایک آدمی نے اُسکی خوب تعریف کی اِسپر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "تیرا بُرا ہو تو نے تو اپنے یار کی گردن ہی کاٹ ڈالی" آپ بار بار یہی فرماتے رہے (اور پھر یہ بھی فرمایا) "اگر کسی کو تعریف کرنا ہی ہو تو جسکو جیسا سمجھتا ہے بس اُسیقدر کہے کہ مین ایسا ایسا سمجھتا ہون اور اللہ اُسکو ٹھیک جانتا ہے اللہ کے نزدیک کسی کا پاک ہونا ہرگز بیان نکرے ٭

(۳۳۲) ابو موسیٰ رضؓ نے کہا "ایک آدمی کسی کی تعریف کر رہا تھا اور اُسکو بہت بڑھا رہا تھا کہین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سُن لیا تو فرمایا تم نے اُسکو ہلاک کیا یا فرمایا تم نے اُسکی پیٹھ توڑ ڈالی"

(۳۳۳) ابراہیم تیمی رضؓ کے باپ نے کہا "ہم لوگ عمرؓ کے پاس بیٹھے تھے ایک شخص نے مُنہ پر کسی کی تعریف کی عمرؓ بولے تو نے اُسکی کونچ کاٹ دی خدا تیری کونچ کاٹ ڈالے"

(۳۳۴) عمرؓ نے کہا "تعریف کرنا ذبح کرنا ہے امام بخاری کہتے ہین یہ جب ہے کہ جسکی تعریف کی ہو وہ مان لے تب ٭ جسپر اطمینان ہو اُسکی تعریف کرنا

(۳۳۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ابوبکر خوب آدمی ہے عمر خوب آدمی ہے ابو عبیدہ خوب آدمی ہے اُسید بن حضیر خوب آدمی ہے ثابت بن قیس بن شماس خوب آدمی ہے معاذ بن عمرو بن الجموح خوب آدمی ہے معاذ بن جبل خوب آدمی ہے فلان شخص بُرا ہے فلان شخص بُرا ہے آپؐ نے سات آدمی گن دیے" ٭

(۳۳۶) عائشہ رضؓ نے کہا "ایک شخص نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہونے کی اجازت چاہی آپؐ نے فرمایا "بُرا آدمی ہے" پھر جب وہ حاضر ہوا آپؐ ہشاش بشاش اُس سے ملے جب وہ چلا گیا تو دوسرے کسی نے حاضر ہونے کی اجازت چاہی آپؐ نے فرمایا "اچھا آدمی ہے" پھر جب وہ حاضر ہوا آپؐ ویسے ہشاش بشاش اُس سے نہ ملے جب وہ چلا گیا مین نے عرض کی "یا رسول اللہ! آپؐ نے پہلے آدمی کے حقمین (کیا) فرمایا اور پھر اُس سے ایسے

Marfat.com

خوش خوش ملے اور اُس دوسرے کے حقمین (کیا) فرمایا اور اُس انداز سے نہ ملے"
آپؐ نے فرمایا "عائشہ! جس شخص سے بدزبانی کے باعث لوگ پرہیز رکھین وہ
نہایت بُرا آدمی ہے ✤

ب ۱۵۵ تعریف کرنیوالون کے مُنہ پر (مٹی) جھونکنا

(۳۳۷) ابو معمرؓ نے کہا "ایک شخص کھڑا ہو کر ایک حاکم کی تعریف کرنے لگا
اِسپر مقداد (صحابیؓ) اُسکے مُنہ پر مٹی جھونکنے لگے اور کہا کہ "ہمکو گون کو رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حُکم دیا ہے کہ تعریف کرنے والون کے مُنہ پر مٹی جھونک
دیا کرین ✤ ✤ ✤

(۳۳۸) ایک شخص ابن عمرؓ کے سامنے کسی کی تعریف کرنے لگا ابن عمرؓ
اُسکے مُنہ کی طرف مُٹھی سے خاک پھینکنے لگے اور کہا "رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے فرمایا "تعریف کرنے والون کو (تعریف کرتے) دیکھو تو اُنکی مُنہ پر خاک جھونک دو ✤

(۳۳۹) رجاءؓ نے کہا "ایک دن مین مجن (صحابیؓ) کے ساتھ چلا چلتے چلتے
بصرے والون کی مسجد تک پہونچا مسجد کے کئی دروازے تھے تو کیا دیکھتے ہین کہ
ایک دروازے پر بُریدہ اسلمیؓ بیٹھے ہوے ہین اور سکبہ نام ایک شخص مسجد مین
تھا وہ بہت لانبی نماز پڑھا کرتا جب ہم لوگ مسجد کے دروازے پر پہونچے وہ
چادر اُوڑھے ہوے تھا اور بریدہؓ دل لگی باز آدمی تھے بولے "مجن! تم بھی سکبہ
ہی کی طرح نماز پڑھتے ہو" مجنؓ نے اِسکا کچھ جواب نہین دیا اور لَوٹ آئے
رجاءؓ کہتے ہین "مجن رضؓ نے کہا کہ "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا
ہاتھ پکڑ لیا اور چلے چلتے چلتے اُحُد (پہاڑ) پر چڑھ گئے پھر مدینے کی طرف دیکھ کر
فرمایا "خرابی ہے اُسکی مان کی اِس بستی کو یہان کے لوگ نہایت آباد چھوڑ کر
الگ ہو جاوینگے دجّال اِدھر آویگا پھر مدینے کے ہر دروازے پر فرشتونکو (پہرہ
دیتے ہوے) پاکر اندر نہین آوے گا پھر آپؐ (پہاڑ سے) اُتر چلے جب مسجد مین آ چکے
تو آپؐ نے ایک شخص کو دیکھا کہ نماز پڑھ رہا ہے سجدہ کرتا ہے رکوع کرتا ہے

Marfat.com

مجھسے فرمایا "یہ کون شخص ہے؟" مین بڑھا بڑھا کر اُسکا حال عرض کرنے لگا "یارسول اللہ یہ فلان شخص ہے ایسا ہے ایسا ہے" اسپر آپؐ نے فرمایا "بس بس کہین اُسکو نہ سُنا کر ہلاک کر ڈالنا" پھر آپؐ چلے جب اپنے حجروں کے قریب پہونچے اپنے دونون ہاتھ جھاڑ کر فرمانے لگے "دین مین آسانی (اختیار کرنا) بہتر ہے دین مین آسانی (اختیار کرنا) بہتر ہے" آپؐ نے یہ کلمہ تین بار فرمایا +

۱۵۶ نظم مین تعریف کرنا

(بہم ۳) اسود بن سریع رضؓ نے کہا "مین نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہوکر عرض کی "یارسول اللہ! مین نے خدا کی حمد مین کچھ کہا ہے اور آپؐ کی شان مین بھی" اسپر آپؐ نے فرمایا "ہان تیرا پروردگار تو حمد کو پسند کرتا ہے" تب تو مین زور زور سے گانے لگا پھر ایک دراز قد چندلے آدمی نے اندر آنیکی اجازت چاہی نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (مجھے) فرمایا "چُپ" پھر وہ آدمی آیا کچھ دیر باتین کین پھر چلا گیا پھر مین گانے لگا (اِتنے مین) پھر وہی شخص آیا پھر آپؐ نے مجھے چُپ کیا پھر چلا گیا دو یا تین بار یہی اتفاق ہوا تو مین نے عرض کی "یہ کون شخص ہے جسکے لیے حضور مجھے چُپ کرتے ہین؟" فرمایا "یہ شخص لغو (بات) پسند نہین کرتا" +

۷۵

(اہم ۳) اسود بن سریع رضؓ نے کہا "مین نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی "مین نے آپؐ کی اور اللہ عزوجل کی تعریف کی ہے" +

۱۵۷ شاعر کے شر کے خوف سے اُسے کچھ دینا

(۲نہم ۳) ابو نجید رضؓ نے کہا "ایک شاعر عمران بن حصین رضؓ کے پاس آیا اُنھون نے اُسے کچھ دیا کسی نے اُن سے کہا "آپ شاعر کو دیتے ہین؟" اُنھون نے کہا "مین نے اپنی آبرو بچائی" +

۱۵۸ دوست کی ایسی تعظیم نکرنی جو اُسپر گران ہو

(۳نہم ۳) محمد (ابن سیرینؒ) نے کہا "اگلے لوگ کہا کرتے تھے کہ دوست کی ایسی

Marfat.com

یا نبی اللہ! قیامت کب ہوگی؟ آپؐ نے فرمایا "تو نے قیامت کے لیے کیا طیاری کی ہے؟" اُس نے عرض کی "مین نے کچھہ بڑی طیاری تو نہین کی مگر مین خدا اور اُسکے رسولؐ سے محبّت رکھتا ہون" آپؐ نے فرمایا "آدمی جس سے محبّت رکھیگا اُسیکے ساتھہ ہوگا" انس رضؓ کہتے ہین "مسلمانون کو اسلام کے بعد اُس دن سے زیادہ خوش مین نے کبھی نہین دیکھا" ✤

۱۶۳ بڑے کی بزرگی

(۳۵۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص چھوٹے پر مہربانی نکرے اور بڑے کا حق نہ پہچانے وہ ہم سے نہین" ✤

(۳۵۴) وہی حدیث نمبر (۳۵۳)

(۳۵۵) وہی حدیث نمبر (۳۵۳)

(۳۵۶) وہی حدیث (نمبر (۳۵۳) بتقدیم وتاخیر الفاظ

(۳۵۷) وہی حدیث نمبر (۳۵۳) بتغیّر بعض الفظ

۱۶۴ بڑے کی بزرگداشت

(۳۵۸) اشعری رضؓ نے کہا "بوڑھے مسلمان اور حافظِ قرآن جو فقط پڑھنے ہی مین غلو نہ رکھتا ہو نہ عمل مین اُس سے علٰحدہ رہے اور عادل حاکم اِن لوگون کی بزرگداشت خدا ہی کی بزرگداشت ہے" ✤

(۳۵۹) حدیث باب (۱۶۳)

۱۶۵ بولنے مین اور پوچھہ یا چھہ مین بڑا آدمی ابتدا کرے

(۳۶۰) رافع بن خدیج رضؓ اور سہل بن ابی حثمہ رضؓ نے کہا "عبداللہ بن سہل رضؓ اور مُحَیِّصہ بن مسعود رضؓ دونون خیبر آئے اور وہان کھجور کے باغ مین علٰحدہ علٰحدہ ہو گئے بس عبداللہ بن سہل رضؓ کو کسی نے مار ڈالا پھر تو عبدالرحمن رضؓ سہل رضؓ کا بیٹا اور حُوَیِّصہ اور مُحَیِّصہ مسعود رضؓ کے دونون بیٹے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہو کر اپنے (مقتول) آدمی کے بارے مین عرض

Marfat.com

معروض کرنے لگے عبدالرحمٰن نے پہلے بولنا شروع کیا اور وہی سب سے چھوٹا تھا
حضرتؐ نے اُس سے فرمایا "بڑون کی بڑائی کا خیال رکھا کر پہلے بڑے کو بولنا
چاہیئے" پھر اُن لوگون نے دربارۂ اپنے (مقتول) آدمی کے کلام کیا حضرتؐ نے
فرمایا "پچاس آدمی تمھارے خاندان کے قسم کھائین (اور قاتل کی نشاندہی کرین)
تو البتہ تم لوگ (یہودیون سے) خون کا عوض پلنے کے مستحق ہوگے" اُنھون نے
عرض کی "یارسول اللہ! ہم لوگون نے تو دیکھا نہین ہے" آپؐ نے فرمایا "تب
یہودیون کے پچاس آدمی قسم کھاکر بری ہوجا سکتے ہین" اُنھون نے عرض
کی "یارسول اللہ! وہ لوگ تو کافر ہین" تب حضرتؐ نے اپنی طرف سے اُن لوگونکو
فدیہ (دیت) دلوادیا سہل کہتا تھا کہ "مجکو بھی ایک اونٹ (دیت کے) اونٹونمین سے
ملا تھا پھر اُن اونٹون کے شترخانے مین گیا بس اُسنے مجھے ایک لات لگائی ✤

۱۶۶ بڑا نہ بولے تب چھوٹا بولے کہ نہین؟

(۳۶۱) ابن عمرؓ نے کہا "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "بتاؤ تو کون
درخت ہے جسکی مثال (ٹھیک) مسلمان آدمی کی مثال ہے خدا کے حکم سے ہر وقت
میوہ لاتا ہی رہتا ہے پتا اُسکا (کبھی) نہین گرتا" میرے دل مین گزرا کہ کھجور کا
درخت ہے مگر ابوبکرؓ اور عمرؓ کے موجود ہوتے ہوئے مجھے اپنا بولنا بُرا معلوم ہوا
پھر جب یہ دونون صاحب (بھی) نہ بولے تب حضرتؐ نے فرمایا "وہ کھجور
کا درخت ہے" جب مین اپنے باپ کے ساتھ وہان سے اُٹھا کہا کہ "ابا جان
میرے دل مین کھجور کا درخت گزرا تھا" اُنھون نے کہا "تب تمھین کہنے سے کسنے
روکا تمھارا بتا دینا ایسی ایسی (بڑی بڑی فائدون کی) باتون سے بھی زیادہ
مجھے مرغوب تھا" مین نے کہا "مجھے تو یہی تامل ہوا کہ جب آپ اور حضرت
ابوبکر نہین بولے تو مین کیونکر بولون" ✤

۱۶۷ بڑون کی سرداری

(۳۶۲) قیس کے بیٹے حکیمؒ نے کہا کہ "ابا جان نے مرنے کے وقت اپنے

Marfat.com

بیٹون کو وصیت کی "اللہ سے ڈرتے رہو بڑون کو سرداری دو لوگ جب
بڑون کو سردار بنائینگے تو اپنے باپ کی (طرح انکی) نگاہداشت کرینگے اور
(کم سن) چھوٹون کو سردار بنائینگے تو اپنے برابر والون مین وہ بیٹھے رہینگے
مال اور مال کے حاصل کرنے کی صورتین ہرگز مت چھوڑ یو مال ہی سے
سخی آدمی کی بابت ہوتی ہے اور مال ہی سے آدمی بخیل سے بیغرض رہ سکتا ہے
اور لوگون سے مانگ چاہ ہرگز نکرنا مانگنا آخر درجے کی کمائی ہے اور جب مین
مرجاؤن مجھپر نوحہ نہ کرنا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نوحہ نہین
ہوا تھا اور مجھے ایسی جگہ دفن کرنا کہ میرے دفن کی بکر بن وائل کو خبر نہ ہو
کیونکہ مین جاہلیت مین اُن لوگون کو غفلت[۵۱] دیا کرتا تھا" +

۱۶۸ پہلا پھل اُسکو دینا جو موجود لڑکون مین چھوٹا ہو

(۳۶۳) ابوہریرہ رضؓ نے کہا "جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس
نیا پختہ خرما آتا آپ یہ دعا فرماتے "یا اللہ! میرے شہر مین میرے مُد[۵۲] مین میرے
صاع[۵۳] مین برکت دے برکت پر برکت پھر وہ خرما جو لڑکے اُسوقت آپؐ
کے پاس ہوتے اُن مین سب سے چھوٹے کو عطا فرماتے" +

۱۶۹ چھوٹے پر مہربانی

(۳۶۴) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص چھوٹے
پر مہربانی نکرے اور بڑے کا حق نہ پہچانے وہ ہم سے نہین" +

۱۷۰ لڑکون کو گلے لگانا

(۳۶۵) یعلےٰ بن مُرّہ رضؓ نے کہا "کہین کھانے کی بلاہٹ تھی ہم لوگ
نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اُدھر چلے راہ مین (امام) حسین
(علیہ السلام) کھیل رہے تھے بس نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم لپک کر سب کے
آگے بڑھگئے اور اپنے دونون (مبارک) ہاتھ پھیلا دیے وہ (امام حسینؓ)
یا خود آپؐ) کبھی اِدھر جاتے کبھی اُدھر جاتے اُنکو ہنساتے تھے اسی مین

۵۱ یعنی دھوکہ دہی کیا کرتا تھا ۱۲

Marfat.com

اُنکو پکڑ بھی لیا پھر اپنا ایک ہاتھ اُنکی ٹھوڑی کے نیچے رکھا اور دوسرا ہاتھ سر مین لگایا پھر اُنکو گلے سے لپٹا لیا اور چوما پھر فرمایا "حسین میرا ہے مین حسین کا ہون جسے حسن اور حسین سے محبّت ہوگی اُس سے خدا کو محبّت ہوگی یہ دونون بھی منجملہ اسباط کے دو سبط ہین" +

۱۷۱ چھوٹے لڑکے کو چومنا

(۳۶۶) مخرمہ بن بکیر رض نے کہا کہ "بکیر رض نے عبداللہ بن جعفر رض کو عمر بن ابی سلمہ رض کی بیٹی زینب کو چومتے دیکھا اُسوقت وہ دو برس کی یا قریب اِسکے تھی" +

(۳۶۷) حسن رض نے کہا "ہو سکے تو اپنی بی بی یا کسی چھوکری کے سوا گھر کی کسی عورت کے بال پر نظر مت کر" +

۱۷۲ لڑکے کے سر پر ہاتھ پھیرنا

(۳۶۸) حضرت عبداللہ بن سلام رض کے بیٹے یوسف رض نے کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا نام یوسف رکھا اور مجھے اپنی گود مین بٹھایا اور میرے سر پر ہاتھ پھیرا" +

(۳۶۹) عائشہ رض نے کہا "مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان گڑیان کھیلا کرتی اور بھی کئی لڑکیان میرے ساتھ کھیلتی تھین تو جب حضرت اندر آتے وہ سب (اِدھر اُدھر) چل دیتین تو آپ اُن سب کو میرے پاس بھیجدیتے اور وہ سب میرے ساتھ کھیلتی تھین" +

۱۷۳ چھوٹے لڑکے کو "اے میرا بچا" کہنا

(۳۷۰) ابوعجلان محاربی رض نے کہا "مین ابنِ زبیر رض کے لشکر مین تھا کہ میرا ایک چچازاد بھائی مرگیا اور اپنے ایک اونٹ کو خدا کی راہ مین خیرات کر دینے کی وصیّت کر گیا مین نے اُسکے بیٹے سے کہا کہ "مین ابن زبیر رض کے لشکر مین ہون (مجھے ضرورت ہے) اونٹ تو مجھی کو دیدے" اُس نے کہا "ابنِ عمر رض کے پاس چلو اُن سے پوچھ لین" پھر ہم لوگ ابنِ عمر رض کے پاس آئے اُس (میرے

Marfat.com

بھتیجے نے اُن سے پوچھا کہ میرا باپ مرگیا اور اپنے اونٹ کو خدا کی راہ مین
خیرات کرنے کی وصیت کرگیا ہے اور یہ (ابو عجلان رض) میرے چچیرے رشتہ دار ہین
اور ابنِ زبیر رض کے لشکر کے سپاہی ہین اِنکو مین وہ اونٹ دیدون؟ ابن عمر رض
نے کہا "میرا بچا! سب اچھے کام خدا ہی کی راہ ہے اگر تمھارے باپ نے
اپنا اونٹ خدا کی راہ مین خیرات کرنے کی وصیت کی ہے تو جب تم مسلمانونکو
مشرکون سے لڑتے ہوے دیکھو تو اُن مسلمانون کو اونٹ دیدینا اور یہ شخص
اور اِسکے ساتھی سب تو چھوکرون کی راہ مین ہین یہ دیکھتے ہین کسکا سکہ چل نکلتا ہی"۔
(۳۷۱) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص لوگون پر مہربانی نہین کریگا
خدا بھی اُسپر مہربان نہوگا"۔
(۳۷۲) حضرت عمر رض نے کہا "جس شخص مین رحم نہین اُسپر بھی رحم نہین جو بندون
کی خطا نہین بخشتا اُسکی بھی بخشائش نہین جس شخص مین (خطا سے) درگزر نا نہین اُس
(کی خطا) سے بھی درگزر نہین اور جو خود نہ بچے اُسکا بچاؤ نہین"۔

۱۷۴ زمین والون پر مہربانی کر

(۳۷۳) حضرت عمر رض نے کہا "جس شخص مین رحم نہین اُسپر بھی رحم نہین جو بخشتا
نہین اُسکی بھی بخشائش نہین جو خدا کی طرف رجوع نہین کرتا خدا بھی اُسکی طرف
رجوع نہین ہوتا اور جو خود نہ بچے اُسکا بچاؤ نہین"۔
(۳۷۴) قرہ رض نے کہا "ایک شخص نے عرض کی "یارسول اللہ! مین بکری جو
ذبح کرتا ہون اُسپر بھی مجھے رحم آتا ہے یا یون عرض کی کہ "مجھے بکری ذبح
کرتے ہوے رحم (افسوس) آتا ہے" آپ نے فرمایا "بکری پر تجھے رحم آتا ہے
تو اللہ تعالی بھی تجھپر دونا رحم فرمائے گا"۔
(۳۷۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مہربانی اُسیکے دل سے
نکال لی جاتی ہے جو بدبخت ہوتا ہے"۔
(۳۷۶) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص لوگون پر رحم نہین

۸۲ اور جو خود نہ بچا یعنی نہین چاہتا وہ بچا بھی نہین جاتا
بچوگے جو رحم کرو گے اسکی طرف سے
۱۷۱ نہین کرتا

Marfat.com

کرتا اللہ بھی اُسپر رحم نہین فرماتا"۔

۱۷۵ بال بچّون پر مہربانی

(۳۷۷) انس رضؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے بال بچّون پر اور لوگون کی بنسبت بہت زیادہ مہربان تھے اور آپؐ کے ایک شیر خوار صاحبزادے (شہر) مدینہ کے کنارے (دودھ پلائی کے یہان رہتے) تھے دودھ پلائی کے شوہر لوہار تھے ہم لوگ اُنکے یہان جاتے اُنکا مکان اِذخر کے گھاس" دھوئین سے بھرا ہوتا آپؐ صاحبزادے صاحب کو چُومتے اور سونگھتے"۔

(۳۷۸) ابوہریرہ رضؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین ایک شخص حاضر ہوا اور اُسکے ساتھ ایک لڑکا تھا وہ اُس لڑکے کو اپنے (بدن) سے لپٹانے لگا اِسپر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا تو اِس لڑکے کو پیار کرتا ہے؟ عرض کی۔ "ہان حضرت بہت پیار کرتا ہون"، فرمایا "(اچھا) تو جسقدر تو اِسپر مہربان ہے اُس سے کہین زیادہ اللہ تجھپر مہربان ہے وہ سب مہربانی کرنے والون سے زیادہ مہربانی کرنے والا ہے"۔

۱۷۶ چوپایون پر رحم کرنا

(۳۷۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ایک شخص کہین چلا جاتا تھا اُسکو پیاس کی شدّت ہوئی ایک کنُوان مِل گیا اُس نے اُس مین اُترکر پانی پیا پھر نکلا تو کیا دیکھتا ہے کہ ایک کُتّا زبان نکالی ہوئی مارے پیاس کے نمناک زمین چاٹ رہا ہے اُس شخص نے کہا "اِس کُتّے کی بھی پیاس سے وہی نوبت ہے جو میری تھی بس پھر کنُوئین مین اُتر گیا اور اپنے موزون مین پانی بھر کر اُنکو مُنہ سے پکڑ کر نکلا اور کُتّے کو (خوب) پلایا بس اللہ نے اُسکی قدر فرمائی اور اُس کو بخشدیا صحابہ رضؓ نے عرض کی "یارسول اللہ! کیا ہم لوگون کو چوپایون (کے ساتھ سلوک کرنے) مین بھی ثواب ہے؟" فرمایا "سارے جاندار (کو سُکھ دینے) مین ثواب ہے"۔

(۳۸۰) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ایک عورت پر ایک

Marfat.com

بلّی کے سبب سے عذاب ہوا اُسنے بلّی کو (باندھ) رکھا تھا بس وہ مارے بھوک کے مرہی گئی اِسی قصور پر وہ عورت دوزخ مین ڈالی گئی خدا جانے اُس عورت سے یہ بات کہی گئی کہ تونے باندھا تھا تو نہ اُسکو کھلایا نہ پلایا نہ اُسکو چھوڑہی دیا کہ وہ گرا پڑا زمین کا کھالیتی ٭

(۳۸۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "لوگو! رحم کرو تمپر بھی رحم ہوگا اور بخشدیا کرو خدا تمھین بھی بخشدے گا اُن لوگون کی خرابی ہے جنکو بات کا کچھ اثر نہین ہوتا (اُنکی مثال قیف کی ہے کہ جو چیز اُسمین دیجاتی ہے ٹھہرتی ہی نہین گویا) وہ لوگ باتون کی قیف ہین اڑے رہنے والون کی خرابی ہے جو جان بوجھکر اپنی غلطی پر اڑے رہتے ہین ٭

(۳۸۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص رحم کرے اگرچہ کسی ذبح کیے ہوے جانور ہی پر کیون نہو خدا بھی اُسپر قیامت کے روز رحم فرمائے گا" ٭

۱۷۷ کورحمتہ (چڑیا) کا بیٹھہ لے لینا

(۳۸۳) عبداللہ رضؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک منزل مین اُترے وہان ایک شخص نے حمرہ کے بیضے لے لیے وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سر مبارک پر آکر گلگلانے لگی آپؐ نے فرمایا "کسنے تم مین سے اِسکے بیضون کو لے کر اِسے پریشان کیا ہے" ایک شخص نے عرض کی "ہان یارسول اللہ اُسکے بیضے مین نے لیے ہین" آپؐ نے فرمایا "اِسپر رحم کرکے بیضون کو پھیر دے"

۱۷۸ پنجرے مین چڑیا (رکھنا)

(۳۸۴) ہشام بن عروہ رضؓ نے کہا "مکے مین ابن زبیرؓ اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحابؓ چڑیا پنجرون مین رکھا کرتے" ٭

(۳۸۵) انس رضؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اندر تشریف لائے ابوطلحہؓ کے بیٹے ابوعمیرؓ کو دیکھا اور (اِسکے پہلے) اُسکے پاس ایک لال تھا وہ اُس سے کھیلتا تھا تو آپؐ نے فرمایا "ابوعمیر! نُغیر کیا ہوا؟" یا فرمایا "نُغیر کہان ہے؟" ٭

۱۷۹ لوگون مین یہان کی وہان اچھی بات بولنا

(۳۸۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص لوگون مین میل کرانے

۸۴ نقاصیہ شرحشاش الارض) یعنی یکورہ یکورہ یکورہ

Marfat.com

کے لیے اچھی بات بولے یا اچھی ہی بات اِدھر کی اُدھر کرے (خواہ واقعی ہو یا غیر واقعی) وہ شخص جھوٹا نہین ہے اُمِّ کلثوم رضؓ (راویہ) کہتی ہین کہ "مین نے حضرتؐ کو تین موقع کے سوا اور کہین جھوٹ بولنے کی اجازت دیتے ہوے نہین سُنا لوگون کے میل کرانے مین اور شوہر کی بی بی سے کچھ بولے یا بی بی شوہر سے"۔

۱۸۰ جھوٹ بولنا ٹھیک بات نہین ہے

(۳۸۷) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "سچ بولنے کا التزام رکھو سچ بولنے سے انسان نیکوکار ہو جاتا ہے اور نیکوکاری سے بہشت مین پہونچ جاتا ہے اور سچ بولتے بولتے آدمی خدا کے یہان صدیق لکھدیا جاتا ہے جھوٹ سے بچتے رہنا جھوٹ بولنے سے آدمی بدکار ہو جاتا ہے اور بدکاری دوزخ مین پہونچا دیتی ہے اور جھوٹ بولتے بولتے آدمی خدا کے یہان کذاب لکھدیا جاتا ہے"۔

(۳۸۸) عبداللہ رضؓ نے کہا "جھوٹ بولنا پکے ارادے سے ہو یا کھیل سے ٹھیک بات نہین ہے بلکہ اتنا بھی نہین چاہیے کہ لڑکے سے (بہلانے کے واسطے) کچھ وعدہ کرے پھر اُس وعدے کو پورا نکرے"۔

۱۸۱ لوگون کی ایذا سہنے والا

(۳۸۹) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو مسلمان لوگون مین ہل جُل کے رہے اور لوگون کی ایذا اُٹھاوے اُس سے بہتر ہے جو نہ ہل جُل کے رہے نہ ایذا اُٹھاوے"۔

۱۸۲ گالی سہ جانا

(۳۹۰) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "گالی سُنکر سہ جانا خدا سے زیادہ کسی مین نہین ہے لوگ خدا کا بیٹا ٹھہراتے ہین اور وہ اُنکو عافیت سے رکھتا ہے اور اُنکو روزی پہونچاتا ہے"۔

(۳۹۱) عبداللہ رضؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسے (کبھی کبھی) کچھ تقسیم کیا کرتے اُسی طرح آپؐ نے کوئی چیز تقسیم فرمائی تو ایک انصاری نے کہا "خدا کی قسم اِس تقسیم مین للّٰہیت تو مقصود نہین ہے مین نے (اپنے دل مین) کہا مین اسکی خبر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ضرور کرونگا پس مین آپؐ کے پاس حاضر ہوا

Marfat.com

آپ اپنے یارون مین تشریف رکھتے تھے مین نے آہستہ سے آپ کو خبر کردی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہ بات بہت سخت معلوم ہوئی اور چہرہ مبارک متغیر ہوگیا اور آپ کو غصہ آگیا تب مجکو مناسب معلوم ہوا کہ مین آپکو خبر نکرتا پھر آپ نے فرمایا "موسیٰ کو اس سے بھی بڑھکر ایذا دی گئی پھر اُنھون نے صبر ہی کیا" +

۱۸۳ آپس کی اصلاح

(۳۹۲) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مین تمھین نماز روزہ خیرات سے بھی زیادہ درجے کی چیز بتادون؟ صحابہؓ نے عرض کی "ہان یارسول اللہ فرمایا آپس کی اصلاح اور آپس کا بگاڑ تو مونڈہی ڈالتا ہے" +

(۳۹۳) ابن عباس رضؓ نے کہا "خدا سے ڈرتی رہو اور آپس کی اصلاح رکھو بتایا کہ خدا سے ڈرتے رہنا اور آپس کی اصلاح رکھنا مسلمانون پر خدا ہی کی فرمائش ہے"

۱۸۴ سچا سمجھنے والے سے جھوٹ بولنا

(۳۹۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "بڑی ہی خیانت ہے کہ کوئی مسلمان بھائی تمھین توسچا سمجھتا ہو اور تم اُس سے کوئی جھوٹ بات کہدو (اور وہ یقین کرلے)" +

۱۸۵ مسلمان بھائی سے وعدہ ہی نکری کہ خلاف وعدگی ہو

(۳۹۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا (مسلمان) بھائی سے مت جھگڑا کرو مت ٹھٹھا کرو نہ اُس سے کوئی وعدہ کرو کہ خلاف وعدگی ہوجائے" +

۱۸۶ ذات پر طعنہ

(۳۹۶) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "میری اُمت دو باتون پر چھوڑی نوحہ کرنا اور ذات کا طعنہ دینا" +

۱۸۷ اپنی قوم کی محبت

(۳۹۷) فسیلہؓ کے باپ نے کہا "مین نے پوچھا یارسول اللہ! اپنی (ظالم) قوم

Marfat.com

کے ظلم کرنے مین مدد کرنا بھی عصبیۃ ہے؟ فرمایا "ہان یہ بھی عصبیۃ ہے" +
کوئی کسیکو چھوڑ دے

باب ۸۸

(۳۹۸) حضرت عائشہ رضہ کے مادرزاد بھائی کے بیٹے عوف رضہ نے کہا "حضرت عائشہ رضہ نے کچھ خرید و فروخت کی تھی یا کسی کو کچھ دیدیا تھا اُنکو خبر ہوئی کہ اُس معاملے مین ابنِ زبیر بولے ہین کہ "قسم خدا کی عائشہ (اس فضول خرچ سے) باز آوین نہین تو ہم اُن کا مدد خرچ بند کر دینگے" حضرت عائشہ رضہ نے پوچھا کہ "(واقعی) ابن زبیر نے ایسا کہا ہے"؟ لوگون نے عرض کی "ہان کہا ہے" اُنھون نے کہا کہ "اچھا تو خدا کی قسم مین بھی ابنِ زبیر سے کبھی بات نکرونگی" حضرت عائشہ رضہ نے جب چھوڑ ہی دیا اور اِسکو عرصہ بھی گزر گیا تب تو ابن زبیر رضہ نے اصحابِ مہاجرین سے سفارش کرائی حضرت عائشہ رضہ نے جواب دیا "قسم خدا کی مین اُسکے بارے مین کسی کی سپارش کبھی منظور نکرونگی اور جو نذر مین کر چکی ہون اُسکو کبھی نہ توڑونگی پھر جب اور مدت گزری ابن زبیر رضہ نے قبیلہ بنی زہرہ کے دو صحابی مسور بن مخرمہ رضہ اور عبدالرحمن بن الاسود رضہ سے کہا "مین آپ دونون صاحبون کو قسم دیتا ہون کہ حضرت عائشہ رضہ کے یہان چلیے مجھے چھوڑ دینے کی نذر کرنا اُنکو حلال نہین ہے اِسپر مسور رضہ اور عبدالرحمن رضہ دونون صاحب عبداللہ بن زبیر رضہ کو اپنی چادرون کے اندر لیکر چلے یہان تک کہ حضرت عائشہ رضہ کے یہان پہونچکر آواز دی اور بولے "السلام علی النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ہم لوگ آوین"؟ حضرت عائشہ رضہ نے فرمایا "آتے جاؤ" دونون صاحبون نے پوچھا ام المومنین! ہم سب کے سب آجائین؟ فرمایا "ہان سب آؤ" اور حضرت عائشہ رضہ کو یہ تو معلوم نہ تھا کہ اُنکے ساتھ عبداللہ بن زبیر رضہ بھی ہین بس جب وہ لوگ اندر گئے ابن زبیر رضہ بھی پردے مین اندر تک چلے گئے اور حضرت عائشہ رضہ کے گلے سے لپٹ گئے اور رو رو کر اُنکو قسم دینے لگے اور مسور رضہ اور عبدالرحمن رضہ بھی حضرت عائشہ رضہ کو قسم دینے لگے کہ ضرور بولیے اور

خلاف شرع کسی کام کی نذر کرنا

۸۷

Marfat.com

ابن زبیر کا عذر قبول کیجیے اور دونون بولے کہ "آپ کو تو معلوم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چھوڑ دینے سے منع فرمایا ہے اور مسلمان کو حلال نہین ہے کہ (مسلمان) بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑ دے"، بس جب اُن لوگون نے بہت اصرار کیا تب حضرت عائشہؓ بھی رو رو کر نصیحت کرنے لگین اور فرمایا "مین نے نذر کی ہے اور نذر سخت ہے"، اسپر بھی وہ لوگ وہان سے نہ ہٹے یہان تک کہ وہ ابن زبیرؓ سے بولین پھر اپنی نذر کے کفارے مین چالیس غلام آزاد کیے بی بی عائشہؓ اس کفارے کے بعد بھی برابر یاد کر کر کے اسقدر رویا کرتین کہ آپ کی چادر آنسوؤن سے تر ہو جاتی" ✤

(۳۹۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "بغض مت رکھا کرو حسد مت کیا کرو کینہ مت جایا کرو خدا کے بندو! سب کے سب بھائی بن جاؤ اور مسلمان کا مسلمان کو تین دن سے زیادہ چھوڑ دینا حلال نہین ہے"، ✤

(۴۰۰) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "کسی (مسلمان) کو کسی (مسلمان) بھائی کا تین دن سے زیادہ چھوڑ دینا حلال نہین ہے کہ دونون کہین مل جائین تو یہ اُس سے علیحدہ رہے وہ اِس سے علیحدہ رہے اور جو پہلے سلام کرے وہی دونون مین اچھا ہے" ✤ ۸۸

(۴۰۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "بغض مت رکھا کرو حسد مت کیا کرو خدا کے بندو! آپس مین بھائی ہو رہو" ✤

(۴۰۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جن دو شخصون نے اللہ کے واسطے یا فرمایا "اِسلام کے سبب سے" آپس مین دوستی کی اُن کے آپس مین کسی گناہ ہی سے تفرقہ پڑیگا جو دونون مین کسی سے ہو پڑی" ✤

(۴۰۳) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مسلمان کو مسلمان سے تین دن سے زیادہ قطع کرنا حلال نہین ہے جب تک وہ دونون اپنی اپنی قطعیت پر اڑے ہوئے ہین (چھوڑ دینا) دونون حق سے بچل گئے ہین جو پہلے جھکیگا اُسکا

Marfat.com

یہی پہلے جھکنا کفارہ ہوگیا اور جو دونون اپنی اپنی قطعیت پر مرہی گئے تو دونون مین سے
کوئی کبھی جنت مین نہ جائے گا اور جو ایک نے سلام کیا اور دوسرے نے اُس کا جواب
ندیا تو فرشتہ اُسکا جواب دیدیتا ہے اور اُس دوسرے کا جواب شیطان دیتا ہے" +

(۴۰۴) حضرت عائشہ رضہ نے کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (مجھسے)
فرمایا "مین تمھاری خفگی اور خوشی کو خوب ہی پہچان لیتا ہون" مین نے عرض کی "یا
رسول اللہ! کیونکر؟ فرمایا "جب تم خوش رہتی ہو تو یون قسم کھاتی ہو محمد کے رب
کی قسم" اور جب خفا ہوتی ہو تو یون کہتی ہو "ابراہیم کے رب کی قسم" مین نے عرض
کی "ہان (یہ قرینہ بہت ٹھیک ہے) مگر مین فقط آپ کا نام ہی چھوڑتی ہون" +

۱۹۰ (مسلمان بھائی کو سال بھر چھوڑ دینا)

(۴۰۵) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جس کسی نے (مسلمان) بھائی
کو سال بھر تک چھوڑ دیا اُسنے اُسکا خون کیا" +

۱۹۱ (۴۰۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مسلمانکو سال بھر چھوڑ دینا اُسکا خون کرنا ہے +
جو دو شخص (آپس کے رنج سے) چھوٹ جاوین

۸۹

(۴۰۷) باب ۱۸۹ حدیث نمبر ۴۰۲۔

(۴۰۸) باب ۱۸۹ حدیث نمبر ۴۰۳۔

۱۹۲ عداوت

(۴۰۹) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "بغض مت رکھا کرو حسد مت کیا
کرو اور خدا کے بندو آپس مین بھائی بن جاؤ" +

(۴۱۰) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "قیامت کے دن خدا کے نزدیک
سب سے برا آدمی نہایت ہی بُرا ہوگا جو یہان اُنکی ایسی باتین بنائے اور وہان اُنکی ایسی" +

(۴۱۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "خبردار گمان مت کیا کرو گمان
نہایت ہی جھوٹی (ناقابل اعتماد) بات ہے خود لینا نہو تو مال کی ڈاک مت بڑھاؤ اور نہ
لینے کے واسطے مال کی (جھوٹی) تعریف کرو اور ڈاہ مت کرو اور بغض مت کرو اور

Marfat.com

رشک مت کرو اور منہ (اپنے مسلمان بھائی سے) مت پھیر لیا کرو اور خدا کے بندو بھائی بن رہو"

(۴۱۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "پیر کے دن اور جمعرات کے دن بہشت کے دروازے کھولے جاتے ہین تو جتنے بندے شرک نہین کرتے سب بخش دیے جاتے ہین مگر جن دو مسلمانون مین جھگڑا ہوتا ہے اُنکے بارے مین حکم ہوتا ہے کہ "یہ لوگ جب تک صلح نہ کرین تب تک اُن دونون کو مہلت دو" ٭

(۴۱۳) ابو درداؓ نے کہا "(یاد رکھو) مین تمھین خیرات سے اور روزہ رکھنے سے بھی زیادہ عمدہ بات بتاتا ہون آپس مین میل کرانا اور بغض تو مونڈھی ڈالتا ہے" ٭

(۴۱۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جس شخص مین تین باتین نہون تو اللہ تعالیٰ سوا آسکے اور (برائیان) جسکو چاہیگا بخشدیگا ایک تو جو شخص شرک پر نہ مرے دوسرے جادوگرون کا ساتھ نہ دے جادوگر نہو تیسرے اپنے مسلمان بھائی سے کینہ نہ رکھتا ہو

۱۹۳ سلام کرنا قطعیت کے الزام سے بری ہونے کو کافی ہے

۹۰

(۴۱۵) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مسلمان آدمی کو تین دن سے زیادہ چھوڑ دینا حلال نہین ہے جب تین دن گزر جائین مسلمان بھائی سے ملاقات کرکے اُسکو سلام کر لینا چاہیے اگر اُسنے بھی سلام کا جواب دیدیا تو دونون ثواب مین شریک ہوگئے اور اگر جواب نہین دیا تو سلام کرنے والے سے چھوڑنے کا الزام اُٹھ گیا" ٭

۱۹۴ کم سن لوگون کا الگ الگ رہنا

(۴۱۶) عبداللہ بن عمر رضؓ نے کہا "عمر رضی اللہ عنہ اپنے بیٹون کو فرمایا کرتے صبح کو اُٹھتے جاؤ تو سب کے سب علیحدہ علیحدہ ہو جاؤ ایک ہی مکان مین اکٹھے مت رہو مجھکو خوف ہوتا ہے کہ (مبادا) تم لوگون مین قطعیت ہو جاے یا آپس مین بگاڑ ہو پڑے" ٭

۱۹۵ بے کسی کے صلاح پوچھے صلاح دیدینا

(۴۱۷) وہب بن کیسان رضؓ نے کہا "عبداللہ بن عمر رضؓ نے ایک چرواہا اور کچھ بکریان ایک کشادہ میدان مین دیکھین اور وہین پر ایک جگہ اُس سے اچھی بھی موجود تھی

Marfat.com

چرواہے سے فرمایا "تجھپر افسوس ہے بکریون کو اوھر ہٹا لے مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنا ہے ہر چرواہے سے اُسکی رعیت کے بارے مین سوال ہوگا"۔
۱۹۶ بُری مثال سے گھِن کرنا۔

(۴۱۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ہم لوگون (مسلمانون) کے لیے بُری مثال نہین ہے وہی ہوئی چیز کا پھیر لینے والا ایسا ہے جیسے کُتا کہ قے کرکے کھا لیتا ہے"۔
۱۹۷ دھوکے اور فریب کا ذکر

(۴۱۹) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ایمان دار آدمی دھوکے مین آجاتا ہے صاحبِ کرم ہوتا ہے اور بدمعاش آدمی چانگلا کنجوس ہوتا ہے"۔
۱۹۸ گالی گلوچ

(۴۲۰) ابنِ عباس رضہ نے کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے مین دو شخص گالی گلوچ کرنے لگے ایک تو گالی دے رہا تھا اور دوسرا چُپ تھا اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی بیٹھے ہوئے تھے جب دوسرے نے بھی جواب دیا تب تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُٹھ گئے لوگون نے عرض کی "حضور اُٹھ آئے؟" فرمایا "فرشتے اُٹھ گئے تو مین بھی اُنکے ساتھ ہی اُٹھا یہ دوسرا شخص جب تک چُپکا تھا فرشتے گالی کا جواب دے رہے تھے جب اِس نے جواب دیا فرشتے اُٹھ گئے"۔

(۴۲۱) اُمّ درداء رضہ نے کہا "کسی نے آکر اُن سے کہا کہ "ایک شخص نے (خلیفہ) عبدالملک کے پاس تمکو بُرا بھلا کہا ہے"۔ اُمّ درداء بولین "جو عیب مجھ مین نہین ہے وہ عیب اگر مجکو لگایا جاتا ہے تو (خیر) بہت سی بھلائیان بھی جو مجھ مین نہ تھین میری نسبت بیان کی جا چکی ہین"۔

(۴۲۲) عبداللہ رضہ نے کہا "جب کوئی اپنے ساتھ والے سے کہتا ہے "تو میرا دشمن ہے" تو بس دونون مین ایک اِسلام سے نکل جاتا ہے یہ ساتھ والے سے الگ ہو جاتا ہے قیس رضہ راوی کہتا ہے کہ "مجھسے پھر ابو جحیفہ رضہ نے بیان

Marfat.com

کیا کہ "عبداللہ رضؓ نے یہ بھی کہا تھا مگر جو کوئی توبہ کرلے (وہ البتہ پھر اپنے حال پر لوٹ آتا ہی)" +

۱۹۹ پانی پلانا

(۴۲۴) ابن عباس رضؓ نے کہا "آدمی کی تین سو ساٹھ پوریں ہین ہاڈی کہا یا جوڑ کہا ہر دن ہر جوڑ پر صدقہ لازم ہے جو اچھی بولی ہے صدقہ ہے مسلمان بھائی کی مدد کرنا صدقہ ہے ایک گھونٹ پانی پلانا صدقہ ہے راستے سے تکلیف دینے والی چیزین ہٹادینا صدقہ ہے"

۲۰۰ گالی گلوچ کا گناہ

(۴۲۳) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "دو آدمی گالی گلوچ مین جو کچھہ بکین جب تک مظلوم کی گالی بڑھ نجائے سب گناہ شروع کرنے والے پر ہے" +

(۴۲۵) وہی حدیث نمبر (۴۲۴)

(۴۲۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جانتے ہو عضہ کیا ہے؟ لوگون نے عرض کی "خدا جانے خدا کا رسول جانے" فرمایا "لوگون مین فساد ڈالنے کی نیت سے یہان کی بات وہان پہونچانا" ۹۲

(۴۲۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "خدا نے فرمایا ہے کہ "ایک دوسرے کے ساتھ جھکے رہو اور کوئی کسی پر ظلم نہ کرے" +

۲۰۱ گالی گلوچ کرنے والے شیطان ہین

(۴۲۸) عیاض رضؓ بن حمار نے کہا "مین نے عرض کی "یا رسول اللہ! فلانا آدمی مجھے گالی دیتا ہے" فرمایا "جو دو شخص گالی گلوچ کرتے ہین دونون شیطان ہین بیہودہ جھوٹ بک بک کرتے ہین" +

(۴۲۹) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "خدا نے فرمایا ہے "ایک دوسرے سے جھکے رہو اور کوئی کسی پر زیادتی نہ کرے اور کوئی کسی پر شیخی نہ کرے" مین نے عرض کی "یا رسول اللہ! بھلا اگر کوئی شخص مجھسے کم درجے والا اپنے لوگون مین بیٹھکر مجھے گالی دے پھر مین اسکا جواب دون تو اس مین بھی مجھپر گناہ ہوگا؟ آپ نے فرمایا "جو دو شخص گالی گلوچ

Marfat.com

کرتے ہین دونون شیطان ہین بیہودہ جھوٹ بک بک کرتے ہین عیاض مزاوی نے
کہا "اسلام لانے کے پہلے مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حربی تھا اُس زمانے
مین مین نے آنحضرتؐ کو ایک اونٹ دیا آپؐ نے اُسے قبول نہ فرمایا اور ارشاد کیا کہ مجھے
مشرکون کا ہدیہ پسند نہین" +

۲۰۲ مسلمان کو گالی دینا

(۴۳۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مسلمان کو گالی دینا فسق ہے" +

(۴۳۱) انس رضؓ نے کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نہ تو فحش بولتے نہ لعنت
کرتے نہ گالی دیتے خفگی مین بس اسی قدر فرماتے اسکو کیا ہو گیا اسکی پیشانی خاک آلود ہو" +

(۴۳۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور
اُس سے قتال کرنا کفر ہے" +

(۴۳۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "کوئی کسی کو کچھ کہہ نہ بیٹھے اگر کسی کو
کافر کہہ بیٹھے گا اور وہ ایسا نہین ہے تو یہ بات کہنے والے ہی پر پڑ جائیگی" +

(۴۳۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو شخص جان بوجھکر اپنا باپ چھوڑ کر
دوسرے کا بیٹا ہونا اپنے کو ظاہر کرے اُس نے کفر کیا اور جو آدمی جس قوم کا نہین ہے
اور اپنے کو اُس قوم کا ہونا ظاہر کرے وہ اپنا ٹھکانا جہنم مین ٹھہرالے اور جو شخص کسی کو
کافر یا خدا کا دشمن کہدے اور وہ آدمی ایسا نہ ہو تو وہ بات اُس کہنے والے پر پڑ جائیگی" +

(۴۳۵) سلیمان بن صُرد صحابیؓ نے کہا "دو شخص نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے سامنے گالی گفتہ کرنے لگے ایک شخص کا منہ مارے غصے کے پھول گیا اور
اُسکا چہرہ بدل گیا اسپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مین ایسی ایک بات
جانتا ہون کہ اگر یہ شخص وہ بات کہہ لے تو یہ حالت اسکی جاتی رہے بس ایک
آدمی نے اُسکے پاس جاکر آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمانے کی خبر
کی اور کہا "اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ کہو تب وہ کہنے لگا "چلو ہٹو کیا تم
مجھے خبطی جانتے ہو کیا مین باؤلا ہو گیا ہون" +

Marfat.com

(۴۳۶) عبداللہ رض نے کہا "ہر دو مسلمانوں کی درمیان خدا کیطرف سے ایک پردہ دیا ہوا ہے جب ایک نے دوسرے کو فحش کلمہ کہدیا بس خدا کے پردے کو پھاڑ ڈالا اور جب ایک نے دوسرے کو کافر کہا بس ایک ضرور کافر ہوا" ✤

۲۰۳ خاص لوگون کو خطاب نکرنا

(۴۳۷) عائشہ رض نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی کام خود کیا اور لوگون کو بھی اُسکی اجازت دی بعض لوگون کو اُس مین کچھ تامل ہوا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اِسکی خبر پہونچی بس آپ نے خطبہ فرمایا اور خدا کی تعریف کرکے فرمایا "لوگون کا کیا حال ہے کہ جو کام مین کرتا ہون اُسکے کرنے مین اُن کو تامل ہوتا ہے قسم خدا کی مین خدا کو اُنکی بہ نسبت زیادہ تر جانتا ہون اور اُن کی بہ نسبت مین خدا سے بہت زیادہ ڈرتا ہون" ✤

(۴۳۸) انس رض نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ناگوار بات کسی کے مُنہ پر بہت کم فرماتے تو ایک روز کوئی شخص آپ کے یہان حاضر ہوا اُس (کے بدن یا کپڑے) پر زرد زرد دھبہ تھا جب وہ اُٹھ گیا آپ نے اُس کے ہمراہیون سے فرمادیا "اگر وہ شخص رہنے دیتا" یا فرمایا "زردی نکال ڈالتا (تو بہتر تھا)" ✤

۲۰۴ تاویل کرکے کسیکو "اُو منافق" کہنا

(۴۳۹) علی رض نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اور زبیر بن العوام رض کو گھوڑے پر بھیجا اور فرمایا "تم لوگ برابر فلانے باغ تک چلے جاؤ وہان ایک عورت مشرکون کے نام حاطب کا ایک خط لیے ہوے ملیگی اُسکو میرے پاس پکڑ لاؤ" بس جہان پر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نشان دیا تھا وہین پر وہ عورت اپنے اونٹ پر ہم لوگون کو ملی ہم لوگون نے کہا "خط کہان ہے؟" وہ کہنے لگی "میرے پاس کوئی خط نہین ہے" تب ہمنے اُسکی اور اُسکے اونٹ کی تلاشی لی میرا ساتھی بولا "خط تو کہین نظر نہین آتا" مین نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غلط نہین فرمایا ہے اُسی کی قسم جسکے ہاتھ مین میری

Marfat.com

جان ہے نکالتی ہے تو نکال نہین تو مین تیری ننگا جھاڑی لونگا" اور وہ کمل کا تہمت باندھے تھی بس اُس نے اپنے جوڑے کی طرف ہاتھ بڑھا کر خط نکالا پھر ہم لوگ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہوے تب عمر رض کہنے لگے اس (حاطب) نے خدا کی اور رسول کی اور سب مسلمانون کی خیانت کی چھوڑیے مین اسکی گردن ہی مارتا ہون حضرت نے فرمایا "(حاطب!) ایسا کام کیون کیا؟" انھون نے عرض کی "ایسا نہین ہے کہ مجھے خدا کا یقین نہو بلکہ مین نے چاہا کہ مشرکون پر میرا کچھ احسان رہے" آپ نے فرمایا "اے عمر! سچ کہتا ہے کیا یہ شخص (جنگ) بدر مین حاضر نہ تھا اللہ نے بدر والون پر متوجہ ہوکر فرما دیا ہے "تم لوگ جو چاہو کرو جنت تمھارے لیے واجب ہوچکی" بس عمر رض آب دیدہ ہوکر کہنے لگے خدا اور اُسکا رسول بڑا جاننے والا ہے" ✤

۲۰۵ مسلمان کو "او کافر" کہکر پکارنا

(۴۴۰) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جس شخص نے مسلمان بھائی کو کافر کہدیا تو دونون مین ایک کافر ہو ہی گیا" ✤ ۹۵

(۴۴۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جب کسی نے دوسرے شخص کو کافر کہدیا تو دونون مین ایک کافر ہوگیا جسکو کہا ہے اگر وہ واقع مین کافر ہے تب تو سچ ہی کہا اور اگر کافر نہین ہے تو کہنے والے صاحب کا ٹھکانا کفر ہوا" ✤

۲۰۶ ناکامیابی پر دشمن کا خوش ہونا

(۴۴۲) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تقدیر کی بُرائی سے اور دشمنون کے خوش ہونے سے پناہ مانگتے تھے ✤

۲۰۷ فضول خرچی

(۴۴۳) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "تم لوگون مین تین بات ہونا خدا کو بہت پسند ہے اور تین بات ناپسند تو یہ ہے کہ خدا ہی کی عبادت کرو شرک نہ کرو اور سب مل کے خدا کی ڈوری تھام لو اور خدا جسکو تمھارا سردار

Marfat.com

بنادے اُسکی خیرخواہی کرتے رہو بک بک اور بہت پوچھ پاچھ اور مال کا نقصان کرنا ناپسند ہے +

(۴۴۴۴) ابن عباس رضؓ نے اس آیہ "اور جو کچھ تم خرچ کرتے ہو اللہ اُسکا بدلہ پہونچا دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ روزی پہونچانے والون مین بہت بہتر ہے" کی تفسیر مین بیان کیا یعنی خرچ کرنے مین فضول خرچی اور کنجوسی نہو +

مبذرین ۲۰۸

(۴۴۴۵) ابو عبیدؓ نے کہا "مین نے عبداللہ رضؓ سے مُبذِرِین کا مطلب پوچھا اُنھون نے بتایا کہ جو لوگ بیجا خرچ کرتے ہین" +

(۴۴۴۶) ابن عباس رضؓ نے مُبذِرِین کی تفسیر مین بیان کیا یعنی بیجا خرچ کرنیوالے +

گھرون کی اصلاح ۲۰۹

(۴۴۴۷) اسلم رضؓ نے کہا "عمر رضؓ منبر پر فرما رہے تھے لوگو! اپنی اپنی جگہون کی اصلاح کیا کرو اور (اپنے اپنے گھرون کے) جنات کو دھمکاؤ قبل اس کے کہ وہ تمھین دھمکانے پاوین اسلیے کہ اُن جنات مین جو مسلمان ہین وہ ہرگز (پھر) ظاہر نہونگے اور قسم خدا کی (بات یہ ہے کہ) جب سے ہم لوگون سے اور اُن سے عداوت ہوئی پھر کبھی صلح ہوئی ہی نہین" +

مکان کا خرچ ۲۱۰

(۴۴۴۸) خبابؓ نے کہا "آدمی کو مکان بنانے کے سوا سب خرچ مین ثواب ہے"

اپنے مزدورون کے ساتھ ملکے کام کرنا ۲۱۱

(۴۴۴۹) نافع بن عاصم رضؓ نے کہا "عبداللہ بن عمرو رضؓ کا ایک بھتیجا وہط سے نکلا عبداللہ نے اُس سے پوچھا تھا سے مزدور کام کر رہے ہین اُس نے کہا "مجھے خبر نہین" عبداللہ رضؓ نے کہا "اگر تو خاندان ثقیف سے ہوتا تو اپنے مزدورون کے ساتھ تو بھی کماتا (نافع رحؒ کہتے ہین) پھر عبداللہ رضؓ ہم لوگون کی طرف پھر کر کہنے لگے "آدمی جب مزدورون کے ساتھ مل کے اپنے گھر مین" یا کہا کہ "اپنے مال مین کام کرتا ہے

Marfat.com

تو وہ خدا کے مزدورون مین ہوجاتا ہے"۔

(۴۵۰) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جب تک لوگ طول فضول مکان نہ بنانے لگین گے تب تک قیامت نہین ہوگی"۔

(۴۵۱) حسن رض نے کہا "مین عثمان رض کے عہد خلافت مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ازواج مطہرات کے مکانون مین جایا کرتا تو اُن کے مکانات کی چھتین اسقدر نیچی تھین کہ مین اُنکو ہاتھہ سے چھولیتا تھا"۔

(۴۵۲) داؤد بن قیس رض نے کہا "مین نے ازواج مطہرات کے حجرے دیکھے کھجور کی شاخون سے بنے ہوے باہر سے کمّل کے پردون سے منڈھے ہوے تھے مین سمجھتا ہون حجرے کے دروازے سے پھاٹک تک چھہ یا سات ہاتھہ چوڑی جگہہ ہوگی اور اندر کا مکان اندازاً دس ہاتھہ ہوگا اور اونچائی مکان کی یہی سات آٹھہ ہاتھہ خیال آتی ہے حضرت عائشہ رض کے دروازے کے پاس مین کھڑا ہوگیا تو دیکھا کہ پچھم رخ کا دروازہ ہے"۔

(۴۵۳) عبداللہ رومی رض نے کہا "مین اُم طلق رض کے یہان گیا تو اُن سے کہا "تمھارے اِس مکان کی چھت کتنی نیچی ہے"، اسپر وہ کہنے لگین "بیٹا! امیر المومنین عمر بن خطاب رض نے اپنے عاملون کو لکھہ بھیجا کہ اپنے مکانات (بہت) لانبے (چوڑے) مت بناؤ ایسا زمانہ (جسمین لانبے چوڑے مکانات بننے لگین) نہایت خراب زمانہ ہوگا"۔

(۴۵۴) حبہ رض اور سواء رض خالد رض کے دونون بیٹون نے کہا "ہم دونون نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہوے آپ اُسوقت اپنے باغ کی یا مکان کی مرمّت خود اپنے سے فرما رہے تھے یہ دونون بھی آپ کے ساتھہ کام مین لگ گئے"۔

(۴۵۵) قیس بن ابی حازم رض نے کہا "ہم لوگ خباب رض کی عیادت کو گئے دیکھا تو اُنھون نے سات جگہہ بدن داغ کرایا تھا کہنے لگے "میرے اگلے ساتھی لوگ ایسے

Marfat.com

چلتے ہوے کہ دنیا اُنکو کچھہ نقصان نہ پہونچا سکی اور ہم لوگون کو اتنا کچھہ ہاتھہ لگا جسکے رکھنے کی جگہہ مٹی کے سوا کہین نہین ملتی اگر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے موت مانگنے سے منع نہ فرمایا ہوتا تو مین اپنے لیے موت منا تا" پھر ہم لوگ دوسری دفعہ خباب رض کے یہان گئے اُسوقت وہ اپنے ایک باغ مین کام کر رہے تھے کہنے لگے "مسلمان کو ہر قسم کے خرچ کرنے کا ثواب ہوتا ہی مگر جو مٹی مین لگاتا ہی (اُسکا ثواب کچھہ نہین ملتا ہے)" ٭

(۴۵۸) عبداللہ بن عمرو رض نے کہا "مین اپنا ایک جھوپڑا بنا رہا تھا کہ نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم آگئے آپ نے فرمایا "یہ کیا؟" مین نے عرض کی "یا رسول اللہ! اپنے جھوپڑے کی مرمت کرتا ہون اس پر آپ نے فرمایا "اتنی مہلت کہان ہے" ٭

۲۱۴ کشادہ مکان

(۴۵۷) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "کشادہ مکان نیکبخت ہمسایہ شائستہ سواری آدمی کی خوش قسمتی کی بات ہے" ٭

۲۱۵ بالاخانہ

۹۸

(۴۵۸) ثابت رض نے کہا "مین زاویہ مین انس رض کے ساتھہ اُنکے بالاخانے پر تھا کہ اذان ہوئی انس رض اُترے مین بھی اُترا انس رض چلنے مین چھوٹا چھوٹا ڈگ رکھتے تھے پھر کہنے لگے کہ "مین (انس) ایک دفعہ زید بن ثابت رض کے پاس تھا وہ بھی ایسی ہی چال چلنے لگے اور مجھسے پوچھا تجھے معلوم ہے مین اس طرح کیون چلا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دفعہ میرے ساتھہ اسی طور سے چلے اور فرمایا "تو نے سمجھا مین اسطرح کیون چلا؟" مین نے عرض کی "خدا جانے خدا اور رسول جانے" فرمایا "جس مین نماز کے لیے قدم کی گنتی بڑھ جاے" ٭

۲۱۶ مکان مین نقش و نگار بنانا

(۴۵۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جب لوگ مراجل کے ایسے مکانات بناوینگے اُسکے بعد قیامت آویگی" ابراہیم ہادی نے (مراجل کی تفسیر مین) کہا "یعنی نقشدار کپڑے" ٭

Marfat.com

(۴۶۰) وراد رضہ حضرت مغیرہ رضہ کے منشی نے کہا "معاویہ رضہ نے مغیرہ رضہ کو لکھا "تمنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو کچھ سُنا ہو مجھے لکھ بھیجو" مغیرہ رضہ نے اُنکو لکھا کہ "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر نماز کے بعد کہا کرتے "لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ" اور لکھا کہ "آنحضرتؐ قیل وقال سے اور بہت پوچھ پاچھ سے اور مال کے نقصان کرنے سے منع کرتے تھے اور ماؤن کی نافرمانی کرنا اور بیٹیون کو زندہ دفن کر دینا اور اپنا بچانا اور دوسرے کا چھین کرنا اِن باتون سے منع فرماتے تھے" ✣✣✣

(۴۶۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "کسی کا عمل اُسکو نہین بچا سکتا ہے" لوگون نے عرض کی "یارسول اللہ! آپؐ کو بھی نہین" فرمایا "مجھے بھی نہین" یہ دوسری بات ہے کہ اللہ اپنی رحمت مین مجھے لے لے آسانی کرو اور ہلکے چلو صبح کو شام کو پچھلے پہر رات کو اور درمیانی چال چلے جاؤ (امید ہے کہ منزلِ مقصود کو) پہونچ جاؤ گے ✣

نرمی

(۴۶۲) حضرت عائشہ رضہ نے کہا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان کچھ یہودی آئے تو کہتے کیا ہین کہ "السّام علیکم (تمپر موت) عائشہ رضہ کا بیان ہے کہ "مین تو اُسکو سمجھ گئی بس مین نے کہا "علیکم السام واللعنۃ (تمپر موت اور پھٹکار) تب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "عائشہ! دم لے اللہ تعالیٰ کو ساری باتون مین نرمی کرنا بہت پسند ہے" تب مین نے عرض کی "یارسول اللہ! آپؐ نے سُنا نہین اِن لوگون نے کیا کہا" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مین نے بھی تو کہدیا "وعلیکم (تمھین پر)" ✣✣✣

(۴۶۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جسمین نرمی نہین اُسمین بھلائی ہی نہین" ✣

(۴۶۴) وہی حدیث نمبر (۴۶۳) ✣

(۴۶۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جسکو نرمی نصیب ہوئی اُسکو نیکی کا

Marfat.com

بڑا حصّہ ملا اور جو نرمی سے محروم رہا وہ نیکی کے بڑے حصّے سے محروم ہوا قیامت کے دن مومن کی ترازو مین سب سے بھاری چیز اچھی عادت ہوگی اور زبان دراز بے حیا آدمی سے خدا ناراض ہے" +

(۴۶۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اچھے باوضع رئیسونکی لغزشون سے درگزر کیا کرو" +

(۴۶۷) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جس کام مین پھوٹ ہوگی اُس کام کو خراب کریگی اور اللہ تعالیٰ خود بھی نرم ہے نرمی ہی پسند بھی کرتا ہے" +

(۴۶۸) ابوسعید خدری رض نے کہا "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پردے والی کنواری لڑکی سے بھی زیادہ تر شرمناک تھے اور جب آپ کو کوئی بات ناگوار ہوتی ہم لوگ آپ کے چہرے سے پہچان لیتے تھے" +

(۴۶۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "نبوت کے ستر حصّون سے ایک حصّہ نیک چلنی اور خوش وضعی اور میانہ روی بھی ہے" +

(۴۷۰) عائشہ رض نے کہا "مین ایک سرکش اونٹ پر سوار تھی بس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "نرمی کا التزام رکھو نرمی سے بات ستھر جاتی ہے اور جس بات مین نرمی نہین وہ بات بگڑ جاتی" +

(۴۷۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "کنجوسی سے بہت بچو اسی نے اگلون کو ہلاک کیا (اسکے باعث سے) اُنھون نے آپس مین خونریزی کی اور ناحق کاٹ دیے اور ظلم کرنے سے قیامت مین اندھیری ہوگی" +

۲۱۸ اچھی گزران

(۴۷۲) کثیر بن عبید رض نے کہا "مین حضرت عائشہ رض کے یہان گیا اُنھون نے فرمایا "ذرا پکڑو تو مین اپنا نقبہ مانک لون بس مین نے پکڑا پھر عرض کی "یا ام المومنین! اگر یہان سے نکلکر مین اورون کو اسکی خبر کرون تو لوگ آپ کو بخیل کہینگے عائشہ رض نے فرمایا "تم اپنے حال کو دیکھا کرو جو پرانا نہین پہنے گا (آخر) اُسکو نیا نہین ملے گا" +

۲۱۹ نرمی کرنے کا فائدہ

Marfat.com

(۴۷۳) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اللہ تعالیٰ خود بھی نرم ہے اور نرمی ہی کو دوست رکھتا ہے اور خدا نرمی پر جتنا دیتا ہے سختی پر اُتنا نہین دیتا" +

۲۲۰ تسکین

(۴۷۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "آسانی کرو اور دشواری مت ڈالو اور تسکین دو اور بھڑکاؤ مت" + + + +

(۴۷۵) عبداللہ بن عمرو نے کہا "بنی اسرائیل مین (کسیکے یہان) ایک مہمان اُترا اور گھر مین ایک کُتیا تھی گھر والون نے کُتیا کو خطاب کرکے کہا کہ "میرے مہمان پر بھونک مت" بس کُتیا کے بچے اُسکے پیٹ کے نیچے چلانے لگے اُن لوگون نے اپنے پیغمبر سے اِسکا ذکر کیا اِسپر اُنھون نے فرمایا "اِسکی مثال اُس جماعت کی مثال ہے جو تمھارے بعد آنے والی ہے اُسکے جاہل لوگ عالمون کو دبایا کرینگے" +

۲۲۱ حرق (حماقت)

(۴۷۶) عائشہ رض نے کہا "مین ایک سرکش اونٹ پر سوار تھی بس مین اُسکو مارنے لگی تب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا - الیٰ آخر الحدیث (۴۷۰) + ۱۰۱

(۴۷۷) جابرؓ یا جویریہ رض نے کہا "حضرت عمر رض کے زمانۂ خلافت مین کسی ضرورت کو اُنکے یہان چلا پہر رات گئے مدینے پہونچا صبح کو اُن سے ملاقات کی اور مجھے خدا نے تیز فہمی اور لقلقہ عطا فرمایا تھا تو مین دنیا کے بارے مین کلام کرنے لگا بس مین نے اُسکو اِسقدر گھٹایا کہ گویا کچھ بھی نہین ہے اور حضرت عمر رض کے پہلو مین ایک شخص سفید بال سفید کپڑے والے بیٹھے تھے جب میری بات تمام ہوئی تب وہ بولے "تمھاری سب بات ٹھکانے کی تھی سوائے اِسکے جو تمنے دنیا کی بُرائیان بیان کین تمھین خبر بھی ہے دنیا کیا چیز ہے؟ ہم لوگون کے منزل تک پہونچنے کا سامان دنیا ہی مین ہے" یا یون کہا کہ "ہم لوگون کے سفر آخرت کا توشہ (دنیا ہی مین) ہے اور جن اعمال کی جزا آخرت مین ہم لوگون کو ملنے والی ہین وہ اعمال دنیا ہی مین ہین" راوی کہتا ہے "بس دنیا کے بارے مین ایسا ایک شخص کلام کرنے لگا جو مجھسے بھی زیادہ اُسکے حال سے واقف ہے تب

Marfat.com

مین نے پوچھا امیر المومنین! یہ آپ کے پہلو مین کون صاحب ہین؟ فرمایا "مسلمانون کے سردار اُبی بن کعب رضؓ ہین" ✤

(۸۷۴) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "حرص بُری بات ہے" ✤

۲۲۲ مال پیدا کرنا

(۸۷۹) حارث رضؓ نے کہا "ہم لوگون مین کسی کی گھوڑی بچہ دیتی بس بچے پر مال لادنے لگتا کہ میری زندگی اسقدر کہان ہو گی کہ مین اسپر سوار ہون پھر ہم لوگون کے پاس حضرت عمرؓ کا پروانہ پہونچا کہ جو کچھ اللہ دے اُسکی اصلاح کیا کرو کہ ابھی مہلت ہے" ✤

(۸۸۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اگر قیامت قائم ہو جاے اور تم مین سے کسی کے ہاتھ مین خُرمے کی گاچھی ہو تو ہو سکے تو اُسکو لگا ہی کر اُٹھے" ✤

(۸۸۱) عبد اللہ بن سلام رضؓ نے کہا "اگر دجّال کے نکلنے کی خبر سُنے اور تو اُسوقت کوئی گاچھی لگاتا ہو تو جلدی نکر اور اُسکو ٹھیک کر لے کیونکہ لوگ اُس واقعے کے بعد بھی کچھ آباد رہینگے" ✤

۲۲۳ مظلوم کی دعا

(۸۸۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "تین دعائین قبول ہی ہو جاتی ہین مظلوم کی دعا اور مسافر کی دعا اور لڑکے کے حق مین باپ کی بددعا" ✤

۲۲۴ خدا سے روزی کی دعا جیسا کہ فرمایا ہے "ارزقنا وانت خیر الرازقین"

(۸۸۳) جابر رضؓ نے کہا "نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر تھے آپ نے یمن کیطرف دیکھکر دعا فرمائی "اے خدا! اِنکے دلونکو متوجہ کر دے" اور آپ نے عراق کی طرف دیکھکر یہی دعا فرمائی اور ہر جانب دیکھ دیکھکر آپ نے یہی دعا فرمائی اور یہ بھی فرمایا "اے خدا! زمین کی پیداوار سے ہمکو سوزی دے اور ہمارے مد اور صاع مین برکت عطا فرما" ✤

۲۲۵ ظلم تاریکیون کا باعث ہے

(۸۸۴) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ظلم مت کرو ظلم قیامت کے دن تاریکیونکا باعث ہوگا اور کنجوسی سے بچو کنجوسی نے تمھارے اگلونکو ہلاک کر دیا اِسی کے باعث اُنھون نے خونریزی کی اور حرام باتون کو حلال کی طرح برتنے لگے" ✤

Marfat.com

(۴۸۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "میری امت کے پچھلے لوگون مین مسخ کا اور قذف کا اور خسف کا عذاب ہونیوالا ہے اور اس قسم کے عذاب شروع شروع اُن لوگون پر ہونگے جنکے ذمے حقوق رہگئے ہین"

(۴۸۶) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ظلم سے قیامت مین اندھیری ہوگی"

(۴۸۷) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جب ایماندار لوگ دوزخ سے نکالے جائینگے تب دوزخ اور بہشت کے درمیان ایک پل پر روک لیے جائینگے پھر وہان دنیا کے ایک دوسرے کے حقوق کا آپس مین بدلے لینگے پھر جب اس سے بھی پاک و صاف ہوجائینگے تب اُن لوگونکو بہشت مین جانیکی اجازت دیجائیگی اُسی ذات پاک کی قسم جس کے ہاتھ مین محمد کی جان ہے وہ لوگ اپنا اپنا بہشت کا مکان دنیا کے مکانسے بھی زیادہ اچھی طرح پہچان لینگے"

(۴۸۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "ظلم سے بچو ظلم قیامت کے دن تاریکیونکا باعث ہوگا بیحیائی سے بچو اللہ تعالیٰ بیحیا بدزبان آدمی کو دوست نہین رکھتا ہے کنجوسی سے بچو تمھارے اگلون نے اسکے باعث سے ناتے کاٹ دیے اور حرام کامونکو حلال کے طور پر برتنے لگے"

(۴۸۹) وہی حدیث نمبر (۴۸۸)

(۴۹۰) ابوالضحیٰ رضہ نے کہا "مسروق رضہ اور شتیر بن شکل رضہ مسجد مین ساتھ بیٹھے بس مسجد والے لوگ سب اُنھین کی طرف چلے تب مسروق رضہ نے شتیر رضہ سے کہا "مین سمجھتا ہون یہ لوگ ہماری طرف اسیواسطے آتے ہین کہ اچھی اچھی بات سُنین تو یا تمھین عبداللہ رضہ کی باتین بیان کرو اور مین تمھاری تصدیق کرون اور یا مین بیان کرون اور تم میری تصدیق کرو" شتیر رضہ نے کہا "ابوعائشہ! تمھین بولو تب مسروق رضہ نے کہا "تمنے عبداللہ رضہ سے سُنا ہے" دونون آنکھین زنا کرتی ہین دونون ہاتھ زنا کرتے ہین دونون پانون زنا کرتے ہین اور شرمگاہ اُسکو سچا کردیتی ہے یا جھٹلادیتی ہے؟ شتیر رضہ نے کہا "ہان مین نے بھی سُنا ہے" مسروق رضہ نے کہا "تمنے عبداللہ رضہ سے سُنا ہے" قرآن مین اس آیت (اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی) سے زیادہ کسی آیت نے حلال اور حرام اور امر و نہی کو نہین سمیٹا ہے؟ شتیر رضہ نے کہا "ہان مین نے بھی سُنا ہے" مسروق رضہ نے پھر کہا "تمنے

Marfat.com

عبداللہ رضؓ سے سُنا ہے" قرآن مین اِس آیت (وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ) سے زیادہ جلد کسی آیۃ سے (مشکلونکی) کشائش نہین ہوتی" شتیر رضؓ نے کہا "ہان مین نے بھی سُنا ہے" مسروق رضؓ نے کہا "تمنے عبداللہ رضؓ سے سُنا ہے" قرآن مین اِس آیۃ (يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ) سے زیادہ متوجہ کرنیوالی (خدا کی طرف کھینچنے والی) کوئی آیۃ نہین ہے" شتیر رضؓ نے کہا "ہان مین نے بھی سُنا ہے" (۲۹۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے" میرے بندو! مین نے ظلم کرنا اپنے اوپر بھی حرام کیا ہے اور تمھلوگونکے درمیان بھی حرام کیا ہے آپسمین ایکدوسرے پر ظلم مت کیا کرو میرے بندو! تمھلوگ رات دن گناہ کیا کرتے ہو اور مین گناہ بخشدیا کرتا ہون اور مجھے پرواہ بھی نہین ہوتی سو تم لوگ مجھسے بخشش چاہو کہ مین تمھین بخشدیا کرون میرے بندو! تم سبکے سب بھوکے ہو مگر جسے مین کھلا دون سو تم سب مجھی سے کھانا مانگو مین تمھین کھانا دون گا میرے بندو! تم سبکے سب ننگے ہو مگر جسے مین کپڑے پہناؤن سو تم سب مجھسے کپڑا مانگو کہ مین تمھین پہناؤن میرے بندو! تم سب اگلے پچھلے اور آدمی اور جن بڑے پرہیزگار آدمی کا دل پیدا کرو تو بھی میری بادشاہت کچھ نہین بڑھیگی اور اگر سبکے سب بڑے نافرمان آدمی کا دل پیدا کرو تو بھی میری بادشاہت کچھ نہین گھٹیگی اور اگر سب کے سب ایک میدان مین اکٹھے ہوکر مجھسے اپنی اپنی حاجتین طلب کرین اور مین سبکا سوال پورا کردون تو بھی میری بادشاہت مین کچھ نقصان نہوگا مگر اتنا جیسے دریا مین ایک دفعہ سوئی ڈبودین اور اُس سے دریا مین کمی ہوجاے میرے بندو! تمھارے ہی اعمال ہین جنکا بدلہ تمکو ملا کرتا ہے تو جسکا بھلا ہو وہ تو خدا کا شکر کرے اور جسکا بھلا نہو وہ اپنے ہی کو ملامت کرے (کہ میری شامت اعمال ہے) راوی کہتا ہے ابوادریسؒ اِس حدیث کو بیان کرنے کے وقت گھٹنون کے بل بیٹھ جایا کرتے" + + +

پہلا حصہ مسلیقہ کا تمام ہوا

قیمت پہلے حصہ کی ۷ محصول آدھ آنہ

اسکے کل حقوق محفوظ ہین ۴

Marfat.com

لقد كان لكم في رسول الله اسوة حسنة

الحمد لله والمنة کہ یہ رسالہ الاجوبہ یعنی جمعۃ الوداع مصنفہ بخاری مسمی بہ

دوسرا حصہ

مترجمہ عالم باعمل فاضل اکمل جناب مولوی محمد عبدالغفار صاحب مہدلوی

مطبع لسلی واقع آرہ میں چھپا

جای اشاعت آرہ محلہ چوک مسجد بار اول ۵۰۰ اجلد قیمت فی جلد ۷ محصول ذمہ خریدار

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ادب المفرد کا چوتھا پارہ

(۴۹۲) عضیف بن حارث نے کہا ابو عبیدہ بن الجراح بیمار تھے ایک شخص نے آکر اون سے پوچھا سرکار کے ثواب کا شام کو کیا حال رہا ابو عبیدہ نے فرمایا تمہین کچھ خبر ہے ثواب کس بات مین پاتے ہو اوس شخص نے عرض کیا مکروہات سے ہمین جو تکلیف پہونچتی ہے اوسمین ثواب ملتا ہے ابو عبیدہ نے فرمایا ثواب تو اوسمین ملتا ہے جو خدا کی راہ مین خرچ کرتے ہو اور جو تمھارے لئے خرچ کیا جاتا ہے پھر ابو عبیدہ نے سواری کا سامان شمار کرتے کرتے گھوڑے کے دوال تک کو گن ڈالا لیکن یہہ بیماریان جو تمہارے جسمون مین ہوا کرتی ہین اونسے تمہارے کچھ گناہونکا کفارہ ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

(۴۹۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مسلمان کو جو کچھہ بیماری یا تکلیف یا تردد یا رنج یا ایذا یا غم پہونچتا ہے یہانتک کہ کانٹا بھی اگر اوسکو گڑ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اوسکے بدلے کچھہ اوسکے گناہونکا کفارہ کردیتا ہے۔

(۴۹۴) سعید نے کہا مین سلمان کے ساتھہ تھا وہ کندہ (مقام کا نام) مین ایک بیمار کی عیادت کو چلے جب اوسکے یہان پہونچے فرمایا خوش ہو مومن کے بیماری کو خدا اوسکے لئے کفارہ کردیتا ہے اور اوسکو راضی کرلیتا ہے اور بے ایمان کی بیماری جیسے اونٹ کو اوسکے مالک نے باندھا پھر کھولا وہ کچھہ سمجھتا ہی نہین کہ کیون باندھا تھا اور کسلئے کھولدیا۔

(۴۹۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایماندار مرد اور ایماندار عورت کے بدن مین گھر بار مین مال مین برابر بلا لگی رہتی ہے یہانتک کہ اللہ پاک سے اوس سے ایسی حالت مین ملاقات ہوتی ہے کہ ایک گناہ بھی اوسکے ذمہ نہین ہوتی۔

(۴۹۶) ایک روایت مین لڑکے بالونکا ذکر بھی ہے۔

(۴۹۷) ابوہریرہ نے فرمایا ایک اعرابی آیا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوس سے فرمایا تجھے کبھی ام ملدم بھی لگی اوسنے پوچھا ام ملدم کیا چیز ہے فرمایا چمڑے اور گوشت کے درمیان ایک گرمی ہوتی ہے اوسنے کہا نہین فرمایا کبھی تجھے صداع ہوئی اوسنے کہا صداع کیا چیز ہے فرمایا سر مین ایک ایسی ہوا سما جاتی ہے کہ رگ رگ تڑکنے لگتی ہے اوسنے کہا نہین جب یہ شخص اوٹھہ گیا آپنے فرمایا کوئی شخص اگر کسی دوزخی کو دیکھنا چاہے یعنے اسے دیکھے۔

باب ۲۲۷ پچھلی رات کو عیادت کرنا

(۴۹۸) خالد بن ربیع نے کہا حذیفہ صحابی ذی فراش ہوئے اونکی جماعت اور انصار نے یہ خبر سنی تو پچھلے پہر رات کو یا قریب صبح اونکے یہان آئے اونھون نے

Marfat.com

پوچھا یہ کون وقت ہے ہملوگون نے کہا آخر شب یا قریب صبح اونہون نے فرمایا اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنْ صَبَاحِ النَّارِ پوچھا میرے لئے کفن کو بھی لالمی ہو ہملوگون نے عرض کیا ہان فرمایا بہت مہنگا کپڑا کفن مین نہ دیا کرو اگر خدا کے یہان میرے لئے بھلائی ہے تو اوس سے اچھا بدل دیا جائیگا اور اگر دوسری بات ہوئی تو فوراً یہ بھی اوتار لیا جائیگا ابن ادریس راوی نے کہا ہملوگ اون کے پاس کسیوقت راتکو آئے۔

(۴۹۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مومن جب بیمار ہوتا ہے خدا اوسکو اسطرح خالص کر دیتا ہے جیسے بھاتی لوہے کی میل نکالدیتی ہے۔

(۵۰۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس مسلمانکو کوئی مصیبت دکھ یا بیماری ہوتی ہے اوسکی گناہونکا کفارہ ہوجاتا ہے یہانتک کہ کانٹا بھی اگر اوسکو گڑے یا ٹھوکر ہی لگے تو یہ بہی کفارہ ہوجاتا ہے۔

(۵۰۱) سعد نے کہا مین مکہ مین سخت بیمار ہوگیا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میری عیادت کو تشریف لائے مین نے عرض کیا یارسول اللہ میرا مال متروکہ ہوا چاہتا ہے اور وارث میری فقط ایک ہی بیٹی ہے مین دو تہائی کی وصیت کر دیتا ہون اور ایک تہای چھوڑ دیتا ہون فرمایا نہین تب عرض کیا اچھا آدہے کی وصیت کر دون اور آدہا اوسکے لئے رہنے دون فرمایا نہین عرض کیا تب ایک تہائی کی وصیت کر دون اور دو تہائی اوسکے لئے رہنے دون فرمایا ایک تہائی اور تہائی بھی بہت ہے پھر آپ نے اپنا (مبارک) ہاتھ میری پیشانی پر رکھا اور میرے منہ پر اور پیٹ پر پھیرا پھر فرمایا اللہ سعد کو شفا دے اور اوسکی ہجرت پوری کر دے آپ کے ہاتھ کی ٹھنڈک جو میرے جگر کو پہونچی خیال کرنے سے برابر اسوقت تک مجھے اوسکی کیفیت معلوم ہوتی ہے۔

بیمار کو وہ سب اعمال لکھے جاتے ہین جو وہ تندرستی مین کرتا تھا ۲۲۸

(۵۰۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی بیمار ہوتا ہے اوسکے وہ سب

Marfat.com

عمل لکھے جاتے ہین جو وہ صحت کی حالت مین کیا کرتا تہا۔
(۵۰۳) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خدا جس مسلمانکو جسمانی آفت مین مبتلا کرتا ہے وہ جبتک بیمار رہتا ہی اوسکے عمل زمانہ صحت ہی کی لکھے جاتی ہین پھر اگر اوسے عافیت دی۔ راوی کہتا ہی مجھے خیال آتا ہے آپنے فرمایا تو (گویا) اوسے نہلا دیا۔ اور اگر کہین مرگیا تو اوسکی بخشایش ہوگی۔
(۵۰۴) پہلی حدیث بتغیر بعض لفظ۔
(۵۰۵) ابو ہریرہؓ نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین بخار نے حاضر ہوکر عرض کیا کہ اپنے لوگون مین جنسے آپکو زیادہ خصوصیت ہو وہین مجھے بہیجدیجئے آپ نے اوسکو انصار کے یہان بہیجدیا چھ رات دن برابر اونلوگون مین بخار رہا اون لوگونکو اسکی سخت ایذا ہوئی تب آپ اونلوگون کی یہان اونکے گہرون مین تشریف لائے اون لوگون نے آپ سے بخار کا شکوہ کیا تب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم گہر گہر مکان مکان تشریف لیجاتے اور اونکی لئے عافیت کی دعا فرماتے جب اودہر سے پھرے اونمین سے ایک عورت آپکے پیچہے ہوئی اور عرض کیا قسم اوس ذات کی جسنے آپکو سچا نبی بہیجا ہے مین انصاری ہون میرا باپ بھی انصاری ہی جیسے آپنے انصار کے لئے دعا فرمائی میرے لئے بہی دعا فرمائیے آپ نے فرمایا تو کیا چاہتی ہے اگر تیری خواہش ہو تو مین خدا سے دعا کرون کہ تجھے معاف رکھے اور اگر تو چاہے تو صبر کر اور اسکے بدلے تجھے بہشت ملے وہ عورت بولی مین صبر ہی کرونگی بہشت کو شبہہ مین رکھنا مجھے منظور نہین۔
(۸۰۶) ابو ہریرہ نے فرمایا جتنی بیماریان مجھے ہون بخار سے زیادہ کوئی مجھے پسند نہین اسلئے کہ بخار ہر بدن مین اندر گہس جاتا ہے اور اللہ پاک ہر بدن کو اوسکے ثواب کا حصہ پہونچاتا ہے۔
(۵۰۷) ابو خُیلہ سے لوگون نے کہا خدا سے دعا کرو اونہون نے دعا کی یا اللہ

Marfat.com

مرض گھٹادے ثواب مت کم کر پھر اونسے لوگون نے کہا دعا کرو دعا کرو
اونہون نے کہا اے اللہ مجھے اپنے مقرب بندون مین کر اور میری مان کو
بہشتی حور بنادے۔

(۵۰۸) عطار بن ابی رباح نے کہا مجھسے ابن عباس بولے تجھی مین ایک
بہشتی عورت نہ دکھادون مین نے عرض کیا ہان فرمایا یہی حبشن نبی
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوکر عرض کرنے لگی مجھے مرگی
آتی ہے اور مین ننگی ہوجاتی ہون میرے لئے دعا فرمائیے آپنے فرمایا
اگر تجھے منظور ہو تو صبر کر اور اوسکے بدلے تجھے بہشت ملے اور چاہے تو
مین خدا سے دعا کرون کہ تجھے عافیت عطا فرمائے۔ اوسنے عرض کیا
مین صبر ہی کرونگی پھر بولی مین ننگی ہوجاتی ہون اسکی دعا خدا سے فرمائیے
کہ ننگی نہوا کرون تب آپ نے اوسکے لئے دعا فرمائی۔

(۵۰۹) عطا کا بیان ہے کہ اس لانبی حبشن ام زفر کو اونہون نے کعبہ کی
سیڑھی پر دیکھا ہے۔

(۵۱۰) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے مومن کو کوئی کانٹا یا اس سے
بھی زیادہ ہلکی مصیبت کوئی پہونچتی ہے تو وہ کفارہ ہوجاتی ہے۔

(۵۱۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس مسلمان کو
دنیا مین کوئی کانٹا گڑجائے اور وہ اوسکے ثواب کا امیدوار ہو
اوسکے بدلے قیامت مین اوسکی گناہون کا کچھ کفارہ
ہوجائے گا۔

(۵۱۲) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس مومن مرد یا مومنہ
عورت اور مسلمان مرد یا عورت کو کوئی بیماری ہوتی ہے
اوسکے بدلے خدا اوسکی گناہون سے کچھ اوسکو بری
کردیتا ہے۔

Marfat.com

(۵۱۳) ہشام کے باپ نے کہا؛ عبداللہ بن زبیر کے مارے جانے کے دس رات پہلے مین اور عبداللہ دونون اسما کے یہان گئے اسما دن دنون بیمار تہین عبداللہ نے پوچھا آپکا کیا حال ہے بولین بیمار ہون عبداللہ نے کہا مین تو (مارے فکر کے) مرا جاتا ہون اسپر اسما نے فرمایا شاید تمہین منظور ہے کہ مین مر جاؤن اس سے میرے مرنیکی آرزو کرتے ہو ایسا مت کرو قسم خدا کی مجھے مرنیکی خواہش نہین ہے جبتک تمہاری دو باتو نسے کوئی ایک بات میرے سامنے ہی ہو نجاوے یا تم مارے ہی جاؤ کہ مجھے اسکے ثواب کی امید ہو یا (لڑائی مین) تمکو فتح حاصل ہو تو میری آنکہین ٹھنڈی ہون - دیکھو اگر تمہارے سامنے کوئی ایسی بات پیش کیجاے جو تمہارے موافق نہو تو اپنے مرنیکے خوف سے خبردار منظور نہ کر لینا (راوی کہتا ہے) عبداللہ کی یہی غرض تھی کہ مین مارا جاؤن گا تو اپکو صبر ہوگا

(۵۱۴) ابوسعید خدری نے کہا - مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا اوسوقت آپ کو بخار تہا اور آپ ایک چادر اوڑہے ہوے تھے - ابوسعید نے ہاتھ رکہا تو بخار کی حرارت چادر کے اوپر سے معلوم ہوتی تھی ابوسعید نے کہا یارسول اللہ آپکو کس شدت کا بخار ہے آپ نے فرمایا ہملوگونکی ایسی ہی سخت جانچ ہوا کرتی ہے اور ثواب بھی دونا دیا جاتا ہے - ابوسعید نے عرض کی - یارسول اللہ سب سے بہاری جانچ کن لوگون کی ہوا کرتی ہے. فرمایا - نبی لوگونکی - پہر اچھے لوگونکی کوئی اسطرح فقیری مین مبتلا ہوا کرتا تہا کہ ایک کمل کے سوا اوسکے پاس کچھ بھی نہ ہوتا تھا اوسیکو درمیان سے چاک کرکے پہر لیتا تھا - اور اسیکو اسقدر جون پڑ جاتی تہی کہ اوسکو مارہی ڈالتی تہی اور جیسے تمکو گونکو کچھہ ملجانیسے خوشی ہوتی ہے اوسطرح اونکو بلا سے خوشی ہوتی تہی

(۵۱۵) جابر بن عبداللہ نے کہا - مین ایک دفعہ بیمار ہوا - نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

اور ابوبکر (رضی اللہ عنہ) پاپیادہ میری عیادت کو تشریف لائے تو مجھے بیہوش پایا تب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کیا پھر وضو کا پانی مجھپر بہایا تب مجھے ہوش ہوگیا کیا دیکھتا ہون کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین مینے عرض کی یارسول اللہ مین اپنے مال مین کیا (انتظام) کرون میرے مال کے بارے مین کچھہ حکم دیجئے آپ نے اسکا کچھہ جواب نہین دیا یہانتک کہ آیت میراث نازل ہوئی۔

۲۳۱

بیمار لڑکون کی عیادت

(۵۱۶) اسامہ بن زید نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک نواسے دی فراش ہوئے۔ اونکی والدہ نے آنحضرت کے پاس آدمی بھیجا کہ لڑکا حالت نزع مین ہے۔ آپ نے آدمی سے فرمایا اون سے جاکر کہدے کہ خدا جو کچھہ لے لے یا جو کچھہ دیدے سب اوسیکا ہی اور ہر چیز کی اوسکے یہان ایک مدت مقرر ہے تمکو صبر کرنا چاہئے اور اسکی ثواب کی امیدواری چاہئے ۔ وہ آدمی واپس آیا اور آنکو آپ کے فرمانیکی خبر دی تب اونہون نے آنحضرت کو قسم دلا بھیجا کہ ضرور تشریف لاوین ۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم چند آدمیون کے ساتھہ اوٹھہ کھڑے ہوئے آپکے ساتھہ والون مین سعد بن عبادہ بھی تھے۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لڑکے کو لیکر (اپنے مبارک) سینہ پر رکھہ لیا اور لڑکے کے سینہ سے مشک، پانی نکلنے کی سی آواز آتی تھی۔ رسول اللہ صلے اللہ کی آنکھین بھر آئین اسپر سعد بولے آپ پیغمبر خدا ہوکر روتے ہین۔ فرمایا مجھے اس پر رحم آتا ہے اس سے رونا ہون بے شبہہ اللہ تعالیٰ اپنے اونہین بندون پر رحم فرماتا ہے جو دوسرون پر رحم کرتے ہین۔

۲۳۲

(۵۱۷) ابراہیم بن ابی عبلہ نے کہا۔ میری بیوی بیمار ہوئی اور مین ام درداکی یہان آیا کرتا ۔ تو وہ پوچھا کرتین تیری اہلخانہ کا کیا حال ہے۔ مین کہتا بیمار ہے۔ تب ام درداء میرے لئے کچھہ کہا نیکو منگوا تین مین کہا لیا کرتا۔ بارہا ایسا ہی اتفاق ہوا

Marfat.com

ایکدفعہ جو مین اونکے یہان آیا۔ اونہون نے پوچہا۔ کیا حال ہے؟ مینے کہا "تو صحت ہی" تب اونہون نے کہا۔ تم جو مجہکو اپنی اہلخانہ کی بیماری کی خبر دیا کرتے تہے اسی سے مین تمہارے لیے کچہہ کہانا منگوالیا کرتی تہی اور اب جو صحت ہوگئی تو مین نہین کچہہ منگواتی۔

دیہات والی بیمار کی عیادت ۲۳۳

(۵۱۸) ابن عباس نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم دیہات کے ایک آدمی کی عیادت کو تشریف لے گئے پہر فرمایا کچہہ پروا نہین انشا اللہ (یہہ بیماری گناہون سے) پاک کرنیوالی ہے۔ اوسنے کہا (یہ نہین) بلکہ ایک بڑے بوڑہے آدمی پر بخار کا جوش ہے کہ اوسکو قبر تک پہونچا دیگا۔ آپنے فرمایا۔ ہان تو یہی ہوگا۔

بیمار ونکی عیادت ۲۳۴

(۵۱۹) ابوہریرہ نے کہا (ایکدن) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچہا تم مین آج روزہ دار کون ہے۔ ابوبکر نے عرض کی مین۔ پوچہا تم مین آج بیمار پرسی کسنے کی (ابوبکر) مین نے پوچہا تم مین آج جنازے پر کون حاضر ہوا۔ (ابوبکر) مین پوچہا تم مین آج مسکین کو کسنے کہلایا (ابوبکر) مین نے مردان راوی کہتا ہے مجہے خبر ملی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص مین یہ ساری باتین ایک ہی روز اکٹہے ہون وہ ضرور بہشت مین جائیگا۔

(۵۲۰) جابر نے کہا۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ ام سائب کے یہان تشریف لیگئے وہ اسوقت لرزہ سے تہرتہرا رہی تہین۔ آپ نے پوچہا تمہین کیا ہوا ہے۔ عرض کی بخار ہے۔ خدا اوسے رسوا کرے۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ مین بخار کو گالی ندو۔ ایمان دار آدمی کے گناہون کو بخار اسطرح دفع کرتا ہے جیسے بہاتہی لوہے کی میل صاف کردیتی ہے۔

(۵۲۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالے فرماتے گا

Marfat.com

مینے تجھسے کہانا مانگا تونے کہلایا نہین - بندہ عرض کریگا تو تو خود سارے جہانکا پروردگار ہے - تونے مجھسے کیونکر کہانا مانگا کہ مینے تجھے نہین کہلایا - فرمائے گا تجھے خبر نہین میرے فلان بندے نے تجھسے کہانا طلب کیا تونے اوسے نہین کہلایا تجھے خبر نہین اگر تو اوسے کہانا کہلا دیتا تو اوسکا ثواب میرے یہان پاتا - اے آدمی مینے تجھسے پانی مانگا تونے مجھے نہین پلایا بندہ عرض کریگا - یارب تو تو سارے جہانکا پروردگار ہی مین تجھے کیونکر پلاتا فرمائیگا تجھے خبر نہین میرے فلان بندے نے تجھسے پانی مانگا تونے اوسے نہین پلایا - تجھے خبر نہین اگر اوسے پانی پلا دیتا تو وہ پانی تو یہان میری پاس پاتا - اے آدمی مین بیمار ہوا تو نے میری عیادت نکی بندہ عرض کریگا یارب تو تو جہان کا پروردگار ہے مین تیری عیادت کیونکر کرتا فرمائیگا تجھے خبر نہین میرا فلان بندہ بیمار ہوا اگر تو اوسکی عیادت کرتا تو اوسکا ثواب میرے یہان پاتا - یا فرمایا مجھی کو اُسکی پاس پاتا -

(۵۲۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا - بیمار کی عیادت کیا کرو اور جنازے کے ساتھہ جایا کرو (یہہ کام) تم کو آخرت یاد دلائیگا -

(۵۲۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا - تین باتین ہر مسلمان پر حق ہین ہم پر پرسی - اور جنازہ کی حاضری اور چھینکنے والا الحمد للہ کہے تو اوسکے جواب مین یرحمک اللہ کہنا -

عیادت کرنیوالے کا بیمار کی شفا کیلئے دعا دینی ۲۳۵

(۵۲۴) سعد نے کہا - مکہ مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میری عیادت کو تشریف لائے تو مین رونے لگا - آپ نے فرمایا روتے کیون ہو - عرض کی - مجھے خوف ہوتا ہی کہین ایسا نہو کہ سعد (بن خولہ) کیطرح جہانسے مین نے ہجرت کی ہے وہین (یعنے مکہ مین) مر جاؤن تب آپ نے تین بار دعا فرمائی اے اللہ سعد کو شفا دے - پھر عرض کی

Marfat.com

میرے پاس مال بہت ہے - جسکی وارث میری ایک ہی بیٹی ہے اجازت ہو
تو مین اپنی کل مال کی وصیت کر دون - فرمایا نہین - عرض کیا تو دو ثلث کی وصیت
کر دون فرمایا نہین - عرض کی تو نصف کی فرمایا نہین عرض کی
تو ایک ثلث کی فرمایا ایک ثلث اور ایک ثلث بہی بہت ہے تمکو اپنا مال اپنی ذات مین خرچ کرنے
مین بیشک صدقہ کا ثواب ہے اور جنکی کفالت تمہارے اوپر ہے اون کے کام مین
خرچ کرنے مین بہی صدقہ ہی کا ثواب ہے اور تمہارے کہانے مین سے تمہاری بیوی
جو کچہہ کہالیگی اوس مین بہی صدقہ ہی کا ثواب ہے اور اپنے لوگون کو مالدار چہوڑ جانا
یا فرمایا فراغت مین چہوڑ جانا اس سے بہتر ہے کہ مفلس چہوڑ جاؤ اور لوگون کے
سامنے ہاتہہ پہیلاتے پہیرین - راوی نے کہا آپ نے ہاتہہ پہیلا کر دکہا بہی دیا -

فضیلت

بیمار پرسی کی فضیلت ۲۳۶

(۵۲۵) ابو اسمانے کہا جو شخص مسلمان بہائی کی بیمار پرسی کرتا ہے بہشت کے پہل
چنے مین (مصروف) ہے (عاصم راوی کہتا ہے) مینے ابو قلابہ سے خرفہ جنت کی تفسیر
پوچہی - اونہون نے بتایا چنے ہوئے پہل مینے اون سے پوچہا ابو اسمانے یہہ حدیث
کس سے سنی - کہا ثوبان سے اُنہون نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے -
(۵۲۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا - وہی حدیث -

بیمار اور عیادت کرنیوالے کا آپس مین بات چیت کرنا - ۲۳۷

(۵۲۷) جعفر نے کہا - ابو بکر بن حزم اور محمد بن منکدر مسجد کی چند آدمیون کے ساتہہ عمر بن حاکم
بن رافع انصاری کی عیادت کو گئے سب نے اون سے کہا ابو حفص اپنے لوگون کو حدیث
سُناؤ - اونہون نے کہا مینے جابر سے سُنا ہے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
فرمایا - جو شخص بیمار کی عیادت کرتا ہے وہ رحمت (کی دریا) مین تیرتا ہے - یہانتک
کہ جب (اوسکے پاس) بیٹھ گیا تو رحمت مین ٹھہراو کر لیا -

Marfat.com

۲۳۸ بیمار کے پاس نماز پڑھ لینا

(۵۲۸) عطا نے کہا۔ عمر بن صفوان میری عیادت کو آئے پھر نماز کا وقت ہو گیا۔ تو ابن عمر نے دو رکعت نماز پڑھی اور کہا کہ مین مسافر ہون۔

۲۳۹ مشرک بیمار کی عیادت

(۵۲۹) انس نے کہا۔ ایک یہودی لڑکا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تہا وہ بیمار ہوا تو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اوسکی عیادت کو تشریف لائے اور اوسکی سرہانے بیٹھ گئے پھر فرمایا مسلمان ہو جا لڑکا اپنے باپ کو دیکھنے لگا وہ بہی اوسکے سرہانے ہی تہا بیٹے سے کہنے لگا۔ ابو القاسم (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بات مان لے تب وہ لڑکا مسلمان ہو گیا پھر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وہان سے یہہ فرماتے ہوئے چلے خدا کا شکر ہی کہ اسنے اوسکو آگ سے بچا لیا۔

۲۴۰ مریض کیا کہے

(۵۳۰) عائشہ نے فرمایا جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ (منورہ) تشریف لائے ابو بکر اور بلال کو بخار آنے لگا۔ مین اُن دونون کے پہان گئی اور ابو بکر سے کہا ابا آپکا کیا حال ہے۔ بلال آپکا کیا حال ہے اور ابو بکر کو جب بخار آیا کرتا تو اِس مضمون کا شعر پڑہتے۔

کرتا ہے سحر خوشی سے ہر گہر مین غریب + اور موت دوال النعل سی بہی ہی قریب

اور بلال کو جب بخار اوترجاتا تو بلند آواز سے اس مضمون کے اشعار پڑہتے کوئی بتاے کہ ایسی نسلے گی کوی رات + کہ مین ہون دشت مین اذخر بہی ہو جلیل بہی ہو

ورود ہو کوی دِن چشمہ مجنہ پر + نظر فروز میرا شامہ ہو طفیل بہی ہو +

عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہین مین یہ آکر رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اسکی خبر کی تب

Marfat.com

آپ نے یہ دعا فرمائی اے اللہ مکہ کیطرح بلکہ اوس سے بھی زیادہ مدینہ کی محبت ہمارے دلون مین دے دے اور مدینہ (کی آب وہوا کو) درست کردے اور مدینہ کے صاع مین اور مُد مین برکت عطا فرما۔ اور مدینہ سے بخار (کی وبا) جحفہ مین نکال پہینک۔

(۵۳۱) ابن عباس نے کہا۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دیہاتی آدمی کی عیادت کو تشریف لیگئے اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی بیمار کی عیادت کرتے تو یہ فرماتے۔ مضایقہ نہین انشاءاللہ (یہ بیماری گناہون سے) پاک کرنیوالی ہے اوس دیہاتی نے یہہ سنکر کہا (آین) یہہ پاک کرنیوالی ہے نہین نہین بلکہ ایک بوڑہے پہوس آدمی پر بخار کا (ایسا) جوش ہے کہ اوسکو قبر تک پہونچا دیگا۔
نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ ہان تو ایسا ہی ہوگا۔

(۵۳۲) نافع نے کہا۔ ابن عمر جب کسی بیمار کو دیکہنے جاتے تو اوس سے پوچہتے تیرا کیا حال ہے۔ پہر جب چلنے لگتے کہتے خدا تمہارے لئے بہتری کرے اور اس سے کچہہ پڑہاتے نہ تہے۔

۲۴۱ بیمار کیا جواب دے

(۵۳۳) سعید بن عمرو نے کہا حجاج (حاکم مدینہ) عبداللہ ابن عمر کے دیکہنے کو آیا اور مین بہی وہین تہا۔ پوچہا آپکا کیا حال ہے۔ فرمایا اچہا ہون پوچہا آپکو کسنے زخمی کیا فرمایا مجہے زخمی تو اوسی شخص نے کیا جسنے (لشکر کو) ایسے دن مین ہتہیار لگانیکا حکم دیا جسدن ہتہیار لگانا جایز نہین یعنے حجاج (ہی) نے زخمی کیا)۔

۲۴۲ فاسق کی عیادت

(۵۳۴) عبداللہ بن عمرو بن العاص نے کہا۔ شرابیون کی عیادت نکیا کرو۔

۲۴۳ عورت کا بیمار مرد کی عیادت کرنا

Marfat.com

(٥٣٥) حارث انصاری نے کہا۔ مینے ام درداکو دیکھا اپنے گجاوی مین چند لکڑیون کی سہارے سے پردہ لگاکر اوسی پر مسجد کے رہنے والے ایک انصاری کی عیادت کو آئی تہین عیادت کو جائے تو بیضرورت مکان مین ادہر اودہر ند دیکھے۔ ٢٤٤

(٥٣٦) عبداللہ بن ابی الہذیل نے کہا۔ عبداللہ بن مسعود ایک بیمار کی عیادت کو گئے اونکے ساتہہ اور لوگ بہی تہے۔ اور مکان مین ایک عورت بہی تہی اون لوگون مین سے ایک شخص عورت کیطرف تاکنے لگا عبداللہ بن مسعود نے اوس سے فرمایا تیری آنکہین پہوٹ جاتین تو تیرے حق مین بہتر تہا۔

اشوب چشم والیکی عیادت ٢٤٥

(٥٣٧) زید بن ارقم نے کہا (ایکدفعہ) مجہے آشوب چشم ہوا پس نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میری عیادت کو تشریف لائے پہر فرمایا اے زید اگر تیری آنکہین اس آشوب چشم سے جاتی رہتین تو تو کیا کرتا عرض کی ثواب کی امید پر صبر کرتا فرمایا اگر تیری آنکہین آشوب چشم سے جاتی رہتین۔ اور تو بہ امید ثواب صبر کرتا تجہے اسکے ثواب مین بہشت مل جاتی۔

(٥٣٨) قاسم بن محمد نے کہا۔ ایک صحابی کی آنکہین جاتی رہین لوگ اونکی عیادت کو گئے اونہون نے فرمایا۔ آنکہون سے تو میری یہی غرض تہی کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کیا کرون پہر جب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وفات فرمائی تو خدا کی قسم

(٥٣٩) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مین جب کسی بندیکو اوسکی دونون پیاریونکی یعنے آنکہون کی مصیبت مین مبتلا کرتا ہون اور وہ صبر کرتا ہے تو مین اوسکے بدلے اوسے جنت دیتا ہون۔

(٥٤٠) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے آدم کے بیٹے جب مین تیری دونون بڑی نعمت (یعنے آنکہہ) لے لیتا ہون اور تو اس مصیبت پر صبر کرتا ہے اور اوسکے بدلے کا امیدوار ہو جاتا ہے تو اوسکے ثواب مین کم سے کم

Marfat.com

جنت کے سوا کوئی چیز دینا مجھے پسند نہین آتا۔

بیمار پرسی کرنے والا کہان بیٹھے ۲۴۶

(۵۴۱) ابن عباس نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی بیمار کی عیادت کو تشریف لے جاتے تو اوسکے سرہانے بیٹھتے پھر سات بار فرماتے بڑے خدا بڑے تخت کے مالک سے میرا سوال ہے کہ تجھے شفا عطا فرمائے پھر اگر اوس بیمار کی زندگی باقی ہوتی تو بیماری سے فوراً صحت پا جاتا۔

(۵۴۲) ربیع بن عبداللہ نے کہا مین حسن کے ساتھ قتادہ کی عیادت کو گیا حسن اونکے سرہانے بیٹھے پھر اونسے (حال) پوچھا پھر اونکے لئے دعا کی اے اللہ اوسکا دل چنگا کر دے اے اللہ اوسکی بیماری اچھی کر دے۔

آدمی اپنے گھر کیا کرے ۲۴۷

(۵۴۳) اسود نے کہا مین نے حضرت عایشہ سے پوچھا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے گھر کیا کیا کرتے تھے فرمایا گھر کے کام دھندے مین لگے رہتے تھے پھر جب نماز کا وقت ہوتا مکان سے باہر نکلتے۔

(۵۴۴) عروہ نے کہا مین نے حضرت عایشہ سے پوچھا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے گھر کے اندر کیا کام کیا کرتے تھے فرمایا اپنی جوتی ٹانکتے تھے اور جو کام لوگ گھر مین کیا کرتے ہین آپ بھی کیا کرتے۔

(۵۴۵) عروہ نے کہا حضرت عایشہ سے مینے پوچھا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے گھر مین کون کام کرتے تھے فرمایا جو کام تم مین کوئی اپنے گھر کرتا ہو آپ جوتی ٹانکتے تھے کپڑے مین پیوند لگاتے تھے۔ اور کپڑا سیتے تھے۔

(۵۴۶) عمرہ نے کہا کسی نے حضرت عایشہ سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے گھر مین کیا کام کرتے تھے فرمایا آپ بھی آدمی ہی تھے کپڑے سے جون وغیرہ نکالتے اور اپنی بکری دوہ لیتے۔

کسی مسلمان کو دوسری مسلمان سے محبت ہو تو اوسے خبر دے ۲۴۸

Marfat.com

(۵۴۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم مین کوئی مسلمان کسی مسلمان سے محبت رکھتا ہو تو چاہیئے کہ اوسے خبر کردے کہ اوسکو اوس سے محبت ہی۔

(۵۴۸) مجاہد نے فرمایا رسو صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب سی ایک بزرگ تجھسے ملے اور پیچھے سے میرا مونڈھا پکڑکر فرمایا جانتا ہے مجھے تجھسے محبت ہی مین نے کہا جسکے لیے تم مجھسے محبت کرتے ہو وہ تم سے محبت کرے پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نفر مایا ہوتا کہ جب کوئی کسی سے محبت رکھے تو چاہیئے کہ اوسے خبر کردے کہ اوسکو اوس سے محبت ہے تو مین تجھے خبر نہ دیتا مجاہد نے کہا پھر مجھسے شایکا پیغام کرنے لگے فرمایا سنتے ہو میرے پاس ایک لونڈی ہے اور یہ بھی خبر رہے کہ وہ کانی ہے —

(۵۴۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو دو شخص آپس مین محبت رکھتے ہین اونمین زیادہ فضیلت اوسیکو ہے جسکو محبت زیادہ ہے۔

کسیکو کسی سے محبت ہو تو اوس سے تکرار نکرے اور نہ اوسکا حال کسی سے پوچھے۔

۲۵۰

(۵۵۰) معاذ بن جبل نے فرمایا جب تجھے کسی مسلمان سے محبت ہو جاوے تو اوس سے بحث مت کیا کر اور اوسکے ساتھ بُرائی مت کر اور اوسکا حال بھی مت پوچھ شاید تجھے کوئی دشمن اوسکا بلجاوے اور جو بات اوسمین نہو وہ تجھ سے کہدے اور تیرے اوسکے درمیانمین جدائی کرادے۔

(۵۵۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص خدا کے لیے کسی مسلمان سے محبت کرے اور کہدے کہ مین تجھے خدا کے واسطہ چاہتا ہون اور کہین دونون ساتھ بہشت مین داخل ہوئے تو جسنے خدا کے لئے محبت کی ہوگی اوسکا درجہ اس محبت کے سبب سے اوسکے یہان زیادہ بلند ہوگا جسکے لئے اوسنے محبت کی ہی عقل دل مین ہے۔

۲۵۱

Marfat.com

(۵۵۲) علی رضی اللہ عنہ نے صفین مین فرمایا عقل دل مین ہے اور رحمت جگر مین ہے اور مہربانی طحال مین اور سانس پھیپھرے مین ہے۔

۲۵۱

کبر

عبداللہ بن عمرو نے فرمایا ہملوگ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین بیٹھے تھے ایک شخص دیہاتی آدمی سیجان کا جبہ پہنے ہوئے وہان آیا اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سر مبارک کے پاس آکر کھڑا ہوا اور بولا کہ تمھارے افسر فی سوار ونکو اوتار دیا یا یون کہا کہ وہ چاہتے ہین کہ سوار ونکو تو نیچے گرادین اور چرواہونکو بڑھا چڑھا دین تب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوسکے جبہ کو پوری طرح سے پکڑ کر فرمایا مین دیکھتا ہون تیرا لباس نا معقول آدمی کا لباس ہے پھر فرمایا جب پیغمبر خدا نوح صلے اللہ علیہ وسلم وفات فرمانے لگے اپنے بیٹے سے فرمایا مین تجھے وصیت کرتا ہون دو باتکی تو فرمایش کرتا ہون اور دو باتون سے منع کرتا ہون کلمہ توحید لا الٰہ الا اللہ کی فرمایش کرتا ہون اگر ساتون آسمان اور ساتون زمین ایک پلہ ترازو مین رکھے جاوین اور لا الٰہ الا اللہ ایک پلہ مین رکھا جاوی تو یہی پلہ بھاری ہوجاوے اور اگر ساتون آسمان اور ساتون زمین ایک ہیجوڑ حلقہ مین ہوجاوین تو اونکو لا الٰہ الا اللہ چورچور کر ڈالے اور فرمایش کرتا ہون سبحان اللہ وبحمدہ کی کیونکہ یہہ ہر شئے کی دعا ہے اور اسی کی برکت سے ہر شئے روزی پاتی ہے اور شرک اور گھمنڈ سے تجھے منع کرتا ہون راوی کہتا ہے مین نے یا کسی نے عرض کیا یارسول اللہ شرک تو بھلا ہملوگونکو معلوم ہے گھمنڈ کیا ہے کیا کسی کے پاس حلہ ہو وہ اوسکو پہنے یہہ گھمنڈ ہے فرمایا نہین عرض کیا کیا یا نونکا اچھا جوڑا ہو اوسکے تسمے اچھے ہون فرمایا نہین عرض کیا کیا کسی کے پاس جانور ہو وہ اوسپر سوار ہوتا ہو فرمایا نہین عرض کیا کیا کسی کے ہمنشین لوگ ہون اوسکے پاس بیٹھے ہون فرمایا نہین عرض کیا تب گھمنڈ کیا بلا ہے فرمایا حق سے جھگڑنا اور لوگونکو ناچیز سمجھنا۔

Marfat.com

(۵۵۳) عبداللہ بن عمرو نے فرمایا مینے عرض کیا یارسول اللہ کیا گھمنڈیہ ہی یہ ہے جیسا اوپر حدیث مین گذرا۔

(۵۵۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص دلمین اپنے کو بڑا جانے یا چال مین اکڑاوکرے خدا سے ملنے کے وقت خدا کو غصّہ مین پائیگا۔

(۵۵۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جسکے ساتھہ اوسکا خادم کھانا کھائے اور بازار ونمین گدہے پر سوار ہوا کرے اور بکری کو باندہ کر آپ اوسکو دوہ لیا کرے ایسا آدمی گھمنڈ والا نہین ہے۔

(۵۵۶) صالح گلیم فروش کی دادی نے فرمایا مینے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا آپ نے ایکدرم کا خرما مول لیا اور اپنی چادر مین باندہ کر لیچلے مینے یا اور کسی نے عرض کیا یا امیر المومنین آپ رہنے دیجئے اسے مین اوٹھالون فرمایا نہین اوسیکو اوٹھانا مناسب ہے جسکے لڑکے بالے کے لئے ہے۔

(۵۵۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عزت میرا تہمت ہے اور بڑائی میری چادر ہے اِن چیزونکے بارے مین جو کوئی مجھسے جھگڑا کریگا مین اوسکی سزا کرونگا۔

(۵۵۸) عثمان بن بشیر منبر پر فرماتے تھے شیطان کے جال ہین اور پھندے ہین شیطان کے جال اور پھندے خدا کی نعمتو پر اترانا اور خدا کے دئے پر فخر کرنا اور بندگان خدا پر بڑائی کرنا اور خدا کے سوا باتو نمین اتباع ہوا کرنا۔

(۵۵۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بہشت اور دوزخ مین جھگڑا ہوا دوزخ نے کہا مجھمین زبردست اور گھمنڈ والے لوگ داخل ہونگے۔ بہشت نے کہا مجھمین کمزور اور محتاج لوگ داخل ہونگے اللہ تعالیٰ نے بہشت سے فرمایا تو میری رحمت ہے مین جسپر چاہونگا تجھسے مہربانی کرونگا پھر دوزخ سے فرمایا تو میرا عذاب ہے جسکو چاہونگا تجھسے اوسکی سزا کرونگا اور تم دونون ہی کو بھردونگا۔

Marfat.com

(۵۶۰) عبدالرحمن نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کجرفتار نہ تھے اور نہ آثار عبادت یعنے ضعف وغیرہ ظاہر کرتے تھے اور اپنی مجلسون مین اشعار پڑھا کرتے اور زمانہ جاہلیت کے اپنے قصے بولا کرتے پھر جب اون مین کسیکو خدا کے کسی کام مین طلب کیا جاتا تو اوسکے آنکھو نمین حلقے اسطرح گھومتے جیسے کوئی مجنون ہو۔

(۵۶۱) ابوہریرہ نے فرمایا ایک شخص نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا وہ کچھ خوبصورت آدمی تھا آکر عرض کیا مجھے خوبصورتی پسند ہے اور میری حالت تو حضور دیکھ ہی رہے ہین مجھے اتنا بھی منظور نہین کہ کوئی جوتی کے تسمے مین یا کہا سُرخ تسمے تک مین مجسے بڑھ جاوے کیا یہہ گھمنڈ کی بات ہے فرمایا نہین گھمنڈ یہ ہے کہ کوئی حق بات کو ٹال دے اور لوگونکو ناچیز سمجھے۔

(۵۶۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا گھمنڈ والے لوگ قیامت کیدن چونٹیون کی صورت مین اوٹھائے جائینگے ہر طرف سے ذلت اونکو ڈھانکے ہوئی ہوگی **بولس** نام دوزخ کے قیدخانہ مین وہ ہنکا دئے جائینگے آگونکی جلن اونپر سوار ہوگی اور طینۃ الخبال یعنے دوزخیونکا نچوڑ پلائے جائینگے۔

ظلم کا بدلہ

باب

(۵۶۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عایشہ سے فرمایا تو اپنی طرف سے جواب دے۔

(۵۶۴) حضرت عایشہ نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات نے حضرت بی بی فاطمہ کو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بھیجا اونہون نے آکر پکارا وسوقت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عایشہ کے ساتھ ایک ہی چادر مین تھے آپ نے حضرت فاطمہ کو بلا لیا آپ اندر آئین اور عرض کیا آپ کی ازواج نے مجھے بھیجا ہے وہ ابوقحافہ کی بیٹی کے بارہمین آپ سے عدل کا سوال کرتی ہین۔

Marfat.com

آپ نے فرمایا بیٹی جو مین چاہون وہی تو بھی چاہتی ہے نہ عرض کیا ہان فرمایا اچھا
تو اس (حضرت عایشہ) سے محبت کر پس حضرت فاطمہ اوٹھین اور وہان سے چلی گیئن
اور اون لوگونسے جاکر قصہ بیان کیا اونلوگون نے کہا تمنے ہمارا کچھ کام نہین کیا
پھر جاؤ بی بی فاطمہ نے فرمایا قسم خدا کی عایشہ کے بارے مین مین آنحضرت سے
کچھ نہین بولونگی تب اون لوگون نے حضرت ام المومنین بی بی زینب کو بھیجا
اوٹھون نے آکر پکارا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اونکو اندر بلالیا زینب نے بھی
وہی بات آپ سے کہی اور مجھسے اوجھین اور برا بھلا کہنے لگین تب مین دیکھنے لگی
کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اجازت دیتے ہین یا نہین دیکھتے دیکھتے مین نے
سمجھا کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو میرا بدلہ لینا ناگوار نہ ہوگا تب مین بھی زینب
سے لپٹی پھر تو بلا توقف مین نے اونکو دبا ہی دیا اسپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسکرائے پھر فرمایا سمجھہ رکھہ یہ ابوبکر کی بیٹی ہے۔

قحط اور فاقہ مین ہمدردی کرنا ۲۵۳

(۵۶۵) ابوہریرہؓ نے فرمایا آخر زمانہ مین فاقہ کی نوبت ہوگی جنکو ایسا زمانہ
ملے وہ فاقہ کشون سے غفلت نکرے۔

(۵۶۶) ابوہریرہؓ نے فرمایا انصار مدینہ نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
عرض کیا ہم انصار لوگ اور میرے بھائی مہاجرین کے درمیان کھجور بنونکو بانٹ
دیجئے فرمایا نہین تب اونھون نے مہاجرین سے کہا تملوگ خرچ اور محنت اپنے ذمہ
کرو ہملوگ خرمون مین تمہین شریک کرلین مہاجرین نے کہا اِسکو مانتے ہین۔

(۵۶۷) حضرت عمر کے زمانہ مین ایک سال سخت تکلیف کا قحط ہوا وہ سال عام
رمادہ کے نام سے مشہور ہے عبداللہ بن عمرؓ نے فرمایا اوس سال حضرت
عمر نے آباد اور سیراب ملکونسے عرب کو اونٹ اور گیہون اور زیتون سے اسقدر
مدد پہونچائی کہ تمام ملک خالی ہوگیا تب حضرت عمر کھڑے ہوکر دعا کرنے لگے

Marfat.com

اللھم اجعل رزقھم علی روس الجبال یا اللہ انکی روزی پہاڑون کی چوٹیون پر کردے اللہ تعالےٰ نے حضرت عمر کی اور مسلمانون کی دعا قبول فرمائی پھر جب پانی برساتب حضرت عمر نے فرمایا الحمد للہ قسم خدا کی اگر اللہ تعالےٰ اس مصیبت کو دفع نہ کرتا تو جتنے گھر مسلمانونکے اہل فراعت کے ہین ہر گھر مین اونکی اپنی تعداد کے برابر فقیرونکو مین شامل کر دیتا کیونکہ ایک آدمی کی قدر کفایت کھانے مین دو آدمی ہلاک نہوتے۔

(۵۶۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک سال فرمایا تیسرے دن کے بعد ایسا نہو کہ کسی کے گھر مین قربانی کا گوشت بچا ہوا رہے پھر سال آیندہ مین صحابہ نے پوچھا یارسول اللہ اس سال بھی گذشتہ سال کیطرح کرنا ہوگا فرمایا کھاؤ اور بچاؤ بھی پارسال تو لوگ تکلیف مین تھے اس لئے میرا قصد ہوا کہ اونکی مدد کردو۔

تجربے ۲۵۴

(۵۶۹) عروہؓ نے فرمایا مین امیر معاویہ کے پاس بیٹھا تھا وہ اپنے آپ کچھ بولے پھر چونکے اور کہا تجربہ ہی والا دانشمند ہوا کرتا ہے اس کلمہ کو تین بار فرمایا۔

(۵۷۰) سعید نے فرمایا دانشمند وہی ہے جسنے ٹھوکر کھائی ہو اور حکیم وہی ہے جسے تجربہ ہوا ہو۔

(۵۷۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ حدیث سابق۔

مسلمان بھای کو کھانا کھلانا۔ ۲۵۵

(۵۷۲) حضرت علی نے فرمایا ایک صاع دو صاع کھانے پر چند بھائیونکو مجتمع کرنا مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ بازار مین جاکر ایک غلام آزاد کرون۔

Marfat.com

جاہلیت کی قسم۔

۲۵۶

(۵۷۳) عبداللہ بن مسعود نے کہا مین اپنے چچاؤنکے ساتھ معاہدہ مطیبین[۹۱] مین موجود تھا سُرخ اونٹ لیکر بھی مجھے اوس قسم کا توڑنا پسند نہین۔

بھائی چارہ

۲۵۷

(۵۷۴) انس نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابن مسعود اور زبیر کے درمیان بھائی چارہ کر دیا۔

(۵۷۵) انس نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قریش (مکہ) اور انصار (مدینہ) کے درمیان میرے مکانمین جو مدینہ مین ہے معاہدہ کرا دیا۔

اسلام مین حلف نہین

۲۵۸

(۵۷۶) شعیب کے باپ نے کہا جس سال مکہ فتح ہوا نبی صلے اللہ وآلہ وسلم کعبہ کی سیڑھی پر بیٹھے پھر اوسی پر بیٹھے ہوئے خدا کی حمد وثنا کی پھر فرمایا جاہلیت کی قول قسم کو اسلام نے اور بھی زیادہ[۹۲] مظبوط کر دیا اور مکہ فتح ہونیکے بعد ہجرت باقی نہین۔

بارش کا پہلا پانی

۲۵۹

(۵۷۷) انس نے کہا ہملوگ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے کہ پانی برسنے لگا آپ نے اپنے اوپر سے کپڑا ہٹا دیا ہملوگون نے عرض کیا حضور نے یہ کیون کیا فرمایا اسواسطے کہ یہ (پانی) ابھی اپنے پروردگار کے پاس سے آیا ہے۔

بکری برکت کی چیز ہے

۲۶۰

(۵۷۸) حمید بن مالک نے کہا عقیق مین حضرت ابوہریرہ کی جو زمین ہے وہین

Marfat.com

مین ابوہریرہ کے ساتھ بیٹھا تھا کہ اونکے یہان جانورون پر سوار مدینے کے لوگ آئے
اور جانورون سے اوترے ابوہریرہ نے مجھسے کہا میری مان کے یہان جا اور کہہ
آپکی بیٹی نے آپکو سلام کہا ہے اور کچھ کھانیکو مانگا ہے اونھون نے جو کی تین
روٹیان اور کچھ روغن زیتون اور نمک ایک سینی مین دیا مین اوسے اپنے سر پر رکھکر
اون لوگون کے پاس لایا جب اونکے سامنے رکھا ابوہریرہ نے کہا اللہ اکبر خدا کا
شکر ہے جس نے مجھے بھر پیٹ روٹی کھلائی اک زمانہ ہمپر لوگون پر ایسا گذر گیا ہے
کہ کھجور اور پانی کے سوا کچھ کھانیکو میسر نہ تھا (حمید نے کہا) اون لوگون نے کھانا کچھ
نہین کھایا جب وہ لوگ پھر گئے ابوہریرہ نے کہا میری بھتیجی اپنی بکریون کو اچھی
طرح رکھا کرو اور سکے ناک کا پانی پونچھہ دیا کرو اوسکے رہنے کی جگہہ صاف کھوا اوسکے
آس پاس نماز پڑہلیا کرو کیونکہ یہہ بہشتی جانور ہے قسم ہے اوس ذات پاک کی جسکے
ہاتھہ مین میری جان ہے ایک زمانہ ایسا آویگا کہ بکری کا گلہ اپنے مالک کو مروان کے گھر
سے بھی زیادہ پیارا ہوگا۔

(۵۷۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا گھر مین ایک بکری ایک برکت ہے
اور دو بکریان دو برکتین ہین اور تین بکریان تین برکتین۔

اونٹ اونٹ والے کی عزت کا باعث ہے ۲۶۱

(۵۸۰) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کفر کا سر اپورب طرف ہے
اور فخر اور شیخی گھوڑے اور اونٹ والون مین ہے اور جو پشمینہ والے لوگ (اونٹ
بیل وغیرہ کے پیچھے) چلایا کرتے ہین اونمین ہے اور تسکین (کی بات) بکری والونمین ہے

(۵۸۱) ابن عباس نے کہا مجھے کتے اور بکریون پر تعجب ہوتا ہے کہ بکریان سال
مین کتنی توذبح کیجاتی ہین اور کتنی (نذر قربانی وغیرہ کے لیے) بیت اللہ بھیجی جاتی ہین
پھر بھی بکریان کتون سے زیادہ ہی ہین باوجودیکہ کتیا بچے بھی بہت بہت جنتی ہے +

(۵۸۲) ابوظبیان نے کہا مجھے حضرت عمر نے پوچھا بیت المال سے سالانہ تم مین

Marfat.com

کیا ملتا ہے عرض کیا دو ہزار پانچ سو فرمایا ابو طبیان قبل اسکے کہ قریشی چھوکرونکی حکومت ہو کہیت اور مویشی حاصل کرو انلوگون کے وقت مین بیت المال کا مقررہ مال (کم ملنی کی وجہ سی) کچھہ مال نہین سمجھا جائیگا -

(۵۸۳) عبدہ بن حزن نے کہا اونٹ اور بکری والے آپس مین فخر کرنے لگے اسپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا موسی پیغمبر بکری چراتے تھے اور داؤد پیغمبر بکری چراتے تھے مین خود پیغمبر ہوا مین بھی اجیاد مین اپنے لوگونکی بکریان چراتا تھا +

بادیہ نشینی مقام کا نام ہی - ۱۲ ۲۶۲

(۵۸۴) ابو ہریرہ نے کہا گناہ کبیرہ سات ہین سب سے پہلے خدا کا شریک ٹھہرانا اور جان مارنا اور پاک دامن عورت کو زنا کی تہمت دینا اور ہجرت کرکے پھر دیہات مین چلا جانا +

دیہات کی سکونت ۲۶۳

(۵۸۵) ثوبان نے کہا مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دیہات مین مست رہو دیہات مین رہنا قبر مین رہنا ہے -

(۵۸۶) وہی پہلی حدیث -

پن بہہ تک میدان مین نکلنا ۲۶۴

(۵۸۷) شریح نے کہا مینے حضرت عایشہ سے میدان مین نکلنے کو پوچھا کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلتے تھے فرمایا ان سب پن بہہ تک نکلا کرتے تھے یعنی شہر کی انتہا تک

(۵۸۸) عمرو بن وہب نے کہا مینے محمد بن عبد اللہ بن اسید کو دیکھا جب وہ احرام باندھے ہوئے جانور پر سوار ہوتے تو موٹھے سے کپڑا اوتار کر ران پر رکھہ لیتے مینے پوچھا یہہ کیا بولے مینے عبد اللہ کو ایسا ہی کرتے دیکھا ہے -

اخلاق سیکھنے کو ہے باس مینھی مگر کسیکا راز فاش نکری ۲۶۵

لہ یعنی ضرور تمورہ کے لئی تاکہ التزام و انتظام ہوگا وہ ہوگی تو دیہات الیا کا قرار نہی ہوگا ۱۲

لہ یعنی پھوپھا ہیں ۱۲

لہ مرد دومرد را احمق کند عقل بزرگ نورد بیک رونق کند ۱۲ ابو محمد ابراہیم

لہ یہ لفظ "تلاع" ہی تلاع اوس جگہ کو کہتے ہین جہان اوپر سے پانی کو پانی بھاتا ہے جیسے بارش کا پانی

لہ یعنی اسی مضمون کو تعبیر کرکے سوار ہوکر یعنی بکر کو جاتا ہون ۱۲

Marfat.com

(۵۸۹) عبداللہ بن عبدالرحمٰن ابن عبدالقاری نے کہا حضرت عمر اور ایک انصاری دونون بیٹھے ہوے تھے اتنے مین عبدالرحمٰن ابن عبدالقاری بھی آکر وہین بیٹھ گئے تب حضرت عمر نے کہا ہمین ایسا شخص پسند نہین جو میری بات ادہر ادہر کرے۔ عبدالرحمٰن نے عرض کیا۔ امیرالمومنین[۱] مین تو اون لوگون کے نزدیک بیٹھتا ہی نہین حضرت عمر نے فرمایا ہان یہان بھی بیٹھو وہان بھی بیٹھو مگر میری بات مت پہونچاؤ پھر انصاری سے فرمایا تمہاری دانست مین لوگ کسکو کہتے ہین کہ میرے بعد خلیفہ ہوگا انصاری نے کئی آدمیونکو مہاجرین مین سے شمار کیا حضرت علی کا نام نہین لیا تب حضرت عمر بولے ابوالحسن[۱] سے یہ لوگ کیون غافل ہین خدا کی قسم وہ تو ان سب سے زیادہ اس قابل ہین کہ اگر وہ انکے حاکم ہون تو اونکو ٹھیک طریقہ پر قایم رکھین۔

کاون مین آہستگی۔ ۲۶۶

(۵۹۰) حسن نے کہا ایک شخص ایک بیٹا اور مولا[۲] چھوڑ کر مر گیا اور بیٹے کے حق مین اپنے مولا سے وصیت کر دی اونھون نے لڑکے کے واسطے کچھ کوتاہی نہین کی یہانتک کہ لڑکا سیانا ہوا اوسکی شادی بھی کر دی پھر لڑکے نے مولا سے کہا مجھے (سفر کا) سامان کر دو کہ کچھ علم حاصل کرون اوسنے اسکا سامان بھی کر دیا تب وہ ایک عالم کے پاس آکر کچھ پوچھنے لگا مولوی صاحب نے فرمایا جب تمہارا جانیکا ارادہ ہو تو مجھے کہنا تمھین بتا دونگا پھر اوسنے عرض کیا میرے جانیکا وقت آگیا اب بتا دیجیے فرمایا خدا[۱] سے ڈر اور صبر کر اور جلدی[۲] مت کر حسن[۱] وی کہتے ہین اتنی ہی بات مین ساری بھلائی ہے پھر وہ لڑکا چلا آیا اور تین ہی بات تو تھی بھولنے کیون لگا تھا جب اپنے یہان آکر اپنے گھر پہونچا کیا دیکھتا ہے کہ اوسکی جورو کے قریب ہی علیحدہ ایک شخص سو یا ہوا ہے اور عورت بھی سو رہی ہے کہنے لگا خدا کی قسم مین کیا چاہتا ہون مجھ سے اسکے بارے مین کیا انتظار ہے اپنی سواری والی اونٹ کے پاس پھر آیا پھر جیسے تلوا لینا چاہا کہنے لگا خدا سے ڈر اور صبر کر اور جلدی مت کر پھر پھر آیا پھر جب اوسکے سر ہانے

Marfat.com

کھڑا ہوا کہنے لگا اس بارے مین ہم کسی بات کا انتظار نکرینگے پھر اونٹ کے پاس آیا
پہچانے ہی تلوار لینا چاہا ہے کہ اوس بات کو یاد کر کے پھر پھر آیا پھر جو اوسکے سرہانے
کھڑا ہوا تب وہ شخص جاگ اوٹھا اور اوسکو دیکھتے ہی لپک کر گلے سے لگا لیا اور بوسہ
لیا اور حال پوچھنے لگا کہا کہ تمنے میرے بعد (یعنی یہان سے جاکے) کیا حاصل کیا
لڑکے نے کہا قسم خدا کی تمھارے بعد ہمین نہایت ہی اچھی بات حاصل ہوئی قسم
خدا کی تمھارے بعد ہمنے یہی حاصل کیا کہ اس رات مین تلوار اور تمھارے سر کے
درمیان تین بار مین آیا گیا بس وہی جو علم مینے حاصل کیا ہے اوسی نے تمھارے
قتل سے مجھے روک رکھا۔

پہ جہان تلوار تھی وہان کی تہاری خوابگاہ تک ۱۲ سہ یہ باب مکرر ہے ۱۲ منہ

کامونمین آہستگی ۲۶۷

(۵۹۱) اشج عبدالقیس نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تیری دو بات
خدا کو (بہت) پسند ہے مینے عرض کیا وہ کون دو یا رسول اللہ۔ فرمایا۔ بردباری
اور شرم مینے عرض کیا قدیمی ہے یا نئی پیدا ہوئی ہے فرمایا قدیمی ہے مینے
کہا خدا کا شکر ہے جسنے میری خلقت مین ایسی دو بات پیدا کی ہے جو اُسے پسند ہین۔

(۵۹۲) وہی حدیث اسمین بجاے حیا آہستگی کا ذکر ہے۔

(۵۹۳) ایضاً۔

(۵۹۴) مزیدہ عبدی نے کہا اشج آہستگی سے آئے یہان تک کہ نبی صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم کا (مبارک) ہاتھ پکڑ کر چوما پھر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جان رکھو تمہاری دو عادت خدا اور خدا کے رسول کو پسند ہے عرض کیا
اوسی پر میری خلقت ہوئی ہے یا وہ میرے ساتھ پیدا کر دیگئی ہین فرمایا اوسی پر
تیری خلقت ہوئی ہے کہا شکر خدا کا جسنے میری خلقت ایسی بات پر کی جو خدا اور
اوسکے رسول کو پسند ہے

سرکشی ۲۶۸

Marfat.com

(۵۹۵) ابن عباس نے فرمایا اگر کوئی پہاڑ کسی پہاڑ پر ظلم کریگا تو ظالم پہاڑ چور چور کر دیا جائیگا۔

(۵۹۶) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بہشت اور دوزخ سے آپس مین حجت ہوئی دوزخ نے کہا مجھ مین شیخی باز زبردستی کرنیوالے لوگ داخل ہونگے اور بہشت نے کہا مجھ مین تو کمزور اور مسکینون کے سوا کوئی آدمی ہی گا نہین اللہ تعالی نے دوزخ سے فرمایا تو میرا عذاب ہے تجھ سے ہم جسکی چاہینگے سزا کرینگے اور بہشت سے فرمایا تو میری رحمت ہے تجھ سے ہم جسپر چاہینگے مہربانی کرینگے

(۵۹۷) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تین شخصون سے کچھ نہین پوچھا جائیگا جو شخص مسلمانون کی جماعت سے الگ ہوگیا اور اپنے امام کی نافرمانی کی اور نافرمانی ہی مین مرگیا اوس سے کچھ نہین پوچھا جائیگا اور جو لونڈی یا غلام اپنے مالک کے پاس سے بھاگ گیا اور جس عورت کا شوہر غایب ہے مگر اوسکی دنیاوی ضرورت (نفقہ وغیرہ) کا بندوبست کردیا ہے پھر وہ اوسکے پیچھے مین لوگون کے دیکھانیکو آرایش کرتی ہے اور ادہر اودہر چلتی پھرتی ہے اور بھی تین شخص ہین جن سے کچھ نہین پوچھا جائیگا جس شخص نے خدا کی چادر (یعنی) بڑای اور خدا کا تہمد (یعنی) عزت کے بارے مین خدا سے جھگڑا کیا اور جس شخص نے خدا کی بات مین شک کیا۔ اور تیسرے خدا کی رحمت سے ناامید ہونیوالا

(۵۹۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہر گناہ کے عذاب مین جسقدر تاخیر خدا چاہے غایت قیامت تک تاخیر ہوتی ہے مگر ظلم اور ماں باپ کی نافرمانی یا ناتا کاٹنا ان گناہونکا بدلہ مرنیکے پہلے پہلے دنیا ہی مین ہوجاتا ہے۔

(۵۹۹) ابوہریرہ نے کہا تملوگ مین کوئی آدمی اپنے بھای کی آنکھ کا تنکا تو دیکھ لیتا ہے اور اپنے آنکھ کی رسی بھولا ہوا ہے۔

(۶۰۰) معاویہ ابن قرہ نے کہا مین معقل مزنی کے ساتھ تھا اونھون نے راہ سے کوئی تکلیف کی چیز ہٹادی پھر کہنے کچھ تکلیف کی چیز پڑی ہوی دیکھی؟ - تو ہمنے جلدی کرکے

Marfat.com

اون سے پہلے پھیکدیا تب اونھون نے پوچھا بھتیجے تمنے یہ کام کیون کیا مینے عرض کیا
آپکو کرتے ہوئے دیکھا تو مینے بھی کیا فرمایا بھتیجے خوب کیا ہمنے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم سے سُنا ہے جو شخص مسلمانون کے رستے سے تکلیف کی چیز ہٹا دیتا ہے
اوسکے واسطے ایک نیکی لکھی جاتی ہے اور جسکی ایک نیکی بھی مقبول ہوئی وہ بہشت مین داخل ہوگا

تحفہ قبول کرنا۔ ۲۶۹

باب

(۶۰۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آپس مین تحفہ کا لین دین کیا کرو
سب دوست ہوجاوگے۔

(۶۰۲) انس کہا کرتے میری بیٹیو آپسمین لین دین کیا کرو اس سے آپس کی محبت بڑھیگی۔

لوگونکے ناخوش ہوجانیسے ہدیہ قبول نکرنا۔ ۲۷۰

باب

(۶۰۳) ابوہریرہ نے کہا قبیلہ نبی فزارہ کے ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم کو ایک اونٹ تحفہ دیا آپ نے جو اوسکا عوض یا وہ شخص نہایت
ناخوش ہوا تب ہمنے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنا آپ ممبر پر فرمارہے تھے
اونلوگون مین سے کوئی شخص مجھے تحفہ دیتا ہے پھر مجھپہ میرے پاس ہوتا ہے اوس
اندازسے ہم اوسکا بدلہ دیتے ہین تو وہ ناخوش ہوتا ہے قسم خدا کی سوائے قبیلہ قریش
یا جماعت انصار یا قبیلہ ثقیف یا قبیلہ دوس کے اس سال کے بعد ہم عرب کے
کسی شخص کا تحفہ قبول نہین کرینگے۔

۲۷۱ شرم

(۶۰۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگلے انبیا کی باتون مین سے لوگونکو
ایک یہ بات بھی ملگئی ہے کہ جب تو نی شرم اوٹھادی تو جو چاہ سو کر

(۶۰۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایمان ساٹھ اور کئی شاخین ہین یا

Marfat.com

فرمایا ایمان ستر اور کئی شاخین ہین سب سے بھاری شاخ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہی اور سب سے ہلکی شاخ راہ سے تکلیف کی چیزین ہٹا دینا ہے اور شرم بھی ایمان کی ایک شاخ ہے +

(۶۰۶) ابو سعید نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پردے والی کنواری عورت سے بھی زیادہ شرمناک تھے اور جب آپکو کوئی بات ناگوار ہوتی تو ہملوگ آپکے چہرے سے سمجھ جاتے۔

(۶۰۷) حضرت عثمان اور حضرت عایشہ نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عایشہ کے بچھاون پر اونہین کا کمل اوڑھے ہوئے لیٹے تھے کہ حضرت ابو بکر نے آنیکی اجازت چاہی آپ نے اجازت دی اور اوسیطرح لیٹے رہے حضرت ابو بکر ضرورت سے فارغ ہوکر چلے گئے پھر حضرت عمر نے اجازت چاہی آپنے اونکو بھی اجازت دی اور اوسیطرح لیٹے رہے اونھون نے بھی اپنا کام کیا اور چلے گئے حضرت عثمان کا بیان ہے پھر مینے اجازت چاہی تو آپ بیٹھ گئے اور حضرت عایشہ سے فرمایا اپنا کپڑا اچھی طرح سمیٹ لو پھر ہم بھی کام سے فارغ ہوکر چلے گئے تب حضرت عایشہ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپکو جیسی گھبراہٹ عثمان کے آنے سے ہوئی حضرت ابو بکر اور عمر کے آنے سے ویسی گھبراہٹ ہوتے نہین دیکھا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عثمان نہایت شرمناک آدمی ہے مجھے کھٹکا ہوا کہ مین اگر اوسی حال سے اونسے ملونگا تو وہ اپنی حاجت پیش نکر سکینگے۔

(۶۰۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حیا جس بات مین ہوگی اوسکو زینت ہی ہوگی اور بے حیائی جس بات مین ہوگی اوسمین خرابی ہی ہوگی۔

(۶۰۹) ابن عمر نے کہا ایک شخص اپنے (شرماؤ) بھائی کو شرمانیکے بارے مین نصیحت کر رہا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اودھر سے گذرے آپ نے فرمایا اوسے چھوڑدے شرمانا تو ایمان کی بات ہے۔

(۶۱۰) ابن عمر نے کہا ایک شخص اپنے (ایک شرماؤ) بھائی پر شرمانے کے بارے مین خفا ہو رہا تھا یہانتک کہ گویا کہہ رہا تھا کہ مین تجھے مارونگا نبی صلے اللہ علیہ

Marfat.com

واٰلہ وسلم ادھر سے گذرے تو آپ نے فرمایا اوسے چھوڑ دے مشرمانا تو ایمان کی بات ہے

(۶۱۱) عایشہ نے کہا نبی صلے اللہ علیہ واٰلہ وسلم میرے مکان مین اپنی دونون ران یا پھلی کھولے ہوے لیٹے ہوے تھے اتنے مین ابوبکر نے اجازت چاہی آپ نے اونکو اجازت دی اور اوسیطرح لیٹے رہے اور اون سے کچھ باتین کین پھر حضرت عمر نے اجازت چاہی آپ نے اونکو اوسی حالت سے اجازت دی پھر اون سے باتین کین پھر حضرت عثمان نے اجازت چاہی تب نبی صلے اللہ علیہ واٰلہ وسلم بیٹھ گئے اور کپڑا برابر کرلیا محمد راوی کہتے ہین مین یہہ نہین کہتا کہ یہہ ایک ہی دن کے واقعات ہین پھر حضرت عثمان اندر آئے پھر باتین کین پھر جب وہ چلے گئے مینے عرض کیا یارسول اللہ ابوبکر آئے تو آپ نے نہ تو اون سے کچھ تپاک کیا نہ اونکی پروا کی پھر عمر آئے تو بھی آپ نے نہ اون سے تپاک کیا نہ اونکی پروا کی پھر جو عثمان آئے تو آپ بیٹھ گئے اور اپنا کپڑا برابر کرلیا آپ نے فرمایا جس شخص سے فرشتے شرماتے ہین ہم اس سے شرم نہ کرین -

۲۷۲ صبحکو اوٹھکر کیا کہے

(۶۱۲) ابوہریرہ رض نے کہا جب صبح ہوتی نبی صلے اللہ علیہ واٰلہ وسلم فرماتے اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ہمین صبح ہوئی اور ساری ملک کو صبح ہوئی اور تعریف خدا ہی کو ہے اوسکا شریک نہین اللہ کے سوا معبود نہین اور اوسیکی طرف اکٹھا ہونا ہی - اور جب شام ہوتی فرماتے اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ وَالْحَمْدُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ہمین شام ہوئی اور ساری ملک کو شام ہوے اور تعریف سب خدا ہی کو ہی اوسکا شریک نہین اللہ کے سوا معبود نہین اور اسیکے طرف پھر جانا ہے

۲۷۳

(۶۱۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خود بزرگ بزرگ ہی کے بیٹے اور وہ

Marfat.com

بھی بزرگ ہی کے بیٹے اور وہ بھی بزرگ کے بیٹے۔ یوسف یعقوب کے بیٹے وہ اسحاق کے بیٹے وہ ابراہیم خلیل الرحمن کے بیٹے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جتنے دن یوسف قید خانہ مین رہے اگر اُتنا مجھے رہنے کا اتفاق ہوتا پھر مجھکو کوئی بلانے آتا تو مین چلا ہی جاتا یوسف کی پاس جو (بادشاہ کا) قاصد آیا تو اُنہون نے کہا اپنے سردار کی پہان پھر جا اور درخواست کر (کہ تحقیقات کری) کہ جن عورتون نے اپنے اپنے ہاتھ کاتے تھے اُنکا کیا ماجرا ہی اور لوط (پیغمبر) پر خدا کی رحمت ہو وہ مضبوط کنبے کیطرف اپنا ٹھکانا چاہتے تھے اپنی قوم سے فرمانے لگے کاش خود مجھے تمھاری مقابلہ کی قوت ہوتی یا مضبوط کنبے مین میرا ٹھکانا ہوتا۔ اُنکے بعد سے جو پیغمبر بھیجے گئے بھاری اور مضبوط قوم والے بھیجے گئے۔

خلوص والی دعا ۲۷۴

(۶۱۵) عبدالرحمن بن یزید نے کہا ربیع جمعہ کے دن علقمہ کے پاس آیا کرتے پھر اگر مین وہان نہین ہوتا مجھے وہ لوگ بلوا بھیجتے چنانچہ ایک دفعہ آئے اور مین وہان نہین تھا پھر مجھ سے علقمہ ملے اور کہنے لگے دیکھو تو ربیع کیا (بات) لائے ہین کہتے ہین تم دیکھتے نہین لوگ کسقدر دعا کرتے ہین اور کتنی کم قبول ہوتی ہی اسکا سبب یہ ہی کہ اللہ تعالیٰ خالص ہی دعا کو قبول فرماتا ہی مین نے کہا کیا عبداللہ (ابن مسعود) نہین یہ کہتے تھے علقمہ نے کہا عبداللہ نے کیا کہا ہی مینے کہا عبداللہ نے کہا ہی کہ اللہ تعالیٰ سننیوالی کی دعا دکھانیوالی کی دعا کھیل کی دعا نہین سنتا ہی مگر جو دعا ٹھیک دل سی ہوتی ہی (اُسکو اللہ ضرور سنتا ہی) راوی نے پوچھا تب علقمہ کیا آگیا کہا ہان۔ دعا مین خدا سے قبول ہی چاہے خدا پر کوئی بات جبر نہین ہے۔

۲۷۵

(۶۱۶) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم مین جب کوئی دعا مانگے تو یون نہ کہے تو چاہی تو (دے) بلکہ دینا ہی لازم کری اور خوب رغبت جتاوی کیونکہ اللہ تعالیٰ جو کچھ دیدی اُسکو کچھ بڑی بات نہین ہے۔

(۶۱۷) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب کوئی تم مین دعا کرے تو دینا ہی لازم کرے یون نہ کہے اے اللہ تعالیٰ تو چاہے تو مجھے دے اسواسطے کہ اللہ پر کوئی بات جبر نہین ہے

دعا مین ہاتھ اُٹھانا ۲۷۶

(۶۱۸) وہب نے کہا ابن عمر اور ابن زبیر کو مین نے دعا مین منہ پر ہتھیلی پھیرتے دیکھا

(۶۱۹) عائشہ نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مین نے دیکھا ہاتھ اُٹھائے ہوئے دعا مین کہہ رہے تھے مین بھی آدمی ہی ہون مجھپر عذاب مت کر اگر کسی مسلمان کو مین ایذا دون یا بُرا کہدون

Marfat.com

تو اُسکے بارے مین مجھے عذاب نکر۔

(۶۲۰) ابو ہریرہ نے کہا طفیل بن عمر دوسی نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان حاضر ہوکر عرض کیا یا رسول اللہ قبیلہ دوس نہین اتنے ہین اور انکار کرتے ہین اُنکے حق مین بدعا فرمایئے بس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم قبلہ رُخ ہوگئے اور ہاتھ اُٹھایا لوگون نے سمجھا کہ آپ اُن لوگون کے حق مین بددعا فرمائینگے آپ نے دعا کی یا اللہ دوس کو ہدایت کر اور اونکو لا

(۶۲۱) انس نے کہا ایک سال پانی کا قحط ہوا بعض مسلمانون نے جمعہ کے دن نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کھڑے ہوکر عرض کیا یا رسول اللہ پانی بند ہوگیا ہے اور زمین پر تی پڑی ہوئی ہے اور مال ضائع ہوتا ہے بس آپ نے دونون ہاتھ اُٹھایا اور آسمان مین کہین بدلی کا پتہ نہ تھا۔ آپ نے اِسقدر دونون ہاتھ دراز فرمایا کہ مین نے آپ کے دونون بغل کی سفیدی دیکھ لی آپ (ہاتھ اونچا کرکے) پانی مانگنے لگے ہنوز ہملوگون نے جمعہ پڑھا بھی نہین تھا کہ اِسقدر پانی برسا کہ نزدیک مکان والے جوان آدمی کو گھر جانا دشوار ہوا پھر برابر جمعہ سے (پانی) ہوتا رہا جب دوسرا جمعہ آیا عرض کیا یا رسول اللہ مکانات گر گئے اور قافلے رُک گئے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آدمی کے جلد گھبرا اُٹھنے پر مسکرائے اور ہاتھ سے اشارہ کرکے فرمانے لگے۔ یا اللہ (اب) ہمارے اردگرد (برسے) (اب) ہمپر نہین بس بدلی مدینہ سے ہٹ گئی۔

(۶۲۲) باب کی دوسری حدیث۔

(۶۲۳) جابر بن عبداللہ نے کہا طفیل بن عمرو نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا آپ کے لیے دوس کا قلعہ اور وہان کا لشکر حاضر ہے مگر آپ کو منظور نہوا کیونکہ اِس نعمت کو اللہ تعالے نے انصار کے لیے ذخیرہ فرمایا تھا پھر طفیل ہی ہجرت کرکے چلے آئے اور اُنکے ساتھ انکی قوم کے ایک شخص نے ہجرت کی۔ پھر وہ شخص بیمار ہوا اور نہایت گھبرایا یا راوی نے اِسی مطلب کا دوسرا کوئی کلمہ کہا پھر کھسکتا ہوا ایک تیردان کے پاس پہونچکر ایک تیر کا پھل نکالا اور گردن کی دونون شہ رگ کو کاٹ ڈالا بس مرگیا پھر اُسکو طفیل نے خواب مین دیکھا پوچھا تیرے ساتھ کیا برتاؤ ہوا۔ کہا۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کیطرف ہجرت کرنے کی بدولت میری بخشایش ہوئی۔ پوچھا تیرے ہاتھ کا کیا حال ہے۔ کہا۔ اِس بارے مین یہ کہا گیا کہ جو خود تیرے

Marfat.com

ہاتھ نے بگاڑا وہ نہین ہم درست کرینگے - اِس قصہ کو طفیل نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین عرض کیا تو آپ نے فرمایا یا اللہ اُسکے دونون ہاتھون کو بھی بخش ہی دے -

(۶۲۲۴) انس نے کہا - رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اسطرح پناہ مانگتے -

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ + وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ
اے اللہ سستی سے تیری پناہ مانگتا ہون - اور نامردی سے تیری پناہ مانگتا ہون
وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَرَمِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ
اور بڑھاپے سے تیری پناہ مانگتا ہون - اور بخالت سے تیری پناہ مانگتا ہون +

(۶۲۲۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا - اللہ تعالے نے فرمایا ہے میرے بندہ کو جیسا گمان میرے ساتھہ ہو مین اُسی گمان کے پاس ہون اور جب مجھے پکارے مین اُسکے ساتھہ ہون -

باب ۲۷۷ سید الاستغفار

(۶۲۲۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا - سید الاستغفار یہ ہے -

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ
اے اللہ تو میرا رب ہے + تیرے سوا معبود نہین + تو نے مجھے پیدا کیا اور مین تیرا بندہ ہون
وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ
اور جہانتک مجھ سے ہوسکا تیرے عہد پر اور تیری وعدے پر قائم ہون تیری نعمتون کا مجھے اقرار ہے
وَاَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِیْ + فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ
اور مین تجھ سے اپنے گناہونکا اقرار کرتا ہون اب تو مجھے بخشدے کیونکہ گناہون کو تیرے سوا کوئی نہین بخشتا
اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ +
اپنے کئے کی برائی سے مین تیری پناہ مانگتا ہون

اگر کوئی اسے شام کو کہلے پھر مرجاوے وہ بہشت مین داخل ہوگا - یا فرمایا اہل بہشت سے ہوگا - اور اگر صبح کو کہلے اور اُسی دن مرجاوے تو بھی ویسے ہی فرمایا -

(۶۲۲۷) ابن عمر نے کہا - ہملوگ گنتے تھے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم -

ایک جلسہ مین سو دفعہ فرماتے - رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ +
اے میرے پروردگار مجھے بخشدے اور مجھپر رجوع کر بیشک تو بہت رجوع کرنیوالا مہربان ہے +

(۶۲۲۷) عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا - رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چاشت کی نماز پڑھی پھر فرمایا اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ
اے میرے اللہ تو مجھے بخشدے اور مجھپر متوجہ ہو تو بہت توجہ کرنیوالا مہربان ہے -

(۶۲۲۸) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا - سید الاستغفار یہ ہے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ الخ جو شخص یقین کے ساتھہ دنکو اسے کہلے پھر شام کے پہلے مرجاوے - وہ بہشتی ہوگا -

Marfat.com

اور رات کو یقین کے ساتھ کہلے پھر صبح کے پہلے مرجاے تو بہشتی ہوگا۔

(۶۲۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ خدا کی طرف توبہ کرو مین ہر روز سو بار توبہ کرتا ہون

(۶۳۰) کعب بن عجرہ نے کہا چند کلمے نماز کے بعد کہنے کے ہین اُنکا کہنے والا بے سوا نہین ہوگا۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ پاک ہے تعریف سب خدا کی ہے اور خدا کے سوا معبود نہین اور اللہ سب سے بڑا ہے

سو دفعہ (کہہ کیا کرے)

۲۷۸ پیٹھ پیچھے کی دعا

باب

(۶۳۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا غایب کے حق مین غائب کی دعا بہت جلد قبول ہو جاتی ہے۔

(۶۳۲) ابوبکرؓ صدیق نے فرمایا (جن دو شخصونمین محض خدا کے لئے بھائی چارہ ہو تو) ایک بھائی کی دعا دوسرے کے حق مین) قبول ہو ہی جاتی ہے۔

(۶۳۳) ابوزبیر نے کہا۔ درداحضرت ابو درداکی بیٹی صفوان کے نکاح مین تھین۔ صفوان کا بیان ہے کہ ہم شام مین اُنکے یہان آئے ام درداتو ملین ابو درداہنین ملے۔ ام درداتے پوچھا اس سال تم حج کا ارادہ رکھتے ہو۔ مین نے کہا ہان۔ بولین کہ اچھا ہمکو گون کے حق مین دعاے خیر کرنا۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے مسلمان بھائی کے حق مین مسلمان کی پیٹھ پیچھے کی دعا قبول ہی ہوتی ہے۔ دعا کرنیوالے کے سر کے قریب ایک فرشتہ تعینات ہوتا ہے جب وہ بھائی کے حق مین دعاے خیر کرتا ہے فرشتہ کہتا ہے آمین اور تجھے بھی یہ نصیب ہو صفوان کہتے ہین پھر بازار مین ابو درداسے ملاقات ہوئی اُنھون نے بھی ایسا ہی کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔

(۶۳۴) عبداللہ بن عمرو نے کہا۔ ایک شخص دعا کرنے لگا۔ اے اللہ بس اکیلے ہمکو اور محمدؐ (صلے اللہ علیہ والہ وسلم) کو بخشش دے۔ تب ہی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تو نے خدا کی بخشالیش کو بہت لوگون سے روک دیا۔

(۶۳۵) ابن عمر نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک جلسہ مین سو دفعہ استغفار کرتے ہوے

Marfat.com

مین نے سُنا ہے۔ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ
اے میرے رب مجھ بخشدے اور میری توبہ قبول کر اور پھر مہربانی کر تو بڑا ہی توبہ قبول کرنیوالا مہربان ہے۔

باب ۲۷۹

(۶۳۶) ابن عمرؓ نے فرمایا مین اپنی ہر بات مین دعا کیا کرتا ہون یہانتک کہ اللہ تعالےٰ میرے جانور کی چال مین کشادگی دیتا ہے جسکے دیکھنے سے مجھے مسرت ہوتی ہے۔

(۶۳۷) عمرو بن میمون نے کہا۔ حضرت عمر کی دعاؤن مین یہ دعا بھی تھی۔

اَللّٰھُمَّ تَوَفَّنِیْ مَعَ الْاَبْرَارِ وَلَا تَخْلُفْنِیْ فِی الْاَشْرَارِ وَاَلْحِقْنِیْ بِالْاَخْیَارِ
ای اللہ نیکوکارون کے ساتھ مجھے وفات دے اور بدون مین مجھے مت چھوڑ دے اور اچھون کے ساتھ مجھے لگا دے

(۶۳۸) شقیق نے کہا۔ عبداللہ اکثر یہ دعا کیا کرتے رَبَّنَا اَصْلِحْ بَیْنَنَا
ای ہماری رب ہمارے لوگون کے درمیان اصلاح کر

وَاھْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ وَاَصْرِفْ عَنَّا الْفَوَاحِشَ
اور سلامتی کی راہون کی ہمکو ہدایت کر اور ہمین تاریکی سے بچاکر روشنی مین پہونچا دے اور ظاہری اور باطنی برائیان

مَاظَھَرَ وَمَا بَطَنَ وَبَارِکْ لَنَا فِیْ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّیَّاتِنَا
ہمسے ٹال دے اور ہمارے کانون مین اور ہماری آنکھون مین اور ہمارے دلون مین اور ہماری جوڑون مین اور ہماری اولاد مین برکت دے

وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ وَاجْعَلْنَا شَاکِرِیْنَ لِنِعْمَتِکَ مُثْنِیْنَ بِھَا
اور ہمپر رجوع کر بیشک تو بڑا مہربان رجوع کرنیوالا ہے + اور ہمین اپنی نعمتون کا شکرگذار بنا دے کہ ہم اوسکے سبب سے (تیری)

قَائِلِیْنَ بِھَا وَاَتْمِمْھَا عَلَیْنَا +
ثنا کیا کرین ہم اوسکے قائل رہین اور ہمپر اپنی نعمتون کو تمام کردے +

(۶۳۹) ثابت نے کہا انس رضی اللہ عنہ جب کسی کے لیے دعا فرماتے تو کہتے اللہ تعالےٰ اُس شخص پر نیکوکارون کی رحمت نازل کرے جو لوگ ظالم اور بدکار نہین ہین راتون کو عبادت کیا کرتے ہین دن کو روزے رکھا کرتے ہین۔

(۶۴۰) عمرو بن حریث نے کہا میری ماں مجھے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین لیگئی آپ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور میرے لیے روزی کی دعا فرمائی۔

(۶۴۱) عبداللہ ردمی نے کہا انس نادیہ مین تھے لوگون نے اُنسے کہا کہ آپ کے بھائی لوگ بصرہ سے آپ کے یہان آئے ہین کہ آپ خدا سے اُنکے حق مین دعا فرمائیے اُنہون نے دعا کی اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ
اے خدا ہمکو بخشدے اور ہمپر رحم کر اور ہمین دنیا کی بھلائی نصیب کر اور آخرت کی بھلائی نصیب کر اور ہمکو دوزخ کی عذاب سے بچا اون لوگون نے اور چاہا اونھون نے پھر بھی دعا کی پھر کہا اگر تمکو یہ حاصل ہوجاوے تو دنیا اور آخرت کی بھلائی حاصل ہوجاوے۔

(۶۴۲) انس بن مالک نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شاخ لی اور اُسکو جھاڑا

Marfat.com

مگر اُسکا پتا نہین گرا پھر جھاڑا پھر نہین گرا - پھر جھاڑا پھر نہین گرا تب فرمایا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ گناہون کو اسطرح جھاڑ دیتے ہین جیسے درخت اپنا پتا جھاڑ دیتا ہے -

(۶۴۲) انس نے کہا ایک عورت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہو کر اپنی محتاجی کی یا کسی خاص حاجت کی شکایت کرنے لگی آپ نے فرمایا مین تجھے اس سے اچھی بات بتا دون سونے کے وقت لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ۳۳ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۴ بار کہہ لیا کر - یہ سو ہوئے یہ دنیا اور دنیا کی سب چیزون سے بہتر ہین اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا - جو شخص سو مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ اور سو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے تو وس غلام آزاد کرنے سے اور سات اونٹ قربانی کرنے سے بڑھکر اُسکے حق مین بہتر ہے پھر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین ایک شخص نے حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ کون دعا افضل ہے - فرمایا خدا سے معافی کی اور دنیا اور آخرت مین عافیت کی درخواست کی پھر وہ شخص دوسرے دن صبح کو حاضر ہوا پھر پوچھا یا نبی اللہ کون دعا افضل ہے فرمایا خدا سے معافی کی اور دنیا اور آخرت کی عافیت کی درخواست کر - جب تجھے دنیا اور آخرت کی عافیت نصیب ہوئی تیرا کام بن گیا -

(۶۴۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خدا کو سب کلام سے زیادہ یہ کلام پسند ہے - سُبْحَانَ اللّٰہِ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَلَا حَوْلَ (اللہ پاک سے اوسکا کوئی ساجھی نہین ملک اوسکا ہے اور ساری خوبیان اسکے لئے ہین اور وہ ہر چیز پر قادر ہے - اور حالت بدلدینا) وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ (اور روزی اللہ ہی کے ساتھ ہے - اللہ پاک ہے - اور سب تعریف اوسکے لئے ہے)

(۶۴۴) عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا - نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے مکان مین آئے اور مین نماز پڑھ رہی تھی اور آپ کو کچھ ضرورت تھی پھر مین نے دیر لگائی تو آپ نے فرمایا عائشہ مختصر اور جامع دعا کیا کر پھر جب مین فارغ ہوئی - عرض کیا یا رسول اللہ مختصر اور جامع دعا کیونکر فرمایا - یون کہا کر اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ عَاجِلِہٖ وَاٰجِلِہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ (یا اللہ مین تجھ سے ساری بھلائی مانگتی ہون حال کی اور آیندہ کی جو مین جانتی ہون اور جو مجھے نہین معلوم) وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الشَّرِّ کُلِّہٖ عَاجِلِہٖ وَاٰجِلِہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ (اور سب برائیون سے تیری پناہ مانگتی ہون حال کی اور آیندہ کی جو مین جانتی ہون اور جو مجھے نہین معلوم) وَاَسْاَلُکَ الْجَنَّۃَ وَمَا قَرَّبَ اِلَیْھَا مِنْ قَوْلٍ وَعَمَلٍ (اور تجھ سے بہشت مانگتی ہون اور جو قول و فعل بہشت سے نزدیک کردے) وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَیْھَا مِنْ قَوْلٍ وَعَمَلٍ (اور آگ سے تیری پناہ مانگتی ہون اور جو کام یا بات دوزخ سے نزدیک کردے) وَاَسْاَلُکَ مِمَّا سَاَلَکَ بِہٖ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (اور جو محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے تجھ سے مانگا وہی مین بھی مانگتی ہون) وَاَعُوْذُ بِکَ مِمَّا تَعَوَّذَ بِہٖ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (اور جس سے محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگی ہے مین بھی اوس سے تیری پناہ مانگتی ہون)

Marfat.com

وَمَا قَضَيْتَ لِيْ مِنْ قَضَاءٍ فَاجْعَلْ عَاقِبَتَهٗ رَشَدًا ۝

اور میرے واسطے جو حکم تو دے انجام اوسکا بہتر کر +

باب ۲۸۰ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود

(۶۴۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس مسلمان کو صدقہ (دینی کی وسعت) نہو اُسکو چاہیے کہ اپنی دعا مین یون کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

یا اللہ اپنے بندے اور اپنے پیغمبر محمد پر درود بھیج اور ایماندار مرد اور ایماندار عورتون پر اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتون پر رحمت نازل کر +

اُس شخص کو اسی مین صدقے کا ثواب ہے۔

(۶۴۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص اسطرح درود بھیجے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ ۝

یا اللہ محمد اور محمد کے آل پر درود بھیج جیسے تونے ابراہیم اور ابراہیم کے آل پر درود بھیجا ہے اور محمد پر اور اونکے آل پر برکت نازل کر جیسے ابراہیم اور ابراہیم کے آل پر برکت نازل کی ہے + اور محمد پر اور محمد کے آل پر مہربانی فرما جیسے ابراہیم اور ابراہیم کے آل پر مہربانی فرمائی ہے +

مین قیامت کے دن اُسکی شہادت کی گواہی دونگا اور اُسکی شفاعت بھی کرونگا۔

(۶۴۷) انس اور مالک بن اوس نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم رفع ضرورت کے لیے میدان کی طرف نکلے پھر کوئی ملا نہین کہ آپ کے ساتھ جاے پھر حضرت عمر آگئے تو وہی مٹی کا یا اور کوئی طہارت کا ظرف لیکر آپ کے ساتھ پیچھے چلے گئے کیا دیکھتے ہین کہ آپ ایک طرف راہ کے کنارے سجدے مین مشغول ہین بس عمر ہٹ کر آپ کے پیچھے بیٹھ گئے یہانتک کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا سر مبارک اُٹھایا پھر فرمایا عمر تو نے خوب کیا کہ مجھے سجدے مین دیکھکر کنارے ہوگیا میرے پاس جبرئیل آئے اور کہا کہ جو شخص آپ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اُسپر دس بار درود بھیجے گا اور اُسکے دس درجے بلند کریگا۔

(۶۴۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہمپر ایکبار درود بھیجے گا اللہ تعالے اُسپر دس بار درود بھیجے گا اور دس گناہ اُسکے مٹا دیگا۔

Marfat.com

(۶۴۸) حضرت جابر نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر چڑھنے لگے۔ جب پہلے زینے پر پاؤن رکھا فرمایا آمین پھر دوسرے زینے پر چڑھتے فرمایا آمین۔ پھر تیسرے زینے پر چڑھے فرمایا آمین۔ لوگون نے عرض کیا یارسول اللہ ہمنے آپ کو تین بار آمین فرماتے ہوے سُنا۔ فرمایا جب مین پہلے زینے پر چڑھا حضرت جبرئیل صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس آکر کہنے لگے جس شخص کو رمضان کا مہینا ملا بھی پھر گذر بھی گیا اور اُسکی بخشایش نہوئی وہ بے نصیب ہے مین نے کہا آمین۔ پھر جبرئیل نے کہا جس شخص کو اُسکے ماں باپ دونون یا کسی ایک کا زمانہ ملا اور اُن دونون کی بدولت یہ شخص بہشت مین نہ گیا وہ بے نصیب ہے مین نے کہا آمین۔ پھر کہا۔ جس شخص کے پاس آپ کا تذکرہ ہوا اور اُس نے آپ پر درود نہ بھیجا وہ بے نصیب ہے۔ مین نے کہا آمین۔

(۶۴۹) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو مجھپر ایک بار درود بھیجے خدا اُس پر دس بار درود بھیجے گا۔

(۶۵۰) ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر چڑھے پھر فرمایا آمین آمین آمین۔ لوگون نے عرض کیا یارسول اللہ ایسا تو حضور نہین کیا کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا مجھسے جبرئیل نے کہا اے آخر اول حدیث الباب بہ تغیر یسیر۔

(۶۵۱) ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا حضرت جویریہ[1] بنت الحارث کا نام برّہ تھا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پسند نہین ہوا کہ اِس نام کے ساتھ اُنکے یہان تشریف لیجائین تو آپ نے انکا نام بدلکر جویریہ نام رکھدیا آپ اُنکے یہان گئے پھر وہان سے نکل آئے پھر جب اچھی طرح دن چڑھا تو آپ پھر اُنکے یہان تشریف لیگئے اور وہ وہین پر بیٹھی ہوئی تھین آپ نے فرمایا تم برابر یہین بیٹھی رہین۔ ہمنے تمھارے بعد تین بار چار کلمات کہے ہین کہ تم اپنی ساری باتون کو وزن کرو تو تل جائین

(۶۵۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جہنم سے خدا کی پناہ طلب کرو عذاب قبر سے خدا کی پناہ مانگو مسیح دجال کے فتنہ سے خدا کی پناہ مانگا کرو جینے اور مرنے کے فتنہ سے خدا کی پناہ مانگو

Marfat.com

(۶۵۳) جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے اے اللہ میرا کان میری آنکھ درست رکھ اور اُن دونون کو میرا وارث بنا اور ہمپر جو کوئی ظلم کرے اُسکے مقابلے مین میری مدد کر اور میرا بدلہ اُس سے ہمکو دکھا دے۔

(۶۵۴) ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ یا اللہ میرے کان آنکھ سے ہمکو فائدہ اُٹھانے دے اور اُن دونون کو میرا وارث بنا اور دشمن کے مقابلے مین میری مدد کر اور میرا بدلہ اُس سے مجھے دکھا دے۔

(۶۵۵) ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہملوگ سویرے صبح کو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین آیا کرتے تو آپ کے یہان مرد آتے عورت آتی۔ کہتے کہ یارسول اللہ نماز پڑھون تو مین کیا دعا کرون آپ فرماتے کہو اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ (یا اللہ مجھے بخشدے۔ مجھپر رحم کر۔ مجھے ہدایت کر۔ مجھے روزی دے) اسمین تیری دنیا اور آخرت سب اکٹھے ہوگئی۔

(۶۵۶) اگلی حدیث

۲۸۳ درازی عمر کی دعا

(۶۵۷) ام قیس رضی اللہ عنہا نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُنکے حق مین دعا کی "اُسکی عمر دراز ہو" راوی کہتا ہے ہملوگ نہین جانتے کہ جسقدر اُنکی عمر ہوئی اور کسی عورت کی اسقدر عمر ہوئی ہو۔

(۶۵۸) انس نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے گھر تشریف لایا کرتے ایکدن تشریف لاے تو ہملوگون کے حق مین دعا فرمائی۔ اُم سلیم نے عرض کیا آپکا خادم (انس) اُسکے حق مین حضور دعا نہین فرماتے تو آپ نے دعا فرمائی "اے اللہ اُسکا مال زیادہ کر اُسکی اولاد زیادہ کر اُسکی عمر دراز کر اور اُسکو بخشدے" آپ نے میرے حق مین تین باتون کی دعا فرمائی۔ ایک سو تین تو مین دفن کر چکا ہون اور سال مین دوبار میرے (باغ وغیرہ مین) پھل آتے ہین اور میری زندگی اسقدر دراز ہوئی کہ مجکو لوگون سے شرم آنے لگی۔

۲۸۴ بندہ جلدی نکرے تو دعا قبول ہی ہوتی ہے

(۶۵۹) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ آدمی جلدی بازی سے یہ نکہے

Marfat.com

کہ مین نے دعا تو کی مگر قبول نہین ہوئی تو اُسکی دعا قبول کیجاتی ہے۔

(۶۶۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ جبتک آدمی گناہ کی یا ناتا کاٹنے کی دعا نکرے یا جلدی کرکے دعا کرنا چھوڑ نہ دے کہ ہمنے دعا تو کی مگر دیکھا ہون کہ قبول نہین ہوئی تو اُسکی دعا قبول ہی ہوتی ہے۔

۲۸۵ سستی سے خدا کی پناہ چاہنا

(۶۶۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا فرماتے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکَسَلِ وَ الْمَغْرَمِ - وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ
ای اللہ مین سستی سے اور دین سے تیری پناہ چاہتا ہون اور مسیح دجال کے فتنے سے تیری پناہ چاہتا ہون اور دوزخ کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہون

(۶۶۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم - جینے اور مرنے کی برائی سے اور عذاب قبر سے اور مسیح دجال کے فتنہ سے خدا کی پناہ چاہتے۔

۲۸۶ جو کوئی خدا سے سوال نکرے خدا اُس سے غصہ ہوتا ہے

(۶۶۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی خدا سے مانگتا نہین ہے خدا اُسپر غصہ ہوتا ہے۔

(۶۶۴) پہلی حدیث بتغیر یسیر۔

(۶۶۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خدا سے دعا کرو تو دنا ہی لازم کرو یون کوئی نہ کہے کہ تو چاہے تو دے کیونکہ اللہ پر کچھ دشوار نہین ہے۔

(۶۶۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص دن رات صبح اور شام کو تین تین بار بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ کہہ لیا کریگا اوسکو (اُسدن یا رات مین کوئی صدمہ نہین پہونچے گا) ہرادی کو فالج کا عارضہ ہوگیا تھا اُنکا شاگرد اُنکو دیکھنے لگا تو وہ سمجھ گئے پھر کہا کہ حدیث ایسی ہی ہے جو ہمنے تمسے بیان کیا مگر تقدیر آنہی جاری ہونیوالی تھی اِس سبب سے جسدن مجھے فالج ہوا ہے اُسدن مجھے اُس دعا کے پڑھنے کا اتفاق ہی نہین ہوا۔

۲۸۷ جہاد مین صف جنگ کے پاس دعا

(۶۶۷) سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا دو وقت آسمان کے دروازے کھلجاتے ہین۔

۱۲ من اللہ کے نام سے شروع کرتا ہون جسکے نام کے ساتھ کوئی چیز آسمان مین ہو یا زمین مین ضرر نہین کرسکتی اور وہ سننے والا جاننے والا ہے

Marfat.com

کسی دعا کرنیوالے کی دعا اسوقت کم نامقبول ہوتی ہے - جسوقت اذان ہوتی ہے اور جہاد مین صف جنگ کے وقت -

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی دعائین ۲۸۸

(۶۶۸) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا بھی فرماتے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ غِنَا وَغِنَا مَوْلَاہُ

(۶۶۹) اگلی حدیث

(۶۷۰) وکیع رضی اللہ عنہ نے فرمایا مین نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے کوئی دعا سکھا دیجیے جس سے مین نفع اُٹھاؤن آپ نے بتا دیا۔ اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَلِسَانِیْ وَ قَلْبِیْ وَشَرِّ مَنِیِّیْ - (یحیے کا اُستاد) وکیع راوی کہتا ہے منی کی بُرائی یعنے زنا اور بدکاری۔

(۶۷۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا بھی فرماتے اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَیَسِّرِ الْھُدٰی لِیْ +

(۶۷۲) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا بھی فرماتے رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَامْکُرْ لِیْ وَلَا تَمْکُرْ عَلَیَّ وَیَسِّرِ لِیَ الْھُدٰی وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ رَبِّ اجْعَلْنِیْ شَکَّارًا لَکَ ذَکَّارًا رَاھِبًا لَکَ مِطْوَاعًا لَکَ مُخْبِتًا لَکَ اَوَّاھًا مُنِیْبًا تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَاھْدِ قَلْبِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ قَلْبِیْ

(۶۷۳) معاویہ ابن ابی سفیان رضی اللہ عنہما نے - منبر پر یہ کلمات کہے اِنَّہٗ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعَ اللّٰہُ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر فرمایا مین نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے انھین لکڑیون پر یہ باتین سنین (یعنے اسی منبر پر)۔

(۶۷۴) امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی اگلی حدیث۔

(۶۷۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اسطرح کہو تو نہایت ہی مضبوط دعا ہے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُکَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

Marfat.com

لَآ اَنْتَ رَبِّ اغْفِرْلِیْ۔
بخشنے والا نہین۔ ای میرے پروردگار مجھے بخشدے +

(۶۷۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یون بھی دعا فرماتے اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ
یا اللہ میرا دین سنوار دے جو میری کام کا

عِصْمَۃُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَاشِیْ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَحْمَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ سُوْءٍ
بچاؤ ہے اور میری دنیا (بھی) سنوار دی جسمین مجھے (زندگی بسر کرنا ہی۔ اور موت کو میرے حق مین رحمت کردی کہ ہر برائی سے بچ جاؤن

(یعنے مرجانا میرے حق مین رحمت کردے کہ (مرکر) ہر برائی سے بچ جاؤن (یعنی دنیا کی افتون سے موت کے سبب سے
نجات ہو اور خاتمہ بھی بخیر ہو کہ عاقبت کے عذاب مین بھی مبتلا نہون)۔

(۶۷۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ بلا کی سختی سے اور بدبختی کی آفت سے اور تقدیر کی برائی
سے اور دشمنون کی خوشی سے۔ پناہ مانگا کرتے۔ سفیان راوی کہتا ہے حدیث مین تین باتین
ہین ایک بات مین نے بڑھا دی ہے یہ خیال نہین کہ میری بڑھائی ہوئی کون بات ہے۔

(۶۷۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پانچ باتون سے پناہ مانگتے۔ سستی سے۔ بخیلی سے
بڑھاپے کی خرابی سے۔ دل کے فساد سے۔ قبر کے عذاب سے۔

(۶۷۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا فرماتے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ
اے اللہ تیری پناہ مانگتا ہون عاجزی سے

وَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْھَرَمِ۔ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَاءِ وَالْمَمَاتِ وَاَعُوْذُبِکَ
اور سستی سے اور نامردی سے اور بڑھاپے سے اور تیری پناہ مانگتا ہون زندگی اور موت کے فتنے سے اور پناہ مانگتا ہون

مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ
عذاب قبر سے

(۶۸۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا فرماتے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ
اے اللہ مین تردد سے

وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَغَلَبَۃِ الرِّجَالِ
اور غم سے اور عاجزی سے اور سستی سے اور نامردی سے اور بخل سے اور دین کی بوجھ سے اور لوگون کے غلبہ سے پناہ مانگتا ہون

(۶۸۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا بھی فرماتے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَ
یا اللہ میری اگلی باتین اور

مَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَ
میری پچھلی باتین اور میری چھپی باتین اور میری کھلی باتین اور جو بات تو ہی جانتا ہے سب بخشدے۔ بیشک تو سب سے پہلے ہے

الْمُؤَخِّرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ
اور سب کے بعد ہی سوا تیرے کوئی معبود نہین +

(۶۸۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا بھی فرماتے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ الْھُدٰی
یا اللہ مین تجھ سے ہدایت

وَالْعَفَافَ وَالْغِنَا
اور پارسائی اور فراغت مانگتا ہون

(۶۸۳) ثمامہ بن حزن نے فرمایا مین نے ایک بوڑھے آدمی کو سنا پکار پکار کر دعا کر رہے
تھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ لَا یُخْلِطُہٗ شَیْءٌ مین نے پوچھا یہ
یا اللہ جس برائی مین کچھ ملا جلا نہو اوس سے مین تیری پناہ مانگتا ہون +
میان کون ہین معلوم ہوا کہ حضرت ابو درداء صحابی ہین (رضی اللہ عنہ)۔

Marfat.com

(۶۸۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا بھی فرماتے اَللّٰھُمَّ طَھِّرْنِیْ بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ
اے اللہ مجھے برف سے اور اولے سے
وَالْمَاءِ الْبَارِدِ کَمَا یُطَھَّرُ الثَّوْبُ الدَّنِسُ مِنَ الْوَسَخِ + اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ
اور ٹھنڈے پانی سے پاک کر دے + جسطرح میلا کپڑا میل سے پاک کیا جاتا ہے + اے اللہ اے میرے رب تجھی کو تعریف ہے
مِلْاَءَ السَّمَاءِ وَمِلْاَءَ الْاَرْضِ وَمِلْاَءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍ بَعْدُ
بھر آسمان اور بھر زمین اور اسکے سوا جو چیز تو چاہے اسکے بھر کے +

(۶۸۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا بہت فرماتے تھے۔
اَللّٰھُمَّ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ
اے اللہ دنیا میں میرا بھلا کر + اور آخرت میں میرا بھلا کر + اور عذاب دوزخ سے ہمیں بچالے

(۶۸۶) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْقِلَّۃِ وَالذِّلَّۃِ وَاَعُوْذُ بِکَ اَنْ
اے اللہ میں محتاجی سے اور کمی سے اور ذلت سے تیری پناہ مانگتا ہوں + اور اس سے بھی پناہ مانگتا ہوں
اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ۔
کہ میں کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر کوئی ظلم کرے +

(۶۸۷) ابو امامہ نے کہا ہملوگ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے آپ نے بہت دعائین کین کہ ہملوگون کو یاد نہ رہین تب ہملوگون نے عرض کیا آپ نے دعا تو کی مگر ہملوگون کو یاد نہ رہی۔ تب آپ نے فرمایا ہم تم لوگون کو ایک چیز بتا دیتے ہین کہ اسمین یہ سب بات اکٹھا ہے۔
اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْاَلُکَ مِمَّا سَاَلَکَ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ وَّنَسْتَعِیْذُکَ مِمَّا اسْتَعَاذَکَ مِنْہُ
الٰہی ہم تجھسے وہ چیز مانگتے ہین جو تیرے نبی محمد نے تجھسے مانگا۔ اور اس چیز سے پناہ مانگتے ہین جس سے تیرے نبی محمد نے تیری پناہ مانگی
نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ + اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْکَ الْبَلَاغُ
انپر اللہ کی رحمت اور سلامتی ہو یا اللہ تجھسے مدد چاہی جاتی ہے۔ اور (مقصود کو) پہونچا دینا تیری ذمہ ہے
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔
اور بے مدد اللہ کی نہ تو گناہ سے پھرنا ہو سکتا ہے نہ بھلائی کرنے کی قوت ہے +

(۶۸۸) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا بھی فرماتے۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ النَّارِ
الٰہی مین مسیح دجال کے فتنے اور دوزخ کے فتنے سے تیری پناہ مانگتا ہون +

(۶۸۹) ابن عباس رضی اللہ عنہما یہ دعا فرماتے اَللّٰھُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ
یا اللہ تو نے جو کچھ مجھ روزی دی اسمین مجھ قناعت دے
وَبَارِکْ لِیْ فِیْہِ۔ وَاخْلُفْ عَلٰی کُلِّ غَائِبَۃٍ بِخَیْرٍ
اور اسمین میرے لیے برکت دے اور جو میرے پاس نہین اسمین ہر غائب جگہ بھلائی کر +

(۶۹۰) حدیث نمبر ۶۸۵

(۶۹۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر یہ دعا بھی فرماتے اَللّٰھُمَّ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ
اے اللہ اے دلون کو پھیر دینے والے
ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ
میرا دل اپنے دین پر ثابت رکھ +

(۶۹۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا فرماتے اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ مِلْاَءَ السَّمٰوٰتِ
یا اللہ آسمان بھر
وَمِلْاَءَ الْاَرْضِ وَمِلْاَءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍ بَعْدُ
اور زمین بھر اور اسکے بعد جو تو چاہے اوسکے بھر کہ تیری ہی تعریف ہے۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ طَھِّرْنِیْ بِالْبَرَدِ وَالثَّلْجِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ اَللّٰھُمَّ طَھِّرْنِیْ مِنَ الذُّنُوْبِ وَنَقِّنِیْ کَمَا یُنَقَّی الثَّوْبُ الْاَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ +

یا اللہ مجھے اولے سے اور برف سے اور ٹھنڈے پانی سے پاک کردے یا اللہ مجھے گناہوں سے پاک کر اور مجھے ایسا صاف کر جیسے سفید کپڑا میل سے صاف کیا جاتا ہے +

(۶۹۳) عبداللہ ابن عمر نے کہا رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعاؤں میں یہ دعا بھی ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِکَ وَفُجَاءَۃِ نِقْمَتِکَ وَجَمِیْعِ سَخَطِکَ +

یا اللہ میں ان باتوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں کہ تیری نعمت (مجھ سے) زائل ہوجاوے اور تیری عافیت دی ہوئی مجھ سے جاتی رہے اور یکبارگی تجھ پر تیری خفگی ہوجاوے اور تیری ناخوشی سے (پناہ چاہتا ہوں)

ب ۲۸۹ بدلی بوند کے وقت کی دعا

(۶۹۴) عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ جب آسمان کے کسی گوشہ پر کچھ (غبار بدلی وغیرہ) اٹھا دیکھتے تھے تو جس کام میں ہوتے نماز ہی کیوں نہ ہو وہ کام چھوڑ چھاڑ کر ادھر متوجہ ہوجاتے پھر اگر کھلگیا تو خدا کا شکر بجالاتے اور اگر برسنے لگا تو دعا کرنے لگے۔

اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَافِعًا

یا اللہ فائدہ مند پانی

ب ۲۹۰ مرنے کے وقت کی دعا

(۶۹۵) قیس نے کہا۔ میں حضرت خبّاب کے یہاں (عیادت کے لیے) آیا انھوں نے سات وفعہ داغ کرایا تھا فرمانے لگے اگر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم منع نہ فرمائے ہوتے تو میں اپنی موت مناتا۔

ب ۲۹۱ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعائیں

(۶۹۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا فرماتے رَبِّ اغْفِرْ لِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَھْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ کُلِّہٖ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطَایَایَ کُلَّھَا وَعَمْدِیْ وَجَھْلِیْ وَھَزْلِیْ وَکُلَّ ذٰلِکَ عِنْدِیْ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ +

اے میرے پروردگار مجھے میری گناہ اور میرا اوجھ پن اور اپنی سب باتوں میں میرا حد سے بڑھ جانا اور جو بات مجھ سے بڑھ کر تجھ معلوم ہو سب بخشدی اے اللہ مجھے میرے سب بھول چوک اور جو میں قصداً کیا ہو اور میرا اوجھ پن اور میری ہنسی ٹھٹھا یہ سب بخشدی اور یہ سب میری ہی پاس کی باتیں ہیں یا اللہ جو مجھ سے ہوچکا اور جو آئندہ ہونے والا ہے اور جو ظاہر باطن میں نے کیا ہو سب بخشدی تو ہی اگلا ہے اور تو ہی پچھلا ہے اور تو ہر بات پر قدرت رکھتا ہے +

(۶۹۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَھْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ

اسے اللہ میرے گناہ اور اوجھ پن اور اپنے سب باتوں میں حد سے بڑھ جانا میرا حد سے بڑھ جانا اور میری بات اور ہنسی ٹھٹھا بھی معاف فرما سب بخشدے

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ھَزْلِیْ وَجِدِّیْ وَخَطَائِیْ وَعَمَدِیْ وَکُلُّ ذٰلِکَ عِنْدِیْ

(۶۹۸) معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا اے معاذ مین نے عرض کیا حاضر ہون فرمایا مین تجھے دوست رکھتا ہون۔ مین نے عرض کیا اور مین بھی قسم خدا کی آپ کو دوست رکھتا ہون۔ فرمایا۔ مین تجھے چند کلمے بتاندون کہ تو ہر نماز کے بعد اُسے کہہ لیا کرے۔ عرض کیا ہان۔ فرمایا۔ کہو۔

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ

یا اللہ میری مدد کر کہ مین تجھے یاد کیا کرون اور تیرا شکر کیا کرون اور تیری عبادت اچھی طرح کرون +

(۶۹۹) ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اگر ایک شخص نے کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا + نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کون بولا۔ یہ شخص چپ ہو گیا اور سمجھا کہ مین نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ناگوار بات کہی آپ نے فرمایا کون تھا۔ اوسنے اچھی ہی بات کہی ہے تب اُس شخص نے عرض کیا۔ مین "مجھے اِس سے بھلائی کی اُمید ہے"۔ آپ نے فرمایا۔ جسکے اختیار مین میری جان ہے اُسی کی قسم۔ مین نے دیکھا تیرہ فرشتے لپک رہے تھے کہ کون اِن کلمات کو اللہ تعالے کے یہان اُٹھا لیجاے۔

(۷۰۰) انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ جاے ضرور جانے کے وقت فرمایا کرتے تھے اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

یا اللہ ناپاکی سے اور خبیثوں سے تیری پناہ مانگتا ہون +

(۷۰۱) عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب جاے ضرور سے نکلتے تو یہ فرماتے۔ غُفْرَانَکَ

تیری بخشش (مانگتا ہون)

(۷۰۲) ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم قران کی سورت کی طرح یہ دعا بھی ہلوگون کو سکھاتے تھے۔ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ جَھَنَّمَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْقَبْرِ +

(۷۰۳) ابن عباسؓ نے فرمایا۔ مین ایک شب (ام المومنین) حضرت میمونہ کے یہان رہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم (کو دیکھا کہ جاگے اور) کھڑے ہوے پھر حاجت ضروری سے فرغت

Marfat.com

کرکے منہ دھویا دونون ہاتھ دھویا سو رہے پھر اٹھکر مشکیزہ کے پاس آئے اور اُسکی بند شس
کھولکر اوسطا کا وضو کیا پانی بھی بہت نہین گرایا اور پوری طرح سے وضو بھی کرلیا پھر نماز پڑھی
تب تو مین بھی اُٹھا اور مین نے انگڑائی لی جسمین آپ یہ نہ سمجھین کہ مین آپ کو دیر سے دیکھ رہا تھا
اور مین نے وضو کیا۔ پھر آپ کھڑے ہوکر نماز پڑھنے لگے بس مین آپ کے بائین جانب کھڑا ہوگیا
تو آپ نے میرا کان پکڑکر مجھے اپنی داہنی طرف لے لیا پھر آپ تیرہ رکعتین نماز تمام کرکے
لیٹے تو سو گئے یہانتک کہ خراٹے لینے لگے اور آپ ہمیشہ جب سوتے تو خراٹا لینے لگتے پھر آپ کو
بلال نے نماز کی خبر دی تو آپ نے نماز پڑھی اور وضو نہین کیا اور آپ کی دعاؤن مین یہ دعا تھی

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّسَارِیْ نُوْرًا وَّفَوْقِیْ
یا اللہ میرے دل مین نور پیدا کردے اور میرے کان مین نور اور میرے داہنے سے نور اور میرے بائین سے نور اور میرے اوپر
نُوْرًا وَّتَحْتِیْ نُوْرًا وَّاَمَامِیْ نُوْرًا وَّخَلْفِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا ۵
نور اور میرے نیچے نور اور میرے آگے نور اور میرے پیچھے نور (پیدا کردے) اور میرا نور بڑھا دے +

راوی نے کہا کہ سلمہ نے کریب راوی سے کہا کہ سات اور تابوت مین ہے پھر مجھ سے عباس کے لڑکون مین سے ایک
شخص سے ملاقات ہوئی تو اُنھون نے مجھے وہ ساتون بتادین اور ان چیزون کا ذکر کیا عَصَبِیْ وَلَحْمِیْ
میرا پٹھہ اور میرا گوشت
وَشَعْرِیْ وَبَشَرِیْ اور دو چیز اور بتائی۔
اور میرا بال اور میرا چمڑا

(۴۰۷) عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب رات کو اُٹھکر نماز
پڑھکر فارغ ہوتے خدا کی قابل خدا کی تعریف کرتے اُسمین آخر کلام آپ کا یہ ہوتا۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ
یا اللہ میرے لیے
لِیْ نُوْرًا فِیْ قَلْبِیْ وَاجْعَلْ لِیْ نُوْرًا فِیْ سَمْعِیْ وَاجْعَلْ لِیْ نُوْرًا فِیْ بَصَرِیْ وَاجْعَلْ لِیْ نُوْرًا
میری دل مین نور پیدا کردے اور میری کان مین نور پیدا کردے۔ اور میری بینائی مین نور پیدا کردے اور میری داہنے سے نور
عَنْ یَّمِیْنِیْ وَنُوْرًا عَنْ شِمَالِیْ وَاجْعَلْ لِیْ نُوْرًا مِّنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَنُوْرًا مِّنْ خَلْفِیْ وَ
اور میرے بائین سے نور اور میرے آگے نور اور میرے پیچھے نور پیدا کردے اور
زِدْنِیْ نُوْرًا وَّزِدْنِیْ نُوْرًا وَّزِدْنِیْ نُوْرًا ۶
میرا نور بڑھا اور میرا نور بڑھا اور میرا نور بڑھا +

(۴۰۵) عبداللہ ابن عباس نے فرمایا نبی صلے اللہ جب نماز کے لیے شب کو اُٹھتے تو فرماتے۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْھِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَیِّامُ
یا اللہ تیری ہی تعریف ہے تو آسمانون کا اور زمین کا اور جو آسمان اور زمین مین ہے سبکا نور ہے اور تیرے ہی تعریف ہے تو ہی آسمانون کا
وَالْاَرْضِ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْھِنَّ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُکَ
اور زمین کا تھام رکھنے والا ہے اور تیری ہی تعریف ہے تو آسمانون کا اور زمین کا اور جو اُسمین ہے سبکا پروردگار ہے اور تیرا وعدہ
الْحَقُّ وَلِقَاءُکَ الْحَقُّ وَالْجَنَّۃُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالسَّاعَۃُ حَقٌّ اَللّٰھُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ
حق ہے اور تیری ملاقات حق ہے اور بہشت حق ہے اور دوزخ حق ہے اور قیامت حق ہے یا اللہ مین تیری لیے اسلام لایا اور تجھ
اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْکَ اَنَبْتُ وَبِکَ خَاصَمْتُ وَاِلَیْکَ حَاکَمْتُ فَاغْفِرْ لِیْ
دل سے مان لیا اور تجھی پر بھروسا کیا اور تیری طرف رجوع کیا۔ اور تیری قوت پر مینے جھگڑا کیا۔ اور تیری سنے نالش کی اب

Marfat.com

مَا قَدَّمْتُ وَاَخَّرْتُ وَاَسْرَرْتُ وَاَعْلَنْتُ اَنْتَ اِلٰهِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ -
جو کچھ کر چکا اور جو اوہار کہا اور جو مینے چھپا رکھا اور جو مینے ظاہر کر دیا ہمکو سب بخشدی تو ہی میرا خدا ہی تیرے سوا کوئی معبود نہین +

(۷۰۶) ابن عباسؓ نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا فرماتے اَللّٰھُمَّ
اے اللہ
اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ الْعَافِیَۃَ فِیْ دِیْنِیْ
مین تجھسے دنیا اور آخرت مین معافی اور سلامتی مانگتا ہون یا اللہ مین تجھسے اپنے دین کی اور اپنے لوگون کی سلامتی مانگتا ہون -
وَاَھْلِیْ وَاسْتُرْ عَوْرَتِیْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِیْ وَاحْفَظْنِیْ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ
اور میرے چھپے (عیب) کو چھپا رکھ اور میرا ڈر کا مٹا دے اور میرے سامنے سے اور میرے پیچھے سے اور میرے داہنے سے اور میرے
وَعَنْ یَمِیْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَاَعُوْذُ بِکَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ
باین سے اور میرے اوپر سے میری حفاظت کر اور مین اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہون کہ میرے پیچھے سے مجھکو دھوکا سے مار ڈالے

(۷۰۷) رفاعہ زرقیؓ نے فرمایا (جنگ) احد کے دن جب مشرک لوگ ہٹ گئے تو
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (اپنی فوج سے) فرمایا برابر ہو جاؤ کہ مین اپنی رب کی تعریف
بیان کرون پس لوگ آپکے پیچھے صفین باندھکر کھڑے ہو گئے آپنے فرمایا اَللّٰھُمَّ لَکَ
یا اللہ ساری تعریف تیری
الْحَمْدُ کُلُّہٗ اَللّٰھُمَّ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَ وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ
ہی ہے - یا اللہ جو چیز تو پھیلا دے کوئی اوسکا سمیٹنے والا نہین اور جو چیز تو دور کرے کوئی اوسکا پاس لانیوالا نہین اور جو چیز تو نزدیک کر دے کوئی
وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ اَللّٰھُمَّ ابْسُطْ عَلَیْنَا مِنْ بَرَکَاتِکَ
اوسکا دور لیجانیوالا نہین اور جو چیز تو نہ دے کوئی اوسکا دینیوالا نہین اور جو چیز تو روک دیدے کوئی اوسکا روکنے نہین یا اللہ اپنی برکتین اور اپنی مہربانی اور اپنا
وَرَحْمَتِکَ وَفَضْلِکَ وَرِزْقِکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ النَّعِیْمَ الْمُقِیْمَ الَّذِیْ لَا یَحُوْلُ
فضل اور اپنی روزی ہلوگون پر پھیلا دے یا اللہ مین تجھسے ٹھہرنیوالی نعمت مانگتا ہون جو نہ پھرے اور نہ زایل ہو
وَلَا یَزُوْلُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ النَّعِیْمَ یَوْمَ الْعَیْلَۃِ وَالْاَمْنَ یَوْمَ الْحَرْبِ اَللّٰھُمَّ
حاجت کے دن مین تجھسے نعمت مانگتا ہون اور لڑائی کے دن امن چاہتا ہون یا اللہ
یا اللہ
عَائِذًا بِکَ مِنْ سُوْءِ مَا اَعْطَیْتَنَا وَشَرِّ مَا مَنَعْتَ مِنَّا اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا الْاِیْمَانَ وَ
جو چیز تو نے ہمین دی اوسکی برای سے اور جو چیز ہمین نہ دی اوسکی خرابی سے تیری پناہ یا اللہ ہلوگون کو ایمان کی محبت دے اور ہمارے
زَیِّنْہُ فِیْ قُلُوْبِنَا وَکَرِّہْ اِلَیْنَا الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِیْنَ
دلون مین اوسکو آرایش بجھا دے اور کفر اور نافرمانی اور گناہ ہلوگون کے نزدیک ناگوار بنا دے اور ہلوگونکو ٹھیک راہ پر چلنے والے بنا دے
اَللّٰھُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَاَحْیِنَا مُسْلِمِیْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِیْنَ غَیْرَ خَزَایَا وَلَا مَفْتُوْنِیْنَ
یا اللہ ہلوگون کو مسلمان مار اور مسلمان زندہ رکھ اور اچھے لوگون مین ملا دے کہ ہلوگ نہ رسوا ہون اور نہ فتنہ مین پڑین
اَللّٰھُمَّ قَاتِلِ الْکَفَرَۃَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِکَ وَیُکَذِّبُوْنَ رُسُلَکَ وَاجْعَلْ عَلَیْھِمْ رِجْزَکَ
یا اللہ کافر لوگ جو تیری راہ سے روکتے ہین اور تیرے پیغمبرون کو جھٹلاتے ہین اونکو مار ڈال اور اوپر اپنی آفت اور اپنا
وَعَذَابَکَ اَللّٰھُمَّ قَاتِلِ الْکَفَرَۃَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتَابَ اِلٰہَ الْحَقِّ (امام بخاری کہتے ہین) علی یہ اوسی سے
عذاب مقرر کر یا اللہ ای سچے معبود جن کافرون کو کتاب مل چکی ہے اونکو مار
مین نے یہ حدیث محمد بن بشیر سے بھی سنی ہی اور اونہون نے اسکی سند بھی بیان کی اور مین اوس سند کو
نہین لاتا ہون - ... بچھنی کے وقت کی دعا ۲۹۱

(۷۰۸) ابن عباس نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بچھنی کے وقت یہ دعا فرماتے
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ
بڑی خدا بردبار خدا کے سوا کوئی معبود نہین آسمان اور زمین کے مالک اور بڑے تخت والے خدا کے سوا کوئی معبود نہین
(۷۰۹) عبدالرحمن بن ابی بکرہؓ نے کہا مینے اپنے باپ (ابوبکرہ صحابی) سے کہا کہ ابا
مین ہر روز آپکو یہ دعا کرتے سنتا ہون اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ
یا اللہ میرے بدن مین عافیت دے یا اللہ میرے کان مین عافیت دے -

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اس دعا کو آپ شام وصبح تین تین بار کہا کرتی ہین
یا اللہ مجھے میری آنکھ مین عافیت دے تیرے سوا کوئی معبود نہین
اور یہ دعا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ
یا اللہ مین کفر سے اور محتاجی سے تیری پناہ مین آتا ہون یا اللہ مین عذاب قبر سے تیرے پناہ مین آتا ہون
الْقَبْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اسے بھی آپ صبح شام تین تین بار کہا کرتے ہین فرمایا ہان اے میری
تیرے سوا کوئی معبود نہین
ننھی بیٹی یہ دعا مین مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہتے سنی ہین اور مجھے آپ کی
سنت کی اقتدا بہت پسند ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بیچینی کی یہ دعا مین
ہین اَللّٰھُمَّ رَحْمَتَکَ اَرْجُوْ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ
یا اللہ مین تیری مہربانی کا امیدوار ہون اور مجھے پلک مارنی بھر بھی میرے اوپر حوالہ مت کر اور میری ہر حالت کو درست کر دے تیرے سوا کوئی

(۱۰۷) جابرؓ نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمکو گون کو کامون مین استخارہ کرنے کو
تعلیم فرماتے تھے جیسے قرآن کی سورت تعلیم فرماتے کہ جب کسی بات مین تشویش اور تردد
ہو تو دو رکعت نماز پڑھکر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ
یا اللہ مین تیری علم سے بھلائی مانگتا ہون اور تیری قدرت سے قدرت مانگتا ہون
وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ
اور تیرا بڑا فضل چاہتا ہون اسلیے کہ تجھی کو قدرت ہے اور تو جانتا ہے مین نہین جانتا ہون اور تو غیب کی
الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ
باتین خوب جانتا ہے۔ یا اللہ اگر تو جانتا ہو کہ یہ کام میرے لیے میرے دین مین اور دنیا مین اور میرے انجام کار مین اچھے ہین
یا فرمایا فِیْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِہٖ فَاقْدُرْہُ لِیْ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ
میری موجودہ حالت مین اور آیندہ بھی (بہتر ہے) تو اوسکو مجھے نصیب کر اور اگر تو جانتا ہو کہ یہ کام میرے لیے میرے دین مین
وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ یا فرمایا فِیْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِہٖ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَ
اور میری دنیا مین اور میرے انجام کار مین بری ہے۔ میری موجودہ حالت مین اور آیندہ بھی (برا ہے) تو اوسکو مجھسے پھیر دے اور مجھے اوسسے
اقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ رَضِّنِیْ اور اپنی حاجت کا نام لیکر بیان کرے۔
پھیر دے اور جہان بھلا ہو مجھے نصیب کر پھر مجھے راضی بھی کر دے

(۱۱۷) جابرؓ بن عبداللہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی مسجد مسجد الفتح
مین پیر منگل۔ بدھ۔ کے دن دعا فرمائی وہ دعا بدھ کی روز دو نمازون کے درمیان
مقبول ہوگئی جابرؓ نے کہا مجھے جب کبھی کوئی سخت مشکل کام پیش آیا اور مین نے وقت کو
خیال کرکے بدھ کے دن دونون نماز کے درمیان اوسیوقت دعا کی اوسکی مقبولیت مجھی معلوم ہوگئی۔

(۱۱۸) انسؓ نے فرمایا مین نبی صلعم کے ساتھ تھا ایک شخص نے ان لفظون سے
دعا کی یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ آپنے فرمایا جانتے ہو اس شخص نے
اے آسمانون کو بے نمونہ بنانیوالے اے زندہ رہنیوالے اے قایم رہنیوالے مین تجھسے مانگتا ہون
کیونکر دعا کی قسم اوس ذات کی جسکے ہاتھ مین میری جان ہے اوس نام سے خدا کو پکارا ہے
کہ جب اللہ اوس نام سے پکارا جاوے تو قبول ہی کرے۔

Marfat.com

(۱۳۷) عبداللہ بن عمرو نے فرمایا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا مجھے کوئی دعا بتائیے کہ وہ دعا نماز مین پڑھا کرون فرمایا یہ کہا کر اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مِنْ عِنْدِکَ مَغْفِرَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ۔
یا اللہ مین نے اپنے جان پر بہت ظلم کیے اور تیرے سوا کوئی گناہون کو نہین بخشے گا مجھے اپنی طرف سے بخشدے بیشک تو بڑا بخشنے والا مہربان ہے

باب ۲۹۳ اگر بادشاہ کا خوف ہو

(۱۳۸) عبداللہ بن مسعود نے فرمایا جب تمہارا کوئی سردار شیخی باز یا ظالم ہو تو یہ کہنا چاہیے اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ کُنْ لِیْ جَارًا مِنْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ وَّاَحْزَابِہٖ مِنْ خَلَائِقِکَ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِّنْھُمْ اَوْ یَطْغٰی عَزَّ جَارُکَ وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ۔
یا اللہ ای ساتون آسمانون کے مالک اور بڑی تخت کے مالک فلانا فلانے کا بیٹا یا اوسکی جماعت تیری مخلوقات سے ان لوگون سے مجھے بچالے ایسا ہو کہ انمین سے کوئی مجھپر زیادتی یا سرکشی کرے تیرا ہمسایہ بہاری ہی اور تیری تعریف بڑی ہی تیرے سوا کوئی معبود نہین۔

(۱۳۹) ابن عباس نے فرمایا جب کسی ہیبت دار بادشاہ کے سامنے جس سے ایذا پہونچنے کا خوف ہو تو حاضر ہو تو تین بار کہہ لیا کر اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَعَزُّ مِنْ خَلْقِہٖ جَمِیْعًا اَللّٰہُ اَعَزُّ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ مُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ اَنْ یَّقَعْنَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِہٖ مِنْ شَرِّ عَبْدِکَ فُلَانٍ وَّجُنُوْدِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ وَشِیَاعِہٖ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَللّٰھُمَّ کُنْ لِیْ جَارًا مِنْ شَرِّھِمْ جَلَّ ثَنَاؤُکَ وَعَزَّ جَارُکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ۔
اللہ بہت بڑا ہی اپنی ساری مخلوق سے بہت عزت والا ہی جس چیز سے مین ڈرتا ہون اور بچتا ہون اللہ اوس سے بہت عزت والا ہے جسنے ساتون آسمانون کو تھام رکھا ہے کہ بے حکم اوسکے زمین پر گر کر نیا دین تیرا بندہ فلانا اور اوسکا لشکر اور اوسکے تابع اور اوسکے ساتھی جن ہون یا آدمی ہون ان سب کے شر سے مین خدا کی پناہ مین آتا ہون اے اللہ تو ہمارا حمایتی ہو جا تیرے سوا کوئی معبود نہین یا اللہ اون کے شر سے تو میرا نگہبان ہو جا تیری تعریف بڑی ہے اور تیری پناہ غالب ہے اور تیرا نام مبارک ہی اور تیرے سوا کوئی معبود نہین۔

(۱۴۰) ابن عباس نے فرمایا جس کسیکو کوئی فکر یا رنج یا تکلیف پیش آوے یا کسی بادشاہ کا خوف ہو پھر وہ یون دعا کرے تو اوسکی دعا قبول ہی ہوگی اَسْاَلُکَ بِلَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَاَسْاَلُکَ بِلَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَاَسْاَلُکَ بِلَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا فِیْھِنَّ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پھر خدا سے اپنی حاجت کا سوال کرے۔
مین اس اقرار کے ذریعہ سے تجھسے سوال کرتا ہون کہ تیرے سوا کوئی معبود نہین تو ساتون آسمانون کا مالک اور عمدہ تخت کا مالک ہے اور اس اقرار کے ذریعہ سے تجھسے سوال کرتا ہون کہ تیرے سوا کوئی معبود نہین ساتون آسمانون کا مالک اور عمدہ تخت کا مالک ہے اور اس اقرار کے ذریعہ سے تجھسے سوال کرتا ہون کہ تیرے سوا کوئی معبود نہین ساتون آسمانون اور ساتون زمین اور جو کچھ ان کے اندر ہے سبکا مالک ہے بیشک تو سب کچھ کر سکتا ہے۔

باب ۲۹۴ دعا کرنیوالے کا ثواب

(۱۴۱) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان گناہ اور ناتا توڑنے کی بات کے سوا کوئی دعا کرے اوسکو تین باتون مین سے کوئی ایک بات ضرور ہی حاصل ہوگی وہ دعا ہی قبول ہوگی یا آخرت مین اوسکا ثواب ملیگا یا اوسکی دعا کے انداز سے

Marfat.com

اوس سے بلا دفع کیجائیگی عرض کیا یہ تو بہت ہوا فرمایا اللہ بہت بڑا ہے۔
(۷۱۸) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو ایماندار آدمی خدا کی جانب مُنہ کرکے کچھہ اوس سے مانگتا ہی خدا اوسے وہ چیز دی ہی دیتا ہے یا دنیا ہی مین جلدی کرکے اوسکو دیدیا یا آخرت کے لئے اوسکے واسطے جمع کر رکھا مگر شرط یہ ہے کہ دعا کرنیوالا جلدی نکرے عرض کیا یا رسول اللہ اوسکی جلدی کیا۔ فرمایا کہنے لگے کہ دعا کرتا ہون دعا کرتا ہون پر قبول ہونیوالی نظر نہین آتی۔

دعا کرنیکی بزرگی ۲۹۵

(۷۱۹) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خدا کے نزدیک کسی چیز کی بزرگی دعا سے بڑھکر نہین ہے۔
(۷۲۰) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دعا کرنا بڑی بزرگ عبادت ہے۔
(۷۲۱) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دعا عین عبادت ہے پھر آپ نے یہ آیت پڑھی اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ
مجھے پکارو مین تمہارا جواب دون
(۷۲۲) عائشہ رضؓ نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی نے پوچھا کون عبادت افضل ہے فرمایا اپنے لئے دعا کرنا۔
(۷۲۳) معقل بن یسار نے کہا مین ابوبکر صدیق رضؓ کے ساتھہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان چلا (جب وہان پہونچا) آپنے فرمایا ای ابوبکر شرک تم لوگون مین چیونٹی کے رینگنے سے بھی بڑھکر پوشیدہ ہے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا خدا کے ساتھہ معبود ٹھہرانے کے سوا بھی کوئی شرک ہے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اوسی ذات پاک کی قسم جسکے ہاتھہ مین میری جان ہے شرک چیونٹی کے رینگنے سے بھی بڑھکر پوشیدہ ہے۔ مین تجھے ایک بات ایسی بتا دون جسکے کہہ لینے سے تھوڑا اور بہت شرک سب تجھسے جاتا رہے فرمایا کہہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ وَاَنَا اَعْلَمُ
یا اللہ مین اس بات سے تیری پناہ مین آیا ہون کہ جانتے بہہ تیرا شریک ٹھہراؤن
وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا اَعْلَمُ۔
اور جو نادانستہ ہوجاوی اوسکی بخشش چاہتا ہون۔

Marfat.com

ہوا بہنے کے وقت دعا

باب ۲۹۶

(۷۲۴) انس رضؓ نے فرمایا جب اندھڑ چلتی تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ فرماتے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا اُرْسِلَتْ بِہٖ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِہٖ
یا اللہ اس ہوا بہنے مین مین تجسے بھلائی چاہتا ہون اور اسکے بہنے کی برائی سے تیری پناہ مین آتا ہون۔

(۷۲۵) یزید بن سلمہ نے کہا جب اندھڑ چلتی آنحضرت یہ فرماتے اَللّٰھُمَّ لَاقِحًا لَا عَقِیْمًا۔
یا اللہ بار دار بانجھ نہین۔

ہوا کو بُرا کہنا

باب ۲۹۷

(۷۲۵) اُبَیؓ نے کہا ہوا کو گالی مت دیا کرو جب ہوا کی باعث تمکو کوئی ناگوار بات (ہونیوالی) نظر آوی تو یہ کہو اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْاَلُکَ خَیْرَ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَخَیْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِہٖ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِہٖ
یا اللہ ہمین تجسے اس ہوا کی بھلائی مانگتا ہون اور جو چیز اسمین ہے اور جس بھلائی اور جس سے یہ بھیجی جاوی اوسکی بھلائی (مانگتا ہون) اور اس ہوا کی برائی سے تیری پناہ مین آیا ہون اور جو چیز اسمین ہے اوسکی برائی سے

(۷۲۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہوا خدا کے حکم سے ہے رحمت بھی لاتی ہے عذاب (بھی لاتی ہے) اوسکو گالی مت دو بلکہ خدا سے ہوا کی بھلائی چاہو اور اوسکی بُرائی سے خدا کی پناہ مانگو۔

کڑکے کے وقت کی دعا

باب ۲۹۸

(۷۲۷) عبداللہ (ابن عمر) نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب گرج اور کڑک (کی آواز) سُنتے یہ فرماتے اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِصَعْقَتِکَ وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِکَ۔
یا اللہ ہمین اپنی کڑکے سے مت مار ڈال اور ہمین اپنی عذاب سے ہلاک مت کر اور اسکے پہلے ہی ہمین عافیت عطا فرما۔

گرج سُننا

باب ۲۹۹

(۷۲۸) عکرمہ نے کہا ابن عباس جب گرج کی آواز سُنتے یہ کہتے سُبْحَانَ الَّذِیْ سَبَّحَتْ لَہٗ فرمایا کہ رعد ایک فرشتہ ہے بدلی کو آواز دیتا ہی جسطرح چرواہا بکریون کو چلاتا ہے۔
وہ پاک ہے جسکی یہ تسبیح کرتی ہے۔

(۷۲۹) عبداللہ ابن زبیر کے بیٹے عامر نے کہا عبداللہ ابن زبیر جب رعد کی آواز سنتے بات چھوڑ کر یہہ کہنے لگتے سُبْحَانَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ پھر کہنے لگتے یہ (رعد) زمین والونکے لئے سخت دھمکی ہے
پاک ہی وہ جسکی تسبیح یہ زمین رعد تسبیح کرتا ہے اور فرشتے بھی اوسکے خوف سے۔ (تسبیح کرتے ہین)

Marfat.com

باب

(۷۳۰) اوسط بن اسمعیل نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وفات کے بعد مینے ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے سُنا فرمایا کہ پہلے سال نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسی جگہہ جہان مین کھڑا ہون کھڑی ہوئی یہ کہکر رونے لگے پھر فرمایا سچائی مت چھوڑو سچائی نیکو کاری کی ساتھی ہے اور یہ دونون بہشت مین ہین اور جھوٹ سے بچتے رہنا جھوٹھہ بدکاری کی ساتھی ہے اور یہ دونون دوزخ مین ہین اور خدا سے آسایش مانگا کرو یقین کے بعد عافیت سے بہتر کوئی چیز مل نہین سکتی آپسمین ایک دوسرے کو کاٹ مت دو اور ایک دوسرے کی جانب سے مُنہہ مت پھیر لیا کرو آپس مین حسد اور بغض مت رکھو اور ای خدا کے بندو آپسمین بھائی ہو جاؤ۔

(۷۳۱) معاذ رضؓ نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک شخص کے قریب ہو کر گذرے وہ دعا کر رہا تھا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ تَمَامَ النِّعْمَۃِ آپ نے پوچھا پوری نعمت (یا اللہ مین تجھسے پوری نعمت مانگتا ہون) تجھے معلوم ہے پھر خود فرمایا بہشت مین جانا اور دوزخ سے بچنا یہی پوری نعمت ہے پھر آپ ایک دوسرے شخص کے قریب ہو کر گذرے وہ دعا کر رہا تھا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ (ای اللہ مین تجھسے) اَسْاَلُکَ الصَّبْرَ آپنے فرمایا تو اپنے رب سے بلا کا سوال کر رہا ہے اوس سے (صبر مانگتا ہون) عافیت کا سوال کر۔ اور آپ ایک تیسرے شخص کے قریب ہو کر گذرے وہ کہہ رہا تھا یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ آپنے فرمایا (اب کچھہ) مانگ۔ (ای ہیبت اور بزرگی والے)

(۷۳۲) عباس بن عبد المطلب نے فرمایا مینے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے کچھہ بتا دیجئے کہ مین خدا سے مانگون فرمایا ای عباس خدا سے عافیت طلب کرو بعد اوسکے تین دن کے بعد مینے پھر حاضر ہو کر عرض کیا کچھہ مجھے بتا دیجئے کہ مین خدا سے مانگون فرمایا ای عباس ای پیغمبر خدا کے چچا خدا سے دنیا اور آخرت کیلئے عافیت طلب کرو۔

بلا کی دعا نہ کرے

باب

(۷۳۳) انس رضؓ نے فرمایا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے دعا کر رہا تھا ای اللہ مجھے مال مت دے کہ مین اوسمین سے صدقہ خیرات کرون مجھکو کسی بلا مین مبتلا کر

Marfat.com

جسمین ثواب ملے اسپر آپنے فرمایا سبحان اللہ اسکی تاب تجھی کہان یون کیون نہین
کہتا اَللّٰھُمَّ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔
ای اللہ دنیا مین میرا بھلا کر اور آخرت مین میرا بھلا کر اور مجھے دوزخ کے عذاب سے بچالے۔
(۷۳۴) انس رضؓ نے فرمایا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان حاضر ہوا
وہ شخص بیماری کی تکلیف سی ایسا ہو رہا تہا جیسے نوچا ہوا چوجہ آپنے فرمایا اللہ سے
کچھہ دعا کروہ لگا دعا کرنے اَللّٰھُمَّ مَا کُنْتَ مُعَذِّبِیْ بِہٖ فِی الْاٰخِرَۃِ فَعَجِّلْہُ فِی
ای اللہ مجھے آخرت مین جو کچھہ عذاب بھیجنا ہو تو اسکو دنیا ہی مین بھگتا کے
الدُّنْیَا اسپر آپنے فرمایا سُبْحَانَ اللّٰہِ اسکی سکت تجھی نہین ہی اور تو لوگ اسکی طاقت
کہان رکھتے ہو یہ کیون نہین کہا اَللّٰھُمَّ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا
یا اللہ دنیا مین میرا بھلا کر اور آخرت مین میرا بھلا کر اور مجھے عذاب
عَذَابَ النَّارِ اور آپنے اوس شخص کے حق مین دعا فرمائی پس اللہ نے اوسی صحت دی۔
دوزخ سے بچالے

باب ۳۰۲ بلا کی مشقت سے پناہ مانگے

(۷۳۵) عبداللہ بن عمر نے فرمایا آدمی اتنا ہی کہکر چپ رہجاتا ہی اَللّٰھُمَّ
ای اللہ
اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ جُھْدِ الْبَلَاءِ چاہیے کہ جب یہ کہی تو اتنا اور بھی کہہ لیا کرے
بلا کی مشقت سے مین تیری پناہ مین آتا ہون
اَلْاِبْلَاءِ فَیُبْلَا۔
مگر وہ بلا جنمین بزرگی (حاصل) ہو
(۷۳۶) ابوہریرہ نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بلا کی مشقت سی اور بدبختی
حاصل ہونے سے اور دشمنونکی خوشی سے اور بری انجام سی پناہ مانگا کرتے تھے۔

باب ۳۰۳ خفگی کی وقت جسپر خفا ہو اوسکی بات دوہرانا

(۷۳۷) ابوعقرب نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سی روزہ رکھنی کو پوچھا آپنے فرمایا ہر مہینے
ایک روزہ رکھہ لیا کر عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہون کچھہ بڑہا دیجئے فرمایا بڑہا دیجئے
بڑہا دیجئے ہر مہینے دو روزے رکھہ لیا کر مین نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہون کچھہ اور
بڑہا دیجئے مجھہ مین اتنی قوت ہے فرمایا مجھہ مین قوت ہے مجھہ مین قوت ہے پہر آپ ایسی چپ
ہو گئے کہ مین نے سمجھا اب آپ ہرگز نہ بڑہاوینگے پہر آپنے فرمایا ہر مہینے تین روزہ رکھہ لیا کر

باب ۳۰۴

(۷۳۸) جابر بن عبداللہ نے فرمایا ہملوگ رسول اللہ صلعم کی ساتھ تھے اتنے مین ایک نہایت بری
بدبو ہوا اوٹھی آپنے فرمایا جانتے ہو یہ کیا ہے مسلمانونکی غیبت کرنیوالونکی یہ ہوا ہے۔

Marfat.com

(۷۳۹) جابرؓ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زمانہ مین ایک دفعہ ایک بدبو ہوا چلی آپنے فرمایا کہ بعض منافقون نے بعض مسلمانونکی غیبت کی ہی اوسی سی ایسی ہوا اوٹھی ہے۔

(۷۴۰) ام عبدؓ کے بیٹے نے فرمایا جس شخص کے سامنے کوئی کسی مسلمان کی غیبت کری اور وہ اوس مسلمان کی طرفداری کری تو اوسکی بدلی اللہ دنیا و آخرت مین اوسکا بھلا کریگا اور اوسکی پاس مسلمان کی غیبت کیگئی پر اوسنے کچھہ اوسکی طرفداری نہ کی تو اللہ اوسکے بدلے دنیا اور آخرت مین اوسکا برا کریگا اور مسلمانکی غیبت سے زیادہ برا القمہ کبھی کسی نے کھایا ہی نہین اگر وہی عیب بیان کیا جو اوسمے معلوم ہے تب تو غیبت ہوئی اور اگر اوسکا ایسا عیب بیان کیا جو اوسمی معلوم بھی نہین ہے تو بہتان باندھا۔

۳۰۵ غیبت اور خدا کا حکم کہ کوئی تم مین کسیکی غیبت نکری

(۷۴۱) جابر بن عبداللہ نے فرمایا ہملوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساتھہ تھے آپ دو قبرون پر پہونچے اونکی مردون پر عذاب ہورہا تہا فرمایا یہ دونون کچھہ بڑی بہاری باتکی علت مین نہین عذاب مین گرفتار ہین ہان ایک تو لوگونکی غیبت کیا کرتا تہا اور دوسرے کو پیشاب سے کچھہ کراہت نہ تہی پہر آپنے ایک یا دو ہری شاخ کہجور کی منگوائی پہر دو ٹکری کرکی ایک ایک دونون قبرون پر گڑوادیا اور فرمایا سمجھہ لو جبتک یہ دونون شاخین ہری ہین یا فرمایا خشک نہین ہوتین تب تک ان دونون کی عذاب مین کچھہ خفت رہیگی۔

(۷۴۲) قیس نے کہا عمرو بن العاص اپنے چند ہمراہیون مین چلے جاتے تہے اتنے مین ایک مردہ پہولی ہوئی خچر کی قریب ہوکر گذری پہر فرمایا خدا کی قسم اسکو کوئی پہر پیٹ کہاتی تو بہتر ہے کہ کسی مسلمانکا گوشت کہائی۔

۳۰۶ مردے کی غیبت

(۷۴۳) ابوہریرہؓ نے فرمایا ماعز بن مالک اسلمی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوئی (اور زنا صادر ہونیکا اقرار کیا) آپنے اونکو چوتھے اقرار پر سنگسار کرادیا پہر اونکی قریب ہوکر گذری اور آپکی ساتھہ چند اصحاب بھی تہے اونمین ایک شخص بولا یہ خائن بار بار نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضور مین حاضر ہوا آپ برابر بالتی رہی آخر کتے کی موت مارڈالا گیا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چپ چاپ (سنتے) رہی یہانتک کہ ایک مردار گدہے کی لاش پر گذر ہوا اوسکا پانون (اکڑکر) کھڑا ہورہا تھا آپ نے فرمایا تم دونون اسمین سے

Marfat.com

کھاؤ عرض کیا یارسول اللہ مردار گدھے کی لاش سے - آپ نے فرمایا ابھی تم نے جو اپنے (مسلمان) بھائی کی آبروریزی کی وہ اس سے کہین بڑھکر ہے قسم اُس ذات پاک کی - جسکے ہاتھ مین محمدؐ کی جان ہے وہ بہشت کی نہرون سے ایک نہر مین غوطے لگا رہا ہے -

باب ۳۰۸ باپ کے ساتھ والی بیٹے کے سر پر کوئی ہاتھ پھیرے اور برکت کی دعا دے

(۷۴۶) عبادۃ بن الولید نے کہا - مین اپنے باپ کے ساتھ چلا اور مین اُسوقت نوجوان سالڑکا تھا بس ایک بوڑھے آدمی سے ملاقات ہوئی مین نے اُنسے عرض کیا چچا آپ یہ صوف کی چادر اپنے غلام کو کیون نہین دیدیتے اور وہ چادر آپ لے لیتے تو آپ کے پاس ایک قسم کی دو چادر ہو جاتی اور اُسکے پاس صوف کی ایک چادر ہوتی بس وہ میرے باپ کی طرف متوجہ ہوئے پوچھا تمھارا بیٹا ہے باپ نے کہا ہان بس اُنھون نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور کہا بارک اللہ فیک مین گواہی دیتا ہون مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سُنا ہے کہ جو تم کھاؤ وہی انکو بھی کھلاؤ اور جو تم پہنو وہی اُنھین بھی پہناؤ بھتیجے دنیا کا اسباب جاتا رہنا مجھے اسبات سے زیادہ پسند ہے کہ آخرت کا اسباب مین کوئی مجھسے کچھ لے لے - مین نے باپ سے پوچھا - آبا یہ کون بزرگ ہین فرمایا ابوالیسر ابن عمرو صحابی -

باب ۳۰۹ مسلمانون مین بے تکلفی کرنا

(۷۴۷) محمد بن زیاد نے کہا اگلے لوگ اپنے اپنے لڑکے بالون کے ساتھ سب اکٹھے ملے جلے رہا کرتے تھے اکثر ایسا اتفاق ہوتا کہ کسی کے یہان مہمان آگیا ہے اور دوسرے کسی کی ہانڈی آگ پر چڑھی ہوئی ہے بس مہمان والے نے اپنے مہمان کے واسطے ہانڈی لے لی پھر ہانڈی والے ہانڈی تلاش کرنے لگے کہ ہانڈی کسنے اُٹھائی بس مہمان والے نے کہدیا کہ ہمنے لے لی ہے - مہمان کے واسطے تو ہانڈی والے بولے وہ ہانڈی خدا تمھین مبارک کرے یا ایسی ہی کوئی دوسری بات کہدیتے - محمدؒ کہتے ہین پکی پکائی روٹی مین بھی یہی معاملہ ہوتا اور اسیطرح برابر اور اُن لوگون کے درمیان فقط ٹٹی کی تو دیوار ہوتی تھی بقیہ راوی کہتا ہے ہمنے محمد بن زیاد اور اُنکے ساتھیون کا بھی یہی حال دیکھا -

باب ۳۱۰ مہمان کی خاطر اور خدمت خود کرنا

Marfat.com

(۷۴۸) ابوہریرہ نے فرمایا - ایک شخص نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان مہمان آیا آپ نے ازواج مطہرات کے یہان کہلا بھیجا سب کے یہان سے خبر آئی ہملوگون کے یہان پانی البتہ ہے اور کچھ بھی نہین - تب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کون اسکی مہمانداری کرتا ہے ایک انصاری نے عرض کیا مین پھر وہ اُسکو اپنے مکان پر لوا گئے بیوی سے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مہمان کی خاطر داری کر بیوی نے کہا میرے یہان تو لڑکون کے کھانیکے سوا کچھ بھی نہین ہے - میان نے کہا - اچھا تو کھانا نکال رکھ اور چراغ ٹھیک کرلے اور جب لڑکے کھانا مانگین تو اُنکو (بہلا کر) سلا دے بس کھانا ٹھیک کرکے چراغ بھی سنبھال دیا اور لڑکون کو بھی سلا دیا پھر اُٹھین جیسے چراغ درست کرنے چلین بس چراغ بجھا دیا اور دونون میان بیوی مہمان کے ساتھ کھانے پر بیٹھ گئے اور ایسا ظاہر کیا جیسے کھا ہی رہے ہین اور دونون نے فاقے سے رات کاٹ دی پھر صبح ہوئی سویرے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوے آپ نے فرمایا خدا تم دونون کی بات پر ہنس پڑا یا فرمایا خدا کو تمہارے کام پسند آئے اور اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ اور اپنی ذات پر ترجیح دیتے ہین اگرچہ خود اُنکو فاقہ ہو جاے اور جو شخص سنحوسی سے بچایا رہے وہی لوگ مراد کو پہونچے

۳۱۱ مہمانداری مین تکلف

(۷۴۹) ابوشریح عدوی نے کہا میرے ان کانون نے سنا ہے اور میری ان آنکھون نے دیکھا ہے جب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے تھے آپ نے فرمایا جسکو خدا پر اور قیامت پر ایمان ہو اُسکو اپنے ہمسائی کی بزرگداشت کرنا چاہیے اور جسکو خدا پر اور قیامت پر ایمان ہو اُسکو اپنے مہمان کی خاطر اور اُسکی دعوت مین تکلف کرنا چاہیے کسی نے پوچھا تکلف کیا فرمایا ایک دن ایک رات اور مہمانداری تین دن اُسکے بعد پھر صدقہ ہے اور جسکو خدا پر اور قیامت پر ایمان ہو اُسکو اچھی بات بولنا چاہیے یا چپکا رہے -

۳۱۲ مہمانداری تین دن

(۷۵۰) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مہمانداری تین دن ہے اسکے بعد پھر صدقہ ہے -

۳۱۳ مہمان اتنے دن نہ ٹھہرے کہ میزبان پر گران ہو جاے

Marfat.com

(۷۵۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جسکو خدا پر اور قیامت پر ایمان ہو وہ اچھی بات بولے یا چپ رہے اور جسکو خدا پر اور قیامت پر ایمان ہو وہ اپنے مہمان کی خاطر کرے ایک رات دن اُسکی دعوت مین تکلف بھی کرے اور مہمانداری تین دن تک ہے اُسکے بعد پھر صدقہ ہی اور مہمان کو اسقدر قیام جائز نہین کہ گھر والے کو تکلیف ہونے لگے۔

۳۱۴ کوئی صبح تک کسیکے گھر مین رہے۔

(۷۵۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ رات کے مہمان کی مہمانداری ہر مسلمان پر واجبی حق ہے پس جو شخص صبح تک کسی کے گھر مین رہے اُسکے ذمہ مہمان کا حق ہے چاہی وصول کرے خواہ چھوڑ دے۔

۳۱۵ اگر مہمان صبح کو محروم اٹھے

(۷۵۳) عقبہ بن عامر نے کہا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ حضور ہمکو گون کو بھیجا کرتے ہین اور ہم کہین اُتر پڑتے ہین اگر وہان والے ہماری مہمانداری نکرین تو اسبارہ مین حضور کی کیا رائے ہے آپ نے فرمایا جو مناسب مہمانداری تمھاری کرین تو قبول کرو اور نکرین تو اُنسے حق مہمانداری واجبی واجبی وصول کرلو۔

۳۱۶ مہمان کی خدمت میزبان خود ہی کرے

(۷۵۴) ابن سعد نے کہا ابو اسید ساعدی نے اپنے بیاہ مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت کی تو اُنکی بیوی جو دلہن تھین وہی مہمانون کی خدمت مین مصروف تھین وہ کہتی تھین تمکو گ جانتے ہو مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے کیا بھگو دیا تھا شب کو کچھ خرما پھلوٹی یا تھالی مین بھگو دیا تھا

۳۱۷ مہمان کے سامنے کھانا لگا کر خود نماز پڑھنے لگے

(۷۵۵) نعیم بن قعنب نے کہا۔ حضرت ابو ذرؓ کے یہان مین آیا اُنسے ملاقات نہین ہوئی مین نے اُنکی بیوی سے پوچھا ابو ذر کہان ہین بولین ابھی آتے ہین کسی کام مین ہین تب مین انتظار مین بیٹھ گیا اتنے مین وہ بھی آہی گئے اور دو اونٹ بھی اُنکے ساتھ تھے ایک اونٹ نے دوسرے کے چوتڑ کو بالکل تر کر دیا تھا کیونکہ دونون کی گردن مین ایک ایک مشک لٹکی ہوئی تھی۔ پھر اُنھون نے دونون مشکیزے رکھدیے اور رکھکر ادھر آئے مین نے کہا ابو ذر تمسے بڑھکر کسی کی ملاقات مجھے

Marfat.com

پسند نہین تھی اور ناپسند بھی نہین تھی ابوذر نے کہا اے اللہ والے! باپ کے بیٹے یہ دونون باتین کیونکر اکٹھی ہوئین مین نے کہا زمانہ جاہلیت مین ایک لڑکی کو مین نے زندہ دفن کر دیا تھا مجھے یہ خوف ہوتا تھا کہ تم سے ملاقات ہوگی تو تم یہی کہو گے کہ اب تیری توبہ قبول نہ ہوگی اور کوئی صورت اسکے مواخذہ سے نکلنے کی نہین ہے اور یہ امید بھی پڑتی تھی کہ یہی کہدو کہ ہان توبہ قبول ہوگی اور مواخذہ سے بچنے کی راہ نکلیگی ابوذر نے پوچھا جاہلیت مین مجھ سے یہ حرکت ہوئی مین نے کہا ہان ابوذر بولے خیر جو گذر گیا خدا معاف کرے اور اپنی بیوی سے کہا کچھ کھانے کو لاؤ انھون نے انکار کیا پھر کہا اُسنے پھر انکار کیا یہانتک کہ دونون چلانے لگے ابوذر نے کہا ایہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو تملوگون کے بارے مین فرمایا ہے اُس سے تم سب کیونکر ٹل سکتی ہو مین نے پوچھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورتون کے بارے مین کیا فرمایا ہے کہا کہ عورت (کیا ہے کہ) پسلی کی ہڈی ہے اگر تم اُسے سیدھی کرنا چاہو تو توڑ ہی دوگے اور اگر اچھا برتاؤ رکھو تو اُسکی ناراستی اور کجی کے ساتھ رکھنا ہوگا پھر بیوی صاحب شدید لے آئین ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے قطاۃ ہین پھر حضرت ابوذر بولے تم تو کھاؤ اور میری فکر نکرو مین روزہ دار ہون پھر وہ نماز پڑھنے لگے ابھی رکوع کی حالت مین تھے کہ لوٹ آئے اور کھانا کھایا مین نے کہا انا للہ مجھے کبھی یہ وہم نہ تھا کہ آپ مجھ سے جھوٹھ بولین گے فرمانے لگے اے اللہ والے باپ کے بیٹے جب سے تم مجھ سے ملے ہو مین جھوٹھ نہین بولا ہون مین نے کہا آپ نے مجھے فرمایا تھا کہ مین روزہ دار ہون فرمایا ہان (کہا تو تھا) مگر مین اس مہینے مین تین روزے رکھ چکا ہون اس مہینے کا ثواب میرا لکھا جا چکا اب کھانا میرے لیے حلال ہے۔

۳۱۸ لڑکے بالے کا خرچ

(۷۵۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وہ اشرفی بڑے ثواب کی ہے جو لڑکے بالون کی ذات مین آدمی خرچ کرے اور جو اشرفی راہ خدا مین اپنے دوستون کی ذات مین خرچ کرے اور جو اشرفی راہ خدا مین اپنے جانور کے کام مین خرچ کرے ابو قلابہ راوی نے کہا کہ آپ نے پہلے عیال کا ذکر فرمایا اور (واقعی) چھوٹے لڑکے جب تک سیانے ہون تب تک اُنکے واسطے خرچ کرنیوالی سے بڑھکر ثواب کسکو ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

(۷۵۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے گھر والون کی ذات مین ثواب سمجھکر کچھ خرچ کرتا ہے اُسکو صدقہ کا ثواب ہوتا ہے

(۷۵۸) جابرؓ نے فرمایا۔ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ ایک اشرفی میرے پاس ہے فرمایا اپنی ذات مین خرچ کر عرض کیا اور ہے فرمایا اپنے خادم پر فرمایا اپنے لڑکے کی ذات مین خرچ کر عرض کیا اور ہے فرمایا اُسکو خدا کی راہ مین لگا دے اور یہ اُن دونون سے کم درجہ ہے۔

(۷۵۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا چار اشرفیان ہین ایک مسکین کو دو اور ایک سے کسی غلام کے آزاد کرنے مین مدد کرو اور ایک خدا کی راہ مین خرچ کرو اور ایک اپنے گھر بار کے کام مین خرچ کرو سب سے زیادہ ثواب اُسی کا ہے جو گھر بار کے کام مین خرچ ہوئی۔

ہر بات مین ثواب ہے یہانتک کہ بیوی کو اپنے ہاتھ سے کھلا دے اِس مین بھی ثواب ہے ۳۱۹

(۷۶۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سعد بن ابی وقاص سے فرمایا تو خدا کی رضامندی کے واسطے جو کچھ خرچ کرتا ہے اُسمین تجھے ثواب ضرور ملیگا یہانتک کہ بیوی کے منھ مین جو کچھ کھلا دے۔

تہائی رات رہتے دعا کرنا ۳۲۰

(۷۶۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہمارا پاک پروردگار ہر رات تہائی رات رہتے پہلے آسمان کی طرف اُتر آتا ہے پھر فرماتا ہے مجھے کوئی پکارے تو مین اُسکا جواب دون مجھ سے کوئی سوال کرے تو اُسکا سوال پورا کرون مجھ سے کوئی بخشوائے تو اُسے بخشدون۔

غیبت نہین بلکہ امتیاز کے واسطے یہ کہنا کہ فلان شخص گھونگھ والا کا لایا لانبا یا پست قد ہے ۳۲۱

(۷۶۲) ابورہم صحابی جو درخت کے نیچے والی بیعت مین شریک تھے اُنھون نے فرمایا مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تبوک کی لڑائی مین حاضر تھا ایک رات اخضر[1] مین رہے تو ہم آپ کے قریب ہو گئے پھر ہمکو اونگھ آنے لگی تو ہم جاگنے لگے کیونکہ میرا اونٹ آپ کے اونٹ سے قریب ہو گیا تھا مین اُسکے قریب ہونے سے گھبراتا تھا کہ ایسا نہو رکاب مین آپ کا پانون ہو اور کچھ صدمہ پہونچے اِسی خیال سے ہم اپنے اونٹ کو پیچھے لیچلنے لگے یہانتک کہ نیند ہمپر غالب ہو گئی اور میرا اونٹ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اونٹ کے برابر آیا اور آپ کا (مبارک) پانون رکاب مین تھا بس آپ کے پانون مین میرا بدن لگ گیا پھر آپ نے فرمایا حسّ جس سے مین جاگ پڑا

Marfat.com

مین نے عرض کیا یارسول اللہ میرے لیے استغفار فرمایئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا چلے جاؤ پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بنی غفار کا حال جو آپ کا ساتھ چھوڑ کر مکان پر رہگئے تھے مجھسے پوچھنے لگے وہ سُرخ رنگ لانبے قد کم بال چکی ڈاڑھی والی جماعت کیا ہوئی مین نے اُنکے رہجانے کا حال عرض کردیا آپ نے فرمایا وہ کانے گھونگھر والے پست قد جنکے جانور شبکہ جرح مین رہتے ہین کیا ہوئے مین اُنکو قبیلہ بنی غفار والون مین یاد کرتا رہا مگر یاد نہین آئے پھر مجھے یاد آگیا کہ وہ تو قبیلہ اسلم کے لوگ ہین مین نے عرض کیا یارسول اللہ وہ قبیلہ اسلم کے لوگ ہین آپ نے فرمایا اُنمین سے جو کوئی خود رہجاتا ہے وہ یہ کیون نہین کرتا کہ اپنے اونٹون سے ایک اونٹ کسی جوانمرد آدمی کو جہاد کے لیے سواری کو دیدے۔

(۷۶۳) عائشہؓ نے فرمایا۔ ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہونے کی اجازت چاہی۔ آپ نے فرمایا اپنے کنبے مین کیا بُرا آدمی ہے جب وہ شخص اندر آیا آپ اُس سے بکشادہ پیشانی ملے مین نے آپ سے اسبارے مین عرض کیا فرمایا اللہ تعالے مُنھ پھٹ بدزبان آدمی کو پسند نہین کرتا۔

(۷۶۴) عائشہ نے فرمایا۔ مزدلفہ کی رات بی بی سودہؓ نے آپ سے اجازت چاہی (کہ سویرے بھیڑ بھار کے پہلے چلی جائین) اسواسطہ کہ وہ بدن کی بھاری آہستہ جانے والی عورت تھین تو آپ نے اُنکو اجازت دیدی۔

۳۲۲ کسی خبر کے بیان کرنے کیوقت نقل اوتارنے مین مضائقہ نہین

(۷۶۵) عبداللہ بن مسعود نے فرمایا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسوقت حنین کے لوٹ کا مال جعرانہ مین تقسیم کیا ہے لوگون نے آپ پر بڑا ہلہ کیا اُسوقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اپنے نبدون مین ایک بندے کو اللہ نے ایک قوم کی طرف بھیجا اُن لوگون نے اُسے جھوٹھلا دیا اور اُسکا سر زخمی کردیا مگر وہ اپنی پیشانی سے خون پونچھتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ عبداللہ بن مسعود نے کہا گویا مین اسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھ رہا ہون جو آپ پیشانی پونچھ پونچھکر اُنکی کیفیت بتا رہے تھے۔

۳۲۳ مسلمان کی عیب پوشی

Marfat.com

(٧٦٦) ابوالہیثم نے فرمایا کچھ لوگ عقبہ بن عامر کے پاس آکر کہنے لگے۔ ہماری ہمسائے پیکر فساد کرتے ہین ہم حاکم کے یہان انکی اطلاع کرین فرمایا نہین مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے جو شخص کسی مسلمان کا عیب دیکھکر چھپا دے اُسنے گویا زندہ دفن کی ہوئی لاش قبر سے نکال کر زندہ کر دی

کوئی کہے لوگ ہلاک ہوئے ٣٢٤

(٧٦٧) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جسکو یہ کہتے ہوئے سنو کہ لوگ ہلاک ہوئے تو سب سے زیادہ ہلاکی اُسی کی سمجھو۔

منافق کو سردار نہ کہے ٣٢٥

(٧٦٨) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ منافق کو سردار مت کہو کیونکہ اُسکو سردار بنانا پروردگار کو ناراض کرنا ہے۔

جسکی تعریف کیجاے وہ کیا کہے ٣٢٦

(٧٦٩) عدی بن ارطاۃ نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی صحابی کی کوئی شخص تعریف کرتا تو وہ یہی کہتے اے اللہ ان لوگون کے کہنے کا مواخذہ ہمسے مت کر اور جو میرا عیب نہین جانتے اوسے بخشدے۔

(٧٧٠) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زعموا کے بارہ مین فرمایا آدمی کی بری سواری ہے۔

(٧٧١) عبداللہ بن عامر نے ابومسعود سے پوچھا کہ تمنے (زعمو) کے بارے مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا سنا ہے کہا کہ آپ فرماتے تھے (زعمو) بری سواری ہی اور آپ نے فرمایا مسلمان پر بہتان کرنا ایسا ہی جیسے اُسکو مار ڈالنا

کسی بات کو اپنی دانست کے خلاف یون نہ کہے کہ خدا جانتا ہے ٣٢٧

(٧٧١) ابن عباس نے فرمایا تم مین سے کوئی شخص جو بات اُسکے علم مین نہو اسبات کو یہ نہ کہے کہ خدا ایسا جانتا ہے کیونکہ (شاید) خدا کو خلاف اُسکے علم ہو تو گویا جو بات خدا نہین جانتا ہے وہ خدا کو جتانا ہے یہ بات خدا کے نزدیک بہت بری بات ہے۔

Marfat.com

۳۲۸ قوس قزح

(۷۷۳) ابن عباس نے فرمایا مجرۃ آسمان کے دروازون مین ایک دروازہ ہے اور قوس قزح حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے بعد والون کو ڈوبنے سے امان (کی نشانی ہے)

۳۲۹ مجرہ (کہکشان)

(۷۷۴) ابن الکوا نے حضرت علی سے مجرہ کو پوچھا آپ نے فرمایا وہ آسمان کی پوری ہے اسی طرف سے آسمان سے دھڑلا پانی کا کھلا تھا (یعنے حضرت نوح کی قوم پر)۔

(۷۷۵) ابن عباس نے فرمایا قوس زمین والون کے لیے ڈوبنے سے امان کی نشانی ہے اور مجرہ (کہکشان) آسمان مین وہ جگہ ہے جہان سے آسمان پھٹے گا۔

۳۳۰ یون دعا کرنا کسکو ناگوار ہوا۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ مُسْتَقَرِّ رَحْمَتِكَ

(۷۷۶) ابو حارث کرمانی نے کہا ایک شخص نے ابو رجا سے کہا۔ اپ کو سلام کرتا ہون اور خدا سے دعا کرتا ہون کہ مجھے اور آپ کو اپنے مستقر رحمت مین اکٹھا کرے۔ کہا یہ کسی سے ہو سکتا ہے تبا ؤ تو مستقر رحمت کیا چیز ہے؟ بہشت۔ کہا تو نے ٹھیک نہین بتایا۔ کہا تب مستقر رحمت کیا ہے کہا قلب رب العالمین

۳۳۱ زمانہ کو گالی ندے

(۷۷۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یون کوئی نہ کہے ہاے زمانہ کی خرابی اسواسطے کہ زمانہ تو خدا ہی ہے۔

(۷۷۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یون کوئی نہ کہے ہاے زمانہ کی خرابی اللہ تعالے نے فرمایا زمانہ مین ہون دن اور رات کو مین نے چھوڑ دیا ہے پھر جب مین چاہونگا دونون کو پکڑ رکھونگا اور انگور کو کرم نہ کہنا کرم تو مسلمان آدمی ہے۔

۳۳۲ مسلمان بھائی جاتا ہو تو اسکو تیز نظر سے نہ دیکھے

(۷۷۹) مجاہد نے کہا یہ ناپسندیدہ بات ہے کہ کوئی جاتا ہو تو اسکو تیز نظر سے دیکھے یا برابر پیچھے اسکے دیکھتا رہے یا اس سے پوچھے کہ تم کہان سے آتے ہو اور کہان جاتے ہو۔

پانچوان پارہ تمام ہوا

Marfat.com

ادب المفرد کا چھٹا ن پارہ

کوئی کسیکو کہے دیلک ۵ ۳۳۲ باب

(۷۸۰) انس نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا بیت اللہ کے نذر کا اونٹ ہانکے لئے جاتا ہے آپ نے فرمایا سوار ہو لے اوس نے عرض کیا یہ تو نذر کا اونٹ ہے فرمایا سوار ہو لے عرض کیا یہ تو نذر کا اونٹ ہے پھر فرمایا سوار ہو لے عرض کیا یہ تو نذر کا اونٹ ہے فرمایا ویلک تیری خرابی ہو سوار ہو لے

(۷۸۱) مسور بن رفاعہ نے کہا مین سن رہا ہون ایک شخص نے ابن عباس سے پوچھا ہے کہ مین نے روٹی گوشت کھایا ہے ابن عباس نے فرمایا ویحک خرابی ہو تیری کیا تو پاک چیزون (کے کھانے) سے وضو کرے گا۔

(۷۸۲) جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا فتح حنین کے روز مقام جعرانہ مین حضرت بلال اپنے دامن مین (غنیمت کا) سونا لئے ہوئے تھے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اوسکو تقسیم فرما رہے تھے اتنے مین ایک شخص آکر کہنے لگا انصاف سے بانٹئے آپ انصاف تو کرتے ہی نہین آپ نے فرمایا ویلک خرابی ہو تیری مین ہی نہین انصاف کرونگا تو پھر کون انصاف کریگا حضرت عمر نے عرض کیا یا رسول اللہ چھوڑئے تو مین اس منافق کی گردن ہی مارتا ہون آپ نے فرمایا یہ اور اسکے بھارجے قرآن پڑھتے ہین مگر اونکے حلق سے نیچے نہین اوترتا ہی دین سے ایسے نکلے ہوئے ہین جیسے شکار سے تیر (وار پار) نکلجائے۔

(۷۸۳) بشیر بن نہیک نے کہا بشیر بن معبد کا نام پہلے زحم بن معبد تھا جب وہ ہجرت کرکے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کیطرف چلے آئے آپنے پوچھا تمہارا نام؟ عرض کیا زحم فرمایا بلکہ تم بشیر ہو انکا بیان ہی کہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ساتھ چلا جاتا تھا کہ مشرکون کی چند قبرون پر گذر ہوا آپنے تین بار فرمایا لقد سبق ھؤلاء پھر مسلمانکی چند قبرون پر گذر ہوا آپنے تین بار فرمایا انمو گون نے بہت بہلایا ان جاں کین پھر نبی صلے اللہ

Marfat.com

علیہ وآلہ وسلم نے قریب سے ایک نظر فرمائی تو کیا دیکھا کہ ایک شخص قبرونکے درمیان
ہو کر جوتیاں پہنے چلا جا رہا ہے آپنے پکارا ای صاحبِ سختیانی والے اپنے دونون جوتیان اوتار ڈال اوس شخص نے
ادہر نظر کی دیکھا تو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین وہین اوسنے جوتیونکو اوتار کر دونونکو پھینکدیا۔

۳۳۳ مکان

(۷۸۴) محمد بن ابی فدیک نے کہا محمد بن ہلال نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات
کے حجرونکو دیکھا تھا بال کے بنے ہوئے ٹاٹ سے مڑھی ہوئی کھجور کی ٹٹیون سے بنے
ہوے تھے مین نے اون سے حضرت عایشہ کے مکان کا حال پوچھا تو کہنے لگے کہ دروازہ
اوسکا بیت المقدس کیجانب (اوترخ کا) تھا مین نے پوچھا کہ ایک ہی پلہ کا دروازہ تھا یا
یا دو پلے تھے کہا کہ ایک ہی دروازہ تھا مین نے پوچھا کس لکڑی کا تھا کہا عرعر کا یا ساکہو کا۔
(۷۸۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جبتک لوگ مکان پر کپڑونکیطرح
نقاشی نکر لینگے تب تک قیامت قایم نہوگی۔

۳۳۴ یہ کہنا نہین تیرے باپ کی قسم

(۷۸۶) ابوہریرہ نے کہا ایک شخص نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
حضور مین حاضر ہو کر پوچھا یا رسول اللہ کون سے صدقہ کا ثواب زیادہ ہے فرمایا تان تیرے
باپ کی قسم تجھے ضرور اسکی خبر دیجائیگی تو تندرست بھی ہو اور مال کی محبت بھی رکھتا ہو
محتاجی کا خوف ہو اور فراغت پر بھروسا ہو ایسی حالت مین صدقہ کرنا (بہت ثواب رکھتا ہی)
اور اوٹھانہ رکھ کہ جب سانس حلق پر پہونچے اوسوقت کہنے لگے فلانے کو اتنا فلانی کو اتنا
حالانکہ وہ حق دوسرونکا ہو گیا۔

۳۳۵ مانگنے مین خوشامد

(۷۸۷) عبداللہ نے فرمایا جب کوئی کسیکے سامنے حاجت پیش کرے تو ہلکے طور سے مانگے
کیونکہ جو مقدر ہی وہ ملی ہی گا اور کسیکے پاس آکر اوسکی خوشامد نکرنے لگے کہ اوسکی پیٹھ کاٹے ڈالی۔
(۷۸۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ جب کسی سرزمین پر کسی بندہ
کی روح قبض کرنیکا ارادہ کرتا ہے تو اوسکو وہان جانیکی حاجت پیدا کر دیتا ہے۔

Marfat.com

لابل شانیک ۳۳۶

(۷۸۹) ابو عبدالعزیز نے کہا (حضرت) ابوہریرہ ایکدن شام کو ہملوگونکے یہان رہگئے تو اپنے سامنے ایک ستارے کو دیکھکر کہنے لگے قسم اس ذات کی جسکی ہاتھہ مین ابوہریرہ کی جان ہے بہت لوگ جنھون نے دنیا مین حکومتین کین اور برسرکار رہے تمنا کرینگے کہ وہ لوگ اس ستارے کے پاس لٹکے رہتے اور اون حکومتون اور کامونکو اختیار نکرتے پھر میری طرف متوجہہ ہوکر فرمایا لابل شانیک کیا یہ سب باتین پورب والونکی پورب مین پہیل گئین مین نے کہا ہان فرمایا قسم خدا کی خدا نے پھٹکار دیا اور اونکی ساتہ دا کیا قسم اوس ذات کی جسکے ہاتھہ مین ابوہریرہ کی جان ہے انلوگونکو مُرخ رنگ والی غصہ ناک کئے تہ والے سپر جیسے مُنہ والی لوگ ہنکاتے تہکاتے کھیتی والونکو اونکی کھیتو پر اور جانور والونکو اونکے جانور دن تک پہونچا دینگے۔

کوئی یون نہ کہے اللہ اور فلان شخص ۳۳۷

(۷۹۰) ابن جریج نے کہا مغیث بن عمر کو مین نے کہتے ہوئے سنا جب اوس سے ابن عمر نے اوسکے مولا کو پوچھا تو اوس نے بتایا کہ اللہ اور فلان شخص ابن عمر نے فرمایا اسطرح نکہا کرو کسیکو اللہ کا ساتھی مت بناؤ بلکہ یون کہو اللہ کے بعد فلان شخص۔

یون کہنا جو خدا چاہے اور آپ چاہین ۳۳۸

(۷۹۱) ابن عباس نے فرمایا ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا کہ جو خدا چاہے اور آپ چاہین آپنے فرمایا تو نے مجھے خدا کے برابر بنا دیا بس اکیلے خدا جو کچھہ چاہے۔

گانا اور کھیل کرنا ۳۳۹

(۷۹۲) عبداللہ بن دینار نے کہا مین عبداللہ بن عمر کے ساتھہ بازار گیا ایک چھوکری گا رہی تھی ابن عمر نے فرمایا شیطان اگر کسیکو چھوڑ دیتا تو اسکو چھوڑ دیتا۔

(۷۹۳) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بیکار باتون سے مجھے اور بیکار باتونکو مجھسے سروکار نہین آپکی غرض یہ تھی کہ باطل کو مجھسے کچھہ سروکار نہین

Marfat.com

(۷۹۴) ابن عباس نے فرمایا آیہ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ ترجمہ بعض آدمی بیکار بات اختیار کرتے ہین یعنی گانا اور ازین قبیل اور باتین ۔

(۷۹۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سلام پھیلاؤ اسمین تمہاری سلامتی ہے اور اشرہ خراب بات ہے ابو معاویہ راوی نے بتایا اشرہ نکمی بات ۔

(۷۹۶) ابن مسعود نے فرمایا تمہارے زمانے مین دین کے سمجھنے والے بہت لوگ ہین لوگون مین بیٹھکر خطبہ پڑھنے والے تھوڑے ہین مانگنے والے تھوڑے ہین دینے والے بہت خواہش عمل کے تابع ہے اور تھوڑا ہی دن تمہارے بعد والے زمانے مین سمجھ والے تھوڑے ہونگے اور مجمع کے خطیب بہت ہونگے مانگنے والے بہت ہونگے دینے والے تھوڑے ہونگے عمل خواہش کے تابع ہوگا بس تو تملوگ جان رکھو کہ آخر زمانیمین بعض عمل کی نسبت نیک چلنی بہت اچھی بات ہوگی ۔

(۷۹۷) جریری نے فرمایا مین نے ابو طفیل صحابی سے پوچھا آپنے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے فرمایا ہان اور میری دانست مین اب روے زمین پر میرے سوا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیکھنے والا کوئی شخص زندہ نہین ہے آپ کا رنگ نورانی چہرہ مبارک نمکدار تھا ۔

(۷۹۸) جریری نے فرمایا مین اور ابو طفیل صحابی کعبہ کا طواف کر رہے تھے ابو طفیل نے فرمایا اب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیکھنے والا میرے سوا کوئی شخص باقی نہین ہے مین نے پوچھا کیا آپ نے حضرت کو دیکھا ہی فرمایا ہان مین نے پوچھا کیسے تھے فرمایا (نورانی) سپید رنگ نمکدار میانہ روش ۔

(۷۹۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نبوت کے پچیس حصو نمین ایک حصہ یہ بھی ہے اچھا طریقہ اور اچھی وضع اور میانہ روی ۔

(۸۰۰) عکرمہ نے فرمایا مین نے حضرت عایشہ سے پوچھا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

Marfat.com

وسلم کو کبھی کوئی شعر پڑھتے بھی سنا فرمایا کبھی کبھی مکان مین یہ فرماتی ہوئے تشریف لاتے ؎
وَيَاْتِيْكَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ ترجمہ تیرے پاس وہ شخص خبرین لائیگا
جسکو تو نے کچھ توشہ تک نہین دیا۔

(۸۰۱) ابن عباس نے فرمایا یہ تو کسی نبی کی بات ہے وَيَاْتِيْكَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدَ

بُری آرزو ۳۴۲

(۸۰۲) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم مین کوئی کچھ آرزو کرے تو خوب سوچکر آرزو کرے کیونکہ یہ معلوم نہین کون آرزو پوری ہوگی۔

عینب کو کرم نکہے ۳۴۳

(۸۰۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کوئی آدمی (انگور کو) کرم نہ کہے جلہ کہا کرو۔

دِيْحَكْ (تیرا برا ہو) کہنا ۳۴۴

(۸۰۴) ابوہریرہ نے فرمایا ایک شخص کعبہ کے نذر کا اونٹ ہانکے لئے جاتا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ادہر گذرے فرمایا اسپر سوار ہولے اوسنے عرض کیا یارسول اللہ یہ بدنہ ہے پھر فرمایا سوار ہو لے عرض کیا یہ تو بدنہ ہے آپنے تیسری بار فرمایا دِيْحَكَ (تیرا برا ہو) اسپر سوار ہولے۔

یا هَنْتَاهْ کہنا ۳۴۵

(۸۰۵) حمنہ بنت جحش نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یا هَنْتَاهْ یہ کیا ہے۔

(۸۰۶) حبیب ابن صہبان اسدی نے فرمایا مین نے عمارؓ کو دیکھا اونھون نے فرض نماز پڑھی پھر اپنے بغل والے آدمی کو کہا یا هنتاه پھر کھڑے ہوگئے۔

(۸۰۷) شرید نے فرمایا مجھے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ساتھ سواری پر بیٹھالیا پھر پوچھا تجھے امیہ ابن ابی الصلت کے اشعار کچھ یاد ہین مین نے عرض کیا ہان پھر مین نے ایک بیت پڑھ بھی دیا اسپر آپنے فرمایا هِيْهِ ۳۵ یہانتک کہ مین نے اکیسو بیت آپکے سامنے

Marfat.com

پڑھ دے۔

۳۴۶ یہ کہنا کہ مین ماندہ ہون

(۸۰۸) عبداللہ بن ابیموسی نے فرمایا حضرت عایشہ نے فرمایا رات کی نماز مت چھوڑنبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اس نماز کو چھوڑتے ہی نہ تھے اور جب بیمار یا ماندہ ہوتے تو بیٹھے بیٹھے پڑھ لیتے۔

۳۴۷ ماندگی سے پناہ چاہنا

(۸۰۹) انس بن مالک نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا بہت کیا کرتے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ یا اللہ مین فکر سے اور غم سے اور عاجزی سے اور ماندگی اور بزدلی سے اور بخالت سے اور قرض کی الدَّیْنِ وَغَلَبَۃِ الرِّجَالِ۔ بوجھ سے اور لوگونکی غلبہ سے تیری پناہ چاہتا ہون

۳۴۸ یہ کہنا میرے جان تمپر قربان

(۸۱۰) انس بن مالک نے فرمایا ابوطلحہ رضؓ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے دوزانو بیٹھکر اپنا (یا آپکا) تیردان پھیلا دیتے اور عرض کرتے میرا منہ آپکا منہ بچانی کو حاضر ہے اور میری جان آپ پر فدا ہے۔

(۸۱۱) ابوذر نے فرمایا پھر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بقیع کیطرف چلے اور مین بھی آپکے پیچھے پیچھے چلا آپنے منہ پھیرا تو مجھے دیکھا تب فرمایا ابوذر مین نے عرض کیا لَبَّیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَسَعْدَیْکَ اور مین آپ پر فدا ہو جاؤن آپنے فرمایا جنکے پاس بہت کچھ ہے اونکے پاس قیامت مین کچھ بھی نہوگا ہان مگر جو شخص واجبی بات مین یون یون خرچ کر ڈالے مین نے عرض کیا خدا رسول کو خوب معلوم ہے آپنے تین بار اسطرح بتایا پھر اُحد پہاڑ معلوم ہونے لگا آپ نے فرمایا ابوذر مینے عرض کیا لَبَّیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَسَعْدَیْکَ اور مین آپ پر فدا ہو جاؤن فرمایا مجھے خوش نہین آتا کہ حاضر ہون یارسول اللہ اور تابعدار ہون
محمدؐ کے لوگونکو احد سونا ہو کر ملجاوے پھر شام تک اونکے پاس ایک دینار بھی باقی رہے آپنے ایک دینار یا ایک مثقال فرمایا پھر آگے میدان ملا تو آپ ایکطرف ہو گئے مینے سمجھا آپکو تخلیہ کی ضرورت ہے تو مین کنارے ہی بیٹھ گیا اور آپکو دیر ہوئی تو مجھے آپکی بہ نسبت کچھ خوف پیدا ہوا پھر مینے آپکی آواز سنی جیسے کسی سے آہستہ باتین کر رہے ہون پھر آپ میری پاس اکیلے ہی

Marfat.com

تشریف لائے مین نے عرض کیا یارسول اللہ یہ جس سے آپ آہستہ کچھ بول رہے تھے کون آدمی تھا فرمایا کیا تو نے بھی سن لیا عرض کیا ہان فرمایا جبرئیل تھے میرے پاس آکر مجھے خوشخبری دیگئے کہ میری امت کا جو آدمی مرجاوے اور اوسنے شرک نکیا ہو تو وہ بہشت مین داخل ہوگا مین نے پوچھا کیا زنا اور چوری کرے تب بھی فرمایا ہان ۔

یہ کہنا میرے ماں باپ تجھپر قربان ۳۴۹

(۸۱۲) علی رضی اللہ نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مین نے نہین دیکھا کہ سعد کے سوا اور کسی کے شان مین فدا ہونیکو فرماتے ہون آپ فرماتے تھے میرے ماں باپ تجھپر فدا ہون (کافرونکی طرف) تیر مار ۔

(۸۱۳) بُرْدَہ نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد تشریف کیگئے اور ابوموسیٰ قرآن پڑھ رہے تھے آپ نے پوچھا یہ کون ہے مینے عرض کیا آپ پر فدا ہو جاؤن مین ہون بردہ آپ نے فرمایا اسکو (یعنے ابوموسیٰ کو) داؤد پیغمبر کے خاندان کی ایک راگنی ملی ہے ۔

جسکے باپ نے اسلام کا زمانہ نہین پایا اوسکو یون کہنا ای میرے بچے ۳۵۰

(۸۱۴) صعب نے کہا مین عمرؓ کی خدمت مین آیا آپ مجھے فرمانے لگے ای بھتیجے پھر مجھسے (میرا) حال پوچھنے لگے مین نے اپنا خاندان بیان کیا کہ آپکو معلوم ہو جاے کہ میرے باپ نے اسلام نہین پایا تب آپ فرمانے لگے ای میرے بچے ای میرے بچے ۔

(۸۱۵) انس نے کہا مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کرتا تھا تو بے پوچھے بے پکارے اندر چلا جاتا تھا ایک دن جو مین آیا تو آپ نے فرمایا ٹھہر اے میرے بچے تیرے پیچھے ایک نئی بات ہو گئی ہے اب بے اجازت اندر مت جایا کر ۔

یعنی جماع کیا ہوگا

(۸۱۶) ابوسعید خدری نے ابوصعصعہ کو کہا اے میرے بچے ۔

(میرا نفس خبیث ہوگیا) نکہے ۳۵۱

(۸۱۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تمہارا کوئی شخص خبثت نفسی نہ کہے بلکہ نقست نفسی کہے ۔

(۸۱۸) اوپر والی حدیث ۔

Marfat.com

ابوالحکم کنیت ۳۵۲

(۸۱۹) ہانی نے کہا جب وہ اپنی قوم کے ساتھ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خدمتمین حاضر ہوئے اونکے لوگ اونکو ابوالحکم کنیت سے پکارتے تھے اسکو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سنا تب آپنے اونکو بلا کر فرمایا کہ تو نے ابوالحکم کنیت کیون رکھی ہے حکم تو اللہ ہے اور حکم کی نسبت اوسی کیطرف ٹھیک ہے عرض کیا نہین حضرت میری قوم جب کسی بات مین اختلاف کرتے تو میرے پاس آتے مین جو حکم اونکو دیتا اوسی پر دونون فریق راضی ہوجاتے آپ نے فرمایا واہ یہ تو خوب ہی بات ہے تیرے بیٹے کتنے ہین عرض کیا شُریح عبداللہ مسلم فرمایا سب سے بڑا کون ہے عرض کیا شریح فرمایا اچھا تو ابو شریح ہی پھر آپ نے اونکے اور اونکی اولاد کیلئے دعا فرمائی اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سنا اوس جماعت مین ایک شخص کو اسکی قوم عبدالحجر کہکر پکارتے ہین آپ نے پوچھا تیرا کیا نام ہے عرض کیا عبدالحجر فرمایا نہین تو عبداللہ ہے شریح کا بیان ہے جب ہانی کے واپس آنے کا وقت آیا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوکر پوچھا فرمائیے جنت میرے لئے کسبات سے واجب ہوگی فرمایا اچھی بول بولا کر اور کھانا کھلایا کر۔

نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اچھا نام پسند تھا ۳۵۳

(۸۲۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری اس اونٹ کو کون شخص ہانک لیجائیگا یا فرمایا میرے اس اونٹ کو کون شخص پہونچا دیگا ایک شخص نے عرض کیا مین آپنے فرمایا تیرا نام کیا ہے عرض کیا یہ فرمایا بیٹھ جا پھر دوسرا شخص اوٹھا آپنے پوچھا تیرا نام کیا ہے عرض کیا یہ فرمایا بیٹھ جا پھر ایک آدمی اوٹھا آپ نے پوچھا تیرا نام کیا ہے عرض کیا ناجیہ فرمایا تو اس کام کا ہے لے اونٹ ہانک لیجا۔

لپک کر چلنا ۳۵۴

(۸۲۱) ابن عباسؓ نے فرمایا ہلوگ نہیں ہی ہوئے تھے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نہایت

Marfat.com

تیزی کے ساتہ ادہر متوجہ ہوئے کہ ہملوگ آپ کی تیز قدمی سے ڈر گئے پھر جب آپ یہان پہونچگئے سلام کیا پھر فرمایا مین تمہاری طرف لپکتا ہوا آیا کہ تمہین لیلۃ القدر کی خبر کردون بس اتنے ہی دور آتے آتے بہلا دیا گیا اب اوسکو رمضان کے پچھلے عشرون مین تلاش کیا کرو۔

۳۵۵ خدا کے نزدیک سب سے پیارا نام

(۳۷۵) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پیغمبرون کے نامون پر نام رکھا کرو اور خدا کے نزدیک پیارا نام عبداللہ اور عبدالرحمن ہی اور نامون مین سچا نام حارث اور ہمام ہے اور نامون مین خراب نام حرب اور مرۃ ہے۔

(۳۷۶) جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایک شخص کے یہان بیٹا پیدا ہوا اوسنے اوسکا نام قاسم رکھا ہم لوگون نے کہا ہملوگ تمہاری کنیت ابوالقاسم نہین رکھینگے اتنی بزرگی تمہاری نہین ہوسکتی پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اسکی خبر ہوی آپنے فرمایا اپنے بیٹے کا نام عبدالرحمن رکھہ۔

۳۵۶ نام بدل کر دوسرا نام رکھدینا

(۳۷۷) سہل نے فرمایا اسید کے بیٹے منذر جب پیدا ہوئے لوگ اونکو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین لائے آپنے فرمایا اونکو اپنی (مبارک) ران پر بٹھالیا اوسوقت ابو اسید بھی بیٹھے تھے پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کوئی بات پیش آئی آپ مشغول ہوگئے۔ ابو اسید نے کسی سے کہا اوسنے لڑکیکو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ران سے اوٹھالیا پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو افاقہ ہوا تو آپنے پوچھا اینن لڑکا کہان ہے، ابو اسید نے عرض کیا یارسول اللہ ہمنے اوسے گھر لوٹا دیا فرمایا اوسکا نام کیا ہے عرض کیا یہ فرمایا نہین بلکہ اوسکا منذر ہے پس اُسیدن آپنے اونکا نام منذر رکھدیا۔

۳۵۷ خدا کے نزدیک سب ناموں سے بُرا نام

(۳۷۸) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ناموں مین نہایت بیہودہ نام خدا کے نزدیک وہ ہے جو کسیکا شاہان شاہ نام رکھا جاوے۔

Marfat.com

کسی کی نام بن تصغیر کرکے اوسکو پکارنا ۳۵۸

(۳۷۹) طلق بن حبیب نے کہا مین شفاعت کا برا ہی منکر تھا مین نے جابر سے پوچھا تو اونھون نے فرمایا ای طلق مین نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ لوگ آگ مین ڈالکر نکالے جائینگے اور جو تو پڑھتا ہے ہلوگ بھی پڑھتے ہین۔

آدمی کو اوس نام یا خطاب سے پکارنا جو اوسے پسند ہو ۳۵۹

(۳۸۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہہ بات اچھی معلوم ہوتی تھی کہ آدمی اوسی نام اور اوسی کنیت سے پکارا جاوے جو اوسے پسند ہو۔

عاصیہ نام کو بدلکر دوسرا نام رکھدینا ۳۶۰

(۳۸۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عاصیہ نام بدل دیا اور فرمایا تو جمیلہ ہے۔

(۳۸۲) عمرو بن عطار کے بیٹے محمد حضرت ابوسلمہ کی بیٹی بی بی زینب کے یہان گئے محمد کی ایک بہن تھین زینب نے محمد سے اونکا نام پوچھا کہا برہ زینب نے فرمایا اسکا نام بدل نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جحش کی بیٹی بی بی زینب سے نکاح کیا اونکا نام بھی برہ تھا آپ نے بدلکر زینب اونکا نام رکھدیا پھر جب ام سلمہ سے آپنے نکاح کیا اور اونکے یہان گئے تو اونکو سنا وہ برہ نام لیکر پکارتی ہین تب آپ نے فرمایا اپنے منہ اپنے کو پاک یا کیزہ مت بنایا کرو خدا ہی خوب جانتا ہے کہ تم مین کونسی نیکوکار ہی اور کونسی بدکار ہے اوسکا نام رکھدے ام سلمہ نے عرض کیا اچھا زینب ہی ہے محمد بن عمرو راوی کہتے ہین کہ مین نے زینب سے کہا میری بہن کا بھی کوئی نام رکھدو فرمایا وہی بدل دو جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدل دیا پھر بی بی زینب نے اونکا نام بھی زینب رکھدیا۔

صرم ۳۶۱

(۳۸۳) ابو عبدالرحمن بن سعید مخزومی کا نام صرم تھا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اونکا نام سعید رکھدیا وہ کہتے تھے میرے دادا نے کہا کہ مین عثمان رض کو مسجد مین لگائی ہوئی دیکھا ہے۔

(۳۸۴) علی رضی عنہ نے فرمایا جب (امام) حسن پیدا ہوئے مین نے اونکا نام حر

Marfat.com

پھر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا میرے بیٹے کو تو مجھے دکھاؤ تمنے اوسکا نام کیا رکھا ہے ہمنے عرض کیا حرب فرمایا نہین بلکہ وہ حسن ہے پھر جب (امام) حسین پیدا ہوئے مین نے اونکا نام حرب رکھا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تشریف لاکر فرمایا میرے بیٹے کو تو مجھے دکھاؤ تمنے اوسکا نام کیا رکھا ہی ہمنے عرض کیا حرب فرمایا نہین بلکہ وہ حسین ہے پھر جب تیسرے پیدا ہوئے مین نے اِنکا نام حرب رکھا پھر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے فرمایا میرے بیٹے کو مجھے دکھاؤ تمنے اوسکا نام کیا رکھا ہی ہمنے عرض کیا حرب فرمایا بلکہ وہ محسن ہے پھر فرمایا مین نے ہارون پیغمبر کے بیٹون شبر شبیر مشبر کے نام پر ان لڑکون کا نام رکھا ہے۔

غراب (کوّا) ۳۶۲

(۳۸۵) مسلم نے فرمایا مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حنین کی لڑای مین حاضر تھا آپنے مجھسے نام پوچھا مین نے عرض کیا غراب فرمایا نہین بلکہ تیرا نام مسلم ہے۔

شہاب ۳۶۳

(۳۸۶) عایشہ نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین ایک شخص کا ذکر ہوا کہ وہ شہاب کہکر پکارا جاتا ہی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بلکہ تو ہشام ہی۔

العاص ۳۶۴

(۳۸۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کیدن فرمایا آج کے بعد سے قیامت تک کوئی قریش بانده کر قتل نکیا جاویگا راوی کہتا ہے اسکے بعد قرشی کافرونمین سے مطیع کے سوا کسیکو اسلام حاصل نہ ہوا اونکا نام عاص تھا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مطیع نام رکھدیا۔

اپنے ساتھی کو پکاری تو اوسکا نام مختصر کردے یا کچھ گھٹا دی۔ ۳۶۵

(۳۸۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ای عایشہ یہ جبرئیل ہین تجھے سلام کہتے ہین عایشہ نے عرض کیا وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ اور جو چیز مین نہین دیکھتی اوسے وہ دیکھتے ہین۔

Marfat.com

(۳۸۹) ام کلثوم حج کو آئین اونکے بھائی مخارق بن ثمامہ نے اون سے کہا کہ حضرت عائشہؓ کے یہان جاؤ اور اون سے حضرت عثمان کا حال دریافت کرو لوگ میرے یہان اونکے باری مین بہت کچھہ کہا کرتے ہین ام کلثوم کہتی ہین مین حضرت عائشہ کے یہان حاضر ہوئی اور اون سے عرض کیا کہ آپکے بعض بیٹے آپکو سلام کہتے ہین اور آپ سے حضرت عثمان کا حال دریافت کرتے ہین حضرت عائشہ نے فرمایا وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ پھر فرمایا مین تو اس بات کی گواہی دیتی ہون کہ مینے عثمان کو اسی مکان مین دیکھا گرمی کی رات تہی اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہی تھے اور جبرئیل وحی لاتے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عثمان کی ہاتہ یا مونڈھے پر مارتے تھے کہ عثم لکہلے (حضرت عائشہ نے فرمایا) کہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ اپنے نبی کے نزدیک یہ رتبہ دلوائے وہ تو ضرور اسکے نزدیک بہی عزت رکہتا ہوگا بس تو جو شخص عثمان کو بد کہے اوس پر خدا کی لعنت۔

حضرت عثمان کی عزت حضرت عائشہ کے نزدیک اور اونکی کمال محبت

(۳۹۰) بشیر نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے پھر فرمایا تیرا نام کیا ہے عرض کیا زحم فرمایا بلکہ تو بشیر ہے پھر مین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتہ ٹہلتا چلا جاتا تہا بس آپنے فرمایا ای خصاصیہ کے بیٹے تو سویرے سویرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتہ ٹہل رہا ہی خدا سی تیرے ناخوش ہونیکی بات نہین ہے مینے عرض کیا میری ماں باپ آپ پر فدا ہون مجہے خدا سے کچھہ ناخوشی نہین ہے ساری بہلائی مجہے حاصل ہوگئی پہر آپ مشرکون کی قبرون پر آئے تو فرمایا یہ لوگ بہت بہلائی چہوڑ کر گذر گئے پہر مسلمانون کی مقبری پر آئے تب فرمایا ان لوگون نے بہت بہلائیان حاصل کین پہر کیا دیکہا کہ ایک شخص ستبیہ جوتی پہنے مقبری مین پہر رہا ہی بس آپنے فرمایا اے ستبیہ والے اپنی ستبیہ اوتار بس اوسنے دونون ستبیہ جوتیان اوتار دین۔

(۳۹۱) بشیر بن خصاصیہ کا نام زحم تہا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اون کا

Marfat.com

نام بشیر رکھدیا۔

برّہ ۳۶۷

(۳۹۲) بی بی جُوَیرِیہ کا نام برّہ تہا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اونکا نام جویریہ رکھدیا۔

(۳۹۳) بی بی میمونہ کا نام برّہ تہا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اونکا نام میمونہ رکھدیا۔

افلح ۳۶۸

(۳۹۴) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر مین زندہ رہا تو انشاء اللہ اپنی امت کو منع کردونگا کہ کوئی شخص برکت اور نافع اور افلح نام نرکہی (راوی کہتا ہے) خیال نہین کہ آپنے رافع ہی فرمایا تہا یا نہین کوئی پوچھیگا یہان برکت ہے جواب ملیگا نہین یہان نہین ہے پھر ہنوز منع نہین فرمایا تہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وفات ہوگیا۔

(۳۹۵) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چاہا کہ یعلے اور برکت اور نافع اور یسار اور افلح اور اسیطرح کی اور نام رکھنے سے منع فرماوین پھر آپ چپ چاپ رہگئے اور کچھہ نہین فرمایا۔

رباح ۳۶۹

(۳۹۶) عمر بن خطاب رضؓ نے فرمایا جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (خفا ہوکر) بی بیون سے علحدہ ہوگئے تھے میری نظر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام رباح پر پڑی بس مینے پکارا ای رباح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میری ملاقات کیلئے تو پونچھہ۔

پیغمبرون کے نام ۳۷۰

(۳۹۷) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میرے نام پر نام تو رکھو مگر میری کنیت پر کنیت نہ رکھو اسلئے کہ ابو القاسم فقط مین ہی ہون۔

(۳۹۸) انس بن مالک نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بازار مین تھے ایک شخص بولا اے ابو القاسم بس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ادہر منہ کیا تب اوسنے عرض کیا

Marfat.com

یارسول اللہ مین نے اوس آدمی کو پکارا ہے اسپر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میرے نام پر نام رکھو میری کنیت پر کنیت نہ رکھو۔

(۳۹۹) یوسف بن عبداللہ بن سلام نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا نام یوسف رکھدیا اور مجھے اپنی گود مین بٹھایا اور میرے سر پر ہاتھ پھیرا۔

(۴۰۰) جابر بن عبداللہ نے فرمایا ہملوگ انصاریون مین کسیکے یہان لڑکا پیدا ہوا مین اوسکو گردن پر اوٹھائے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان لے آیا اور لوگون نے چاہا کہ اوسکا نام محمد رکھین آنحضرتؐ نے فرمایا میرے نام پر نام رکھو میرے کنیت پر کنیت مت رکھو اسلئے کہ مین ہی قاسم بنایا گیا ہون کہ تملوگون کے درمیان تقسیم کرون حصین راوی نے کہا مین قاسم بنا کر بھیجا گیا ہون۔

(۴۰۱) ابو موسیٰ نے فرمایا میرے یہان ایک لڑکا پیدا ہوا مین اوسے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان لے آیا آپ نے اوسکا نام ابراہیم رکھدیا اور خرما چبا کر اوسکے تالو مین رگڑ دیا اور اوسکے لئے برکت کی دعا فرمائی اور پھر مجھے دیدیا ابو موسیٰ کے بیٹون مین وہ سب سے بڑے تھے۔

۳۷۱ حزن

(۴۰۲) سعید بن مسیب کے دادا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوئے آپ نے پوچھا تیرا نام عرض کیا حزن فرمایا تو سہل ہے عرض کیا مین اپنے باپ کا رکھا ہوا نام نہین بدلونگا ابن مسیب نے کہا جسسے ہملوگون مین برابر ابھی تک حزونت چلی جاتی ہے۔

(۴۰۳) اگلی حدیث۔

۳۷۲ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام اور آپ کی کنیت

(۴۰۴) جابر نے کہا ہملوگون مین ایک شخص کے یہان لڑکا پیدا ہوا اوسنے قاسم نام رکھا انصار نے کہا ہملوگ ابوالقاسم تو تیری کنیت نکرینگے اور تیری آنکھونکو ٹھنڈک نہ پہونچائینگے تب وہ شخص نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر آیا

Marfat.com

اور جو کچھ انصار بولے تھے آپ سے عرض کیا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا انصار نے خوب کیا تملوگ میرے نام پر نام رکھو مگر میرے کنیت پر کنیت نرکھو کیونکہ قاسم فقط مین ہی ہون ۔

(۴۰۵) ابن حنفیہ نے کہا حضرت علیؓ کو اجازت ہو گئی تھی اونھون نے پوچھا یارسول اللہ آپکے بعد اگر میرے یہان لڑکا ہو تو آپ کے نام پر اوسکا نام رکھون اور آپ ہی کی کنیت پر اوسکی کنیت کرون آپ نے فرمایا ہان ۔

(۴۰۶) ابوہریرہ نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا ہے کہ ایک ہی آدمی آپکے نام پر اپنا نام رکھے اور آپ کی کنیت پر اپنی کنیت کرے اور فرمایا ہے کہ مین ابو القاسم ہون خدا دیتا ہے اور مین بانٹ دیتا ہون ۔

(۴۰۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بازار مین تھے ایک شخص پکارا یا ابا القاسم نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ادھر پھرے تب اوسنے عرض کیا کہ مین نے اسکو پکارا ہے اوسپر آپ نے فرمایا کہ میرے نام پر نام رکھو مگر میری کنیت پر کنیت مت کرو ۔

مشرک کی کنیت ۳۷۳

(۴۰۸) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مجلس مین پہونچے وہان عبد اللہ ابن ابی ابن سلول (منافق) بھی تھا اوسوقت تک وہ ظاہر مین بھی مسلمان نہین ہوا تھا کہنے لگا کہ ہماری مجلسونمین آآکر ہملوگونکو تکلیف ندیا کیجئے پھر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سعد بن عبادہ کے یہان گئے اور اون سے فرمایا سعد تم نہین سنتے ابو حباب کیا بولتا ہے ابو حباب سے آپکی مراد عبد اللہ ابن ابی ابن سلول تھی ۔

بچونکی کنیت ۳۷۴

(۴۰۹) انس نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے یہان تشریف لایا کرتے اور میرا ایک چھوٹا بھائی تھا اوسکی کنیت ابو عمیر تھی اور اوسکے پاس

Marfat.com

پاسکے ایک گوریا چڑیا تھی اوس سے وہ کھیلا کرتا اتفاقاً وہ مرگئی پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے تو لڑکے کو اوداس دیکھکر پوچھنے لگے اسکا کیا حال ہے لوگون نے عرض کیا اسکی چڑیا مرگئی ہی تب آپنے فرمایا ابو عمیر تیرے نغیر نے کیا کیا۔

جسکو ہنوز لڑکا نہین ہوا ہے اوسکی کنیت ۳۷۵

(۴۱۰) علقمہ کو ہنوز کوئی لڑکا نہین ہوا تھا کہ ابو شبل انکی کنیت رکھدیگئی۔

(۴۱۱) علقمہ نے کہا قبل اسکے کہ مجھکو کوئی اولاد ہو عبداللہ نے میری کنیت رکھدی

عورتون کی کنیت ۳۷۶

(۴۱۲) حضرت عائشہ رضی نے فرمایا مین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوکر عرض کرنے لگی یا رسول اللہ آپ نے اپنی عورتون کی کنیت رکھدی ہی میری بھی رکھدیجئے آپ نے فرمایا تو اپنے بھانجے عبداللہ کے نام سے ام عبداللہ اپنی کنیت کرلے۔

(۴۱۳) عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا نبی اللہ آپ کچھ میری کنیت نہین رکھدیتے فرمایا اپنے بیٹے کے نام پر کنیت رکھ لے۔ بیٹے سے آپکی مراد عبداللہ بن زبیر تھی بس حضرت عائشہ کی کنیت ام عبداللہ ہوگئی

کسی شخص مین کوئی بات ہو یا اوس جماعت کے کسی مین ہو اوس بات کے ساتھ کنیت رکھدینا ۳۷۷

(۴۱۴) سہل بن سعد نے کہا حضرت علی کو اپنی نامونمین سے پیارا نام ابو تراب تھا آپ اس نام سے پکارے جاتے تو نہایت ہی خوش ہوتے اور آپ کا نام ابو تراب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی نے رکھا تھا ایک دن حضرت فاطمہ سے علی رضی خفا ہوکر مکان سے باہر آکر مسجد کی دیوار سے لگ کر لیٹ رہے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اونکے پیچھے چلے آئے کسی نے بتادیا وہ تو یہی مسجد کی دیوار سے ملے لیٹے ہوئے ہین بس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شریف لائے اسوقت حضرت علی کی پیٹھ مٹی سے بھر گئی تھی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اونکی پیٹھ سے مٹی

Marfat.com

بھر گئی تہی۔ نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم اونکی پیٹھ سے مٹی جھاڑتے جاتے اور فرماتی ابو تراب بیٹھ جا۔

باب ۳۷۸ بڑون اور بزرگون کے ساتہ کیونکر چلے

(۸۵۷) انس نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم ابو طلحہ کے کھجور بینے مین رفع حاجت کے لئے تشریف لے گئے اور بلال بہی آپکی بغل مین چلے جاتی تھے۔ اتنے مین نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ایک قبر کے متصل ہو کر گذرے تو آپ وہان ٹھہرے رہے یہان تک کہ حضرت بلال بھی پہونچ گئے آپ نے فرمایا وَیحَکَ اے بلال جو مین سُنتا ہون تو بھی سُنتا ہے عرض کیا مین تو کچھ بہی نہین سُنتا فرمایا اس قبر والے پر عذاب ہو رہا ہی پھر جو تفتیش ہوئی تو وہ شخص یہودی ٹھہرا۔

باب ۳۷۹

(۸۵۸) قیس نے کہا حضرت معاویہ اپنے چھوٹے بہائی سے کہہ رہے تھے کہ سواری پر اپنے پیچھے لڑکے کو بھی بٹہالے اوسنے انکار کیا تب معاویہ نے فرمایا تیری تعلیم کیا ہی بُری ہوتی ہے۔ اسپر ابو سفیان نے کہا بہائی سے چھیڑ چھاڑ چھوڑ دے۔

(۸۵۹) عمرو بن عاص نے فرمایا جب دوست بہت ہوتے ہین تو تاوان لینے والے بہت ہو جاتے ہین۔ یحییٰ راوی نے اپنے اوستاد موسیٰ سے پوچہا تاوان لینے والے کیا فرمایا لوگون کے حقوق۔

باب ۳۸۰ بعض شعر بہی حکمت کے ہوتے ہین

(۸۶۰) ایاس بن خیثمہ عبداللہ بن عمر کے سامنے کھڑا ہو کر کہنے لگا ای فاروق کے بیٹے مین تمہین اپنا شعر سُناؤن۔ فرمایا ہان سناؤ۔ مگر اچھا ہی شعر سناؤ بس وہ سُنانے لگا سُناتے سُناتے کچھ ایسی بات آگئی جو ابن عمر کو ناپسند ہوئی تب آپ نے فرمایا بس رہنے دے۔

Marfat.com

(۸۶۱) مطرف نے کہا مین کوفہ سے بصرے تک عمران بن حصین کے ساتہ رہا کم اتفاق ہوا کہ کسی منزل مین اوترے ہون اور کوئی شعر نہ پڑھا ہو۔ اور یہ بھی فرمایا کہ بات پھیر کر بولنے مین جہوٹ سے بچنے کی خوب گنجایش ہے۔

(۸۶۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بعض شعر حکمت کے ہوتے ہین۔

(۸۶۳) اسود بن سریع نے عرض کیا یا رسول اللہ مین نے اپنے پروردگار کی تعریف مین بہت کچھ کہا ہے۔ آپنے فرمایا جان لے تیرا پروردگار تعریف بہت پسند کرتا ہے۔ آپنے اس سے زیادہ نہین کچھ فرمایا۔

(۸۶۴) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آدمی کی پیٹ مین پیپ بھری ہوئی دیکھنا اس سے بہتر ہے کہ شعر سے بھرا ہوا ہو۔

(۸۶۵) اسود بن سریع نے کہا مین شاعر تہا۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہو کر عرض کیا مین نے اپنے پروردگار کی بہت کچھ تعریف کی ہے حضور مین پڑہون فرمایا تیرا پروردگار تعریف بہت پسند کرتا ہے آپنے اس سے زیادہ کچھ نہین فرمایا۔

(۸۶۶) حسان بن ثابت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مشرکون کی ہجو کرنے کی اجازت چاہی آپ نے پوچہا میرے واسطون کو کیا کروگے عرض کیا آپکو ایسا صاف بچالونگا جیسے گوندھے ہوئے آٹے سے بال نکال لیا جاتا ہے

(۸۶۷) عروہ نے کہا مین حضرت عائشہ کے پاس حسان کو برا بھلا کہنے لگا۔ حضرت عائشہ نے فرمایا اوسکو سخت سست نہ کہہ۔ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کیطرف سے مشرکون کو جواب دیتا تھا۔

شعر اچھے بھی ہوتے ہین جیسی اچھی بات اور بعض شعر بری بھی ہوتی ہین۔ ۳۸۱

باب

(۸۶۸) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بعض شعر حکمت کے ہوتے ہین۔

Marfat.com

(۸۶۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا شعر بھی بات کے حساب مین ہے اچھا شعر جیسے اچھی بات بُرا شعر جیسے بُری بات۔

(۸۷۰) حضرت عائشہ فرمایا کرتین۔ بعض شعر اچھے ہوتے ہین بعض بُرے بھی ہوتے ہین۔ اچھے کو تو لے لے۔ بُرے کو چھوڑ دے کعب بن مالک کے بہت اشعار مجھ تک پہونچے۔ بعض قصیدہ اوسمین سے چالیس بیتون کا ہے۔ اور بعض اس سے کم کا بھی۔

(۸۷۱) شریح نے کہا مین نے حضرت عائشہ سے پوچھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی کبھی کچھ شعر پڑھتے تھے۔ فرمایا عبداللہ بن رواحہ کا یہ شعر کبھی پڑھ لیتے وَيَاْتِيْكَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ + اور تیرے پاس وہ شخص خبرین لاتا ہے جسے تو نے کچھ توشہ نہین دیا +

(۸۷۲) اسود بن سریع شاعر کی حدیث۔

۳۸۲ شعر پڑھوانا

(۸۷۳) شرید نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امیہ بن ابی الصلت کے اشعار مجھسے پڑھوائے۔ مین نے پڑھ دیا۔ تو آپ فرمانے لگے ھیہ ھیہ یہان تک کہ مین نے سو قافئے پڑھ ڈالے۔ پھر آپ نے فرمایا وہ تو مسلمان ہو ہی چلا تھا۔

۳۸۳ شعر کا غلبہ اچھا نہین

(۸۷۴) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم مین کسی کا پیٹ پیپ سے بھر جانا اس سے بہتر ہے کہ شعر سے بھرے خدا فرماتا ہے۔ وَالشُّعَرَآءُ یَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ اور شاعر ونکی تو گمراہ لوگ پیروی کرتے ہین

(۸۷۵) ابن عباس نے فرمایا وَالشعراء یتبعھم الغاؤن اِلیٰ قولہ وَاَنَّهُمْ یَقُوْلُوْنَ مَا لَا یَفْعَلُوْنَ پھر اسمین سے منسوخ کیا اور مستثنیٰ کر کے فرمایا اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِلیٰ قَوْلِهٖ یَنْقَلِبُوْنَ

۳۸۴ بعض بیان جادو ہوتے ہین

Marfat.com

(۸۷۶) ابن عباس نے فرمایا ایک شخص یا کہا ایک دیہاتی آدمی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا۔ اور خوب صاف صاف باتین کین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (اوسکی باتین سُنکر) فرمانے لگے۔ بعض بیان جادو ہوتے ہین۔ اور بعض شعر حکمت ہوتے ہین۔

(۸۷۷) خلیفہ عبدالملک بن مروان نے اپنے لڑکون کو تعلیم کے لئے شعبی کی خدمت مین بھیجدئے۔ اونہون نے کہا انکو شعر سکھلواؤ۔ بزرگی اور شرافت حاصل کرینگے اور انکو گوشت کھلواؤ انکے دل مضبوط ہونگے اور انکے بال کٹواؤ انکی گردنین مضبوط ہونگی۔ اور انکے ساتھ شریف لوگون کو بٹھلایا کرو کہ انکی باتون کی اصلاح کیا کرین۔

۳۸۵ بُرا شعر

(۸۷۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بڑا بہاری مجرم وہ شاعر ہے جو کسی خاندان بھر کی ہجو کر ڈالے اور جو شخص اپنے باپ سے انکار کرے۔

۳۸۶ بہت بولنا

(۸۷۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ مین دو خطیب پورب سے آئے پھر وہ دونون کھڑے ہوگئے اور کچھ باتین کین پھر بیٹھ گئے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطیب حضرت ثابت بن قیس کھڑے ہوئے اور کچھ بولے لوگون کو اون دونون کی باتین بہت پسند ہوئین پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوکر خطبہ فرمانے لگے تو آپ نے فرمایا لوگو جو کہنا ہو کہدیا کرو۔ اور بات کی کاٹ چھانٹ شیطانی کام ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بعض بیان جادو ہوتے ہین۔

(۸۸۰) ایک شخص نے حضرت عمر رضہ کے سامنے خطبہ پڑہا اور اوسمین بہت کچھہ بول گیا تب حضرت عمر رضہ نے فرمایا خطبون مین بہت

۹ مفسد فضول بیہودہ واسطے اظہار فضیلت وبلاغت اور فاضل اسکا ہی ہے

Marfat.com

بولے چلے جانا شیطانی بکواس ہے۔

(۸۸۱) ابو یزید یا معن بن یزید نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اپنی اپنی مسجدون مین اکٹھے ہوا کرو اور جب کچھ لوگ جمع ہوجائین تو ہمکو خبر دے دیا کرو پھر (ایکدفعہ) سبکے پہلے آپ ہی ہم لوگون مین تشریف لائے پھر ہملوگون مین سے ایک شخص بولنے لگا تو کیا بولا کہ اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَیْسَ لِلْحَمْدِ دُوْنَہٗ مَقْصَدٌ وَّلَا وَرَائَہٗ مُنْفَذٌ بس آپ غصہ ہوکر اوٹھ گئے پھر ہملوگ آپس مین ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے کہ آپ سبکے پہلے ہملوگون کے یہان تشریف لائے پھر دوسری مسجد مین جاکر بیٹھے اسکے بعد ہم لوگ آپکے پاس حاضر ہوئے اور عرض معروض کیا تب آپ ہملوگون کے ساتھہ پھر تشریف لائے اور جہان پہلے بیٹھے تھے وہین پر یا اوسکے نزدیک ہی بیٹھہ گئے پھر فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ مَا شَاءَ جَعَلَ بَیْنَ یَدَیْہِ وَمَا شَاءَ جَعَلَ خَلْفَہٗ وَاِنَّ مِنَ الْبَیَانِ سِحْرًا پھر آپنے ہملوگونکو احکام بتائے اور باتین تعلیم فرمائین۔

۳۸۷ ثنا

(۸۸۲) عائشہ نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک رات بیخوابی رہی آپ نے فرمایا کاش میرے یارون مین سے کوئی مرد صالح میرے یہان آجاتا اور آج رات کو پہرہ دیتا بس اتنے مین ہم لوگون نے ہتھیار کی آواز سنی آپ نے پوچھا کون ہے۔ بولا یا رسول اللہ سعد آپ کا پہرہ دینے کو حاضر ہوا ہون۔ پھر تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسی سکھہ نیند سوئے کہ ہملوگون نے آپکی خراٹی لینے کی آواز سنی۔

۳۸۸ آدمی کو یا اور کسی چیز کو کہنا کہ یہ تو دریا ہے

(۸۸۳) انس بن مالک نے کہا مدینہ مین کچھہ ہلّہ ہوا تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ

Marfat.com

وسلم ابو طلحہ کا گھوڑا مندوب نام عاریتاً منگوا کر سوار ہو کر ادہر تشریف لے گئے پہر ادہر سے لوٹے تو آپنے فرمایا مین نے تو کچھہ بھی نہین دیکھا اور اکس گھوڑے کو تو مین نے دریا پایا۔

۳۸۹ لہجہ بگاڑنے پر مارنا

(۸۸۴) نافع نے کہا علی بن عمر اپنی لڑکونکو لہجہ بگاڑنے پر مار کرتے۔
(۸۸۵) دو شخص تیر اندازی کر رہے ہتے اوس طرف حضرت عمر رض کا گذر ہوا اونمین سے ایک نے دوسرے کو کہا اسبت اسپر حضرت عمر رض نے فرمایا تیر اندازی مین بگڑ جانے سے لہجہ کا بگڑنا زیادہ بُرا ہے۔

۳۹۰ یون کہے کہ یہ تو کچھہ بھی نہین اور مطلب یہ ہو کہ حق نہین ہے

(۸۸۶) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لوگون نے کاہنون کا حال پوچھا آپنے فرمایا وہ لوگ کچھہ بھی نہین ہین اسپر لوگون نے عرض کیا یا رسول اللہ بعض بات اون لوگون کی ٹھیک بھی پڑ جاتی ہی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وہ تو شیطان اوچک لاتا ہے پہر اوسکو اپنی یار کے کان مین مرغ کیطرح کر کرانے لگتا ہے پہر اوس مین یہہ لوگ سَو جھوٹھہ ملا دیتے ہین۔

۳۹۱ بات پہیر کر بولنا

(۸۸۷) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک سفر مین تھے اونٹ والا کچھہ گنگنانے لگا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا انجشہ تجھپر افسوس ہے اِن شیشون[1] کے ساتہ نرمی رکھہ۔
(۸۸۸) عمر رض نے فرمایا آدمی کے لئے یہی جھوٹھہ بہت ہے کہ جو بات سُنے اوسے کہتا پہرے ابی راوی کو شک ہے کہ ابن عمر نے یہی کہا تہا یا شاید یہ کہ عمر رض نے فرمایا ہان بات پہیر کر بولنے مین مسلمان آدمی کو جھوٹھہ سے بچاؤ ہو جاتا ہے۔

[1] شیشون عورتون کو کہتے ہین

Marfat.com

(۸۸۹) عبداللہ بن شخیر نے کہا عمران بن حصین کا میرا بصرہ تک ساتہ ہوگیا کوئی دن ایسا نہین گذرا جسمین اونہون نے کوئی شعر پڑہکر ہمین نہ سنایا ہو اور یہ بہی بتایا کہ بات پہیر کر بولنے مین جہوٹہ سے بچاؤ ہوجاتا ہے۔

۳۹۲ راز فاش کردینا

(۸۹۰) عمرو بن عاص نے فرمایا مجہے آدمی پر تعجب ہوتا ہے کہ وہ تقدیر سے بہاگنا چاہتا ہے اور وہ بات ضرور ہونے والی ہے اور وہ دوسرے کی آنکہہ کا کہرپات غبار وغیرہ تو دیکہہ لیتا ہے اور اپنی آنکہہ کا چیلا چہوڑ دیتا ہے اور دوسرے کے دل سے کینہ نکالتا ہے اور اپنے دل مین کینہ رکہے رہتا ہے اور مین نے جب کسی کو اپنا رازدار بنایا اور کہین اوسنے اوسکو فاش کردیا تو ہمنے اوسکی ملامت نہین کی کیونکہ جب مین خود اپنا راز چہپا نہ سکا تو غیر کو ملامت کرنیکا کیا موقع ہے۔

۳۹۳ مسخراپن اور خدا کا حکم کہ کوئی قوم کسی قوم سے مسخراپن نہ کرے

(۸۹۱) عائشہ رض نے فرمایا ایک مصیبت زدہ آدمی بعض عورتون کی طرف ہوکر گذرا وہ عورتین اسے دیکہکر مسخراپن سے ہنسنے لگین آخر بعض اونمین سے اوسی مصیبت مین مبتلا ہوگئی۔

۳۹۴ کامون مین درنگی

(۸۹۲) ایک شخص نے کہا مین اپنے باپ کو ساتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا آپ نے میرے باپ سے کچہہ آہستہ باتین فرمائین مین نے اپنے باپ سے پوچہا کہ آپنے تمہین کیا ارشاد فرمایا اونہون نے فرمایا کہ تو جب کسی کام کا ارادہ کیا کری تو بہت تامل کے ساتہ کیا کر یہان تک کہ اللہ تعالیٰ تجھے اوس سے نکلنے کی صورت بتادی یا فرمایا یہان تک کہ اللہ تعالیٰ اوس سے نکلنے کی صورت تیرے لئے بنادی۔

Marfat.com

(۸۹۳) محمد بن حنفیہ نے فرمایا ایسا ساتھی جسکا ساتھ چھوڑنا کسی طرح ہو ہی نہ سکے خدا ہی کوئی صورت نکالے تو نکلے ایسے شخص کی ساتھ جو کوئی اچھی طرح نہ رہ سکے وہ دانشمند آدمی نہین ہے۔

گلی یا راہ بتا دینا ۳۹۵

(۸۹۴) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی کسیکو کچھ دے یا گلی یا راہ بتا دے اوسکو ایک غلام آزاد کرنیکے برابر ثواب حاصل ہوگا۔

(۸۹۵) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اپنی ڈول سی کسی مسلمان بھائی کے ڈول مین پانی ڈال دینے مین صدقے کا ثواب ہے۔ اور اچھی بات بتا دینے اور بری بات سے روک دینے اور مسلمان بھائی کیطرف دیکھکر مسکرا دینے مین صدقے کا ثواب ہے اور لوگونکی راستی سے پتھر اور کانٹا اور ہڈی ہٹا دینے مین صدقے کا ثواب ہے اور بے راہ زمین پر کسیکو راہ بتا دینے مین صدقے کا ثواب ہے۔

نابینا آدمی کو بھلا وا دینا ۳۹۶

(۸۹۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی نابینا آدمی کو راہ سے بھٹکا دے اوسپر خدا کی لعنت۔

سرکشی ۳۹۷

(۸۹۷) ابن عباس نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ مین اپنے (مبارک) مکان کے باہر دیوار کے پیچھے تشریف رکھتے تھے۔ اتنے مین عثمان بن مظعون آپکے پاس ہوکر گذرے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھتے ہی مسکرانے لگے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اون سے فرمایا کیون بیٹھتے نہین عرض کیا ہان پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اونکی طرف رخ کرکے بیٹھ گئے پھر اونسے باتین کر ہی رہے تھے کہ ایکبارگی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ٹکٹکی لگا کر آسمان کی طرف

Marfat.com

دیکھنے لگے پھر فرمایا ابھی تو بیٹھا ہی ہے کہ میرے پاس خدا کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پہونچ گیا۔ عرض کیا اونہون نے حضور سے کیا کہا فرمایا

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَىٰ وَيَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَ
بیشک اللہ انصاف اور نیکی کرنے کو فرماتا ہے اور رشتے والونکو دینے کو جو بھی اور بیحیائی اور بدی اور سرکشی سے
الْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ عثمان کا بیان ہی اوسیوقت ایمان میرے دل مین منع فرماتا ہی تمہین نصیحت کرتا ہی کہ شاید تمہین حیت ہو
جم گیا اور مجھے محمد (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے محبت ہو گئی۔

سرکشی کی سزا

۳۹۸

(۸۹۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص دو لڑکیون کی جوان ہونے تک برابر پرورش کرتا رہے مین اور وہ شخص ان دونون انگلیون کیطرح بہشت مین جائینگے۔ اور محمد راوی نے کلمہ کی انگلی اور بیچ کی انگلی ملاکر بتا دیا اور دو باتون کا وبال دینا مین بھی پڑجاتا ہے سرکشی اور ناتا کاٹ دینا۔

ذات

۳۹۹

(۹۰۰) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خود بزرگ بزرگ کے بیٹے وہ بھی بزرگ ہی کے بیٹے حضرت یوسف پیغمبر ہین جو یعقوب پیغمبر کے بیٹے وہ اسحاق پیغمبر کے بیٹے وہ ابراہیم خلیل اللہ کے بیٹے ہین۔

(۹۰۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن فقط پرہیزگار ہی لوگ میرے دوست ہونگے اگرچہ قرابت مین کوئی کسیکی بہ نسبت زیادہ تر قریب ہو مگر ایسا نہو کہ لوگ تو میرے پاس اعمال لیکر پہونچین اور تم لوگ دنیا اپنی گردنون پر اوٹھائے لئے پہونچو۔ پھر پکار دیا محمدؐ پھر مین اسطرح اسطرح منہ پھیر لونگا اور آپنے دونون جانب منہ پھیر کر بتا ہی دیا۔

(۹۰۲) ابن عباس نے فرمایا مین اس آیت پر عمل کرتے کسیکو نہین دیکھتا یا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى سے یہانتک پڑھگئے اے لوگو ہم نے تم لوگون کو مرد عورت سے پیدا کیا
اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ایک شخص دوسرے سے کہتا ہی مین تجھسے بڑھکر بیشک تم مین جو بڑا پرہیزگار ہی وہی خدا کی نزدیک بڑی عزت رکھتا ہے۔

Marfat.com

بزرگی رکھتا ہون حالانکہ بجز خدا سے بچتے رہنے کے اور کسی ذریعہ سے کوئی کسی پر بزرگی نہین رکھتا۔

(۹۰۳) ابن عباس نے فرمایا تم لوگ بزرگی کس بات کو جانتے ہو خدا نے تو بزرگی کو بیان کردیا ہے کہ جو شخص تم مین بڑا پرہیزگار ہے وہی خدا کے نزدیک بڑا بزرگ ہے۔ ذات کی بڑائی کس بات کو جانتے ہو ذات کا بڑا وہی شخص ہے جسکی عادت اچھی ہے۔

۴۰۰ روحون کا لشکر

(۹۰۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا روح سب فوج فوج پیدا کیگئی۔ پھر جس سے وہان جان پہچان ہوئی اوس سے دنیا مین میل رہا اور جس سے وہان پہچان نہین ہوئی اوس سے دنیا مین بھی اختلاف ہوا۔

(۹۰۵) اوپر والی حدیث۔

(۹۰۶) اوپر والی حدیث۔

۴۰۱ تعجب کیوقت سبحان اللہ کہنا

(۹۰۷) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایک چرواہا بکریان چرا رہا تھا اتنے مین ایک بھیڑیا حملہ کرکے ایک بکری اوسمین سے لیچلا بس چرواہا بھی اوسکے پیچھے ہوا تو بھیڑیا اوسکی طرف پھر کر کہنے لگا بھلا جب فتنہ فساد کے زمانے مین مویشی چھوڑ چھوڑ کر لوگ بھاگ جائینگے اور بھیڑیون ہی کا وقت ہوگا تب اوسکی خبر کون لیگا جبکہ میری سوا کوئی اوسکا چرواہا نہوگا یہ سنکر لوگ تعجب سے کہنے لگے سبحان اللہ تب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مین اس بات کو مانتا ہون اور ابوبکر اور عمر بھی مانتے ہین۔

(۹۰۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک جنازہ پر تشریف لیگئے تھے وہان پہونچے تو کچھ ہاتھ مین لیکر زمین کُریدنے لگے پھر فرمایا تم مین سے ہر ہر شخص کا ٹھکانا دوزخ اور بہشت لکھا جا چکا ہے۔ لوگون نے عرض کیا یا رسول اللہ

Marfat.com

پھر اہم لوگ اپنے اپنے لکھے پر اطمینان کرکے عمل چھوڑ ندین فرمایا عمل کئے جاؤ جو شخص جسکے لئے پیدا ہوا اوسپر وہی آسان ہی نیک بخت آدمی پر نیکبختون کے عمل آسان ہین اور بدبخت آدمی پر بدبختون کے عمل آسان ہین - پھر آپنے یہ آیت پڑہی فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی

زمین پر ہاتھ پھیرنا ۴۰۲

(۹۰۹) اسید کی مان نے ابوقتادہ سے پوچھا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیثین کیون بیان نہین فرماتے جیسا اور لوگ بیان کرتے ہین - ابوقتادہ نے فرمایا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہی آپنے فرمایا جو شخص کسی بات کی جھوٹھ نسبت میری طرف کرے وہ دوزخ مین اپنے پہلو لگانے کی جگہہ بھی درست کرلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ فرماتی ہوئی زمین پر ہاتھ پھیرنے لگے

کنکری چلانا ۴۰۳

(۹۱۰) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ڈہیلا چلانے سے منع فرمایا اور یہ فرمایا کہ نہ تو اس سے شکار مرے اور نہ دشمن کو صدمہ پہونچے البتہ وہ کسی کی آنکھہ پھوڑ دے - اور کسیکے دانت توڑ دے -

ہوا کو گالی ۴۰۴

(۹۱۱) حضرت ابوہریرہ نے فرمایا حضرت عمر حج کو جاتے تھے اور لوگ بھی ساتھہ تھے راستے مین آندہی اوٹھی پھر تیز ہوتی چلی حضرت عمر نے اپنے اردگرد والون سے پوچھا ہوا کیا چیز ہے لوگون نے کچھہ جواب نہین دیا - مین نے اپنا اونٹ تیز کرکے اونکے پاس پہونچکر عرض کیا معلوم ہوا کہ آپ ہوا کا حال پوچھتے تھے مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے ہوا خدا کی بارگاہ سے آتی ہے رحمت بہی لاتی ہے عذاب بہی لاتی ہے اسکو گالی مت دیا کرو اور خدا سے ہوا کی بہلائی طلب کرو - اور اوسکی برائی سے پناہ مانگو -

Marfat.com

یہ کہنا کہ فلانے فلانے ستارے کے باعث سے پانی برسا ۴۰۵

(۹۱۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حدیبیہ مین صبحکی نماز پڑہائی اتفاق سے رات کو پانی برس گیا تہا جب نماز تمام کرچکے لوگون کیطرف متوجہ ہوکر فرمانے لگے کچھہ خبر ہے تمہارے پروردگار نے کیا فرمایا لوگون نے عرض کیا خدا اور اوسکے رسول کو خوب معلوم ہے۔ فرمایا میرے بندون مین کسنے ایمان کیحالت مین صبح کی کسنے کفر کی حالت مین صبح کی جسنے کہا کہ خدا کی فضل اور رحمت سے پانی برسا یہ شخص تو ہمپر ایمان رکہتا ہے اور ستارونکا منکر ہے اور جسنے یہ کہا کہ فلانے فلانے ستارے کے سبب سے پانی برسا تو وہ شخص میرا منکر ہے اور ستارون پر ایمان رکہتا ہے۔

بدلی دیکہکر کیا بولے ۴۰۶

(۹۱۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بدلی طوفان وغیرہ دیکھتے تو اندر جاتے باہر آتے آگے جاتے پیچھے جاتے اور آپکا چہرہ متغیر ہوجاتا پھر جب پانی برس جاتا تو وہ حالت جاتی رہتی۔ حضرت عائشہ نے اسکو دریافت کیا تو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مجھے کیا معلوم شاید وہی معاملہ ہو جیسا اللہ تعالیٰ نے فرمایا فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ۔ الخ

(۹۱۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بدشگونی ماننا شرک ہے اور ہم مین ہرکسیکو بدشگونی سے ایک کھٹکا ضرور ہوجاتا ہے مگر توکل کرلینے سے اللہ تعالیٰ اوسکو مٹا دیتا ہے۔

بدشگونی ۴۰۷

(۹۱۵) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بدشگونی کے ذکر مین فرمایا فال سب سے بہتر ہے لوگون نے پوچہا فال کیا فرمایا اچھی بات کوئی سُن لے۔

بدشگونی نہین ماننے کی فضیلت ۴۰۸

(۹۱۶) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حج کے موسم مین امتون کا مجھے ملاحظہ کرایا گیا

Marfat.com

مجھے اپنی امت کی کثرت بہت خوش آیند معلوم ہوئی۔ میری امت تمام زمین اور پہاڑ پر بھری ہوئی تھی پوچھا یا محمدؐ آپ راضی ہوئے۔ عرض کیا ہان اے میرے پروردگار حکم ہوا کہ انکے سوا ستر ہزار اور ہین وہ لوگ بیحساب بہشت مین چلے جائینگے وہ لوگ جھاڑ پھونک نہین کرتے تھے اور بدن نہین داغ کراتے تھے اور بدشگونی نہین مانتے تھے اور اپنے پروردگار ہی پر بھروسا رکھتے تھے عکاشہ نے عرض کیا خدا سے دعا فرمائیے کہ مجھے اوسی جماعت مین داخل کرے۔ آپ نے دعا کی اے اللہ اسکو اوسی جماعت مین داخل کر۔ پھر دوسرے شخص نے عرض کیا خدا سے دعا فرمائیے کہ مجھے بھی اوسی جماعت مین داخل کرے۔ فرمایا عکاشہ تمسے پہلے مانگ چکا۔

(۹۱۷) پہلی حدیث۔

جن کی بدشگونی ۴۰۹

(۹۱۸) جب لڑکے پیدا ہوتے تو حضرت عائشہؓ کے پاس لائے جاتے۔ آپ اونکے لئے برکت کی دعا فرماتین۔ ایک دفعہ ایک لڑکا اونکے یہان لوگ لے آئے آپ اوسکا تکیہ درست کرنے لگین تو کیا دیکھا کہ اوسکے سر کے نیچے استرہ رکھا ہوا ہے۔ لوگون سے استرہ کو پوچھا اونہون نے عرض کیا ہم لوگ اسکو جن کے سبب سے رکھدیتے ہین۔ بس آپنے استرہ لیکر پھینکدیا اور اون لوگونکو اس کام سے منع کیا اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدشگونی ماننا ناپسند فرماتے بلکہ دشمن رکھتے اور حضرت عائشہ رضؓ اس کام سے منع کیا کرتین۔

فال ۴۱۰

(۹۱۹) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دوسرے کو عارضہ لگ جانا اور بدشگونی کوئی چیز نہین ہے۔ اچھی بات سے نیک فالی مجھے پسند ہے۔

(۹۲۰) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہوام چڑیا مین کوئی نحوست نہین ہے اور فال بہت سچا شگون ہے اور نظر لگ جانا ٹھیک بات ہے۔

Marfat.com

اچھے نام کی برکت

۴۱۱

(۹۲۱) سال حدیبیہ مین جسوقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عثمان بن عفان کا ذکر کرنے لگے سہیل کو اوسکی قوم نے آنحضرت کی پاس بہیجا اور آپسے اون لوگون نے اس بات پر صلح کرلی کہ آپ اس سال واپس لوٹ جائین آیندہ سال قریش مکہ کو تین دن آپکے لئے خالی کردینگے بس جسوقت سہیل آیا اور خبر ہوئی کہ آگیا نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا خدا نے تمہارا کام سہل کردیا عبداللہ بن سائب اس حدیث کے راوی نے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا زمانہ پایا ہے۔

گھوڑے مین نحوست

۴۱۲

(۹۲۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا۔ مکان اور عورت اور گھوڑے مین نحوست ہے۔

(۹۲۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا (نحوست) اگر کسی چیز مین ہے تو عورت اور گھوڑے اور مکان مین ہے۔

(۹۲۴) ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ پہلے ہملوگ جس مکان مین تھے وہان ہمارے لوگ بہی بڑھے اور مال مین بہی ترقی ہوئی پہر اوس مکان سے ہملوگ دوسرے مکان مین چلے آئے۔ تو یہان میری لوگ بہی گھٹ گئے اور مال مین بہی کمی ہوگئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا اوس مکان کو پہیر دو یا فرمایا اوس مکان کو چہوڑ دو اور وہ مکان خراب ہے۔ ابوعبداللہ نے کہا اس حدیث کے اسناد مین تامل ہے۔

تمام ہوا چھٹان پارہ ادب المفرد کا اور حصہ دوسرا

Marfat.com

لقد كان لكم في رسول الله اسوة حسنة

الحمد لله والمنة کہ یہ رسالہ لاجواب یعنی برات الدمقر بخاری مسمی بہ

بتیسر

حصہ

تمہ جمیع عالم باعمل فاضل اکمل جناب مولوی محمد عبدالغفار صاحب فاضل دہلوی

خطبع خلیلی واقع امرتسر ہیا

جای اشاعت آرہ محلہ چوک مسجد بار اول ۵۰۰ اجلد قیمت فی جلد ۷ محصول ذمہ خریدار۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

چھینک ۴۱۳

(۹۲۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالےٰ کو چھینک پسند ہے اور جمائی ناپسند ہے۔ جب کوئی چھینک کر الحمد للہ کہے تو جو مسلمان سنے اوسپر حق ہے کہ اوسکی تشمیت کرے اور جمائی شیطانی بات ہے حتی الوسع اوسکو ٹالے جمائی لینے میں جب کوئی ھاہ کہتا ہے تو شیطان ہنسنے لگتا ہے۔

چھینک کر کیا کہے۔ ۴۱۴

(۹۲۶) ابن عباس نے فرمایا جب کوئی تم میں سے چھینک کر الحمد للہ کہتا ہے فرشتہ کہتا ہے رب العالمین اگر اوسنے رب العالمین بھی کہا فرشتہ کہتا ہے یرحمک اللہ۔

(۹۲۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب کوئی چھینکے تو الحمد للہ کہے پھر اوسکا ہمنشین کہے یرحمک اللہ جب وہ یرحمک اللہ کہدے تو پھر چھینکنے والا کہے یھدیکم اللہ ویصلح بالکم ابو عبداللہ بخاری نے کہا ہے اس باب میں یہی حدیث صالح بن السمان کی روایت سب سے زیادہ ثابت ہے۔

چھینکنے والیکی تشمیت۔ ۴۱۵

(۹۲۸) زیاد بن العلم افریقی نے کہا ہمکو امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد میں دریا

Marfat.com

کی راہ جہاد کو چلے میری کشتی ابو ایوب انصاریؓ کی کشتی سے ملگئی پھر جب کھانیکا وقت
ہوا ہملوگون نے اونکو بلا بھیجا وہ آئے تو مگر فرمایا کہ تم لوگون نے تو مجھے بلایا اور مین
روزہ دار ہون مگر مجھی بغیر آئے چارہ بھی نہین تھا کیونکہ مینے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم
سے سنا ہے آپ نے فرمایا مسلمان پر مسلمان کے چھہ حق ہین اگر کسینی ایک کو بھی اونمین
سے چھوڑا تو ایک مسلمان کا واجبی حق جو اوسکے ذمہ لازم تھا اوسکو چھوڑا (وہ حقوق یہ
ہین) ملاقات ہو تو سلام کرے اور بلاوے تو جاوے اور چھینکے تو اوسکے تشمیت کرے
اور بیمار پڑے تو اوسکی عیادت کرے اور مرجاوے تو جنازہ پر حاضر ہو اور خیر خواہی چاہے
تو اوسکی خیر خواہی کرے راوی نے کہا اور ہملوگون کے ساتھہ ایک دلگی باز آدمی تھا
وہ کہنے لگا اَصَبْنَا طَعَامًا جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا وَبَرًّا بس جب اوسنے بار بار یہ کلمہ کہا تو وہ اوسپر
خفا ہوے تب اوسنے ابو ایوب سے پوچھا کیون حضرت ایسے شخص کے بارے مین آپکے کیا
راے ہے کہ ہم اوسکو کہین خدا تجھے اچھا اور نیک بدلا دے اوسپر وہ ہم سے خفا
ہو اور ہمین گالی دینے لگے ابو ایوب نے جواب دیا کہ ہم لوگون مین یہ بات مشہور
ہے کہ جو بھلائی سے ٹھیک نہین ہوتا وہ برائی سے درست ہو جاتا ہے تو تو
بھی اوسپر لوٹا دے اوسکے بعد جب وہ آئے تو اوس شخص نے کہا خدا تجھے برا
اور خراب بدلا دے اوسپر وہ ہنسنے لگے اور خوش ہو گئے اور کہا کہ تم اپنی دلگی نہین
چھوڑتے اوس شخص نے جواب دیا کہ خدا ابو ایوبؓ انصاری کا بھلا کرے۔

(۹۲۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مسلمان پر مسلمان کے چار حق
ہین بیمار ہو تو اوسکی عیادت کرے اور مرجاوے تو اوسکے جنازہ پر حاضر ہو اور
پکارے تو اوسکا جواب دے اور چھینکے تو تشمیت کرے۔

(۹۳۰) براء بن عازب نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہملوگونکو سات
باتون کا حکم دیا اور سات سے منع فرمایا بیمار پرسی اور جنازے کا ساتھہ دینا اور چھینکنے
والے کی تشمیت اور کوئی قسم کھا بیٹھے تو قسم پوری کرا دینا اور مظلوم کی مدد اور سلام
کا پھیلانا اور بلاہٹ منظور کرنا ان سات باتون کا حکم دیا اور سونی کی انگھوٹھی اور

Marfat.com

چاندی کے برتن اور میاثرا ور قسی اور استبرق اور دیبا اور ریشم ان سات چیزونکے استعمال سے منع فرمایا۔

(۹۳۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مسلمان کے ذمے مسلمان کے چھہ حق ہین لوگون نے عرض کیا یارسول اللہ وہ کیا کیا ہین فرمایا ملاقات کے وقت اوسکو سلام کر اور بلاوے تو جواب دے اور تجھسے خیرخواہی چاہے تو اوسکی خیرخواہی کر اور چھینکے تو اوسکی تشمیت[1] کر اور بیمار پڑے تو اوسکی عیادت کر اور مرجاوی تو اوسکے ساتھہ ساتھہ جا۔

[1] یعنی یرحمک اللہ کہے

چھینک سنکر الحمد للہ کہنا ۴۱۶

(۹۳۲) علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص چھینک سنکر کہے الحمد للہ رب العالمین علی کل حال ما کان اوسکو دانت اور کانمین کبھی درد نہوگا۔

کسیکو چھینکتے سنے تو کیونکر تشمیت کرے ۴۱۷

(۹۳۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم مین سے کوئی چھینکے تو اوسکو الحمد للہ کہنا چاہیے جب اوسنے الحمد للہ کہا تو اوسکا ساتھی یرحمک اللہ کہے تب اوسکو پھر کہنا چاہیے یھدیکم اللہ ویصلح بالکم (خدا کی تعریف ہے — خدا تمپر رحم کرے — خدا ہدایت کرے اور تیرا دل ٹھیک بنا دے)

(۹۳۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا چھینک کو خدا دوست رکھتا ہے اور جمائی کو ناپسند کرتا ہے جب تم مین سے کوئی شخص چھینک کر الحمد للہ کہے تو جو مسلمان سُن لے اوسپر حق ہے کہ یرحمک اللہ کہے اور جمائی شیطان کیطرف سے ہے جب کسیکو جمائی آوے تو حتی الوسع اوسکو ٹالے اسواسطہ کہ جب کوئی جمائی کرتا ہے تو شیطان ہنسنے لگتا ہے۔

(۹۳۵) ابن عباس اسطرح تشمیت کرتے عافانا اللہ وایاکم من النار یرحمکم اللہ۔ (ہمین اور تمہین خدا آگ سے بچاوے خدا تمپر رحم کرے)

(۹۳۶) ابوہریرہ نے فرمایا ہملوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین بیٹھے تھے ایک شخص کو چھینک آئی اوسنے الحمد للہ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکو فرمایا یرحمک اللہ پھر دوسرے شخص کو چھینک آئی اوسکو آپ نے

Marfat.com

کچھہ نہین فرمایا تب اوسنے عرض کیا یارسول اللہ دوسرے آدمی کو آپنے جواب دیا تھا اور مجھے کچھہ نہین فرمایا آپنے فرمایا اوسنے الحمد للہ کہا تھا اور تو چپکا رہا۔

چھینکنے والا الحمد للہ نکہے تو سُننے والا تشمیت بھی نکرے ۴۱۸

(۹۳۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس دو شخصون نے چھینکا آپ نے آپنے ایک شخص کی تشمیت کی اور ایک کی تشمیت نہ فرمائی اوسنے عرض کیا حضور نے اوسکی تشمیت کی اور مجھے تشمیت نفرمائی آپنے فرمایا اسنے تو الحمد للہ کہا تھا اور تو نے نہین کہا تھا۔

(۹۳۸) دو شخص نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوکر بیٹھے دونونمین ایک شخص دوسرے سے زیادہ شریف تھا کہین اوسکو چھینک آگئی مگر اوسنے الحمد للہ نہین کہا تو آپ نے اوسکی تشمیت بھی نہین فرمائی پھر اوس دوسرے شخص کو بھی چھینک آئی اوسنے الحمد للہ کہا تو آپ نے تشمیت فرمائی اسپر اوس شریف نے عرض کیا مین نے آپکے سامنے جسکا تو حضور نے تشمیت نہین فرمائی اور اس دوسرے نے چھینکا تو آپنے تشمیت کی فرمایا اس دوسرے نے خدا کو یاد کیا تو مین نے بھی اوسی یاد کیا اور تو خدا کو بھول گیا بس مین بھی تجھے بھول گیا۔

چھینک والا شروع کیا کہے۔ ۴۱۹

(۹۳۹) عبداللہ بن عمر کو اگر چھینک آتی اور اونکو کوئی یرحمک اللہ کہتا تو وہ فرماتے یَرْحَمُنَا اللّٰہُ وَاِیَّاکُمْ وَیَغْفِرُ لَنَا وَلَکُمْ۔

خدا ہمپر اور تمپر رحم فرماوے اور ہمین اور تمہین بخشدے۔

(۹۴۰) عبداللہ نے فرمایا جب تم مین کسی کو چھینک آوے اوسکو چاہیے کہ الحمد للہ رَبِّ الْعَالَمِیْن کہے پھر جو شخص اوسکا جواب دے اوسکو کہنا چاہیے یرحمک اللہ تب پھر چھینکنے والیکو کہنا چاہیے یَغْفِرُ اللّٰہُ لِیْ وَلَکُمْ۔

(۹۴۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک شخص کو چھینک آئی تو آپنے فرمایا یرحمک اللہ پھر دوبارہ اوسکو چھینک آئی تب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس شخص کو زکام ہوگیا ہے۔

Marfat.com

کوئی یون کہے اگر تو نے الحمد للہ کہا تو یرحمک اللہ ۴۲۰

(۹۴۲) یکحول ازدی نے کہا مین ابن عمر کے بغل مین تھا گوشہ مسجد سے ایک شخص کے چھینکنے کی آواز آئی ابن عمر نے فرمایا۔ یرحمک اللہ اِن کنت حمدت اللہ۔ ۴۲۱

اگر تو نے حمد کی ہے

(۹۴۳) عبداللہ بن عمر کے ایک بیٹے ابوبکر ہون یا عمر اونکو چھینک آئی بس اونھون نے (بے اختیار) اب کہدیا اسپر ابن عمر بولے (این) اب کہا اب تو شیطانون مین ایک شیطان کا نام ہے چھینک اور الحمد للہ کے بیچ مین لیکر اوسکو ڈالدیا۔ ۴۲۲

جب کوئی بار بار چھینکے۔

(۹۴۴) سلمہؓ نے کہا مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا ایک شخص کو چھینک آئی آپ نے فرمایا یرحمک اللہ اوسنے پھر دوبارہ چھینکا تب آپ نے فرمایا "اسکو زکام ہے"۔

(۹۴۵) ابوہریرہ نے کہا ایک دفعہ دو دفعہ تین دفعہ تک چھینکنے والے کی تشمیت کرے اسکے بعد پھر تو زکام ہے۔ ۴۲۳

اگر بھودی چھینکے

(۹۴۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین یھودی لوگ اس امید پر چھینکتے تھے کہ آپ اونکے لئے یرحمکم اللہ فرمادین مگر آپ فرمایا کرتے۔ یھدیکم اللہ ویصلح بالکم

(۹۴۷) حدیث ۹۴۶ ۴۲۴

مرد عورت کی تشمیت کرے

(۹۴۸) ابوبردہ نے کہا مین ابوموسیٰ کے یہان گیا اور وہ اسوقت فضل ابن عباس کی ماں کے گھر مین تھے بس مجھے چھینک آئی تو ابوموسیٰ نے میری تشمیت نہ کی اور فضل کی ماں نے چھینکا تو اونکی تشمیت کی پھر مینے اپنی ماں کو اسکی خبر کی پھر جب وہ انکی یہان آئی تو وہ اون سے الجھین اور کہا کہ میرے بیٹے نے

---

۱ ہندوستان مین بہتوں کا موقع نہین ہے اختیار باپ دادا کہدیتے ہین شاید اسی طرح عرب مین اب کہدیتے ہین ۱۲

۲ خدا تمھین ہدایت کرے اور تمھارے دلونکو ٹھیک بنادے ۱۲

چھینکا تب تو آپ نے تشمیت نکی اور فضل کی مان نے چھینکا تو آپ نے
تشمیت کی اسپر وہ اون سے بولے کہ مینے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے
ہوے سنا ہے کہ جب کوئی تم مین سے چھینکے پھر الحمد للہ کہے تو اوسکی تشمیت
کرو اور اگر الحمد للہ نکہا تو اوسکی تشمیت نکرو تیرے بیٹے کو چھینک آئی تو اوسنے
الحمد للہ نکہا مینے بھی اوسکی تشمیت نہین کی اور فضل کی مان کو چھینک آئی تو اوسنے
الحمد للہ نکہا تب مینے بھی اوسکی تشمیت کی یہہ سنکر میری مان نے کہا تو نی خوب کیا

انگڑائی ۴۲۵

(۹۴۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم مین کسیکو انگڑائی آوے تو حتی الوسع
اوسکو روکے۔

جواب مین لبیک کہنا ۴۲۶

(۹۵۰) معاذ نے کہا مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھہ ایک ہی جانور پر سوار
تھا آپ نے فرمایا اے معاذ مینے عرض کیا لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ آپ نے ایسی ہی
تین بار پکارا اور معاذ نے وہی جواب دیا فرمایا تجھے خبر ہے بندون پر خدا کا کیا حق ہے
بس اوسیکو پوجین اور کسی چیز کو اوسکے ساتھہ شریک نکرین پھر تہوڑی دیر چلے پھر فرمایا
اے معاذ مینے عرض کیا لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ فرمایا تجھے خبر ہے کہ بندے اگر ایسا کرین تو
اونکا خدا پر کیا حق ہے بس یہی کہ انکو عذاب نکرے۔

مسلمان بھائی کے لئے کھڑا ہونا ۴۲۷

(۹۵۱) حضرت کعب جب آنکھون سے معذور ہوگئے تو اونکے بیٹون مین عبداللہ
بن کعب ہی باپ کا ہاتھہ پکڑائے ساتھہ پھرا کرتے انہین عبداللہ کا بیان ہے کہ کعب
بن مالک اپنا قصہ تبوک کی لڑائی مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھہ سے
رہجانے کا بیان کرتے تھے کہ اللہ تعالے نے جو اونکا قصور معاف فرمایا اور رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھنے کے بعد ہلوگون کو خدا کے راضی ہوجانیکی
خبر دی بس لوگ فوج فوج میرے پاس آآکر مجھے توبہ کی مبارکباد دینے لگے یہی

Marfat.com

کہتے تھے کہ خدا کا تجھپر رجوع ہونا تجھے مبارک ہو یہانتک کہ ہم مسجد مین پہونچکر کیا دیکھتے ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین اور آپکے ارد گرد لوگون کی بھیڑ ہی طلحہ بن عبداللہ کھڑی ہوکر میری طرف دوڑے مجھسے مصافحہ کیا مجھے مبارکباد کہی قسم خدا کی اونکے سوا مہاجرین مین سے کوئی نہین میری طرف اوٹھا مجھے طلحہ کی یہ بات بہولتی ہی نہین

(۹۵۲) ابوسعید خدری نے فرمایا کہ لوگون نے سعد بن معاذ کی پنچایت منظور کی پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اونکو بلا بھیجا وہ گدہے پر سوار ہوکر حاضر ہوئے جب مسجد کے قریب پہونچے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اپنے بہلے آدمی یا فرمایا اپنے سردار کی خدمت مین چلو پھر فرمایا سعد انلوگون نے تمہارا حکم منظور کیا ہے سعد نے عرض کیا میرا حکم تو ان لوگون کے بارے مین یہی ہے کہ انکے لڑنیوالے سپاہی مار ڈالے جائین اور اونکی اولاد گرفتار کر لیجائے اسپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تمنے خدا کے حکم کے موافق حکم دیا یا فرمایا فرشتے کے حکم کے موافق حکم دیا۔

(۹۵۳) انس نے فرمایا صحابہ جتنا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دیدار کے خواہشمند تھے ویسے اور کسیکے نہ تھے اسپر بھی جب آپکو دیکھتے تو آپ کے واسطہ اوٹھہ کھڑے نہین ہوتے تھے کیونکہ جانتے تھے کہ یہہ بات آنحضرت کو ناپسند ہے۔

(۹۵۴) حضرت عایشہ نے فرمایا۔ بولنے مین بات کرنے مین بیٹھنے مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مشابہ ہمنے فاطمہ سے زیادہ کسیکو نہین دیکھا اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اونکو دیکھتے مرحبا فرماتے پھر اونکیطرف اوٹھہ کھڑی ہوتی پھر اونکو چومتے پھر اونکا ہاتھہ پکڑی ہوئے لئی چلے آتی یہانتک کہ اپنی جگہہ اونکو بیٹھا دیتی اور اونکا بھی یہی طور تھا کہ جب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اونکے یہان جاتی مرحبا فرماتین پھر آپکی طرف اوٹھہ کھڑی ہوتین پھر آپکا چومتین اور جس مرض مین آنحضرت نے انتقال فرمایا ہی حضرت فاطمہ آپکی یہان آئین آپنے مرحبا فرمایا اور اونکو چوما اور اونسے کچھہ آہستہ باتین کین اسپر وہ

Marfat.com

رونے لگین پھر آپ نے دوبارہ اون سے کچھ باتین آہستہ کین تب تو وہ ہنسنے لگین اسپر مینے عورتون سے کہا کہ مین تو ان بی بی کو عورتون مین ممتاز جانتی تھی مگر انکو دیکھتی ہون ابھی روتی روتی ہنسنے لگین پھر مینے ان سے پوچھا آنحضرت نے تمسے کیا فرمایا اونھون نے کہا کہ مین بتادون تب تو مین پھوہڑ ٹھہری پھر جب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وفات فرمائی تب فاطمہؓ نے بتایا کہ مجھی آپ نے پہلے فرمایا تھا کہ اب مین مرنیوالا ہون اوسپر مین رونے لگی پھر مجھسے فرمایا کہ میرے لوگون مین سب سے پہلے تو ہی مجھسے ملنیوالی ہے اسپر مین خوش ہوگئی اور یہ بات مجھے بہت پسند آئی۔

بیٹھے ہوئے آدمی کیلئے کسیکا کھڑا رہنا۔ ۴۲۸

(۹۵۵) جابرؓ نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کچھ بدمزہ ہوئے بس آپ بیٹھ کر نماز پڑھائی ہملوگ آنحضرت کی پیچھے نماز پڑھتے اور ابوبکر لوگون کو آنحضرت کی تکبیر سناتی تھے بس آنحضرت نے ہملوگونکیطرف التفات فرمایا دیکھا کہ ہملوگ کھڑے ہین بس آپ نے ہملوگون کو اشارہ فرمایا ہملوگ بیٹھ گئے اور آپکے ساتھ بیٹھکر نماز پڑھی پھر جب آپنے سلام پھیرا فرمایا کہ تملوگ تو فارس اور روم والون کا کام کرنے لگے تھی کہ اون کے بادشاہ تو بیٹھے ہوتے ہین اور وہ اونکی خدمت پر کھڑے ہوتے ہین ایسا نکیا کرو اپنے امامونکی اقتدا کرو وے کھڑے ہو کر نماز پڑھین تو سب کے سب کھڑے ہو پڑھو اور بیٹھ کر پڑھین تو بیٹھ کر پڑھو۔

جمائی لے تو منھہ پر ہاتھہ رکھہ لیا کرے ۴۲۹

(۹۵۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم مین کوئی جمائی لے تو اپنے منھہ پر ہاتھہ بھی رکھہ لیا کرے اسلئے کہ شیطان منھہ مین گھس جائیگا۔

(۹۵۷) ابن عباس نے فرمایا کوئی جمائی لے تو منھہ پر ہاتھہ رکھہ لیا کرے اسلئے کہ جمائی شیطان کے باعث سے ہے۔

(۹۵۸) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کوئی تم مین جمائی لے تو اپنا منھہ تھام لے اسلئے کہ اوسمین شیطان گھس جائیگا

(۹۵۹) اگلی حدیث۔

Marfat.com

(۹۶۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم لحیان کے بیٹے ام حرام کے یہان جایا کرتے وہ ایکو کچھہ کھلایا کرتین اور وہ عبادہ بن صامت کے نکاح مین تھین ایکدفعہ آنحضرتؐ تشریف لی گئے اونھون نے ایکو کچھہ کھلایا اور آپکے مبارک سر کی جون دیکھنے لگین بس آپ سو گئے پھر ہنستے ہوئے جاگ پڑے۔

(۹۶۱) قیس ابن عاصم سعدی نے کہا مین رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا آپ نے فرمایا اونٹ والون کی سردار کیا ہے مینے عرض کیا یارسول اللہ وہ کتنے اونٹ ہین جن مین ہمیشہ نہ مانگنے والے کا مواخذہ ہو نہ مہمان کا آپ نے فرمایا ہان اونٹ چالیس تک تو خیر اور ساٹھہ تک بہت ہے اور دو سو والونکی تو خرابی ہے مگر جو شخص قیمتی اونٹ عطا کرے اور بڑی دودھار اونٹنی دودہ کھانیکو دے اور موٹی اونٹنی ذبح کرے آپ کھاے اور حاجتمندونکو کھلاوے مینے عرض کیا یارسول اللہ یہ اخلاق تو نہایت خوب ہین مگر اپنے جانورونکی کثرت سے جس دیہات مین مینے رہنا اختیار کیا وہان گذارا اونکا نہین تب آپ نے پوچھا داد دہش مین تیرا کیا طریقہ ہے مینے عرض کیا جوان جانور بھی دیتا ہون بڈھا جانور بھی دیتا ہون پوچھا دودہ کھلا نمین تیرا کیا طور ہے عرض کیا دودھار اونٹنی دودہ کھانیکو دے دیتا ہون فرمایا گابھہ دینے والے نر جانورونمین کیا طور ہے عرض کیا لوگ سویرے اپنی اپنی ڈوڑی رسی لیکر آتے ہین اور جس جانور کو چاہتے ہین ناتھہ لیتے ہین کوئی روکا نہین جاتا پھر جب تک مناسب سمجھتے ہین اپنے یہان رکھتے ہین یہان تک کہ خود ہی لوٹا دیتے ہین تب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بھلا تیرا مال مجھے زیادہ پیارا ہے یا اپنے ورثہ کا آپ نے فرمایا تیری مال مین تیرا تو وہی ہے جو تو کھاپی کے جھٹی کر یا دے دلا کے خرچ کر ڈالے اور باقی تو تیرے ورثہ کا ہے تب مینے کہا کہ اگر ہمکو گھر لوٹ جانا ہوا تو ضرور یا ضرور جانورونکا عدد کم کر دینگے (راوی کا بیان ہے) پھر جب قیس کے مرنیکا وقت آیا اپنے بیٹونکو اکٹھا کرکے کہنے لگے میرے بیٹو مجھسے حاصل کرلو مجھسے بڑھکر کوئی خیر خواہ تمھارا تمھین نہین ملیگا۔ جس سے حاصل کروگے ہمیشہ نوحہ نکرنا رسول اللہ صلے اللہ

Marfat.com

علیہ وآلہ وسلم پر نوحہ نہین ہوا تھا اور مینے خود نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نوحہ کرنیکو منع کرتے ہوے سنا اور جس کپڑے مین مین نماز پڑھا کرتا تھا اوسمین مجھے کفنانا اور بڑونکو سردار نیا یا کرو بڑونکو سردار بناؤ گے تو برابر تمہارے باپ کا جانشین تم مین موجود رہیگا اور چھوٹونکو سردار بناؤ گے تو تمہارے بڑے لوگ اورون کی نظر مین خوار ہو جاینگے اور لوگ تمہارے طرف رغبت نہین کرینگے اور زندگی نیک چلنی سے بسر کرو اسمین کسی سے مانگ چاہ کی حاجت نہوگی اور ناگ کھانیسے بچتے رہنا یہ آدمی کا آخری دھندھا ہے اور جب مجھے دفن کر چکو تو میری قبر کو زمین کے برابر کر دینا کیونکہ میرے اور اس قبیلہ کے بکر بن وائل کے درمیان کچھ تکرار رہا کی ہے مجھے اسبات سے اطمینان نہین ہے کہ کوئی جاہل ایسی بات کر گذرے جس سے تمہارے دین مین عیب لگجاوے

۴۳۱ تعجب کے وقت سر ہلانا اور ہونٹھ چبانا۔

(۹۶۲) ابو ذر صحابی نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وضو کو مین پانی لے آیا بس آپنے اپنا سر ہلایا اور ہونٹھونکو دانت سے دبایا مینے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہون کیا مینے آپکو تکلیف دی فرمایا نہین لیکن تجھے ایسے حاکمون یا فرمایا امامون سے سروکار ہوگا کہ وہ لوگ نماز مین وقت سے تاخیر کرینگے مینے عرض کیا پھر مجھے کیا حکم ہوتا ہے فرمایا تو وقت پر پڑھ لیا کرنا پھر اگر اونکا ساتھ ہو جاوے تو دوبارہ پڑھ لینا اور یہ ہرگز نہ کہنا کہ مین پڑھ چکا ہون اب نہین پڑھونگا۔

۴۳۲ تعجب کی یا اور کسی بات پر ہاتھ زانو پر پٹکنا۔

(۹۶۳) علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کسی شب کو مین تھا اور بی بی فاطمہ تھین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اوسیوقت تشریف لائے پھر فرمایا کیون تملوگ نماز نہین پڑھتے مینے عرض کیا یا رسول اللہ ہملوگون کی جان خدا کے ہاتھ ہے جب ہمین اوٹھانا چاہتا ہے تو اوٹھا دیتا ہے بس نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے کچھ جواب نہین دیا اور لوٹ گئے پھر آپ جو لوٹ چلے تو مینے سنا کہ آپ زانون پیٹتے ہوے فرماتے تھے۔ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَیْءٍ جَدَلًا۔ (یعنی آدمی اکثر بات مین جھگڑا ہی کیا کرتا ہے۔

Marfat.com

(۹۶۴) ابو زرعین نے کہا مینے ابو ہریرہ کو دیکھا اپنی پیشانی پر ہاتہ مارتے تھے اور کہتے تھے اے عراق والو تمہلوگ بولتے ہو کہ ابو ہریرہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جھوٹ باندھتا ہے کیون تم تو مزے مین رہو اور ہمپر گناہ ہو مین گواہی دیتا ہون کہ بیشک مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے کہ جسکی جوتی کا تسمہ ٹوٹ جائے وہ جب تک دوسرے درست نکرلے تب تک دوسرے پاؤن مین جوتی پھر کر چل پھر نکرے۔ ۴۳۳

برائی کا ارادہ نہو اور کسی دوسرے کی زانو پر ہاتھ مارے۔

(۹۶۵) ابو عالیہ براء نے فرمایا عبداللہ بن صامت میرے پاس ہوکر گذرے مینے اونکے لئے کرسی بچھادی وہ بیٹھ گئے پھر مینے اون سے کہا کہ ابن زیاد نے نماز مین تاخیر کا معمول کرلیا ہے آپ کیا فرماتے ہین اونھون نے میرے زانو پر ایک ہاتھ مارا ارادی کا بیان ہے کہ مین سمجھتا ہون براء نے کہا کہ وہ ہاتھ ضرب کا نشان پڑگیا پھر عبداللہ بن صامت نے فرمایا تو نے جسطرح مجھسے پوچھا مینے بھی ابو ذر سے پوچھا تھا جسپر مینے تیرے زانو پر مارا تھا اونھون نے بھی میرے زانو پر مار دیا پھر کہا کہ تو وقت پر نماز پڑھ لیا کر پھر اگر ان حاکمون کا ساتھ پڑجاوے تو اونکے ساتھ بھی پڑھ لے اور یہ نہ کھنا کہ مین تو پڑھ چکا ہون اب نہین پڑھونگا۔

(۹۶۶) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم چند اصحاب کے ساتھ جنمین عمر بن خطاب بھی تھے ابن صیاد کے طرف چلے جاتے جاتے بنی مغالہ کے حاطہ مین لڑکونکے ساتھ کھیلتا ہوا اوسے پایا اور ابن صیاد اوندنون قریب بلوغ کے پہونچ چکا تھا اوسے انکے آنیکی کچھ خبر بھی نہوئی یہانتک کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیٹھ پیچھے اوسکی پیٹھ پر ایک ہاتھ مارا پھر فرمایا کیون بے تو گواہی دیتا ہے کہ مین خدا کا رسول ہون تب اوسنے اونکی طرف دیکھکر کہا کہ مین گواہی دیتا ہون کہ آپ ان پڑھون کے رسول ہین ابن صیاد نے کہا کیون آپ گواہی دیتے ہین کہ مین خدا کا رسول ہون بس نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوسے دبا کر فرمایا مین خدا اور اوسکے رسول پر ایمان لایا پھر ابن صیاد سے فرمایا تو تو کیا دیکھتا ہے ابن صیاد بولا میرے پاس سچی خبر بھی آتی ہے

Marfat.com

اور جھوٹی خبر بھی آتی ہے اسپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تجھپر بات گڑبڑا گئی پھر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مین تیرے لئے کچھ دلمین ضمیر رکھتا ہون اوسنے کہا وہ دُخ ہے آپ نے فرمایا بس چپ تو اپنے انداز سے نہین بڑھا ہے حضرت عمر نے عرض کیا یارسول اللہ اسکے بارے مین مجھے اجازت ہوتی ہے کہ مین اوسکی گردن مارون نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یہ وہی شخص ہے تو اسپر تیرا قابو نہین چلے گا اور اگر وہ شخص نہین ہے تو اسکا قتل کرنا تیرے لئے بہتر نہین سالم راوی کہتا ہے کہ عبداللہ بن عمر کہتے تھے کہ اسکے بعد ایکدن نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابی بن کعب انصاری کھجور کے جس باغ مین ابن صیاد رہتا تھا ادھر چلے جسوقت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم باغ کے اندر داخل ہوئے ابن صیاد اپنے بستر پر لیٹا ہوا گنگنا رہا تھا بس نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کھجورون کی شاخ مین چھپ کر چلنے لگے کہ جب تک ابن صیاد آپ کو دیکھے آپ پہلے ہی کچھ بات اوسکے مونھ سے سن لین مگر ابن صیاد کی ماں نے ایکو چھپ چھپ کر چلتے ہوے دیکھ لیا تب ابن صیاد کو اوسکے نام سے پکار کر بولی ارے صاف یہی محمد ہے بس ابن صیاد تھم گیا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر چھوڑ دیتی تو پتا لگ جاتا عبداللہ بن عمر نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مجمع مین کھڑے ہو گئے پھر جو خدا کی شان کے مناسب ہے، خدا کی تعریف کی پھر دجال کا ذکر چھیڑا اور فرمایا کہ مین تمھین دجال کی خبر دیتا ہون اور جتنے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی قوم کو اوسکی خبر دی ہے نوح پیغمبر نے بھی اپنی قوم کو اوسکی خبر دی ہے مگر مین تم لوگون سے ایک ایسی بات کہے دیتا ہون کہ وہ بات کسی نبی نے اپنی قوم کو نہین بتائی تم جان لو کہ دجال کانا ہے اور اللہ کانا نہین ہے۔

(۹۶۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب نہانے کی ضرورت ہوتی تین چلو پانی سر پر اوندیل لیتے حسن بن محمد بن حنفیہ نے جابر راوی سے کہا اے ابو عبداللہ میرے بال لمبائی مین سے زیادہ ہین جابرؓ نے حسن کے زانو پر ہاتھ مار کر فرمایا بھتیجے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بال تیرے بال سے کہین زیادہ اور کہین خوشبو تھے۔

Marfat.com

(۹۶۸) مدینہ مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک کھجور کی سلّی پر گھوڑے سے گر پڑے آپ کا پانون اوکھڑ گیا تو ہملوگ بی بی عائیشہ کے بالا خانہ پر آپکی عیادت کیلئے حاضر ہوئے ایکدفعہ آئے تو اسوقت آپ بیٹھے ہوے نماز پڑھ رہے تھے ہملوگون نے کھڑے ہوکر نماز پڑھلے پھر دوسری دفعہ آئے اسوقت آپ بیٹھے ہوے فرض نماز پڑھ رہے تھے ہملوگ آپ کے پیچھے کھڑے ہوکر پڑھنے لگے بس آپ نے ہملوگون کو اشارہ فرمایا کہ بیٹھ جاؤ پھر جب نماز تمام کرچکے فرمایا اگر امام نماز بیٹھکر پڑھے تو سب کے سب بیٹھکر پڑھو اور کھڑا ہوکر پڑھے تو کھڑے ہوکر پڑھو اور جب امام بیٹھا ہوا اسوقت کھڑے مت رہا کرو جیسے فارس والے اپنے سرداروں کے ساتھ کرتے ہین۔

اور انصار مین کسی نوجوان آدمی کے لڑکا پیدا ہوا اوسنے اوسکا نام محمدؐ رکھا انصار نے اوس سے کہا کہ ہم تجھے رسول اللہ کی کنیت سے کبھی نہ پکارینگے بعد اسکے ہملوگ رستہ مین بیٹھ گئے کہ اب سے قیامت کا حال پوچھین آپ نے فرمایا تملوگ مجھسے قیامت کا حال پوچھنے آئے ہو عرض کیا ہان فرمایا کسی شخص پر سو برس کا زمانہ گذرنے نہین پاویگا ہملوگون نے عرض کیا انصار مین ایک نوجوان آدمی کے یہان لڑکا پیدا ہوا اوسنے لڑکے کا نام محمدؐ رکھا تب انصار نے کہا کہ ہملوگ تجھے رسول اللہ کی کنیت سے کبھی نہ پکارینگے آپ نے فرمایا انصار نے خوب کیا میرے نام پر نام رکھو اور میری کنیت پر کنیت مت رکھو۔

(۹۶۹) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بعض اونچان کی آبادی سے بازار مین آگئے اور لوگ آپکے دونون جانب سے بھرے ہوئے تھے اتنے مین ایک بوچی بکری پر گذر ہوا آپ نے ہاتھ بڑہاکر اسکا کان پکڑلیا پھر فرمایا تم مین کوئی بھی چاہتا ہے کہ یہ بکری اوسکو ایک درم پر ملجاے لوگون نے عرض کیا ہملوگ اسکے بدلے کچھ دینا نہین چاہتے اور ہملوگ اسکو لیکر کیا کرینگے فرمایا اچھا یہ چاہتے ہو کہ تمھین مفت

Marfat.com

ملجا سے عرض کیا نہین آپ نے تین بار اونلوگون سے پوچھا سب لوگون نے عرض کیا قسم خدا کی نہین اگر یہہ زندہ بھی ہوتی تو بوجی ہونا اوسمین عیب تھا یعنی دونون کان ہی ندارد چہ جاے آنکہ وہ مردار بھی ہے آپ نے فرمایا قسم خدا کی دنیا خدا کے نزدیک اس سے بھی زیادہ لے حقیقت ہے جتنی یہ ہلوگون کے نزدیک بے حقیقت ہے۔

(۹۷۰) ابیؓ کے پاس ایک شخص نے جاہلیتؔ کے طور پر فریاد کی بس اُبیؓ نے اوسکو بلا کنایہ فحش لفظون مین سخت کہا اونکے ساتھی لوگ انکا منہ دیکھنے لگے اُبیؓ نے کہا معلوم ہوتا ہے کہ تمکو گون کو یہ بات بُری معلوم ہوئی پھر فرمایا کہ ہم تو اس بات مین کسیکا لحاظ خیال نہین کرتے ہین مینے خود نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص جاہلیتؔ کے وضع پر فریاد کرے اوسکو بلا کنایہ صاف صاف گالی دو۔

(۹۷۱) وہی حدیث۔

کسیکا پانون سن ہو جائے تو کیا کہے ۴۳۶

(۹۷۲) ابن عمر کے پانون سُن ہو گئے ایک شخص نے اون سے کہا جس شخص کو تم سب سے زیادہ پیار کرتے ہو اوسکو یاد کرو اوسپر اونھون نے فرمایا یا محمدؐ

۴۳۷

(۹۷۳) مدینہ کے کسی باغ مین ابو موسیٰ صحابی نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم (پیارے) ہاتھ مین ایک چھڑی تھی آپ کیچڑ مین اوس سے شغل کر رہے تھے۔ اتنے مین ایک شخص دروازہ کھلوانے لگا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دروازہ کھول اور اسکو بہشت کی خوشخبری دے مین ادھر گیا تو وہ حضرت ابوبکرؓ تھے مینے دروازہ کھول دیا اور اونکو بہشت کی خوشخبری سنادی پھر دوسرے شخص نے دروازہ کھولوایا حکم ہوا دروازہ کھول اور اوسکو بہشت کی خوشخبری سنادے تو وہ حضرت عمرؓ تھے مینے دروازہ کھولا اور اونکو بہشت کی خوشخبری سنادی پھر اور ایک شخص نے

Marfat.com

دروازہ کھلوایا آپ اوس وقت تک ٹیکے ہوے تھے بس بیٹھ گئے اور فرمایا دروازہ کھولدے اور اوسکو ایک بلوے مین مبتلا ہو جانے پر بہشت کی خوشخبری سنادے مین گیا تو وہ عثمانؓ تھے مینے دروازہ کھولدیا اور جو کچھ آنحضرت نے فرمایا تھا اون سے کھدیا وہ بولے خدا کی مدد چاہیئے۔

لڑکونکا مصافحہ ۴۳۸

(۹۷۴) سلمہ بن وردان نے کہا مینے انسؓ کو دیکھا لوگون سے مصافحہ کر رہے تھے مجھسے پوچھا تو کون ہے مینے عرض کیا بنی لیث کا ازاد غلام بس آپ نے میرے سر پر تین بار ہاتھ پھیرا اور فرمایا خدا تجھمین برکت دے۔

مصافحہ ۴۳۹

(۹۷۵) یمن والے جب حاضر ہوے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یمن کے لوگ آگئے یہ لوگ ہلوگون سے زیادہ نرم دل ہین پہلے پہلے مصافحہ بھی لوگ لائے۔

(۹۷۶) براء بن عازب نے کہا پورا اسلام تب ہی ہے کہ مسلمان بھائی سے مصافحہ بھی کرلیا کرو

عورت لڑکیکے سر پر ہاتھ پھیرے ۴۴۰

(۹۷۷) ابی نے کہا عبداللہ بن زبیر اپنی مان بی بی اسماء بنت ابی بکر کے پاس مجھی بھیجا کرتے تھے مین اونکو حجاج کی کارروائی یونکی خبر دیتا اور وہ میرے لئے دعا کرتین اور میرے سر پر ہاتھ پھیرتین اور مین اونکے نون خلام تھا۔

معانقہ ۴۴۱

(۹۷۸) جابر بن عبداللہ کو خبر ملی کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی کوئی حدیث روایت کرتے ہین جابر کا بیان ہے کہ مینے ایک اونٹ خرید کر کے ایک مہینے کا سفر کیا یہانتک کہ ملک شام مین آیا یکایک عبداللہ بن انیس سے ملاقات ہوگئی اونھون نے انکے پاس کہلا بھیجا کہ دروازے پر جابر کھڑے ہین یہ خبر دیکر آدمی واپس آیا اونھون نے کہا جابر بن عبداللہ ہین؟ مینے کہا ہان پس وہ نکل آئے پھر مجھسے معانقہ کیا مینے کہا

Marfat.com

مجھے ایک حدیث کی خبر لی بینے اوسے نہین سنا ہے مجھے خوف ہوا کہ شاید مین مرجاؤن
یا آپ مرجائین اونھون نے فرمایا بینے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا
کہ اللہ تعالیٰ بندونکا یا فرمایا لوگونکا حشر اسطرح سے فرمائیگا کہ لوگ ننگی غیر مختون بہم
ہونگے ہملوگون نے عرض کیا بہم کیا فرمایا اونلوگون کے پاس کچھ مال نہین ہوگا پھر اونکو
ایسی آواز سے پکاریگا کہ لوگ دور سے بھی ویسا ہی سنینگے جیسا پاس سے فرمائیگا کہ مین
بادشاہ ہون کسی بہشتی کو مناسب نہین ہے کہ جسکے ذمہ کسی دوزخی کا اپنے حق کا مطالبہ
ہو وہ بہشت مین داخل ہو اور نہ کوئی دوزخی جسکے ذمہ کسی بہشتی کو اپنے حق کا مطالبہ ہو دوزخ
مین جاوے بینے عرض کیا یا رسول اللہ کیونکر ہوگا کیونکہ ہلوگ تو ننگے مننگے مفلس بے جائداد ہوکر خدا
کے سامنے حاضر ہونگے فرمایا نیکی اور بدی سے۔

۴۴۳ بیٹی کو چومنا

(۹۷۹) عائشہ نے فرمایا بولنے مین اور بات کرنے مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کا مشابہ بی بی فاطمہ سے بڑھکر بینے کسیکو نہین دیکھا جب حضرت کے یہان آتین آپ
اون کیطرف کھڑے ہوکر مرحبا فرماتے اور اونکو چومتے اور اپنی جگھہ بیٹھا دیتے اور
جب آپ اونکے گھر تشریف لیجاتے وہ بھی آپ کی طرف اوٹھکر آپکا ہاتھہ پکڑ لیتین
اور مرحبا کہتین اور آپکو چومتین اور اپنی جگھہ پر بیٹھا دیتین پھر جس مرض مین آپ
کا انتقال ہوا آپ کے یہان آئین آپ نے مرحبا فرمایا اور اونکو چوما۔

۴۴۳ ہاتھہ چومنا

(۹۸۰) ابن عمر نے فرمایا ہملوگ ایک لڑائی مین تھے یکبارگی لوگ بہاگ کھڑے ہوئے
ہملوگون نے کہا ہملوگ تو بھاگ کھڑے ہوئے اب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
کس مونھہ سے ملاقات کرینگے پس یہ آیت اوتری اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ پھر ہملوگون
نے صلاح کی کہ اب مدینہ نجائین نجائینگے نہ کسی سے ملاقات ہوگی پھر کہا کہ چلے تو بس
نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فجر کی نماز پڑھکر نکلے ہملوگون نے عرض کیا کہ ہملوگ تو
بھگوڑے نکلے آپ نے فرمایا (نہین) تملوگ پھر لوٹ آنے والے ہو پھر ہملوگون نے آپ کے

Marfat.com

دست مبارک کا بوسہ لیا آپ نے فرمایا ہم تمھاری جماعت ہین۔

(۹۸۱) عبدالرحمن بن رزین نے فرمایا ربذہ مین ہملوگونکا گذر ہوا لوگون نے بتایا کہ یہان سلمہ بن الاکوع صحابی ہین مین اونکے یہان حاضر ہوا اور اونکو سلام کیا۔ اونھون نے اپنا ہاتھ نکالکر فرمایا کہ انہین ہاتون سے مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیعت کی ہے حضرت سلمہ نے جو ہاتھ نکالا ایسا بھاری ہاتھ تھا جیسے ٹھیک اونٹ کا ہاتھ بس ہملوگ اوٹھ کھڑے ہوئے اور اونکے ہاتھ پر بوسہ دیا۔

(۹۸۲) ثابت نے انس رض سے پوچھا آپ نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے ہاتھ سے چھوا بھی تھا فرمایا ہان بس اونھون نے انس کا ہاتھ چوم لیا۔

۴۴۴ پانون چومنا

(۹۸۳) وازع بن عامر نے فرمایا ہملوگ بھونچے لوگون نے بتایا یہی رسول اللہ ہین بس ہملوگ اپکا دونون ہاتھ اور پانون پکڑکر چومنے لگے۔

(۹۸۴) صہیب نے فرمایا مینے حضرت علی کو حضرت عباس کا ہاتھ اور پانون چومتے ہوئے دیکھا۔

۴۴۵ کسی کی تعظیم کو کوئی کھڑا رہے

(۹۸۵) امیر معاویہ باہر آئے عبداللہ بن عامر اور عبداللہ بن زبیر بھی بیٹھے ہوئے تھے ابن عامر تو دیکھکر کھڑے ہو گئے اور ابن زبیر بھاری وزن کے آدمی تھے۔ وہ بیٹھے ہی رہے امیر معاویہ نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جسکو یہ بات اچھی معلوم ہو کہ بندگان خدا اوسکی تعظیم کو کھڑے رہین وہ دوزخ مین گھر ٹھہرالے

۴۴۶ سلام کی ابتدا

(۹۸۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم صلے اللہ علیہ وسلم کو ساٹھ ہاتھ لانبا پیدا کیا اور ایک جماعت فرشتونکی بیٹھی ہوئی تھی حضرت آدم کو فرمایا جا اس جماعت کو سلام کر پھر اونکے جواب کو کان لگاکر سن لے وہی تیرا اور تیری اولاد کا تحیہ وقت سلام کلام ہوگا حضرت آدم نے جاکر کہا السلام علیکم اونھون

Marfat.com

نے جواب دیا السلام علیک ورحمۃ اللہ اونھون نے ورحمۃ اللہ بڑہا دیا بس بہشت مین جانیوالے سب حضرت آدم ہی کی صورت پر ہونگے مگر اُسوقت سے اسوقت تک خلقت مین برابر کمی ہوتی رہی۔

۴۴۷ سلام پھیلانا

(۹۸۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سلام پھیلاؤ سلامتی سے رہوگے۔

(۹۸۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تک مومن نہ ہوگے بہشت مین نجانے پاؤگے اور جب تک آپس مین محبت نہین پیدا کروگے مومن نہ ہوگے محبت پیدا کرنیکا طور مین تمہین بتاندون لوگون نے عرض کیا ہان یارسول اللہ بتائیے فرمایا آپس مین سلام پھیلاؤ۔

(۹۸۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا رحمٰن (مہربان خدا) کی عبادت کرو اور کھانا کھلاؤ اور سلام پھیلاؤ بہشت مین چلے جاؤ

۴۴۸ پہلے سلام کرنا

(۹۹۰) ابن عمر کو پہلے کوئی شخص سلام کرنے نہین پاتا تھا بلکہ ابن عمر ہی سلام کرنیمین سبقت کرتے تھے)

(۹۹۱) جابر نے فرمایا سوار آدمی پیدل چلنے والے کو سلام کرے اور پیدل چلنے والا بیٹھے ہوئے آدمی کو اور دو پیدل چلنے والے ہون تو جو پہلے سلام کرے وہی افضل ہے

(۹۹۲) قبیلہ مُزینہ کے اغر نام ایک صحابی کا کئی دسق خرما قبیلہ بنی عمر بن عوف کے ایک شخص کے ذمہ باقی تھا وہ بار بار اسکے یہان آئے گئے بس مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان حاضر ہوا آپ نے ابوبکر صدیق کو میرے ساتھ کیا تو جو لوگ رستے مین ملتے گئے ہلوگون کو سلام کرتے گئے تب ابوبکر نے فرمایا دیکھتا نہین لوگ ہی پہلے تجھے سلام کرتے ہین بس اونھین کو ثواب ہوتا ہے پہلے تو سلام کیا کر کہ تجھے بھی ثواب

Marfat.com

حاصل ہو (راوی کہتا ہے) کہ ابن عمر نے یہ اپنا ہی قصہ بیان کیا ہے۔

(۹۹۳) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کسی مسلمان کو حلال نہین ہے کہ کسی مسلمان بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑ دے کہ دونون سے راہ مین ملاقات ہو جائے تو یہ اوس سے منہ پھیر لے وہ اوس سے منہ پھیرے اور دونون مین جو پہلے سلام کرے وہ دوسرے سے اچھا ہے۔

۴۴۹ سلام کی بزرگی

(۹۹۴) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مجلس مین تھے ایک شخص کا ادھر گذر ہوا اوسنے کہا سلام علیکم آپ نے فرمایا دس نیکیان ہوئین پھر دوسرا شخص گذرا اوسنے کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ آپ نے فرمایا بیس نیکیان ہوئین پھر ایک اور شخص گذرا اوسنے کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ آپ نے فرمایا تیس نیکیان ہوئین پھر مجلس سے ایک شخص اوٹھا اور اوسنے سلام نہین کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا جلد یہ شخص (کام کی بات) بھول گیا جب کوئی مجلس مین آوے تو سلام کرے پھر بیٹھنا چاہے تو بیٹھ جاوے اور جب اوٹھے تب بھی سلام کرے پہلے سلام کو پچھلے سلام سے کچھ ترجیح نہین ہے۔

(۹۹۵) عمرؓ نے فرمایا مین ابوبکر کے ساتھ جانور پر سوار تھا جب کچھ لوگون کے قریب گذر ہوتا ابوبکر فرماتے السلام علیکم لوگ جواب دیتے السلام علیکم ورحمۃ اللہ ابوبکر فرماتے السلام علیکم ورحمۃ اللہ لوگ جواب دیتے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ آخر ابوبکر نے فرمایا آج تو لوگ ہم سے بہت بڑھے رہے۔

(۹۹۶) وہی حدیث۔

(۹۹۷) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یہود تمہاری کسی بات سے اتنا نہین چڑھتے جتنا سلام اور آمین کہنے پر چڑھتے ہین

۴۵۰ خدا کے ناموں مین ایک نام سلام بھی ہے۔

(۹۹۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ کے ناموں مین ایک نام سلام بھی ہے

Marfat.com

خدا نے اوسکو زمین پر رکھ دیا ہے بس تم لوگ سلام خوب پھیلاؤ۔

(۹۹۹) ابن مسعود نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے لوگ نماز پڑھ رہے تھے ایک شخص بولا اَلسَّلَامُ عَلَی اللّٰہِ جب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے آپ نے پوچھا اَلسَّلَامُ عَلَی اللّٰہِ کہنے کا کیا سبب تھا خدا تو خود ہی سلام ہے یوں کہا کرو اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۔

(راوی نے کہا) لوگ اس تشہد کو بھی قرآن کی سورۃ کیطرح سیکھتے تھے۔

مسلمان کا مسلمان پر یہ حق ہے کہ ملاقات کے وقت اوسے سلام کرے ۴۵۱

(۱۰۰۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں لوگوں نے پوچھا وہ کیا کیا ہیں فرمایا جب ملاقات ہو تو سلام کر اور بلاوے تو منظور کر اور خیر خواہی چاہے تو خیر خواہی کر اور چھینک کر الحمد للہ کہے تو اوسکی تشمیت کر اور جب بیمار پڑے تو عیادت کر اور مر جاوے تو (قبر تک) اوسکے ساتھ جا۔

چلتا آدمی بیٹھے ہوئی کو سلام کرے ۴۵۲

(۱۰۰۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سوار پیدل کو سلام کرے اور پیدل چلنے والا آدمی بیٹھے ہوئے کو سلام کرے اور ہلکی جماعت بھاری جماعت کو سلام کرے پھر جو سلام کا جواب دے وہ اوسیکا سلام ہوا اور جسنے جواب نہیں دیا اوسی کچھ بھی نہیں

(۱۰۰۲) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سوار پیادے کو سلام کرے اور پیادہ چلنے والا بیٹھے ہوئے کو سلام کرے اور تھوڑے لوگ بہت کو سلام کریں جابر نے کہا کہ دو چلنے والے جب ملجاویں تو جو پہلے سلام کرے وہ افضل ہے

بیٹھی ہوئی آدمی کو سوار آدمی سلام کرے ۴۵۳

(۱۰۰۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سوار آدمی پیدل چلتے ہوئے کو سلام کرے اور چلتا ہوا بیٹھے ہوئے کو اور چھوٹی جماعت بڑی جماعت کو۔

(۱۰۰۴) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا گھوڑے پر سوار آدمی بیٹھے ہوئے

Marfat.com

کو سلام کرے اور تھوڑے لوگ بہت لوگونکو سلام کرین۔

۴۵۴ پیدل سوار کو سلام کرے

(۱۰۰۵) شعبی سے ایک سوار سے ملاقات ہوئی اونھون نے اوسے سلام کیا مینے کہا آپ اوسے پہلے سلام کرتے ہین اونھون نے کہا مینے شریح کو دیکھا پیدل چلتے ہوئے سلام کرتے تھے۔

۴۵۵ چھوٹی جماعت بڑی جماعت کو سلام کرے۔

(۱۰۰۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سوار پیدل کو سلام کرے اور پیدل بیٹھے ہوئے کو سلام کرے اور تھوڑے لوگ بڑی جماعت کو سلام کرین۔

(۱۰۰۷) رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سوار پیدل کو سلام کرے اور پیدل چلنے والا کھڑے ہوئے آدمی کو سلام کرے اور تھوڑے لوگ بہت کو سلام کرین۔

۴۵۶ چھوٹا آدمی بڑی آدمیکو سلام کرے

(۱۰۰۸) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سوار پیدل کو سلام کرے اور چلتا ہوا بیٹھے ہوئے کو سلام کرے اور تھوڑے لوگ بہت کو سلام کرین۔

(۱۰۰۹) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا چھوٹا بڑے کو اور چلتا ہوا بیٹھے ہوئے کو اور تھوڑے لوگ بہت کو سلام کرین۔

۴۵۷ سلام کی حد

(۱۰۱۰) ابو الزناد نے کہا خارجہ حضرت زید کے خط مین یون سلام لکھتے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَيَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ وَمَغْفِرَتُهُ وَطِيبُ صَلَوَاتِهِ۔
تمپر سلام ای سردار مسلمانونکی اور اللہ کی رحمت اور اوسکی برکتین اور اوسکی بخشش اور اوسکی اچھی درود

۴۵۸ اشارے سے سلام

(۱۰۱۱) ہیاج بن بسام نے کہا انس ہمکو گون کیطرف گذرتے تو ہاتھ کے اشارے سے سلام کرتے اور وہ خضاب لگاتے ہوتے اور حسن زرد خضاب کرتے اور سیاہ عمامہ باندھے ہوتے اسمار نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورتونکو ہاتھ کے اشارے سے سلام کیا۔

Marfat.com

(۱۰۱۲) سعد حضرت عبداللہ ابن عمر اور قاسم بن محمد کے ساتھ چلے جب سرف مین پہونچکر اوترے عبداللہ ابن زبیر کا گذر ہوا اونھون نے ان لوگون کو اشارے سے سلام کیا ان دونون نے اونکے سلام کا جواب دیا۔

(۱۰۱۳) عطاء بن ابی رباح نے کہا وہ لوگ ہاتھ سے سلام کرنا مکروہ جانتے تھے یا کہا وہ ہاتھ سے سلام کرنا مکروہ جانتے تھے۔

۴۵۹

سنا کے سلام کرے

(۱۰۱۴) ثابت بن عبید نے کہا مین ایک جلسہ مین پہونچا وہان عبداللہ بن عمر بھی تھے اونھون نے فرمایا سلام ایسا پکار کے کیا کرو کہ آدمی سن لے کیونکہ سلام خدا کی طرف سے برکت والی پاکیزہ دعا ہے۔

۴۶۰

جو لوگ گھر سے نکلے وہ لوگونکو سلام کرے اور لوگ اوسی سلام کرین۔

(۱۰۱۵) طفیل بن ابی بن کعب عبداللہ بن عمر کے یہان آتے اور سویرے اونکے ساتھ بازار جاتے وہ کہتے ہین کہ ہملوگ جو صبحکو بازار جاتے تو عبداللہ بن عمر کا جس کسی گرے پڑے آدمی یا سوداگر یا مسکین یا کسی پر گذر ہوتا وہ اوسکو ضرور سلام کرتے طفیل نے کہا ایک دن مین عبداللہ بن عمر کے یہان آیا وہ مجھے اپنے ساتھ بازار لے چلے تو مینے عرض کیا آپ بازار جاکر کیا کرینگے آپ نہ تو کوئی سودا کرتے ہین اور نہ کسی مال کا حال پوچھتے ہین نہ دام کام کرتے ہین نہ بازار کے جلسون مین بیٹھتے ہین تو آئیے یہین بیٹھئے باتین کرین راوی کہتا ہے کہ طفیل تو ندیل آدمی تھے عبداللہ بن عمر نے کہا اے ابا بطن ہم تو فقط اسیواسطے صبحکو بازار جاتے ہین کہ جس سے ملاقات ہو اوس سے صاحب سلامت کرین۔

۴۶۱

جلسہ مین آوے تو سلام کرے

(۱۰۱۶) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب کوئی مجلس مین آوے تو چاہئے کہ سلام کرے پھر اگر لوٹ جاوے تب بھی سلام کرے کیونکہ پہلے کو پچھلے پر کچھ ترجیح نہین ہے۔

Marfat.com

(۱۰۱۷) ایضاً — مجلس سے اوٹھے تو سلام کرے۔ ۴۶۲

(۱۰۱۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص مجلس مین آوے تو چاہیئے کہ سلام کرے پھر اگر جلسہ اوٹھنے کے پہلے اوسکو جانا ہو تب بھی سلام کرے کیونکہ پہلے کو پچھلے پر کچھ ترجیح نہین ہے

۴۶۳ مجلس سے اوٹھنے کے وقت سلام کرے تو اوسکا کیا حق ہے

(۱۰۱۹) معاویہ بن قرہ نے کہا میرے باپ نے مجھسے کہا کہ اے میرے بیٹے بچے اگر تو کسی نیک جلسہ مین شریک ہوجسکے ثواب کی امید رکھتا ہو پھر کسی حاجت کے سبب سے جلدی اوٹھنا پڑے تو کہدے سلام علیکم۔ تب اوس مجلس مین جتنے کام ہونگے سب کی شرکت کا تجھے ثواب ملیگا اور جو لوگ کوئی جلسہ کرتے ہین پھر بغیر ذکر خدا کے متفرق ہوجاتے ہین گویا وہ مردار گدھا کھاکر متفرق ہوئے۔

(۱۰۲۰) ابوہریرہ نے فرمایا جو شخص مسلمان بھائی سے ملے اوسکو سلام کرے پھر اگر دونون کے درمیان درخت یا دیوار حائل ہوجائے پھر ملے تو پھر سلام کرے۔

(۱۰۲۱) انس بن مالک نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب ساتھ ساتھ چلتے ہوتے اور سامنے اونکو کوئی درخت آجاتا ایک جماعت اوسکے داہنے ہوکر نکلتی اور دوسرے جماعت بائین طرف ہوکر نکلتی پھر جب ملتے تو ایک دوسرے کو سلام کرتے۔

۴۶۴ مصافحہ کی لئی ہاتھ مین خوشبو لگانا

(۱۰۲۲) ثابت بنانی نے کہا انس کا معمول تھا کہ صبح اوٹھکر مسلمانون سے مصافحہ کرنیکو ہاتھ مین عمدہ خوشبو لگالیا کرتے۔

۴۶۵ بچانے اور بچانیکو صاحب سلامت۔

(۱۰۲۳) ایک شخص نے پوچھا یارسول اللہ کون اسلام اچھا ہے فرمایا کھانا

کھلاؤ۔

باب ہر پہچان نی پہچان والونکو سلام کیا کرو ۴۶۶

(۱۰۲۴) ابو ہریرہؓ نے کہا مکانون کے باہر میدانون مین اور راہون پر بیٹھنے سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا مسلمانون نے عرض کیا یہ تو ہملوگون سے نہین ہوسکتا تب آپ نے فرمایا نہین ہوسکتا تو اوسکا حق بھی ادا کیا کرو عرض کیا اوسکا حق کیا ہے فرمایا آنکھین نیچی رہین مسافر کو ٹھیک راہ بتانا کوئی چھینک کر الحمدللہ کہے تو اوسکا جواب سلام کا جواب۔

(۱۰۲۵) ابو ہریرہؓ نے کہا جو شخص سلام مین بخالت کرے وہ نہایت بخیل آدمی ہے اور جو سلام کا جواب نہ دے اوسکا تو خسارا ہوا اور اگر چلتے چلتے تیرے اور کسی مسلمان کے درمیان درخت حایل ہوجائے اور تجھسے ہوسکے کہ تو ہی اوسے سلام کرے وہ نکرنے پاوے تو ایسا ہی کیا کر۔

(۱۰۲۶) سالم نے کہا عبداللہ بن عمر کا معمول تھا کہ سلام کا جواب بڑھا کر دیتے بس وہ بیٹھے ہوئے تھے مین آیا اور کہا السلام علیکم اونھون نے جواب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ پھر مین دوبارہ آیا اور کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ جواب دیا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اسکے بعد نین پھر آیا اور کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اونھون نے کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ وطیب صلواتہ۔

باب فاسق کو سلام نکرے ۴۶۷

(۱۰۲۷) عبداللہ بن عمرو بن عاص نے فرمایا شرابیونکو سلام نکیا کرو۔

(۱۰۲۸) حسن نے فرمایا تیرے اور فاسق کے درمیان کچھ حرمت نہین۔

(۱۰۲۹) علی بن عبداللہ شطرنج کو مکروہ جانتے اور فرماتے شطرنج کھیلنے والیکو سلام نکیا کرو اور وہ تو جوئے کے قسم سے ہے۔

باب زعفران لگائی ہوئی اور بیباک گناہ کرنیوان سے سلام ترک کرنا ۴۶۸

(۱۰۳۰) علی ابن ابی طالب نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک قوم کیطرف گذرے اونمین

Marfat.com

ایک شخص زعفران کا رنگ لگائی ہوئے تھا آپ نے اونلوگونکی طرف دیکھکر اونکو سلام کیا اور اوس شخص سے منہ پھیر لیا اوسنے عرض کیا آپنے مجھسے منہ (کیون) پھیر لیا آپ نے فرمایا تیرے آنکھونکے درمیان مین انگارہ ہے۔

(۱۰۳۱) ایک شخص سونیکی انگوٹھی ہاتھہ مین پہنے ہوئے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اوسکی طرف سے منہ پھیر لیا جب اوسنے دیکھا کہ آپکو ناگوار ہوا چلا گیا اور اوس انگوٹھی کو اوتار دیا اور لوہے کی انگوٹھی پہن کر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا آپ نے فرمایا یہ نہایت بد ہے یہ دوزخیونکا زیور ہے تب وہ شخص پھر لوٹ گیا اور اوسکو پھینک کر چاندی کی انگوٹھی پہنی تب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم چپ چاپ رہگئے۔

(۱۰۳۲) بحرین سے ایک شخص نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا اور آپکو سلام کیا یہ شخص ریشمی جبہ اور سونیکی انگوٹھی پہنے ہوئے تھا آپ نے اوسکے سلام کا جواب نہین دیا۔ وہ غمگین ہوکر چلا گیا اور اپنی بیوی سے شکوہ کیا بیوی نے کہا کہ شاید رسول اللہ (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو تیرا جبہ اور انگوٹھی ناگوار ہوئی تو ان دونون کو اوتار دے اور پھر جا اوسنے ایسا ہی کیا تب آپنے سلام کا جواب دیا اوسنے عرض کیا کہ ہم ابھی حاضر ہوئے تھے تو حضور نے مجھسے مونہہ پھیر لیا تھا آپنے فرمایا تیرے ہاتھہ مین آگ کا شعلہ تھا تب اوسنے عرض کیا کہ تب تو ہم اب بھی بہت سا شعلہ لینے آئے ہین آپ نے فرمایا کہ اب جو لایا ہے وہ اور حرہ کے سنگریزے (معلوم ہوتا ہے کہ اونکی پاس جواہرات تھے) برابر ہین لیکن اتنا ہے کہ وہ دنیاوی زندگی کا فائدہ حاصل کرتا ہے اوسنے عرض کیا تب مین کس چیز کی انگوٹھی پہنون فرمایا چاندی کی یا پیتل کی یا لوہے کی بنالے۔

(۱۰۳۳) خلیفہ عمر بن عبدالعزیز نے ابوبکر بن سلیمان سے پوچھا کہ ابوبکر صدیق یون کیون لکھتے تھے من ابی بکر خلیفۃ رسول اللہ پھر عمر فاروق لکھنے لگے من عمر بن الخطاب خلیفۃ ابی بکر اور امیر المومنین پہلے پہلے کسنے لکھا ابوبکر بن سلیمان نے

Marfat.com

جواب دیا کہ میری دادی بی بی شفاء جو پہلے ہجرت کرنیوالی عورتونمین تھین اور حضرت عمر
بن خطاب کا معمول تھا کہ جب بازار جاتے تو اونکے یہان بھی جاتے وہ کہتی تھین کہ حضرت
عمر بن خطاب نے عراقین کے حاکم کو لکھا کہ میرے پاس دو دانشمند بہادر آدمی روانہ
کرو کہ مین اونسے عراق اور وہان کے لوگونکا حال پوچھون حاکم عراقین نے لبید بن ربیعہ
اور عدی بن حاتم کو روانہ کیا وہ دونون مدینہ پہونچے اور صحن پیش مسجد مین اونٹ بٹھلایا
پھر دونون مسجد مین گئے وہان عمرو بن عاص ملے اون دونون نے عمرو سے کہا عمرو!
امیر المومنین عمر کو ہملوگونکے ملاقات کی اطلاع کرو بس عمرو لپکے اور حضرت عمر کے حضور
مین حاضر ہوکر بولے السّلام علیک یا امیر المومنین تب حضرت نے فرمایا ابن عاص اس
نام کی تجھکو کیا سوجھی یہ جو تو نے کہا تجھے اسکی جواب دہی کرنی ہوگی اونہون نے عرض کیا
ہان سُنئے لبید بن ربیعہ اور عدی بن حاتم آئے ہین اون دونون نے مجھسے کہا کہ امیر المومنین
کو ہملوگونکی اطلاع کرو تب ہمنے کہا کہ واللہ تم دونون نے نام تو اونکا ٹھیک تجویز کیا وہ امیر
ہین اور ہملوگ مومنین ہین بس اوسیدن سے یہ نام لکھنا جاری ہوگیا۔

(۱۰۳۴) عبید اللہ نے کہا امیر معاویہ اپنے زمانہ خلافت مین پہلے پہلے حج کو جو آئے
عثمان بن حنیف انصاری اونکی ملاقات کو گئے اور کہا السّلام علیک ایہا الامیر ورحمۃ اللہ
شام والونکو یہ بات ناگوار گذری اور کہنے لگے یہ کون منافق آدمی ہے کہ امیر المومنین کی
خطاب وسلام مین کمی کرتا ہے بس عثمان زانو کے بل بیٹھ گئے اور عرض کیا یا امیر المومنین
اِن لوگونکو میری بات جو ناگوار ہوئی ہے اوسے آپ اِن لوگون سے زیادہ جانتے ہین
قسم خدا کی مین نے اسیطور سے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر اور حضرت عثمان کو سلام کیا
مگر اونمین سے کسی نے بھی انکار نکیا تب امیر معاویہ نے اون شامیون سے جو اِس بار یمین
کلام کرتے تھے کہا کہ ٹھہرو یہ جو کہتے ہین کسیقدر ٹھیک ہے لیکن شام والون نے
یہ فتنے ایجاد کئے ہین یہ کہتے ہین کہ ہمارے سامنے بیجا ہے خلیفہ کا سلام کم مت
کرو مگر مین خیال کرتا ہون کہ تملوگ اہل مدینہ صدقہ کے تحصیلدار کو ایہا الامیر
کہا کرتے ہو۔

Marfat.com

(۱۰۳۵) حضرت جابر نے فرمایا مین حجاج کی یہان گیا تو اوسے سلام نہین کیا۔
(۱۰۳۶) تمیم بن حذیم نے کہا مجھے یاد ہے پہلے پہلے کوفہ مین حکومت کا سلام کسکو کیا گیا تھا مغیرہ بن شعبہ باب الرحبہ سے نکلے بس قبیلہ کندہ کا ایک شخص اونکے پاس آیا لوگ کہتے تھے کہ وہ ابو قرہ کندی تھا اوسنے آکر اونکو یون سلام کیا السلام علیك ایها الامیر ورحمة الله السلام علیکم مگر یہ اونکو ناگوار ہوا تب اوسنے کہا السلام علیکم ایها الامیر ورحمة الله السلام علیکم۔
(مغیرہ بن شعبہ نے کہا کہ) ہم اونلوگونمین شامل ہین یا نہین سماک راوی نے کہا کہ اِسکے بعد پھر اوسنے یہی سلام مقرر کیا۔
(۱۰۳۷) قبیلہ حمیر کی ایک خاندانکا آدمی زیاد بن عبد نی کہا روَ یفع انظا بلس کا حکم تھا ہملوگ اوسکے دربار مین گئے بس ایک شخص آیا اور سلام کیا عبدہ دوسرا راوی کہتا ہی کہ اوسنے کہا السلام علیک ایہا الامیر رویفع نے اوس سے کہا کہ اگر تو ہمین سلام کرتا تو ہم بھی تیرے سلام کا جواب دیتے لیکن تو نے مسلمہ ابن مخلد کو البتہ سلام کیا ہی اور مسلمہ مصر کا حاکم تھا کہا کہ اوسیکے یہان چلا جا وہی تیرے سلام کا جواب دیگا زیاد راوی نے کہا کہ ہملوگ جب آکر سلام کرتے اور وہ بھی مجلس مین ہوتے تو ہملوگ بھی کہتے السلام علیکم۔

سوتی کو سلام کرنا۔ ۴۷۰

(۱۰۳۸) اسود نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم شبکو جو تشریف لاتے تو اسطرح سلام فرماتے کہ سوتا ہوا آدمی جاگ نجائے اور جاگتا ہوا آدمی سُنلے۔

حیاک اللہ ۴۷۱

(۱۰۳۹) حضرت عمر نے عدی بن حاتم کو کہا حیاک اللہ من معرفة یعنے اللہ تجھکو زندہ رکھے۔

مرحبا ۴۷۲

(۱۰۴۰) عایشہ نے فرمایا فاطمہ آئین اونکی چال ٹھیک نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چال تھی فرمایا میری بیٹی مرحبا پھر اونکو اپنے داہنے یا بائین طرف

Marfat.com

بیٹھا لیا۔

(۱۰۴۱) حضرت علی نے فرمایا عمار نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان حاضر ہوکر پکارا آپنے اونکی آواز پہچانکر فرمایا مَرْحَبًا بِالطَّیِّبِ الْمُطَیَّبِ۔

سلام کا جواب ۴۷۳

(۱۰۴۲) عبداللہ بن عمر نے فرمایا مکہ مدینہ کے درمیان ایک درخت کے سایہ مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین ہملوگ بیٹھے تھے اتنے مین ایک دیہاتی گنوار خلقت آکر بولا السلام علیکم لوگون نے کہا وعلیکم۔

(۱۰۴۳) ابوحمزہ نے کہا ابن عباس کو جب کوئی سلام کرتا تو وہ یون جواب دیتے وعلیک ورحمۃ اللہ اور بی بی قبیلہ کا یہان سے ایک شخص نے کہا السلام علیک یارسول اللہ آپنے فرمایا وعلیک السلام ورحمۃ اللہ۔

(۱۰۴۴) ابوذر نے کہا مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا اوسیوقت آپ نماز سے فارغ ہوئے تھے مین نے ہی پہلے پہلے آپکو اسلام طریقہ کا سلام کیا آپ نے فرمایا وعلیک ورحمۃ اللہ تم کون لوگ ہو مین نے عرض کیا قبیلہ غفار کا ہون۔

(۱۰۴۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عایشہ بھی جبرئیل ہین تجھے سلام کرتے ہین عایشہ فرماتی ہین مین نے جواب دیا وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ آپ دیکھتے ہین ہین تو دیکھتی نہین حضرت عایشہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مراد لیا۔

(۱۰۴۶) معاویہ بن قرہ نے کہا مجھے میرے باپ نے فرمایا اے میرے بچے جب تیرے پاس سے کسیکا گذر ہو اور وہ السلام علیک کہے تو تو وعلیک پر بس مت کر جیسے تو نے خاصکر اکیلے اوسیکو سلام کیا ہو کیونکہ وہ اکیلا نہین ہے بلکہ یون کہا کرو السلام علیکم۔

اگر کوئی سلام کا جواب نہ دے ۴۷۴

Marfat.com

(۱۰۴۷) عبداللہ بن ضامت نے فرمایا مین نے ابو ذر سے کہا عبدالرحمٰن ابن ام الحکم کے پاس میرا گذر ہوا مین نے اوسے سلام کیا مگر اوسنے کچھہ جواب نہین دیا ابو ذر نے فرمایا اے بھتیجے تمھارا اسمین کیا حرج ہے اوس سے بہتر شخص نے تمھارے سلام کا جواب دیدیا اوسکے دلہنے کا ایک فرشتہ۔

(۱۰۴۸) عبداللہ نے فرمایا خدا کے نامونمین ایک نام سلام بھی ہے اللہ نے اِس نام کو زمین پر رہنے دیا ہے اِسکو تملوگ آپس مین پھیلاؤ کوئی آدمی جب لوگونکو سلام کرتا ہے اگر اون لوگون نے اوسکا جواب دیا تب تو اوس شخص کو اونلوگونپر ایک درجہ کی بزرگی حاصل ہوتی ہے کیونکہ اوسنے اونکو سلام یاد دلایا اور اگر اونھون نے جواب نہین دیا تو اوسکے سلام کا جواب ایسا شخص دیدیتا ہے جو اوسنے بہتر اور پاکیزہ ہے۔

(۱۰۴۹) حسن بصری نے فرمایا سلام کرنا اپنی خوشی کا ہے مگر جواب دینا فرض ہے۔

سلام مین بخل ۴۷۵

(۱۰۵۰) عبداللہ بن عمرو نے فرمایا جو شخص قسم کہا کر جھوٹھ بولے وہ بڑا جھوٹا ہے اور جو شخص سلام مین بخیلی کرے وہ بڑا بخیل ہے اور جو شخص نماز کو چراوے وہ بڑا ہی چور ہے۔

(۱۰۵۱) ابوہریرہ نے فرمایا جو شخص سلام مین بخل کرے وہ نہایت بخیل آدمی ہے اور جس سے دعا کرنا نہ بن پڑے وہ نہایت نکما آدمی ہے۔

لڑکونکو سلام ۴۷۶

(۱۰۵۲) انس کا لڑکون پر گذر ہوا تو اونھون نے لڑکون کو سلام کیا اور فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم لڑکونکو سلام فرماتے تھے۔

عورتین سلام کرین مردونکو ۴۷۷

(۱۰۵۳) ام ہانی نے فرمایا مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان گئی آپ غسل فرما رہے تھے مین نے سلام کیا آپنے پوچھا یہ کون عورت ہے مین نے عرض کیا ام ہانی فرمایا مرحبا

Marfat.com

عورتونکو سلام ۴۷۸

(۱۰۵۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد مین گذرے وہان عورتونکی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی آپنے ہاتھ سے اونلوگونکو سلام کیا پھر فرمایا خبردار بی بیو احسان والونکی ناشکری سے بچتی رہیو اونمین سے ایک عورت بولی یانبی اللہ خدا کی نعمتونکی ناشکری سے خدا ہی پناہ مین رکھے آپ نے فرمایا ہان ہان تم مین سے کسی عورت پر بے شوہری کا زمانہ زیادہ گذرتا ہے بس اوسکو غصہ آجاتا ہے تب کہنے لگتی ہے خدا کی قسم مین نے کبھی ایک ساعت بھی اوس سے بھلائی نہین دیکھی بس یہی خدا کی نعمتونکی ناشکری ہے اور احسان والونکی ناشکری ہے —

(۱۰۵۵) یزید کی بیٹی بی بی اسمارا انصاریہ نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس ہوکر گذرے اور مین اپنی ہم عمر لڑکیونکے ساتھ تھی آپ نے ہملوگونکو سلام کیا اور فرمایا احسان کرنیوالونکی ناشکری سے بچتی رہو اور مین اون لڑکیونمین آپ سے پوچھہ مات کرنے مین زیادہ جرات والی تھی بس مین نے پوچھا یارسول اللہ احسان کرنیوالونکی ناشکری کیا آپنے فرمایا شاید اتفاقاً کوئی تم مین سے اپنے مان باپ کے سبب سے زیادہ دن تک بے شوہر پڑی رہے پھر خدا اوسکو شوہر روزی کرے اور اوس سے اوسکو لڑکے بالے ہون پھر کبھی عورت غصہ مین آوے تو شوہر سے کہے کہ تجسے کبھی میرا بھلا نہوا۔

بالتخصیص سلام کرنا مکروہ ہے ۴۷۹

(۱۰۵۶) طارق نے کہا ہملوگ عبداللہ کے پاس بیٹھے تھے اتنے مین اونکے خبر دینیوالے نے خبر دی کہ نماز کھڑی ہوگئی بس عبداللہ اوٹھے اور اونکے ساتھہ ہملوگ بھی اوٹھے پھر ہم سب مسجد کے اندر آئے لوگ مسجد کے پیشین مین رکوع مین تھے بس عبداللہ نے تکبیر کہی اور رکوع مین گئے ہملوگ بھی گئے اور جیسے جیسے اونہون نے کیا ہملوگ بھی کرتے گئے اس درمیان مین ایک متبرع آدمی کا گذر ہوا اوسنے کہا عَلَیْکُمُ السَّلَامُ یَا عَبْدَ الرَّحْمٰن اسپر عبداللہ بولے سچ فرمایا اللہ نے اور پہونچا دیا اوسکے رسول نے پھر جب ہملوگ نماز پڑھہ چکے تب عبداللہ پھرے اور اپنے مکان کے اندر چلے گئے اور ہملوگ اپنی اپنی جگہہ

Marfat.com

اونکے انتظار مین بیٹھے رہے کہ دیکھین کتبک باہر آتے ہین اسی مین ہملوگو نمین
کسی نے کسی سے پوچھا کہ عبداللہ سے کوئی شخص پوچھیگا طارق نے کہا کہ ہم پوچھینگے
پھر طارق نے پوچھا تو عبداللہ نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہی کہ قریب
قیامت لوگ تخصیص کرکے سلام کرینگے اور تجارت خوب پھیلی گی یہانتک کہ تجارت
کے کاروبار مین کہ عورت اپنے خاوند کی مدد کریگی اور ناتے کٹینگے اور قلم (یعنے دفتر)
خوب پھیلے گا اور جھوٹی گواہی ظاہر ہوگی اور سچی گواہی مخفی کرینگے۔
(۱۰۵۷) ایک شخص نے پوچھا یارسول اللہ کونسا اسلام بہتر ہے فرمایا کھانا کھلا
اور پہچان بے پہچانے کو سلام کیا کر۔

باب ۴۸۰ پردہ کی آیت کیونکر اوتری

(۱۰۵۸) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ مین تشریف لائے اوسوقت مین
حضرت انس دس برس کے تھے اونکا بیان ہے کہ مجھے میری ماں سب نبی برابر آپکی
خدمت مین رہنے دیا مین نے دس برس تک آپکی خدمت کی پھر آپکا انتقال ہوا تو
اوسوقت میری عمر بیس برس کی تھی اسلئے پردہ کا حکم اوترنیکی حالت مجھے سب لوگونسے
زیادہ معلوم ہے پہلے پہلے آیت حجاب وہی نازل ہوئی جو آپنے حضرت زینب
بنت جحش کے ساتھ پہلے خلوت فرمائی ہے آپ نئے بیاہی صبح کو اوٹھے پھر لوگونکی
دعوت کی لوگ کھانا کھاکر چلتے ہوئے اور ایک جماعت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے پاس دیر تک ٹھہری رہی بس آپ اوٹھے اور باہر چلے آئے اور مین بھی چلا آیا جسمین
وہ لوگ بھی چلے جاوین پھر آپ آگے چلے اور مین بھی ساتھ چلا یہان تک کہ حضرت
عایشہ کے حجرے کے دروازے تک آگئے تب آپ نے گمان کیا کہ وہ
لوگ چلے گئے ہونگے آپ وہان سے پھرے اور مین بھی پھرا یہان تک
کہ بی بی زینب کے یہان پہونچ گئے تو دیکھا کہ وہ لوگ بیٹھے ہی ہوئے
ہین پھر آپ وہان سے پھرے اور مین بھی پھرا اور حضرت عایشہ
کے حجرہ کے دروازے تک پہونچے اور آپنے خیال کیا کہ وہ لوگ گئے

Marfat.com

تب آپ پھرے اور مین بھی پھرا اوسوقت وہ لوگ جا چکے تھے بس آپ نے میرے اور اپنے درمیان مین پردہ کھینچدیا اور آیت حجاب نازل ہوی۔

تخلیے کے تینون وقت ۴۸۱

(۱۰۰۵۹) عبداللہ بن سوید تخلیے کے تینون وقت پر عمل درآمد رکھتے تھے عبداللہ بن مالک قرظی اوسکی تحقیقات کو اونکے یہان سوار ہوکر گئے اونہون نے کہا تمہارا کیا مطلب ہے عرض کیا مین بھی ان پر عمل کرنا چاہتا ہون اونہون نے بتایا کہ جب دوپہر کو مین اپنے کپڑے اوتار دیتا ہون اوسوقت میرے لوگون مین جو شخص بالغ ہو چکا ہو بغیر اجازت لئے ہوے میرے پاس نہین آتا یا مین خود اوسے بلاؤن تو اوسکے لئے بلانا ہی اجازت ہے اور دوسرے جب صبح کا چھپا ہو جاے اور لوگ پہچان مین آنے لگے بس نماز تمام ہونے کے پہلے اوسوقت بھی نہین تیسرے عشا پڑہنے کے بعد بھی نہین جب مین سونیکے واسطے اپنے کپڑے اوتار چکون۔

اپنی بیوی کے ساتھ کھانا ۴۸۲

(۱۰۰۶۰) عالیشہ رضہ نے فرمایا مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حیس کھا رہی تھی اتنے مین عمر کا گذر ہوا آپ نے اونہین بھی بلایا وہ بھی کھانے لگے بس اونکا ہاتھ میری اونگلی سے چھوگیا آپ نے فرمایا حس اگر تم (عورتون) کے بارے مین میری بات مانی جاوے تو تمپر کسیکی نظر نہ پڑے۔ بس پردیکا حکم نازل ہوگیا

جب غیر آباد مکان کے اندر جاوے ۴۸۳

(۱۰۰۶۱) عبداللہ بن عمر نے فرمایا جب کسی غیر آباد مکان کے اندر جاے تو یہہ کہنا چاہیے اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ

(۱۰۰۶۲) ابن عباس نے فرمایا اللہ تعالی نے جو فرمایا ہے کہ اپنے گھرون کے

Marfat.com

سوا پرائے گھرون مین بے اذن گھر والون سے صاحب سلامت کیے اون گھرونکے اندر بجاوا اس حکم سے مستثنی بھی کر دیا ہے کہ غیر آباد گھرون مین جس مین کچھ تمہارا اسباب ہو جانیمین تمپر کچھ گناہ نہین ہے۔

لونڈی غلام اذن لے لیا کرین ۴۰۴

(۱۰۶۳) ابن عمر نے فرمایا قرآن مین آیہ لِيَسْتَأْذِنْكُمُ الَّذِينَ مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ مردونکے واسطے ہے عورتون کے واسطے نہین۔

خدا کا فرمانا کہ جب تمہارے لڑکے بالغ ہو جاوین۔ ۴۸۵

(۱۰۶۴) ابن عمر کے لڑکون مین جب کوئی بالغ ہو جاتا اوسے علیحدہ رکھتے اور بے پکارے ہوئے اندر نہین آنے پاتا۔

ماں کے یہان بھی پکار کر جاوے۔ ۴۸۶

(۱۰۶۵) عبداللہ رض سے ایک شخص نے پوچھا کہ ماں کی ملاقات کو بھی پکار کر جایا کرون فرمایا تجھے ہر حال مین اوسے دیکھنا نہین پسند ہوگا۔

(۱۰۶۶) ایک شخص نے حذیفہ رض سے پوچھا کہ ماں کے یہان بھی پکار کر جایا کرون فرمایا اگر نہین پکار لیا کریگا تو کوئی مکروہ بات دیکھنے مین آجائیگی۔

باپ کے یہان پکار کر جاوے ۴۸۷

(۱۰۶۷) موسیٰ بن طلحہ نے کہا مین اپنے باپ کے ساتھ ماں کے یہان چلا وہ اندر چلے گئے مین بھی اون کے پیچھے پیچھے چلا اونہون نے پھر کر جو دیکھا تو میرے سینے مین ایسا دھکا دیا کہ مجھے سرین کے بل بٹھا دیا پھر کہا این بے پکارے گھسا چلا آتا ہے۔

اپنے باپ اور اپنے لڑکون کی یہان پکار کر جاوے ۴۸۸

Marfat.com

(۱۰۶۸) جابرؓ نے فرمایا آدمی اپنے لڑکون کے پاس ماں کے پاس جانے مین پکار لیا کرے اگرچہ ماں بڑھیا ہو اور بھای وبہن اور باپ کے یہان جانے مین بھی۔

اپنی بہن کے یہان پکار کر جاے۔ ۴۸۹

(۱۰۶۹) عطاؒ نے کہا مینے ابن عباس سے پوچھا کہ مین اپنی بہن کے یہان بھی پکار کر جایا کرون اونہون نے فرمایا ہان مینے دوبارہ اس طرح پوچھا کہ ہماری پرورش مین دو بہنین ہین مین دونون کی کفالت کرتا ہون اور دونون کا خرچ میرے اوپر ہے کیا ان دونون کے دیکھنے کو پکار کر جایا کرون فرمایا ہان کیا تجھے پسند ہے کہ اون دونون کو ننگی دیکھے پھر یہ آیت پڑھی یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِیَسْتَاْذِنْکُمُ الَّذِیْنَ مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ سے ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّکُمْ تک پڑھکر فرمایا کہ ان لوگون کو انہین تین پردے کے وقتون مین پکارنے کو فرمایا ہے اور یہ آیۃ پڑھی وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْکُمُ الْحُلُمَ آخر تک پڑھکر ابن عباسؓ نے فرمایا پس تو پکارنا واجب ہے ابن جریج راوی نے اتنا بڑھا دیا کہ ہر شخص پر۔

اپنی بھائی کے یہان پکار کر جاوے۔

(۱۰۷۰) عبداللہ نے فرمایا آدمی اپنے باپ اور ماں اور بھای اور بھنونکے یہان پکار کر جایا کرے۔

تین بار پکارے ۴۹۱

(۱۰۷۱) ابوموسیٰ اشعری نے حضرت عمرؓ کی ملاقات کو پکارا شاید وہ کسی کام مین مشغول تھے بس اونہین کچھ جواب نہین ملا تو حضرت ابوموسیٰ لوٹ آے اتنے مین حضرت عمرؓ کو خیال ہوا تو وہ گھبراے اور کہا این کیا مینے عبداللہ بن قیس کی آواز نہین سنی تھی اونہین بلا لو لوگون نے عرض کیا وہ تو واپس گیے تب حضرت عمرؓ نے اونکو بلایا ابوموسیٰ نے عرض کیا مجھے ایسا ہی حکم دیا جاتا تھا (یعنے آنحضرتؐ کے وقت مین) حضرت عمرؓ نے

Marfat.com

فرمایا اسپر تجھے میرے پاس گواہ لانا ہوگا تب ابو موسیٰ انصار کی مجلس مین چلے گئے
پھر اون سے پوچھا اونہون نے کہا کہ اسبات کی گواہی تو جو ہم مین سب سے چھوٹا ہی
ابو سعید خدری وہ بیان کریگا بس ابو موسیٰ ابو سعید کو لے گئے تب حضرت عمر نے
فرمایا این رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بعض حکم ہمسے پوشیدہ رہگیا ہی یا زاری معاملات
یعنے سوداگری کے دوڑ دھوپ نے مجھے پھنسا رکھا۔

اجازت لینا سلام کے علاوہ ہے۔ ۴۹۲

(۱۰۰۰۷۲) جو شخص سلام سے پہلے اجازت چاہے اوسکے بارہ مین حضرت ابو
ہریرہ نے فرمایا ہے کہ جبتک ابتدا یہ سلام نکرے اوسکو اجازت ندیجاے

(۱۰۰۰۷۳) ابو ہریرہ نے فرمایا جب کوئی اندر آوے اور السلام علیکم نکہہ چکا ہو اوس
سے کہدو کہ جب تک سلام کی کنجی نہ لاوے تب تک تجھے اجازت نہین ہے۔

کوئی بے اجازت جھانکے تو اوسکی آنکھ پھوڑ دیجاے۔ ۴۹۳

(۱۰۰۰۷۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی شخص تیرے مکان کے اندر
جھانکے اوسپر تو اوسی کنکری پھینک کر اسطرح مارے کہ اوسکی آنکھ پھوڑ دے تو تجھپر کچھہ
گناہ نہین ہے۔

(۱۰۰۰۷۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوے نماز پڑھ رہے تھے ایک شخص
مکان کے اندر جھانکنے لگا بس آپ نے اپنے ترکش سے ایک تیر نکالا اور اوسکی آنکھ
کے مقابل برابر سیدھا کیا۔

اجازت لینا نظر ہی کے سبب سے ہے ۴۹۴

(۱۰۰۰۷۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مدراسی[۱] سر مبارک کھجلا رہے تھے کہ ایک شخص
دروازے کے درار سے مکان کے اندر جھانک نے لگا پھر جب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ

[۱] مدراسی ایک لکوی ہوتی ہے جسی سر کا بال برابر کرتے ہین ۱۲ صراح

Marfat.com

وسلم نے اوس شخص کو دیکھا تو فرمایا اگر مین جانتا کہ تو مجھے جھانکتا ہے تو مین اسے تیری آنکھ مین گڑا دیتا، ورنبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ دیکھنے ہی کی سبب سے تو اجازت لے لینا مقرر ہوا۔

(۱۰۰۰۷۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حجرے مین درّاڑ سے ایک شخص جھانکنے لگا بس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تیر سیدھا تکایا تو اوس شخص نے اپنا سر ہٹا لیا۔

جب کوئی شخص گھر مین ہو اور باہر سے اوسکو کوئی سلام کرے ۴۹۵

(۱۰۰۰۷۸) ابو موسیٰ نے کہا مینے حضرت عمر کے دروازے پر اندر آنیکو پکارا اگر مجھے جواب نملا تین بار یہی اتفاق ہوا بس مین لوٹ گیا تب حضرت عمر نے مجھے بلا بھیجا اور کہا کہ عبداللہ میرے دروازے پر توقف کرنا تجھپر جبر گذرتا ہے یہ بھی جان لی کہ تیرے دروازے پر بھی دیر ہونا لوگون پر ایسا ہی جبر گذرتا ہے اِسکے جواب مین مینے عرض کیا نہین جبر نہین بلکہ مینے تو آپ کے یہان تین بار آواز دی جب اجازت نہوی تو مین واپس چلا آیا حضرت عمر نے فرمایا تو نے یہ کس سے سُنا عرض کیا مینے یہ بات نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنی ہے تب حضرت عمر نے فرمایا کہ اَین جو بات مینے نہین سُنی وہ تو نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُن لی اگر تو اسبات کا گواہ نہین لاویگا تو مین تیری سزا کرونگا بس مین نکلا اور کچھہ انصاری لوگ مسجد مین بیٹھے تھے مین اونکے پاس چلا آیا اور اون لوگون سے اسبات کو پوچھا اون لوگون نے جواب دیا کہ بھلا اِس مین بھی کسیکو شک ہوگا تب مینے اون لوگون کو حضرت عمر کی بات کی خبر دی تو اون لوگون نے کہا جو ہم مین سب سے چھوٹا ہے وہی تیرے ساتھہ جائیگا بس ابو سعید خدری یا ابو مسعود میرے ساتھہ حضرت عمر کیطرف چلے اور بیان کیا کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سعد بن عبادہ کے یہان چلے ہم لوگ بھی آپ کے ساتھہ ہوئے آپ جب اونکے یہان پہونچے سلام کیا اندر سے اجازت نہین ہوی آپنے

Marfat.com

دو بارہ سلام کیا سہ بارہ سلام کیا مگر اجازت نہ ملی تب آپ نے فرمایا کہ میرے ذمے جو کرنا تھا وہ مین کر چکا پھر آپ پھر چلے تب سعد آپ کے پاس لپکے اور عرض کیا یا رسول اللہ قسم اوسکی جسنے آپکو حق بات لیکر بھیجا ہے آپکا ہر بار کا سلام مینے سُنا اور جواب بھی دیا مگر مجھے یہ خواہش تھی کہ آپ مجھپر اور میرے گھر والون پر بہت دفعہ سلام فرماوین (اِسلئے مین چپکا تھا) تب ابو موسیٰ نے حضرت عمر سے عرض کیا کہ قسم خدا کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتکا مین امانت دار ہون اونہون نے فرمایا ہان لیکن میری خواہش ہوی کہ خوب ثابت کر لون۔

کسیکو پکارنا اوسکے لیے اذن ہے ۴۹۶

(۱۰۷۹) عبداللہ نے فرمایا جب کوی پکارا جاوے تو اوسکو اجازت ہو چکی۔

(۱۰۸۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر کسیکو بلا بھیجا اور وہ قاصد کے ساتھہ چلا آیا تو اوسکے لیے یہی اجازت ہے۔

(۱۰۸۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آدمی بھیجکر کسیکو بلا بھیجا یہی اُسکے لیے اجازت ہے

(۱۰۸۲) ابو العلانیہ نے کہا مین ابو سعید خدری کے یہان آیا اور (باہر سے) سلام کیا مگر مجھے اجازت (اندر آنیکی) نہ ملی مینے دو بارہ سلام کیا پھر بھی اجازت نہ ملی پھر تیسری بار بلند آواز سے سلام کیا اور کہا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَهْلَ الدَّارِ اے گھر والو السّلام علیک اسپر بھی اجازت نہ ملی تب مین ہٹ کر ایک گوشہ مین بیٹھ گیا بس ایک لڑکا اندر سے آکر بولا کہ اندر چلو مین گیا تو مجھے ابو سعید نے فرمایا سُنلے اگر تو اور بھی پکارتا رہتا تب بھی تجھے اجازت نہ ملتی پھر مینے اون سے برتنوکا مسئلہ پوچھا تو جس تن کو پوچھا اونہون نے کہا کہ حرام ہے یہانتک کہ مینے اون سے مشک کو پوچھا کہا حرام ہے محمد راوی کہتے ہین کہ اوسکے سرے پر ایک چمڑا لگا کر باندہ دیا جاوے۔

دروازے کے پاس کسطرح کھڑا ہو۔ ۴۹۷

Marfat.com

(۱۰۸۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی حضرت عبداللہ بن بُسر نے فرمایا کسیکے دروازے پر اگر اجازت لینا چاہتا ہو تو دروازے کے آمنے سامنے نہ آوے بلکہ داہنے بائین آوے پھر اگر اجازت ملے تو بہتر نہین تو پھر جاوے۔

اجازت چاہنی ہو اور اندر سے کوئی کہے کہ ٹھہرو آتا ہون تب کہان بیٹھے۔ ۴۹۸

(۱۰۸۴) معاویہ بن حدیج نے کہا مین عمر بن خطاب کے یہان آیا اور اندر آنیکی اجازت چاہی لوگون نے کہا ٹھہرے رہو ہین آتے ہین مین دروازے کے قریب بیٹھ گیا پھر حضرت عمر باہر آے اور پانی طلب کیا پھر وضو کیا تو موزون پر مسح کی۔ معاویہ نے پوچھا یا امیر المومنین کیا پیشاب کرینکے بعد وضو کرنیمین مسح کیا جاتا ہے فرمایا پیشاب کے بعد ہو یا پیشاب کے سوا۔

دروازہ ٹھونکنا ۴۹۹

(۱۰۸۵) انس بن مالک نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازے ناخنون سے ٹھونکے جاتے تھے۔

بے پکارے مکان کے اندر چلا جانا ۵۰۰

(۱۰۸۶) زمانہ فتح مکہ مین صفوان بن امیہ نے کلدہ کو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین دودہ اور بکری کا بچہ اور کچھ ٹٹیا کھیرے لیکر بھیجا اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ کے اوچان کی آبادی مین اترے ہوئے تھے کلدہ کا بیان ہے کہ مین جو حضور مین پہونچا تو نہ سلام کیا اور نہ اذن مانگا اسپر آپنے فرمایا پھر جا اور یون کہہ السلام علیکم مین اندر آؤن اور یہ واقعہ صفوان کے مسلمان ہونیکے بعد وقع ہوا۔

(۱۰۸۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب آنکھہ کو اندر گھما دیا تو اب اوسکے لیے اذن نہین ہے۔

Marfat.com

سلام نکرے اور پوچھے کہ مین اندر آؤن ۵۰۱

باب

(۱۰۰۸۸) ابوہریرہ نے فرمایا جب کوئی سلام نکرے اور پوچھے کہ مین اندر آؤن تو کہدے کہ بغیر کنجی لائے ہوئے نہین عطا راوی کہتا ہے مینے ابوہریرہ سے پوچھا کہ سلام کہا ہان۔

(۱۰۰۸۹) بنی عامر کا ایک شخص نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان حاضر ہوا اور پوچھا کہ اندر آؤن نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لونڈی سے فرمایا کہ اس شخص نے اچھی طرح استیذان نہین کیا تو باہر جاکر اسے بتادے کہ یون کہے السلام علیکم مین اندر آؤن اوس شخص کا بیان ہے کہ لونڈی باہر آئی بھی نہ تھی کہ مینے خود سن لیا اور عرض کیا السلام علیکم مین اندر آؤن آپ نے فرمایا وعلیک چلا آ پھر مین اندر گیا اور پوچھا کہ آپ کیا لائے ہین فرمایا مین تمکو گون کے پاس اچھی ہی بات لیکر آیا ہون مین اسلئے تمکو گونی پاس آیا ہون کہ تم اکیلے خدا کو پوجو جسکا کوئی شریک نہین اور لات وعزی کی عبادت چھوڑ دو اور رات دن مین پانچ مرتبہ نماز پڑہا کرو اور سال بھر مین ایک مہینے کا روزہ رکھو اور خانہ کعبہ کا حج کرو اور اپنے امیرون سے زکوٰۃ کا مال لیکر اپنے محتاجون کو دیا کرو پھر مینے عرض کیا کوئی ایسی بات بھی ہے جو آپکو معلوم نہو فرمایا اللہ نے اچھی بات سکہائی ہے اور بعض بات ایسی ہی ہے جسکو خدا کے سوا کوئی نہین جانتا پانچ باتین ہین جنکو خدا کے سوا کوئی نہین جانتا قیامت کا علم خدا ہی کو ہے اور پانی وہی برساتا ہے اور ماؤنکے رحم مین جو ہوتا ہے اوسکا علم خدا ہی کو ہے اور کوئی نہین جانتا کہ کلہ وہ کیا کریگا اور کوئی نہین جانتا ہے کہ کس سرزمین پر وہ مریگا۔

۵۰۲ استیذان کیطرح ہے

باب

(۱۰۰۹۰) عمر رضہ نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان حاضر ہوکر

Marfat.com

استیذان کیا تو یون کہا السلام علی رسول اللہ السلام علیکم عمر اندر آوے ۔
کسنے پوچھا کون کہا مین
۵۰۳

(۱۰۰۹۱) جابر نے کہا میرے باپ پر کچھ قرض تھا اوسکے بارہ مین عرض کرنیکے لئے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوکر مینے دروازہ کھڑکھڑایا آپ نے پوچھا کون عرض کیا مین آپ نے فرمایا مین مین جسے آپ کو یہ کہنا ناگوار ہوا۔

(۱۰۰۹۲) بریدہ نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد مین تشریف لائے اوسوقت ابوموسیٰ قرآن پڑھ رہے تھے آپ نے مجھسے پوچھا یہ کون ہے مینے عرض کیا آپ پر فدا ہوجاؤن مین ہون بریدہ آپ نے فرمایا حضرت داود کی راگنیون مین سے ایک راگنی اسکو (یعنے ابوموسیٰ کو) ملی ہے۔

جب کوئی پکارے اور اندر سے کوئی کہے اُدْخُلْ بِسَلَامٍ
۵۰۴

(۱۰۰۹۳) عبدالرحمٰن بن جدعان نے کہا مین عبداللہ بن عمر کے ساتھ تھا اونہون نے ایک مکان پر پہونچکر استیذان کیا اندر سے لوگون نے کہا اُدْخُلْ بِسَلَامٍ یعنے سلامتی کے ساتھ چلے آؤ۔ تب عبداللہ نے اون لوگون کے یہان جانے سے انکار کیا۔

گھر مین جھانکنا
۵۰۵

(۱۰۰۹۴) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب آنکھ کو اندر گھسایا تب اذن نہین مل سکتا۔

(۱۰۰۹۵) مسلم بن نذیر نے کہا حضرت حذیفہ کے یہان آنیکو ایک شخص نے اذن چاہا اور مکان کے اندر جھانک کر پوچھا کہ اندر آؤن حضرت حذیفہ نے فرمایا آنکھ تیری تو گھس چکی سرمین تیری البتہ نہین آئی ہے اور ایک شخص نے کہا کہ مین اپنی مان کے یہان جانے کو پکار لیا کرون اونہون نے جواب دیا کہ تم اگر نہین پکارو تو تم ایسی بات دیکھوگے جو تمہین بڑی معلوم ہوگی۔

(۱۰۰۹۶) ایک دیہاتی آدمی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مکان پر حاضر ہوا اور دروازے کے دڑاڑ سے آنکھونکو لگایا بس آپ نے ایک تیر یا نوک دار

Marfat.com

لکڑی اوٹھاکر اوسکو دیکھنے لگے کہ اوسکی آنکھ پھوڑدین بس وہ چلدیا تب آپنے فرمایا سُنتا ہے اگر تو ٹھہرتا تو مین تیری آنکھ پھوڑ ہی ڈالتا۔

(۱۰۰۰۹۷) عمر بن خطاب نے فرمایا جس شخص نے اجازت سے پہلے کسی مکان کی صحن سے اپنی آنکھ بھر لی اوسنے فسق کا کام کیا۔

(۱۰۰۰۹۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کسی مسلمان آدمی کو حلال نہین ہے کہ بغیر اجازت لئی ہوئے کسی گھر کے اندر نظر کرے کیونکہ جسنے یہ کیا وہ تو مکان کے اندر گھس گیا اور جب کسی قوم کی امامت کرے تو جب تک نماز پڑھکر پھر نجاے تب تک اونکو چھوڑکر خاص اپنے لئے دعا نکرے اور پیشاب پاخانہ روک کر نماز نہ پڑھے جب تک حاجت سے فراغت نکرلے۔

۵۰۶ گھر مین سلام کرکے داخل ہونیکی فضیلت

(۱۰۰۰۹۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تین شخصون کی خدا پر ضمانت ہی کہ زندہ رہین تو اونکی کفایت کیجاوے اور مرین تو بہشت مین داخل ہون جو شخص سلام کے ساتھ اپنے مکانمین داخل ہوا اوسکی ضمانت خدا پر ہے اور جو شخص مسجد کو جاوی اوسکی ضمانت خدا پر ہے اور جو شخص راہ خدا مین گھر سے نکلے اوسکی ضمانت خدا پر ہے

(۲۰۰۰) ابوزبیر نے جابر رض کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جب اپنے گھر والون مین جاؤ تو اون پر خدا کے پاس کا برکت والا پاک تحفہ سلام کہو ابوالزبیر نے کہا مین سمجھتا ہون کہ وہ اس آیت کا مطلب بولتے ہین وَاِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِاَحْسَنَ مِنْهَا اَوْ رُدُّوهَا

۵۰۷ جب مکانمین جانیکے وقت خدا کا ذکر نکرے اوس گھر مین شیطان شب باش بیٹھتا ہی

(۲۰۰۰۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب کوئی اپنے مکان مین جانیکے اور کھانا کھانیکے وقت خدا کا ذکر کرلیتا ہے تو شیطان اپنی جماعت سے کہتا ہے کہ تمہارا یہان نہ ٹھکانا ہے نہ کھانا، اور اگر مکانمین جاوقت خدا کا ذکر نہین کیا تب شیطان کہتا ہے ٹھکانا تو نہین ملا اگر کھانے کیوقت بھی خدا ذکر نہین کیا تب شیطان کہتا ہے، لو بارے رہنے کا ٹھکانا اور کھانا دونون ملا۔

اور جب تکو کوئی دعا دیوے تم بھی دعا دو اوس سے بہتر یا وہی کہو ۱۲

Marfat.com

باب ۵۰۸ کہان استیذان نکرے

(۲۰۰۰۲) اعین خوارزمی نے کہا ہملوگ انس بن مالک کے یہان آئے وہ اکیلے ڈیوڑھی مین بیٹھے تھے میرے ساتھی نے اونکو سلام کیا اور کہا اندر آؤن انس نے فرمایا چلے آؤ ایسی جگہہ کے لئے کوئی اجازت نہین لیا کرتا پھر ہمارے طرف کچھ کھانا بڑھادیا ہملوگون نے کھایا پھر ایک بڑا پیالہ لائے اوس مین خرما بھگوکر شربت بنایا تھا اونہون خود بھی پیا اور ہملوگونکو بھی پلایا۔

باب ۵۰۹ دوکا نونمین استیذان۔

(۲۰۰۰۳) مجاہد نے کہا ابن عمر بازاری مکانون مین استیذان نہین کرتے تھے۔

(۲۰۰۰۴) عطا نے کہا ابن عمر بزاز کے ساتبان مین جانیمین بھی استیذان کرتے تھے۔

باب ۵۱۰ اہل فارس کے یہان کسطرح استیذان کرے

(۲۰۰۰۵) عاصم بن عمر کی بیٹی بی بی ام مسکین کے غلام عبد الملک نے کہا مجھے میری آقا بی بی ام مسکین نے ابوہریرہ کو بلانے کے لئے بھیجا ابوہریرہ میرے ساتھہ چلی آئے جب دروازے پر کھڑے ہوئے پوچھا اندر آیم بی بی نے فرمایا اندرون پھر فرمایا ابوہریرہ لوگ نماز عشا کے بعد میری ملاقات کو آتے ہین کیا اون سے باتین کرون ابوہریرہ نے فرمایا جب تک وتر نہ پڑھی ہو تب تک بات چیت کیجئے پھر جب وتر پڑہ لی تب بولنا چالنا نہین۔

باب ۵۱۱ مسلمان کے کافر رعایا خط مین سلام لکہین تو اوسکا جواب دے

(۲۰۰۰۶) ابوموسیٰ صحابی نے ایک پادری کو خط لکھا اوسمین اوسکو سلام بھی لکھا کسینے پوچھا کہ وہ تو کافر ہے اوسکو آپ سلام لکھتے ہین آپ نے فرمایا اوسنے مجھے خط لکھا تھا اوس مین مجھے سلام لکھا تھا اسلئے مینے بھی اوسکے سلام کا جواب لکھا۔

باب ۵۱۲ ذمی سے ابتدا السلام نکرے

(۲۰۰۰۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا صبح مین یہود کیطرف سوار ہوکر جاؤنگا تم لوگ اون سے ابتدا السلام نکرنا ہان اگر وہ تمہین سلام

Marfat.com

کرین تو کہدینا وعلیکم۔

(۲۰۰۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اہل کتاب سے ابتدا بسلام نکرو اور راہ مین اونکو کنارے چلنے کو مجبور کرو۔

ذمی کو اشارے سے سلام۔ ۵۱۳

(۲۰۰۹) علقمہ نے کہا عبداللہ نے دہقانیون کو اشارے ہی سے سلام کیا

(۲۰۰۱۰) انس نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے ایک یہودی گذرا اور کہا السام علیکم آپ کے ساتھیون نے اوسکو سلام کا جواب دیا آپ نے فرمایا اوسنے السام علیکم کہا ہے تب وہ یہودی پکڑا گیا اور اقرار بھی کیا آپ نے فرمایا جو اوسنے کہا ہے وہی اوسپر لوٹا دو۔

ذمی کو سلام کا کیا جواب دے۔ ۵۱۴

(۲۰۰۱۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کوئی یہودی جب تم (مسلمان) لوگون کو سلام کرتا ہے تو یہی کہتا ہے السام علیک تم لوگ بھی فقط وعلیک کہدیا کرو۔

(۲۰۰۱۲) ابن عباس نے فرمایا سب کے سلام کا جواب دیا کرو کوئی ہو یہودی ہو یا نصرانی ہو یا مجوسی ہو کیونکہ اللہ تعالے فرماتا ہے جب تمہین سلام کیا جاوے تو اوس سے اچھا جواب دو یا اوسیکو لوٹا دو۔

جس جلسہ مین مسلمان بھی ہون اور مشرک بھی ہون اوسپر سلام کرنا ۵۱۵

(۲۰۰۱۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سعد بن عبادہ کی عیادت کو تشریف لیچلے تو ایک گدہے پر زین کسوا کر فدک کی زین پوش رکھکر اوسپر سوار ہوئے اور اسامہ بن زید کو اپنے پیچھے بیٹھا لیا جاتے جاتے ایک مجلس مین گذرے وہان عبداللہ بن ابی بن سلول بھی تھا اور اوسوقت تک یہ دشمن خدا اسلام نہین لا چکا تھا کیا دیکھتے ہین کہ اوس مجلس مین ملے جلے مسلمان اور مشرکین اور بت پرست لوگ بیٹھے ہوئے ہین آپنے اوس جماعت پر سلام فرمایا۔

Marfat.com

۵۱۶ اہل کتاب کو خط کیونکر لکھے۔

(۲۰۰۲۴) ابن عباس رضہ نے فرمایا روم کے بادشاہ ہرقل نے ابوسفیان بن حرب کو بلا بھیجا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خط منگوایا جو آپ نے دحیہ کلبی کی معرفت رئیس بصرے کے پاس بھیجا تھا اور اوسنے ہرقل کے پاس بھیجدیا تھا اوس خط کو منگوا کر ہرقل نے پڑھا تو اوس مین لکھا تھا بسم اللہ الرحمن الرحیم عبداللہ کے بیٹے خدا کے پیغامبر محمد (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) کیطرف سے روم کے بادشاہ ہرقل کو معلوم ہو سیدھی راہ کے چلنے والون پر سلام اسکے بعد مین تجھے اسلام کی بلاہٹ سے بلاتا ہون اسلام لا اسی مین تیری سلامتی ہے اللہ تعالی تجھے دونا ثواب دیگا اور اگر تو نے نہ مانا تو ساری رعایا کا گناہ تجھی پر ہوگا اور اے کتاب والو ایسی بات کیطرف آتے جاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان مین برابر ہی ہے آیت یہانتک لکھی تم لوگ گواہ رہو کہ ہملوگ مسلمان ہین۔

۵۱۷ جب اہل کتاب السلام علیکم کہین

(۲۰۰۲۵) جابر رضہ نے فرمایا کچھ یہودیون نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلام کیا تو یون کہا السام علیک آپنے فرمایا وعلیکم حضرت عائشہ رضہ کو غصہ آگیا اور کہنے لگین آپ نے سنا نہین اونہون نے کیا کہا آپ نے فرمایا ہان سنا تو وہی اون پر لوٹا دیا ہماری بات اون پر پڑ جائیگی اور اونکی بات ہمپر نہین پڑیگی۔

۵۱۸ اہل کتاب راہ مین کنارے چلنے پر مجبور کئے جائین

(۲۰۰۲۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر مشرکون سے راہ مین ملاقات ہوجائے تو اون سے ابتدا السلام نکیا کرو اور اونکو مجبور کرو کہ راہ مین کنارے ہو کر چلین

۵۱۹ ذمی کو کیا دعا دے

(۲۰۰۲۷) ایک شخص پر عقبہ بن عامر جہنی کا گذر ہوا اوسکی ہیئت مسلمانون کی سی تھی اوسنے عقبہ کو سلام کیا اونہون نے جواب دیا وعلیک ورحمۃ اللہ وبرکاتہ غلام نے عقبہ سے کہا یہ تو نصرانی ہے تب عقبہ اوٹھے اور اوسکا پیچھا کیا یہانتک کہ اوسکو

Marfat.com

پایا اور کہا کہ خدا کی رحمت اور برکت ایمان والون پر ہوتی ہے لیکن خدا شیری زندگی دراز کرے اور تجھے مال اور اولاد بہت دے۔

(۲۰۰۱۸) ابن عباس نے فرمایا اگر مجھے فرعون کہتا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ۔ تو مین بھی کہتا وفیک ۱۲ اور تجھمین بھی ۱۲ اللہ تجھہ مین برکت دے ۱۲

حالانکہ فرعون مرگیا ہے۔

(۲۰۰۱۹) ابو موسیٰ نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھکر یہود لوگ اس امید پر چھینکتے تھے کہ آپ اونکے حقمین یَرْحَمُكُمُ اللّٰهُ فرماوین مگر آپ یہ فرمایا کرتے یَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔ خدا تمپر رحم کرے ۱۲

۵۲۰ ناواقفیت مین ہمراہی کو سلام کرنا۔

(۲۰۰۲۰) ابن عمر کا ایک نصرانی کے قریب سے گذر ہوا اوسنے انکو سلام کیا انہون نے سلام کا جواب دیا پھر انکو خبر ہوئی کہ یہ تو نصرانی ہے جب یہ معلوم ہوا تو وہین سے لوٹے اور کہا کہ میرا سلام پھیر دے۔

۵۲۱ جب کوئی کہے کہ فلان شخص تمہین سلام کہتا ہے

(۲۰۰۲۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ سے فرمایا جبرئیل تمہین سلام کہتے ہین انہون نے کہا وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ۔

۵۲۲ خط کا جواب

(۲۰۰۲۲) ابن عباس نے فرمایا میرے نزدیک جواب سلام کی طرح خط کا بھی جواب دینا ایک حق ہے۔

۵۲۳ عورتونکے نام خط لکھنا اور اونکا جواب آنا

(۲۰۰۲۳) عائشہ بنت طلحہ نے کہا مجھے بی بی عائشہ نے پرورش کی تھی مین انہین کے یہان رہتی تھی اور لوگ اونکے یہان ہر شہر سے آیا کرتے ہمیرا اونکی مہربانی دیکھکر بوڑھے لوگ نوبت بہ نوبت میرے یہان آتے اور جوان لوگ شہرون سے مجھے خط لکھتے اور میرے پاس تحفہ بھیجتے مین بی بی عائشہ سے کہتی خالہ یہ فلانے آدمی کا خط ہی اور اوسکا تحفہ ہے بی بی عائشہ فرماتین بیٹی اوسکے خط کا جواب لکھہ اور تحفہ کا بدلہ تحفہ

۵ شاید یہ مطلب ہو کہ فرعون کا مرنا کفر پر معلوم ہے اوسکا ساتھہ یہ عالم پر تاہم اوی تو جہنمی اکثر پر کر مرنا نہین معلوم ہوا اوسکا ساتھہ اور بھی بدخلقی نہین چاہیے ۱۲ شہ ۵ خدا انہین ہدایت کرے اور تمہارے دونکی اصلاح کرے ۱۲

Marfat.com

بھیج اور تیرے پاس بدلہ بھیجنے کو کچھ نہو تو مین تجھے دون بس بی بی عائشہ مجھے دینی تھین۔
خط کے شروع مین کیا لکھے۔
۵۲۴ ب

(۲۰۰۰۲۴) عبداللہ بن عمر نے خلیفہ عبدالملک بن مروان کو اپنی بیعت کا خط اِسطرح لکھ بھیجا بسم اللہ الرحمن الرحیم مسلمانون کے سردار عبدالملک کو عبداللہ بن عمر کیطرف سے سلام علیک مین تجھے اوس خدا کی تعریف کرتا ہون جسکے سوا کوئی معبود نہین اور اقرار کرتا ہون کہ تیری بات سنونگا اور جہانتک مجھے ہوسکے گا خدا اور اوسکے پیغامبر (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے طریقہ کی موافقت مین تیرا حکم مانونگا
۵۲۵ ب ابابعد

(۲۰۰۰۲۵) زید بن اِسلم نے کہا مجھے میرے باپ نے ابن عمر کے یہان بھیجا مینے دیکھا وہ لکھ رہے تھے بسم اللہ الرحمن الرحیم اما بعد

(۲۰۰۰۲۶) ہشام بن عروہ نے کہا مینے کئی خط نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیکھے جس خط کا لفافہ کھولا اما بعد لکھا ہوا پایا۔
۵۲۶ ب خطونکا سرنامہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہے

(۲۰۰۰۲۷) اولاد زید بن ثابت کے بڑون سے معلوم ہوا کہ زید نے یہہ خط لکھا بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ خدا کے بندے مسلمانون کے سردار معاویہ کو زید بن ثابت کی طرف سے اے مسلمانون کے سردار سلام علیک ورحمۃ اللہ مین تجھے اوس خدا کی تعریف کرتا ہون جسکے سوا کوئی معبود نہین اما بعد۔

(۲۰۰۰۲۸) ایک شخص نے امام حسن (بصری) سے بسم اللہ الرحمن الرحیم کی قرأت کا مسئلہ پوچھا اونہون نے فرمایا یہ تو خطونکا سرنامہ ہے۔
۵۲۷ ب خطمین کس سے شروع کرے۔

(۲۰۰۰۲۹) ابن عمر کو امیر معاویہ سے ایک ضرورت پیش آئی چاہا کہ اون کو لکھہ بھیجین لوگون نے کہا کہ خط کو اونہین نے شروع کیجے چنانچہ برابر لوگ اصرار کرتے رہے یہانتک کہ اونکو لکھنا پڑا بسم اللہ الرحمن الرحیم اے معاویہ۔

Marfat.com

(۲۰۰۳۰) انس بن سیرین نے کہا مین ابن عمر کا ایک خط لکھنے لگا اونہون نے فرمایا لکھ بسم اللہ الرحمن الرحیم اما بعد الی فلان -

(۲۰۰۳۱) انس بن سیرین نے کہا ایک شخص نے ابن عمر کے سامنے لکھا بسم اللہ الرحمن الرحیم فلان ابن عمر نے اوسے منع کیا اور کہا کہہ بسم اللہ یہ اوسکے لئے ہے -

(۲۰۰۳۲) باب ۵۲۶ کی پہلی حدیث -

(۲۰۰۳۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایک شخص نبی اسرائیل کا اور راوی نے حدیث کا ذکر کیا اور راوی کے یار نے اوسکو لکھا فلانے کیطرف سے فلانے کیطرف کیف اصبحت صبحکو تیرا کیا حال رہا - ۵۲۸

باب

(۲۰۰۳۴) جنگ خندق کے دن حضرت سعد کے رگ ہفت اندام پر جو زخم پہونچا اور وہ ذی فراش ہوے لوگ اونکو ایک عورت کے یہان لے گئے اوسکا نام رفیدہ تھا زخمیونکا علاج کیا کرتی تھی نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب ادھر سے گذرتے تو اون سے شام کو حال پوچھتے کیف امسیت اور صبحکو پوچھتے کیف اصبحت وہ آپکو شام کو تیرا کیا حال رہا - صبح کو تیرا کیا حال رہا

اپنے حال کی خبر دیتے -

(۲۰۰۳۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس بیماری مین انتقال فرمایا ہے حضرت علی آپکے پاس سے اوٹھکر باہر آئے لوگون نے پوچھا ابوالحسن صبحکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کیا حال رہا جواب دیا خدا کا شکر ہے صبحکو تو آپ اچھے رہے پھر حضرت عباس بن عبدالمطلب نے اونکا ہاتھ پکڑکر کہا کچھ تمہین اپنی خبر ہے قسم خدا کی تین ہی دن کے بعد تم لاٹھی کی غلام بن جاوگے قسم خدا کی مین سمجھتا ہون رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اس بیماری سے قریب مین انتقال فرمائینگے - مین عبدالمطلب کی اولاد کے مرتے وقت کا رخ پہچانتا ہون ہملوگ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس چلین اور آپ سے پوچھ لین کہ خلافت کس خاندان مین رہیگی اگر ہمین لوگون مین رہے تو ہم لوگون کو یہ بات معلوم ہوجائے اور اگر دوسرون مین جاے تو ہملوگ آپ سے کہکر اپنے لئے کچھ وصیت کرالین

Marfat.com

حضرت علی نے فرمایا قسم خدا کی اگر ہم آپ سے اِس بارہ مین پوچھین اور کہین آپ نے ہمکو گونکوا دس سے روکا پھر تو آنحضرتؐ کے بعد لوگ ہمکو کبھی خلافت نہ دینگے ہم تو قسم خدا کی اسبات کو آنحضرتؐ سے کبھی نہ پوچھینگے۔

خط کے آخر مین یون لکھنا السّلام علیکم ورحمۃ اللہ مہینے کی دس دن باقی رہتے فلانیٹے فلانی نے لکھا ۵۲۹

(۲۰۳۶) ابن ابی الزناد نے کہا میرے باپ نے خارجہ بن زید سے اور زید بن ثابت کی اولاد مین بڑون سے یہہ خط لیا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم خدا کے بندے مسلمانونکی سردار معاویہ کو زید بن ثابت کیطرف سی سلامٌ علیک امیر المومنین ورحمۃ اللہ مین تم سے اوس خدا کی تعریف کرتا ہون جسکے سِوا کوئی معبود نہین اما بعد تمنے مجھسے دادا کی اور بھائیونکی میراث کا مسئلہ پوچھا ہے پھر آگے راوی نے خط کا مضمون بیان کیا اور خدا سے ہم ہدایت اور حفاظت اور اپنے ہر کام مین ثابت قدمی چاہتے ہین اور گمراہی سے اور جہالت سے اور جو باتین ہمین معلوم نہین اوسکو بہ تکلف کرنے سے خدا کی پناہ چاہتے ہین والسّلام علیک امیر المومنین ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ومغفرتہ۔ اور وُہَیب نے لکھا روز پنجشنبہ رمضان ۴۲ھ کے بارہ دن باقی رہتے تمہارا کیا حال ہے ۵۳۰

(۲۰۳۷) حضرت عمر کو ایک شخص نے سلام کیا آپ نے سلام کا جواب دیکر پوچھا تیرا حال کیا ہے اوسنے عرض کیا مین آپ سے خدا کی تعریف کرتا ہون حضرت عمر نے فرمایا مین یہی بات تجھسے چاہتا تھا۔

کوئی پوچھے کہ صبح کو تیرا کیا حال رہا تو کیا جواب دے ۵۳۱

(۲۰۳۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی نے پوچھا کہ حضور نے کس حال مین صبح کی فرمایا جو لوگ نہ کسی جنازہ پر حاضر ہوے اور نہ کسی بیمار کی عیادت کی اون لوگونسے بہت اچھی طرح۔

(۲۰۳۹) مہاجر نام ایک کاریگر نے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب مین سے حضرموت کے رہنے والون مین ایک صحابی موٹے آدمی تھے مین اونکے پاس

Marfat.com

بیٹھا کرتا جب اون سے کوئی پوچھتا آپ نے کس حال مین صبح کی فرماتے اس حال مین کہ ہم خدا کا شریک نہین ٹھہراتے۔

(۲۰۴۰) سیف بن وہب نے کہا مجھے ابو طفیل نے کہا تیری کیا عمر ہے مین نے کہا تینتیس (۳۳) برس کا ہون فرمایا مینے ایک حدیث حذیفہ ابن یمان سے سنی ہے تجھ سے بیان کرون ایک شخص قبیلہ محارب خصفہ سے جن کا نام عمرو بن صُلیع تھا اور وہ صحابی تھے اور اونکی عمر اون دنون آجکل کی میرے عمر تھے اور میری عمر آجکل کی تیری تھی ہم لوگ حذیفہ کے پاس مسجد مین آئے مین تو سب کے پیچھے بیٹھ گیا اور عمرو جاکر اونکے سامنے کھڑے ہو گئے اونہون نے کہا بندۂ خدا کس حال مین تو نے صبح کی یا کہا کس حال مین تو نے شام کی اُنہون نے جواب دیا خدا کا شکر بجالاتا ہون عمرو نے پوچھا یہہ کیا باتین تمہاری میرے پاس آتی ہین حذیفہ نے فرمایا عمرو میری کیا خبر تمکو پہونچی کہا وہ حدیثین جنکو مین نے سُنا تک نہین حذیفہ نے کہا قسم خدا کی جو کچھ مین سُنتا ہون اگے تم لوگون سے بیان کرون تو تم لوگون میرے بارے مین رات آنیکا بھی انتظار نکروگے لیکن اے عمرو بن صُلیع جب قیس کو دیکھو کہ اوسنے شام پر متواتر حملے کیے اوسوقت بچنا چاہیے کیونکہ قسم خدا کی قیس ہر بندہ خدا ومزکو بغیر دُرائے یا قتل کیے چھوڑیگا قسم خدا کی اون لوگون پر ایسا زمانہ آنیوالا ہے کہ وہ لوگ قیس سے تلاعہ[1] کی دُم بھی نہین روک سکینگے عمرو بن صُلیع نے پوچھا خدا تم پر رحم کرے اوسوقت تم اپنی قوم کی کیا مدد کروگے جواب دیا کہ یہ میرے علاقے ہے پھر عمرو بیٹھ گئے۔

۵۳۲

جلسون مین قراءت کی جگہہ بہتر ہے۔

(۲۰۴۱) ابو سعید خدری کو ایک جنازے کی اطلاع دیگئی راوی کہتا ہے شاید وہ کسیقدر پیچھے رہگئے یہانتک کہ لوگ اپنی اپنی جگہہ بیٹھ گئے پھر ساتھہ ہی وہ بھی پہونچے اونکو دیکھکر جلدی جلدی سرکنے لگے بعض اپنی جگہہ سے اوٹھہ گئے جسمین ابو سعید وہان بیٹھین ابو سعید نے فرمایا نہین مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنا ہے آپ نے فرمایا مجلسون مین قراءت کی جگہہ سب سے بہتر ہے پھر ابو سعید بیٹھ گئے ایک

Marfat.com

کشادہ جگہ مین بیٹھ گئے۔

قبلہ رو ہونا ۵۳۳

(۲۰۴۲) عبداللہ بن عمر اکثر قبلہ رُخ بیٹھا کرتے ایک دفعہ یزید بن عبداللہ بن قسیط نے طلوع آفتاب کیوقت سجدہ کی آیت پڑھی اور سجدہ کیا اور عبداللہ بن عمر کے سوا اور سب لوگون نے بھی سجدہ کیا پھر جب آفتاب نکل چکا عبداللہ نے اپنا کوٹ کھولا پھر سجدہ کیا اور کہا تو نے اپنے ساتھیونکا سجدہ نہین دیکھا کہ ان لوگون نے نماز کے خلاف وقت مین سجدہ کیا

مجلس سے اوٹھکر اگر پھر لوٹ آوے ۵۳۴

(۲۰۴۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب کوئی تم مین سے اپنی جگہ سے اوٹھ جاے اور پھر لوٹ آوے تو اوس جگہ کا وہی زیادہ مستحق ہے۔

راہ پر بیٹھنا۔ ۵۳۵

(۲۰۴۴) انس رض نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم چند لڑکون کے پاس تشریف لاے اور ہملوگون کو سلام فرمایا اور مجھے ایک ضرورت کو بھیجدیا اور جب تک مین پھر آیا برابر راہ پر بیٹھے میرا انتظار فرماتے رہے اس مین ام سلیم کے یہان پہونچنے مین مجھے دیر ہوگئی ام سلیم نے کہا تجھے دیر کیون ہوئی مینے کہا مجھ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک کام کو بھیجا تھا اوسنے پوچھا کس کام کو مینے کہا وہ راز کی بات ہے کہنے لگی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راز کی حفاظت کرنا

مجلس کو وسعت دینا۔ ۵۳۶

(۲۰۴۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو جہان بیٹھا ہو کوئی کسیکو وہان سے اوٹھا کر آپ نہ بیٹھے لیکن پھیلا دو کرو اور وسعت دو۔

جہانتک پہونچ سکے وہین بیٹھ جاے۔ ۵۳۷

(۲۰۴۶) جابر بن سمرہ نے فرمایا ہملوگ جب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوتے جو جہان پہونچ سکتا وہین بیٹھ جاتا۔

Marfat.com

دو آدمی کو جدا نکرے۔ ۵۳۸

(۲۰۴۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کسیکو حلال نہین ہے کہ دو آدمیونکو بغیر اجازت دونون کے جدا کرے۔

لوگونکی گردنین لانگتے ہوئے صاحب مجلس تک چلے جانا ۵۳۹

(۲۰۴۷) ابن عباس نے فرمایا حضرت عمر جب زخمی کیئے گئے مین بھی اونکے اوبٹھانے والون مین تھا ہملوگون نے اونکو گھر پہونچا دیا مجھسے فرمایا بھتیجے جاکر دیکھ تو مجھے کسنے زخمی کیا اور میرے ساتھ کس کو کس کو زخم لگا۔ بس مین گیا جاکر آپ کو خبر دیئے پھر آیا دیکھا کہ مکان لوگون سے بھر گیا ہے مین کم سن آدمی تھا اونلوگون کی گردنونکو لانگھتا ہوا جانا مجھے نامناسب معلوم ہوا بس مین بیٹھ گیا اور حضرت عمر جب کسیکو کسی کام کے لیے بھیجتے تو یہ بھی حکم دیتے کہ مجھے اوسکی خبر دینا اونکو دیکھا تو وہ چادر اوڑھے ہوئے لیٹے تھے اتنے مین کعب آکر کہنے لگے قسم خدا کی اگر امیر المومنین دعا کرینگے تو خدا اونکو ضرور زندہ رکھے گا اور اونکو اس امت کی لئی ضرور اوٹھاویگا کہ وہ اوس مین ایسا اور ایسا کرینگے یہانتک کہ کعب نے منافقونکا ذکر چھیڑا کسیکا نام لیا کسیکی کنیت بولی مینے کہا تم جو بول رہے ہو خدا امیر المومنین تک پہونچا دیتا اسپر کعب نے کہا ہمنے تو اسی مطلب سے کہا ہے کہ اس بات کو تم اون تک پہونچا دو تب تو مینے بھی جرأت کی اور کھڑا ہو گیا پھر مین لوگونکی گردن ٹپتا ہوا اون کے سرہانے پہونچکر بیٹھ گیا اور کہا کہ آپ نے اس کام کو بھیجا تھا اور آپکے ساتھ تیرہ آدمی زخمی ہوئے ہین اور کلیب جزار پتھر کے بڑے بٹخارے کے پاس وضو کر رہے تھے وہ بھی زخمی ہوئے اور کعب ایسی ایسی بات پر خدا کی قسم کھا رہے ہین عمر نے فرمایا کعب کو بلاؤ پھر وہ بلا کر آئے فرمایا تم کیا بولتے ہو کعب نے کہا ہم ایسا ایسا کہتے ہین عمر نے فرمایا نہین قسم خدا کی ہم دعا کرینگے لیکن اگر عمر کو اللہ نے بخشا نہین تو یہ اوسکی بدنصیبی کی بات ہے۔

(۲۰۴۸) عبداللہ بن عمرو کے پاس لوگ بیٹھے ہوئے تھے ایک شخص

Marfat.com

لوگونکو لانگھتا ہوا اونکی طرف چلا لوگون نے اوسکو روکا عبداللہ نے فرمایا اِسکو چھوڑ دو تب وہ آکر اونکے پاس بیٹھ گیا اور عرض کیا آپ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنی ہوئی کوئی بات مجھے بتایئے عبداللہ نے فرمایا مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوے سُنا ہی مسلمان وہی ہے جس کی زبان سے اور ہاتھ سے مسلمان لوگ سلامت رہین اور مہاجر وہ شخص ہے کہ خدا نے جن باتون کو منع فرمایا ہے اونکو چھوڑ دے۔

ہمنشین کا رتبہ آدمی پر سب سے زیادہ ہے ۵۴۰

(۲۰۴۹) ابن عباس نے فرمایا میرے ہمنشین کا مرتبہ مجھپر سب سے زیادہ ہی۔

(۲۰۵۰) ابن عباس نے فرمایا میرے ہمنشین کا مرتبہ مجھپر سب سے زیادہ کہ لوگونکی گردنین ترپتا ہوا میرے پاس آکر بیٹھ جاے۔

اپنے ہمنشین کے آگے اپنا پاؤن بڑھاوے یا نہین ۵۴۱

(۲۰۵۱) کثیر بن مرہ نے کہا جمعہ کے دن مین مسجد مین گیا عوف بن مالک اشجعی کو ایک حلقہ مین پایا اپنے دونون پاؤن سامنے پھیلاے ہوے بیٹھے تھے جب مجھے دیکھا اپنے دونون پانون سمیٹ لیے پھر مجھے فرمایا تو جانتا ہے مینے کیون اپنے پاؤن پھیلا دیے تھے اسلیے کہ کوئی نیکبخت آدمی آوے تو وہین بیٹھے۔

مجمع مین بیٹھے ہوے تھوکنا۔ ۵۴۲

(۲۰۵۲) حارث بن عمرو سہمی نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم منیٰ یا عرفات مین تشریف رکھتے تھے اور لوگ آپکو گھیرے ہوے تھے اور دیہاتی لوگ آتے تھے اور جب آپکے پاک چہرہ کو دیکھتے بس کہتے کہ یہ چہرہ مبارک چہرہ ہے مینے عرض کیا یارسول اللہ میرے لیے دعاے مغفرت فرماے آپ نے فرمایا یا اللہ ہملوگونکو بخشدے پھر مین گھوم کر آیا اور عرض کیا یارسول اللہ میرے لیے دعاے مغفرت فرماے فرمایا یا اللہ ہملوگون کو بخشدے پھر مین گھوم کر آیا اور عرض کیا یارسول اللہ میرے لیے دعاے مغفرت فرماے فرمایا یا اللہ ہملوگونکو

Marfat.com

بخشدے پھر آپ نے اپنا ٹھوک ہاتھ مین لیکر اپنی جوتی مین مل دیا آپکو یہ بات
ناپسند تھی کہ آپکے آس پاس والونپر پڑجاے۔

خارج مکان پشتون اور چبوترون پر بیٹھنا۔ ۵۴۳

(۲۰۵۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکان کے باہر پشتون اور چبوترون
پر جلسہ کرنے سے منع فرمایا لوگون نے عرض کیا یارسول اللہ گھرون کے اندر
بیٹھنا تو ہملوگون کو بہت جبر ہوگا آپ نے فرمایا اچھا بیٹھو تو اس بیٹھنے کا حق
ادا کیا کرو عرض کیا یارسول اللہ اس بیٹھنے کا حق کیا ہے فرمایا پوچھنے والے کو بتانا
اور سلام کا جواب دینا اور نگاہ نیچی رکھنی اور اچھی بات بتانی بری بات سے روکنا

(۲۰۵۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خبردار راستون پر بیٹھنے سے
احتیاط کیا کرو لوگون نے عرض کیا یارسول اللہ راستونپر بیٹھنا تو ہملوگون کو لابدی ہے
وہین تو ہملوگ بات چیت کرتے ہین تب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا اچھا جب نہین مانتے ہو تو راستے کو راستے کا حق دیا کرو عرض کیا یا
رسول اللہ راستے کا حق کیا ہے فرمایا آنکھ نیچی رکھی اور اذیت دینے والی چیزون سے
احتیاط کرنا اور اچھی بات بتانی اور بری بات سے روکنا۔

کنوین مین پاؤن لٹکاکر اور پچھ پہلیون کو کھولکر بیٹھنا۔ ۵۴۴

(۲۰۵۵) ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرمایا ایک دن نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی ضرورت کو مدینہ کے ایک باغ کیطرف چلے اور آپکے پیچھے پیچھے مین بھی چلا
جب آپ باغ کے اندر تشریف لے گئے مین دروازے ہی پر بیٹھ گیا اور کہا کہ
آج مین دروازے پر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پہرہ دونگا اور آپ نے مجھے
اسکا حکم نہین دیا تھا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جاکر اپنے کام سے فراغت
فرمائی اور کنوین کی جگہ پر بیٹھ گئے اور دونون پہلیون کو کھولدیا اور دونون
پاؤن کو کنوین مین لٹکادیا پھر ابوبکر رضی آئے اور چاہا کہ اندر جانے کے لیے استیذان
کرین مینے کہا بس جیسے کھڑے ہو کھڑے رہو مین تمہارے لیے پوچھ آؤن وہ تو

Marfat.com

ٹھہر گئے مین نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوکر عرض کیا
یارسول اللہ ابو بکر حاضر ہونے کو اذن طلب کرتے ہین فرمایا کہ اونکو اذن دو
اور بہشت کی بشارت دیدو پھر ابو بکر اندر آئے اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے داہنے آکر اپنی پھلیون کو کھولا اور دونون پاؤن کنوئین مین لٹکا دیا پھر عمر
آئے مینے کہا بس جیسے کھڑے ہو کھڑے رہو مین تمہارے لئے پوچھ آؤن نبی
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اوسے اذن دے اور بہشت کی خوشخبری سنادی
پھر عمر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بائین آئے اور دونون پھلیون کو کھولدیا اور
دونون پاؤن کنوئین مین لٹکا دیا بس جگت بھر گئی اور اوسطرف بیٹھنے کی
جگہہ نرہی پھر عثمان آئے مینے کہا بس جیسے کھڑے ہو کھڑے رہو مین تمہارے
لئے پوچھ لون نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اوسکو اذن دے اور
بہشت کی خوشخبری دے اور اِسکے ساتھ اسپر ایک بلا بھی آئیگی پھر عثمان اندر
گئے اور اون لوگون کے ساتھہ بیٹھنے کی جگہہ نپائی تب وہ گھوم کر اون لوگونکی
مقابل کنوئین کے لب پر آگئے اور دونون پھلیون کو کھولدیا اور دونون پاؤنکو کنوئین مین
لٹکا دیا مین تمنا کرنے لگا کہ میرا بھائی بھی آجاتا اور خدا سے دعا مانگنے لگا
کہ اوسکو لے آوے مگر نہین آیا یہانتک کہ جلسہ برخواست ہوگیا
ابن مسیب راوی کہتا ہے کہ مینے اس قصہ سے اونکی قبرون کی تاویل کی کہ
تین صاحبونکی قبرین اکھی ہوئین اور عثمان اکیلے پڑ گئے۔

(۲۰۵۶) ابو ہریرہ نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک جماعت
کے ساتھہ چلے نہ آپ مجھہ سے بولتے اور نہ مین آپ سے بولتا تھا چلتے چلتے
بازار بنی قینقاع مین پہونچے اور حضرت فاطمہ کے مکان کے کنارے بیٹھہ گئے
اور فرمایا وہان بچہ ہے وہان بچہ ہے بی بی فاطمہ نے ذرا رمے کو ٹھہرایا مینے
سمجھا کہ آپ اونکو سنجاب پہنا رہی ہین یا نہلا رہی ہین اتنے مین دوڑتے
ہوئے پہونچے آپ نے اونکو گلے لگایا اور اونکا بوسہ لیا اور فرمایا ای اللہ

Marfat.com

تو اسے دوست رکھہ اور جو اسے دوست رکھے اوسے دوست رکھہ۔

آٹھوان پارہ تمام ہوا

ادب المفرد کا نوان پارہ

کوئی کسیکے واسطے اپنی جگہہ سے اوٹھی تو وہ وہان نہ بیٹھے۔ ۵۴۵

(۲۰۵۷) نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ کسیکو اوسکی جگہہ سے اوٹھاکر آپ وہان بیٹھے ابن عمر کے لئے اگر کوئی اپنی جگہہ سے اوٹھتا تو وہ وہان نہ بیٹھتے۔

امانت ۵۴۶

(۲۰۵۸) انس نے فرمایا ایک دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت انجام دیکر مینے سمجھا کہ اب مجھے فراغت ہوگئی مینے کہا کہ اب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم قیلولہ فرمائینگے بس مین آپ کے پاس سے چلاگیا نکلکر کیا دیکھا کہ چند لڑکے کھیل رہے ہین مین کھڑا ہوکر اون لڑکون کو اور اونکے کھیل کو دیکھنے لگا اتنے مین نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم تشریف لائے اور لڑکون سے پاس پہونچکر اونکو سلام فرمایا پھر مجھے بلاکر ایک ضرورت کو بھیجا گویا وہ بات میرے منہ مین موجود ہے وہ کام کرکے مین آپکے پاس آیا اس سبب سے مان کے یہان جانے مین مجھے توقف ہوا اوسنے پوچھا تجھے دیر کیون ہوئی مینے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ایک ضرورت کو بھیجا تھا بولی کون کام مینے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راز کی بات ہے تب مجھے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راز کی حفاظت کرنا چنانچہ مینے کسیسے اوس بات کو بیان نہین کیا انس نے ثابت راوی سے کہا

Marfat.com

اگر بیان کرنا ہوتا تو مین تجھسے بیان کر دیتا۔

مونہہ پھیر کر دیکھنا ہو تو پورا پھر جاے ۵۴۷

(۲۰۵۹) ابوہریرہ رضہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفت بیان کرتے تھے کہ آپ میانہ قد مائل بہ درازی بہت گورے ڈاڑھی مکے بال کالے سر کے بال خوبصورت پلکون کے بال لانبے دونون مونڈھون کے درمیان کسیقدر دوری تھی پیشانی برابر چلنے مین پورا پانون پڑتا تھا تلوون مین گہرائی نہ تھی سارے بدن سے متوجہہ ہوتے اور سارے بدن سے پھر جاتے مینے آپ کے ایسا کوئی نہ پہلے دیکھا نہ پیچھے دیکھا۔

جب کسیکو کسی کام کیلئے بھیجے تو اوسے خبر نکرے۔ ۵۴۸

(۲۰۶۰) عبداللہ بن اسلم کے باپ نے کہا مجھے عمر رضہ نے فرمایا جب مین تجھسے کسیکو بلا بھیجون تو تو اوسے بتلامت کہ مینے کسلئے تجھے اوسکے بلانے کو بھیجا کیونکہ شیطان اوسکے لئے ایک جھوٹھی بات قایم کر دیتا ہے۔

کیا یہ پوچھے کہ کہانسے آتے ہو ۵۴۹

(۲۰۶۱) مجاہد مکروہ رکھتے تھے کہ کوئی کسیکو نظر گڑا کر دیکھے یا کوئی پاس سے اوٹھکر چلے تو اوسکے پیچھے آنکھ لگائے رہے یا پوچھے تم کہان سے آئے یا کہان جاؤگے۔

(۲۰۶۲) مالک بن زبید نے کہا ربذہ کا دن مین حضرت ابوذر کے یہان ہملوگونکا گذر ہوا اونہون نے پوچھا تملوگ کہان سے آتے ہو ہملوگون نے کہا مکہ سے یا کہا بیت عتیق سے کہا تملوگونکا یہی کام ہملوگون نے کہا ہان کہا کیا اِسکے ساتھ کوئی تجارت یا خریداری نہین ہے ہملوگون نے کہا نہین فرمایا تب بیٹے سرے سے عمل کرو۔

جو لوگ نچاہین کہ ہماری بات دوسرا نہ سنے اونکی بات پہ کان لگانا۔ ۵۵۰

(۲۰۶۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص تصویر بناویگا اوسے حکم ہوگا کہ اوس مین روح پھونکدے اور اِسکے لئے اوسکی سزا ہوگی اور وہ ہرگز پھونک

Marfat.com

نہ سکیگا اور جو کوئی بناکر خواب بیان کریگا اوسکو حکم ہوگا کہ دونو مین گرہ دیکر باندھ دے اور اسکے لئے اوسکی سزا ہوگی اور اون دونون مین ہرگز گرہ نہ دے سکے گا اور جو شخص ایسے لوگون کی بات سُننا چاہے جو لوگ اوس سے بھاگتے ہون اوسکے کانمین سیسہ گلاکر ڈالا جائیگا۔

۵۵۱ تخت پر بیٹھنا۔

(۲۰۶۴) عریان بن ہیثم نے کہا امیر معاویہؓ کے زمانہ امارت مین میرے باپ اپنی قوم کیطرف سے امیر معاویہ کے یہان آئے ہین اوسوقت مین لڑکا تھا جب میرے باپ اندر گئے اونہون نے کہا مرحبا مرحبا اور ایک شخص اونکے ساتھ چارپائی پر بیٹھا ہوا تھا اوسنے کہا یا امیر المومنین یہ کون ہین جنھین آپ مرحبا مرحبا کہہ رہے ہین کہا پورب والون کے رئیس یہ ہیثم بن اسود ہین مینے کہا یہ کون ہے لوگون نے بتایا یہ عبداللہ بن عمرو بن عاص ہین مینے اون سے کہا یا ابا فلان دجال کہان سے خروج کریگا اونہون نے جواب دیا تیرے شہر والون سے زیادہ ہمنے کسی شہر والے کو نہین دیکھا کہ دور کی بات تو خوب پوچھینگے اور نزدیک کی بات بالکل چھوڑ دینگے پھر فرمایا ملک عراق سے نکلیگا جہان درخت اور کھجور ہوا کرتا ہے۔

(۲۰۶۵) ابو العالیہ نے کہا ابن عباس کے ساتھ مین چارپائی پر بیٹھا۔

(۲۰۶۶) ابو جمرہ نے کہا مین ابن عباس کا ہمنشین تھا وہ مجھے اپنے چارپائی پر بیٹھا یا کرتے مجھسے کہا کہ تو میرے یہان ٹھہر مین اپنے مال مین سے تیرا بھی کچھ حصہ کردونگا چنانچہ مین دو مہینے تک اونکے یہان مقیم رہا۔

(۲۰۶۷) بصرہ کے حاکم حکم کے ساتھ انس بن مالک چارپائی پر بیٹھے فرماتے تھے گرمیون مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ٹھنڈے وقت نماز پڑھتے تھے اور جاڑون مین سویرے پڑھا کرتے تھے۔

(۲۰۶۸) انس بن مالک نے فرمایا مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا دیکھا کھجور کی چھال کی بُنی ہوئی چارپائی پر آپ ہین سر کے نیچے چمڑے کا

Marfat.com

تکیہ ہے اوس مین بھی کھجور کی چھال بھری ہوئی ہے اور چارپائی پر کچھہ بچھا دن نہین ہے اتنے مین حضرت عمر حاضر ہوے اور رونے لگے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا عمر تیرے رونے کا کیا باعث ہے عرض کیا قسم خدا کی فقط اس پر روتا ہون کہ مجھے معلوم ہے کہ خدا کے نزدیک آپکی وجاہت کسری اور قیصر سے کہین زیادہ ہے وہ دونون دنیا مین کسطرح عیش کر رہے ہین اور یا رسول اللہ آپکی یہ حالت ہے جو اسوقت میرے پیش نظر ہے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عمر کیا تجھے یہ پسند نہین کہ اونکو دنیا ملے اور ہمارے لئے آخرت ہو عرض کیا ہان یارسول اللہ فرمایا تب یہی بات تو ہے۔

(۲۰۶۹) ابو رفاعہ عدوی نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ فرما رہے تھے اوسوقت مین آپکے پاس پہونچا اور عرض کیا یارسول اللہ ایک مسافر آدمی حاضر ہوا ہے اپنے دین کو پوچھتا ہے اوسے خبر نہین کہ دین اوسکا کیا ہے بس آپ میری طرف متوجہ ہوگئے اور خطبہ کو چھوڑ دیا پھر لوگ ایک کرسی لائے مین سمجھتا ہون اوسکے پائے لوہے کے تھے حمید سادی کہتا ہے مین سمجھتا ہون کالی لکڑی تھی اوسپر ابو رفاعہ نے لوہا خیال کیا پھر آپ اوسپر بیٹھے اور خدا نے جو کچھ اونہین بتایا تھا مجھے بھی بتانے لگے پھر آخر تک اپنا خطبہ پورا کیا۔

(۲۰۷۰) موسیٰ بن دہقان نے کہا مینے ابن عمر کو دیکھا وہ ایک دولھہ کی چارپائی پر بیٹھے تھے کپڑا اونکا سرخ تھا۔

(۲۰۷۱) عمران بن مسلم نے کہا مینے انس کو دیکھا پاؤن پر پاؤن چڑھائے ایک چارپائی پر بیٹھے تھے۔

کچھہ لوگ آہستہ باتین کرتے ہون تو اونمین حلا نجائے ۵۵۲

(۲۰۷۲) سعید مقبری نے کہا ابن عمر ایک شخص سے باتین کر رہے تھے ادہر کہین میرا گذر ہوا مین اندھونون کے سبب سے کھڑا ہوگیا بس ابن عمر نے میرے سینہ مین ایک مکا مارا اور فرمایا جب دو آدمی کو باتین کرتے پاؤ تو اون دونونکے

Marfat.com

ساتھہ کھڑا مت ہو جایا کر اور اونکے ساتھہ بیٹھہ بھی مت پہلے اون سے پوچھہ لے تب مضایقہ نہین بیٹے عرض کیا یا ابو عبد الرحمن خدا تمہارا بھلا کرے مین اس امید پر کھڑا ہو گیا تھا کہ تم دونون سے کچھہ اچھی بات سُنلون۔

(۲۰۷۳) ابن عباس نے فرمایا جو شخص لوگونکی بات کیطرف کان لگا دے اور وہ لوگ چاہتے نہون اوسکے دونون کانون مین سیسہ گلا کر ڈالا جائیگا اور جو شخص جھوٹھہ خواب بیان کرے اوسے حکم ہوگا کہ جو مین گرہ دی۔

۵۵۳ تیسرے کو چھوڑ کر دو آدمی آہستہ بات نکرین۔

(۲۰۷۴) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تین ہی آدمی ہون تب بغیر تیسرے آدمی کے فقط دو شخص آہستہ آہستہ بات نکرین۔

۵۵۴ جب چار آدمی ہون

(۲۰۷۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم تین ہی آدمی ہو تب تیسرے کو چھوڑ کر فقط دو شخص آہستہ آہستہ بات نکرین اِس سے اوسکو رنجیدگی ہوگی۔

(۲۰۷۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وہی پہلی حدیث ہملوگون نے پوچھا اگر چار آدمی ہون فرمایا تب نقصان نہین۔

(۲۰۷۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایک کو چھوڑ کر دو شخص آہستہ بات نکرین جب تک لوگون مین مِل جُل جائین کیونکہ اِس سے اوسکی رنجیدگی ہوگی۔

(۲۰۷۸) ابن عمر نے فرمایا چار ہون تب کچھہ پروا نہین۔

۵۵۵ کوئی کسیکے پاس آکر بیٹھے تو پوچھکر اوٹھے۔

(۲۰۷۹) ابو بردہ بن ابو موسیٰ نے کہا مین عبد اللہ بن سلام کے پاس بیٹھا اونہون نے فرمایا تم میرے پاس آکر بیٹھے اور میرے اوٹھنے کا وقت آگیا مینے کہا جب آپ چاہین بس اوٹھہ کھڑے ہوئے اور مین بھی دروازے تک اونکے پیچھے پیچھے گیا۔

۵۵۶ دھوپ کے کنارے نہ بیٹھے۔

(۲۰۸۰) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ مین تھے فیس کے باپ آکر دھوپ

Marfat.com

مین کھڑے ہوگئے بس آپ نے اونکو فرمایا تب سایہ مین چلے آئے۔

۵۵۷ کپڑے مین گوٹ مار کر بیٹھنا۔

(۲۰۸۱) دو قسم کے پھرادے سے اور دو قسم کی بیع سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا ہے خرید و فروخت مین مست اور منابذت سے منع فرمایا یہ کہ مشتری بائع کے کپڑے کو چھو دے اور منابذت اسطرح کہ اپنا کپڑا دوسرے کیطرف پھینک دے بس اتنی ہی پر بے دیکھے بھالے سودا ہوگیا اور دونون پھرادا ایک تو اشتمال صمّا اسطرح کہ کپڑیکا کنارہ ایک مونڈھے پر رکھ لے اور ایک جانب کھل جائے کہ اوسپر کچھ کپڑا نہوا اور دوسرا پھرادا یہ کہ اپنے کپڑے مین گوٹ مار کر بیٹھ جاوے اور اوسکی شرمگاہ پر کچھ کپڑا نہو۔

۵۵۸ کوئی کسیکو تکیہ دے۔

(۲۰۸۲) عبداللہ بن عمرو نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لوگون نے میرے روزے کا ذکر کیا آپ میرے یہان تشریف لائے مینے آپکو ایک تکیہ چمڑیکا دیا جس مین کھجور کی چھال بھری تھی مگر آپ زمین ہی پر بیٹھ گئے اور تکیہ میرے اور آپ کے بیچ مین رہگیا۔ پھر آپ نے فرمایا ہر مہینے تین روزے تجھے کافی نہین مینے عرض کیا یارسول اللہ فرمایا پانچ مینے عرض کیا یارسول اللہ فرمایا سات مینے عرض کیا یارسول اللہ فرمایا نو مینے عرض کیا یارسول اللہ فرمایا گیارہ مہینے عرض کیا یارسول اللہ فرمایا داؤد پیغمبر کے روزے سے بڑھکر روزہ نہین آدھی عمر کا روزہ ایکدن روزہ ایکدن افطار

(۲۰۸۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بسر کیطرف گذرے اونہون نے آپکے لئے چادر بچھادی آپ اوسپر بیٹھ گئے۔

۵۵۹ قرفصا۔

(۲۰۸۴) بی بی قیلہ نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مینے دیکھا آپ قرفصا نشست بیٹھے ہین مینے جو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خاکسارانہ بیٹھے ہوئے دیکھا

Marfat.com

میں تو مارے ڈر کے تھر تھرا گئی

۵۶۰ چار زانو بیٹھنا

(۲۰۸۵) حنظلہ بن خذیم نے کہا میں نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہاں حاضر ہو کر آپکو دیکھا چار زانو بیٹھے ہوتے ہیں۔

(۲۰۸۶) ابو زریق نے علی بن عبداللہ بن عباس کو دیکھا داہنا پاؤں بائیں پونہچ پر چڑھائے چار زانو بیٹھے ہیں۔

(۲۰۸۷) عمران بن مسلم نے کہا مینے انس بن مالک کو اسطرح چار زانو بیٹھے ہوئے دیکھا ایک پاؤں دوسرے پر رکھے ہوئے ہیں۔

۵۶۱ گوٹ مار کر بیٹھنا

(۲۰۸۸) سلیم بن جابر ہجیمی نے کہا میں نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہاں حاضر ہوا آپ اوسوقت چادر سے گوٹ مارے ہوئے بیٹھے تھے اور اوس چادر کے گوشے آپکے دونوں پانوں پر پڑے تھے مینے عرض کیا یارسول اللہ مجھے وصیت فرمائیے فرمایا خدا سے ضرور برابر ڈرتا رہ اور اچھی بات کو ہلکی مت جان اپنے ڈول سے کسی پانی مانگنے والے کی برتن مین تھوڑا پانی ہی ڈال دینا سہی یا مسلمان بھائی سے کشادہ روی سے بولنا ہی سہی اور خبردار تہمت نیچی کبھی نہ رکھنا یہ شیخی کی بات ہے اور شیخی کی بات کو دوست نہین رکھتا اور اگر کوئی شخص تیرا عیب جانتا ہو اور اوس عیب کی بجھے شرم دلاوے تو تو اوسکے بدلے اوسکے عیب سے جو تجھے معلوم ہو اوسکو شرم مت دلانا اوسکا وبال اوسکے اوپر ہوگا اور تجھے ثواب ملے گا اور ہرگز کسیکو گالی مت دینا سلیم کہتے ہین اسکے بعد کبھی مینے نہ کسی جانور کو گالی دی اور نہ کسی آدمی کو۔

(۲۰۸۹) ابوہریرہ نے فرمایا مینے جب کبھی (امام) حسن کو دیکھا ضرور میری آنکھون سے آنسو بہنے لگے قصہ یہ ہوا کہ ایک دن نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر سے نکلے مجھے مسجد مین پایا پس میرا ہاتھ پکڑ لیا پھر مین آپکے ساتھ چلا آپ مجھے

گوٹ مار کر بیٹھنا ہے کہ دونون زانو کھڑا کرکے سرین کے بل بیٹھے اور ہاتھ سے پاؤن کے دونون زانو لپیٹ لے

Marfat.com

کچھ بولے بس اتنے مین نبی قینقاع کے بازار مین پہونچے آپ اوس مین گھومے
اور دیکھا پھر پھرے اور مین ہی ساتھ تھا یہانتک کہ مسجد کو آگئے اور گوٹ مار کر
بیٹھ گئے پھر فرمایا لکع کہان ہے ہمین لکع کو بلا دو بس (امام) حسن دوڑتے
ہوئے آئے اور آپ کے گود مین بیٹھ گئے پھر اپنا ہاتھ آپ کی داڑھی مین
ڈالا پھر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اونکا مونہہ کھولکر اپنا مونہہ اون کے مونہہ
مین ڈالنے لگے پھر فرمایا اے اللہ مین اسے دوست رکھتا ہون تو بھی اسے
دوست رکھ اور جو اسے دوست رکھے اوسے بھی دوست رکھ۔

گھٹنون کے بل بیٹھنا۔ ۵۶۲

(۲۰۹۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کے ساتھ ظہر کی نماز پڑھی
پھر منبر پر کھڑے ہوگئے اور قیامت کا ذکر فرمایا اور یہ ذکر فرمایا کہ قیامت مین بڑی
بڑی باتین ہونے والی ہین پھر فرمایا جو کوئی کچھ پوچھنا چاہتا ہو تو اوسکو پوچھ لے
قسم خدا کی جب تک مین اپنی اِس جگہہ پر ہون جس بات کو پوچھوگے ضرور
بتا دونگا لوگون نے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسبات کو سُنا
خوب روے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بار بار فرمانے لگے پوچھو تب
عمر گھٹنون کے بل بیٹھ گئے اور عرض کیا ہملوگ خدا کے رب ہونے سے اور
اسلام کے دین ہونے سے اور محمدؐ کے رسول ہونے سے راضی ہین جب عمرؓ نے
یہ کہا تب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سکوت فرمایا پھر رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اچھا سُنلو اوسکی قسم جسکے ہاتھہ مین محمدؐ
کی جان ہے مین جو نماز پڑھ رہا تھا بس اسی دیوار کے مقابل بہشت اور دوزخ
میرے روبرو لائی گئی مینے آج کے ایسی بھلائی اور برائی کبھی نہین دیکھی۔

چت لیٹنا۔ ۵۶۳

(۲۰۹۱) عباد بن تمیم کے چچا نے کہا مینے اونکو دیکھا ہے چت لیٹے ہوئے
ایک پاؤن دوسرے پر رکھے مالک بن اسمٰعیل نے ابن عتیبہ سے پوچھا نبی صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وآلہ وسلم کو کہا ہان۔

(۲۰۹۲) مسور نے کہا مینے عبدالرحمٰن بن عوف کو دیکھا چت لیٹے ہوے ایک پاؤن دوسرے پر چڑھائے ہوے

۵۶۴ مونہہ کے بل لیٹنا۔

(۲۰۹۳) طخفہ غفاری اصحاب صفہ مین تھے اُنہون نے کہا رات کے آخر وقت مین مسجد مین سویا تھا اتنے مین کوی آنیوالا آیا تو او سوقت مین پیٹ پر لیٹا ہوا تھا اس او نے اپنے پاؤن سے مجھے حرکت دی اور کہا او ٹھہ اسطرح لیٹنا خدا کے نزدیک مبغوض ہے مینے سر جو او ٹھایا کیا دیکھتا ہون کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے سرہانے کھڑے ہین۔

(۲۰۹۴) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد مین ایک شخص کے پاس ہو کر گذرے وہ مونہہ کے بل لیٹا ہوا تھا آپنے او سکو پاؤن سے مار کر فرمایا او ٹھہ یہ جہنمی لیٹنا ہے۔

۵۶۵ لینا دینا داہنے ہی ہاتھ سے کیا کرے

(۲۰۹۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کوی تم مین بائین ہاتھ سے نکھاے اور نہ بائین ہاتھ سے پیے اسواسطے کہ شیطان بائین ہی ہاتھ سے کھاتا ہے اور بائین ہی ہاتھ سے پیتا ہے نافع اس حدیث مین اتنا اور زیادہ کرتے تھے کہ نہ بائین ہاتھ سے کچھ لے اور نہ بائین ہاتھ سے دے۔

۵۶۶ بیٹھے تو جوتی کہان رکھے۔

(۲۰۹۶) عبداللہ بن عباس نے فرمایا مسنون طریقہ یون ہے کہ جب کوی بیٹھے تو اپنی جوتی او تارے اور اپنے پہلو مین رکھ لے۔

۵۶۷ شیطان لکڑی و کڑی کچھ لاکر بچھاون پر ڈالدیتا ہے

(۲۰۹۷) ابوامامہ نے کہا گھر والے جب بچھاون بچھا چکتے ہین اور درست کر رکھتے ہین تب شیطان آتا ہے اور او سپر لکڑی یا پتھر یا کچھ چیز ڈال دیتا ہے

Marfat.com

جس مین وہ اپنے گھر والون پر غصہ ہو تو جب کوئی ایسا دیکھے تو اپنے لوگون پر غصہ نہو کیونکہ وہ تو شیطان کا کام ہے۔

۵۶۸ بے مونڈیر کی چھت پر سونا

(۲۰۹۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی مکان کی چھت پر سووی جس مین مونڈیر نہو اوسکی حفاظت کی ذمہ واری نہین ہے۔

(۲۰۹۹) علی بن عمارہ نے کہا ابوایوب انصاری آئے اور مین اونکو لیکر بے اوٹ کی چھت پر گیا بس وہ اوتر پڑے اور کہنے لگے قریب تھا کہ مین آج کی رات سو رہون اور میری ذمہ واری نہو۔

(۳۰۰۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص رات کو انجار سو رہے اور اوس پر سے گر پڑے اور مرجائے اوسکی ذمہ واری نہین ہے اور جو شخص جوش دریا کے زمانہ مین دریا کا سفر کرے اور ہلاک ہوجائے اوسکی بھی ذمہ واری نہین ہے۔

۵۶۹ دونون پاؤن لٹکا کر بیٹھنا

(۳۰۰۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک باغ مین کنوئین کی جگت پر پاؤن لٹکائے ہوئے بیٹھے تھے۔

۵۷۰ کسی کام کو گھر سے باہر نکلے تو کیا کہے۔

(۳۰۰۲) ابن عمر گھر سے نکلتے تو یہ کہہ لیتے اللھم سلمنی وسلم منی۔
یا اللہ ہمکو بچا اور ہمسے بچا

(۳۰۰۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب گھر سے نکلتے یہ فرماتے بسم اللہ التکلان علی اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔
شروع خدا کے نام بھروسا خدا پر بغیر مدد خدا کے گناہ سے بچنا اور عبادت کی قوت نہین۔

۵۷۱ اپنے ساتھیون کے سامنے پاؤن پھیلا دے یا تکیہ لگا دے یا نہین

(۳۰۰۴) وفد عبدالقیس کے بعض شخص نے بیان کیا کہ جب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف ہملوگ سفارت مین روانہ ہوئے اور گھر سے باہر نکلے چلتے چلتے جب قریب پہونچنے کے ہوئے ایک شخص اپنی اونٹنی پر سوار تیز ہانکتا ہوا

Marfat.com

ہملوگونکو ملا اور سلام کیا ہمنے سلام کا جواب دیا پھر وہ شخص ٹھہرا اور کہنے لگا کون لوگ ہین ہملوگون نے بتایا وفد عبدالقیس بولا تمہین مرحبا ہے تم اپنے ہی لوگون مین آئے تمہین لوگون کو مین تلاش کرتا ہون تمہین خوشخبری دینے آیا ہون جو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کل فرمایا تھا آپ نے پورب طرف دیکھکر فرمایا کہ اس طرف یعنے پورب سے کلہ بہترین وفد عرب آوینگے بس یہنے کسیطرح رات کاٹی پھر سویرے اوٹھا اور اپنا اونٹ تیار کیا اور خوب تیز روانہ ہوا یہانتک کہ دن چڑھگیا اور یہنے پھر چلنے کا قصد کیا پھر تمہارے اونٹونکے سر نظر آنے لگے یہہ کہکر اوسنے اونٹ کی باگ پھیری اور لوٹنے مین آنے سے بھی تیز روانہ ہوا یہانتک کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پہونچا اور آپکے گرداگرد آپکے اصحاب مہاجرین اور انصار حاضر تھے اوسنے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہون مین وفد عبدالقیس کی خوشخبری لیکر حضور مین حاضر ہوا ہون آپ نے فرمایا عمر تجھے اونسے کہان ملاقات ہوئی اوسنے عرض کیا وہ لوگ ہمارے پیچھے پیچھے آہی پہونچے پھر سب قصہ بیان کیا آپ نے فرمایا خدا تجھے اچھی خبر سناوے اور لوگ اپنی اپنی جگہہ تیار ہوگئے اور نبی صلے اللہ علیہ بیٹھے ہوئے تھے بس آپنے اپنی چادر کا کنارہ ہاتھہ کے نیچے رکھکر اوسپر تکیہ کیا اور اپنے دونون پاؤن پھیلا دیئے پھر وفد آگیا اونکے آنے سے مہاجر اور انصار سبلوگ بہت خوش ہوئے جب اون لوگون سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپکے اصحاب کو دیکھا اپنی سواری کے جانورونکو خوشی کے مارے کودانے جانے لگے اور تیزی سے متوجہ ہوئے لوگون نے جگہہ کو وسیع کیا اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تکیہ لگائے ہوئے تھے اور اشج پیچھے رہگئے اونکا نام منذر بن عائذ بن لعمان ابن زیاد ابن عصر ہے اونہون نے اونٹونکو اکٹھا کیا اور سب کا بوجھہ اوتارا اور سب کا اسباب جمع کیا پھر اپنی گٹھری نکالی اور اپنا سفر کا کپڑا اوتار ڈالا اور ایک حلہ پہنا پھر آہستگی سے چلتے ہوئے ادھر متوجہ ہوئے نبی صلے اللہ

Marfat.com

علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تمہارا سردار اور تمہارا چودھری اور تمہارا حاکم کون ہے
سبھون نے اونہین کیطرف اشارہ کیا آپ نے فرمایا یہہ تمہارا سردار کیونکر
ہوا لوگون نے عرض کیا اونکے باپ دادے جاہلیت مین ہمارے سردار تھے
اور وہ اسلام کیطرف ہمارے راہبر ہین پھر جب اشیج آپہونچے چاہا کہ ایک کنارے
بیٹھہ جائین بس نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سیدھے بیٹھہ گئے فرمایا اشیج ادہر
آجاؤ اور یہہ پہلا دن تھا جو اونکا نام اشیج رکھا گیا جب سے ہے مین اونکا دودھہ
چھڑا گیا تھا اونہین دونون ایک گدہے نے اونکو لات ماردی تھی اوسکا نشان
اونکے مونہہ مین چاند کیطرح موجود تھا آپ نے اونکو اپنے پہلو مین بٹھایا اور اون
پر بہت لطف فرمایا اور اونکی بزرگی اون لوگون پر ثابت کی پھر لوگ نبی صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم کیطرف متوجہ ہوکر پوچھنے لگے آپ اُنکو بتانے لگے یہانتک
کہ جب بات تمام ہوگئی آپ نے پوچھا تمکو گون کے پاس تمہاری راہ کا توشہ
کچھہ ہے عرض کیا ہان پھر جلدی جلدی سبکے سب اپنے اپنے اسباب
کیطرف اوٹھے اور خرمونکے کیسے اپنے اپنے ہاتھون مین لیکر آئے پھر چمڑے کی
خوان پر آپکے سامنے رکھا گیا اور آپکے سامنے کھجور کی ایک چھڑی تھی دو ہاتھہ
دو ہاتھہ سے چھوٹی اور ایک ہاتھہ سے بڑی اس چھڑی پر آپ ٹیک لگایا کرتے
کم ہوتا تھا کہ آپ اوسے جدا فرماتے آپ نے اوس لکڑی سے خرمے کے
ایک گچھہ کیطرف اشارہ فرمایا کہ اوسکو تمکو گچھہ تعضوض کہتے ہو عرض کیا ہان فرمایا
اسکو صرفان بھی بولتے ہو عرض کیا ہان فرمایا اسکا نام برنی رکھتے ہو عرض کیا ہان
فرمایا تمہارے خرمون مین یہہ سب سے بہتر اور تمہارے لئے فائدہ مند ہے
اور قبیلہ کے بعض بوڑھون نے بیان کیا کہ ہمین بڑی برکت ہے اور ہمارے گون کے
یہان اسکا پیداوار خوب تھا اسیکو ہملوگ اونٹون اور گدہونکو کھلایا کرتے جب
ہملوگ اس سفارت سے گھر پھر کر آئے ہملوگون کی رغبت اوسکیطرف بڑھگئی
اور ہمنے اوسکی درخت لگائی یہانتک کہ اوسمین خوب پھل آئے اور ہملوگون نے اوسمین برکت دیکھی

Marfat.com

۵۷۲ صبحکو کیا کہے

(۳۰۰۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح کو فرماتے اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ
اے اللہ تجھی سے میری صبح ہوی اور تجھی سے
اَمْسَیْنَا وَبِکَ نَحْیَا وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ النُّشُوْرُ اور شام کو فرماتے اَللّٰھُمَّ بِکَ
میری شام ہوئی اور تجھی سے میری زندگی ہے اور تجھی سے میری موت ہے اور تیری ہی طرف اکٹھا ہونا ہے۔
اَمْسَیْنَا وَبِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ نَحْیَا وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ۔
اور تیری ہی طرف پھرنا ہے

(۳۰۰۶) ابن عمر نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی صبح شام ان کلمات کو
نہیں چھوڑتے تھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ
اے اللہ میں تجھسے دنیا اور آخرت میں عافیت مانگتا ہوں
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ۔ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ
اے اللہ میں تجھسے اپنے دین میں اور دنیا میں اور لوگ میں اور اپنے مال میں معافی اور عافیت مانگتا ہوں۔ اے اللہ میری عیب
عَوْرَاتِیْ وَاٰمِنْ رَوْعَاتِیْ۔ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ
اور میری ڈر والی باتوں سے مجھے امن دے۔ اے اللہ میرے آگے سے اور میرے پیچھے سے اور میری داہنی سے اور میری بائیں سے
یَمِیْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ۔ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِکَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ۔
میری حفاظت کر۔ اور تیری عظمت کی پناہ چاہتا ہوں کہ ایسا ہو مجھے میرے نیچے سے دھوکا ہو۔

(۳۰۰۷) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبحکو یہ دعا
پڑھ لیا کرے۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا اَصْبَحْنَا نُشْھِدُکَ وَنُشْھِدُ حَمَلَۃَ
ہمنے صبح کی ہم تجھے گواہ رکھتے ہیں اور تیرے عرش کے اوٹھانیوالوں کو
عَرْشِکَ وَمَلَائِکَتَکَ وَجَمِیْعَ خَلْقِکَ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ
اور تیرے فرشتوں کو اور تیرے سارے مخلوق کو گواہ رکھتے ہیں کہ اللہ تو ہی ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں
وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ اللہ تعالیٰ
تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور محمد بیشک تیرے بندے اور تیرے بھیجے ہوئے ہیں
اوسکی چوتھائی اوسدن آزاد کر دیتا ہے اور اگر دو دفعہ کہہ لے تو اللہ تعالیٰ آدھا
اوسکا آگ سے آزاد کر دیتا ہے اور اگر چار دفعہ کہہ لے تو اللہ تعالیٰ اوسدن اوسکو
بالکل آگ سے آزاد کر دیتا ہے

۵۷۳ شام کو کیا کہے

(۳۰۰۸) ابوبکر صدیق نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے کچھ سکھا دیجئے کہ صبح شام
مین اوسے کہہ لیا کرون فرمایا اے ابوبکر (یہ دعا) اَللّٰھُمَّ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ
اے اللہ غائب اور حاضر کے جاننے والا
فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کُلَّ شَیْءٍ وَمَلِیْکَہٗ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ
آسمان اور زمین کا پیدا کرنیوالا
مین اس بات کی گواہی دیتا ہون کہ معبود فقط تو ہی ہے
اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ وَشِرْکِہٖ
مین اپنی نفس کی شر سے اور شیطان کی خرابی سے اور اوسکے ساجھی سے۔
صبح اور شام اور جب اپنے خوابگاہ مین جاوے تب کہہ لیا کر۔

(۳۰۰۸) ابوہریرہ سے وہی اگلی حدیث مگر اسمین یون فرمایا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْکَہٗ اور فرمایا ہی شَرِّ الشَّیْطَانِ

Marfat.com

(۳۰۰۹) راشد جرانی نے کہا مین عبداللہ بن عمرو کے پاس آیا اور اون سے کہا آپ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو کچھ سنا ہو مجھسے بیان فرمائے اونہون نے میری طرف ایک سفینہ بڑھا دیا اور کہا مجھے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ لکھوا دیا وہ اِس مین ہے مین نے جو اوسے دیکھا تو کیا دیکھا کہ ابوبکر صدیق نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ مجھے کچھ بتا دیجئے کہ صبح اور شام کو کہہ لیا کرون فرمایا اے ابوبکر (یہ دعا) اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْکَہٗ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ وَشِرْکِہٖ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰی نَفْسِیْ سُوْءًا اَوْ اَجُرَّہٗ اِلٰی مُسْلِمٍ کہہ لیا کر۔

اپنے بستر پر جائے تو کیا کہے ۵۷۴

باب

(۳۰۱۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سونیکا ارادہ فرماتے تو یہ کہہ لیا کرتے بِاسْمِکَ اَللّٰھُمَّ اَمُوْتُ وَاَحْیَا (یا اللہ مین تیرے ہی نام سے مرتا ہون اور جیتا ہون) اور جب نیند سے بیدار ہوتے تو کہتے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ۔ (خدا ہی کی تعریف ہے جسنے ہمین مار ڈالا پھر زندہ کیا اور اوسیکے طرف جانا ہے)

(۳۰۱۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے بستر پر تشریف لیجاتے تو فرماتے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَکَفَانَا وَاٰوَانَا فَکَمْ مِمَّنْ لَا کَافِیَ لَہٗ وَلَا مُؤْوِیَ (خدا ہی کی تعریف ہے جسنے ہمین کھلایا اور ہمین پلایا اور ہمین کفایت کی اور ہمین ٹھکانا دیا کتنے ہین جنکا نہ کوئی کفایت کرنیوالا ہے نہ ٹھکانا دینیوالا ہے)

(۳۰۱۲) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سورۂ الم تنزیل اور سورہ تبارک الذی بیدہ الملک پڑھے بغیر سوتے ہی نہ تھے ابوزبیر راوی کہتا ہے قرآن کی سب سورتون سے ان دونون مین ستر نیکی زیادہ ہے جو شخص ان دونون کو پڑھ لے تو ان دونون کی بدولت اوسکے واسطے ستر نیکیان لکھی جائین اور دونون کی بدولت ستر ہزار درجے اوسکے بلند کئے جائین اور دونونکی بدولت ستر گناہین اوسکی مٹا دی جائین۔

(۳۰۱۳) عبداللہ نے فرمایا ذکر کیوقت نیند آنا شیطان کے تصرف سے ہوتا ہے چاہو تو تملوگ تجربہ کر لو جب تم مین کوئی اپنی خوابگاہ مین جا چکے اور سونیکا ارادہ کرے تو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے۔

Marfat.com

(۳۰۰۱۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب تک تبارک الذی اور الم تنزیل السجدہ پڑھ نہ لیتے تب تک آپ سوتے ہی نہ تھے۔

(۳۰۰۱۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب کوئی تم مین سے اپنے بچھاون پر جائے تو اپنے تہمت کی چونن کھولکر اپنا بچھاون اوس سے جھاڑ لے کیونکہ اوسے کیا خبر ہے کہ اوسکے جانے پر اوسنکے بستر پر کیا چیز آگئی ہے اور اپنی داہنی کروٹ پر سور ہے اور یہ کہہ لے بِاسْمِكَ وَضَعْتُ جَنْبِي فَإِنْ أَحْتَبَسْتَ نَفْسِي فَارْحَمْهَا وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ الصَّالِحِينَ ۵ یا فرمایا عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ ۵۔

(۳۰۰۱۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اپنے بستر پر جاتے اپنے داہنے کروٹ لیٹ کر فرماتے اللّٰهُمَّ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ إِلَيْكَ وَأَسْلَمْتُ نَفْسِي إِلَيْكَ وَالْجَأْتُ ظَهْرِي إِلَيْكَ رَهْبَةً وَرَغْبَةً إِلَيْكَ لَا مَنْجَا وَلَا مَلْجَأَ مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ آپ نے فرمایا ان کلمات کو رات کیوقت کوئی کہہ لے اور مر جائے تو اوسکی موت فطرت پر ہوگی۔

(۳۰۰۱۷) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اپنے بستر پر جاتے یہ فرماتے اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ وَالْقُرْاٰنِ أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ ذِي شَرٍّ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُونَكَ شَيْءٌ اقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ وَأَغْنِنِي مِنَ الْفَقْرِ ۵

(۳۰۰۱۸) حدیث ۔ باب ۵۔

(۳۰۰۱۹) جابر نے فرمایا جب آدمی اپنے گھر مین آتا ہے یا بستر پر جاتا ہے ایک فرشتہ اور ایک شیطان اوسکی طرف لپکتے ہین فرشتہ کہتا ہے نیکی پر خاتمہ کر اور شیطان کہتا ہے برائی پر خاتمہ کر اب اگر اوسنے خدا کی تعریف کی اور اوسکا

Marfat.com

ذکر کیا تب تو شیطان کو فرشتے نے بہگا دیا اور رات کو سوتے مین اوسکی نگہبانی کرتا رہا
پھر جب وہ بیدار ہوا ایک فرشتہ اور ایک شیطان اوسکی طرف لپکتے ہین اور وہی بات
کہتے ہین اگر اوسنے خدا کا ذکر کیا اور یون دعا کی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ رَدَّ اِلَیَّ نَفْسِیْ
بَعْدَ مَوْتِهَا وَلَمْ یُمِتْهَا فِیْ مَنَامِهَا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
الَّذِیْ یُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ
تب اگر مریگا شہید مریگا اور اگر اوٹھا اور نماز پڑھی نہایت بزرگیون مین نماز پڑہی

ہاتھہ پر گال رکھنا ۵۷۱

(۳۰۰۲۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب ارادہ کرتے کہ اب سورہین اپنا ہاتھہ
داہنے رخسار کے نیچے رکھتے اور فرماتے اَللّٰهُمَّ قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ
(۳۰۰۲۱) حدیث بالا۔

۵۷۷

(۳۰۰۲۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مسلمان آدمی دو باتون کا قید رکھے
تو ضرور بہشت مین داخل ہو باتین تو دونون آسان ہین مگر کرنے والے دونون کے تھوڑے
لوگ ہین لوگون نے عرض کیا یارسول اللہ وہ دونون کیا باتین ہین فرمایا ہر نماز کے
بعد دس بار اللہ اکبر اور دس بار الحمد اللہ اور دس بار سبحان اللہ کوئی شخص کہہ
لیا کرے تو زبان پر تو یہ ڈیڑھ ہی سو ہین مگر ترازو مین پندرہ سو ہین راوی کہتا ہے
مینے دیکھا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کلمات کو ہاتھہ سے گن کر بتاتے تھے اور
جب اپنے بستر پر آوے اوسوقت سبحان اللہ اور الحمد للہ اور اللہ اکبر کہہ لے
یہ سو بار تو زبان پر ہوئین اور ترازو مین ایکہزار ہین پھر ہمگون مین سے رات دن مین
پچیس سو برائی کون کرتا ہو گا لوگون نے عرض کیا یارسول اللہ آدمی ان دو باتون کا
قید کیون نہ رکھے گا فرمایا اوسکی نماز مین شیطان آویگا اور اوسکو فلانی فلانی
ضرورت یاد دلا دیگا بس یہ اوسے یاد نہ آویگا۔

Marfat.com

بستر سی اوٹھے اور جاکر پھر آوی تو اوسکو جھاڑ لے ۵۷۸

(۳۰۲۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب کوئی اپنے بستر جائے تو اپنا تہمت اندر سے لیکر اوس سے اپنا بستر جھاڑ لے اور بسم اللہ کہہ لے کیونکہ اوسے معلوم نہین اوسکے جانیکے بعد اوسکے بستر پر کیا چیز آگئی ہے پھر جب لیٹنا چاہے تو اپنے داہنے کروٹ پر لیٹے اور یہ کہے۔ سُبْحَانَكَ رَبِّیْ بِكَ وَضَعْتُ جَنْبِیْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لَهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِیْنَ۔

راتکو بیدار ہو تو کیا کہے ۵۷۹

(۳۰۲۴) ربیعہ بن کعب فی کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازے کے قریب ہی مین راتکو سوتا اور آپکے وضو کو پانی لادیا کرتا رات کیوقت آپکی آواز سمع اللہ لمن حَمِدَہٗ کہنے کی اور آواز اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ کہنے کی سُنا کرتا۔

کسی کے ہاتھ مین چکنائی لگی ہو اور اوسے طح سو رہے ۵۸۰

(۳۰۲۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کسی کے ہاتھ مین چکنائی لگی ہو اور وہ بغیر دھوئے دھوئے سو رہے اسمین کوئی آفت اوسکو پہونچے تو اپنے ہی کو ملامت کرے۔

چراغ بجھانا ۵۸۱

(۳۰۲۶) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دروازونکو بند کر دیا کرو۔ اور مشکیزونکے دہانے باندہ دیا کرو اور خالی برتنونکو اوندھا دیا کرو اور بھرے برتنونکو ڈھانک دیا کرو اور چراغ بجھا دیا کرو اسواسطے کہ شیطان بند مکان کو نہین کھولتا اور بندھے ہوئے مشک اور چھپایا ہوا برتن نہین کھولتا اور چوہے (وغیرہ شریر حشرات الارض) گھر جلا دیتے ہین جس سے لوگون کا نقصان ہوتا ہے۔

(۳۰۲۷) ابن عباس نے فرمایا ایک چوہا آیا اور چراغ کی بتی کھینچ لے چلا لونڈی اوسکو دتکارنے لگی تب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اوسکو چھوڑ دے

Marfat.com

وہ چوہا بتی کو لئے ہوئے جس چادر پر آپ بیٹھے تھے لاکر اوسی پر ڈالدیا وہ چادر ایک درم کے حلقے کے برابر جل گئی تب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تملوگ سونے لگو تو اپنے چراغون کو بجھادیا کرو نہین تو شیطان ایسے جانورونکو ایسی ایسی بات سکھادیا کریگا بس یہ تمہین جلاہی ڈالینگے۔

(۳۰۲۸) ابو سعید نے فرمایا ایک رات نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیند ٹوٹی کیا دیکھتے ہین کہ ایک چوہا بتی لئے چھت پر چڑھا جاتا ہے کہ لوگونکا گھر جلادے تب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوسکو لعنت کی اور احرام باندھی ہوئے آدمی کو بھی اوسکا مارڈالنا حلال فرمایا۔

سونیکے وقت گھر مین آگ رہنے نیاوی۔ ۵۸۲

باب

(۳۰۲۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سونے کے وقت اپنے گھر وغیرہ مین آگ رہنے ندیا کرو۔

(۳۰۳۰) عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا آگ دشمن ہے اس سے بچتے رہو ابن عمر کا معمول تھا کہ گھر کی آگ ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر سونے کے پہلے بجھا دیا کرتے۔

(۳۰۳۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اپنے گھر وغیرہ مین آگ مت چھوڑدیا کرو اسلئے کہ آگ دشمن ہے۔

(۳۰۳۲) ابو موسیٰ نے فرمایا ایک رات مدینے مین ایک مکان اوس مکان والون کے ہوتے ہوئے جل گیا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین اسکا بیان ہوا تو آپ نے فرمایا آگ ہملوگونکی دشمن ہی جب سوتے لگو تو اسکو بجھادیا کرو

برستے پانی کی برکت لینا۔ ۵۸۳

باب

(۳۰۳۳) ابن عباس کا معمول تھا جب پانی برسنے لگتا فرماتے اوچھو کری میرا زین نکال لا میرے کپڑے نکال لا اور کہتے وانزلنا من السماء ماء مبارکا۔

گھر مین چابک لٹکا دینا ۵۸۴

Marfat.com

(۳۰۳۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھر مین چابک لٹکا دینے کا حکم دیا ہے
اسلئے دروازہ بند کر دینا ۵۸۵

(۳۰۳۵) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا رات کے سناٹے
مین باتین نکیا کرو تمہین خبر نہین اللہ اپنی کس مخلوق کو (اوسوقت) بھیلاتا ہے
دروازونکو بند کر دیا کرو اور مشکونکے دہانے باندہ دیا کرو اور خالی برتنونکو اوندہا دیا کرو
اور چراغون کو بجھا دیا کرو۔
اسلئے آگ کی جوش کیوقت بجھنکو سمیٹنا ۵۸۶

(۳۰۳۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جبتک عشا کی تاریکی یا جوش
جاتا رہے اوسوقت اپنے لڑکونکو روکے رہو وہ شیاطین کے حرکت کا وقت ہے۔
جانورونکو کھیر دینا ۵۸۷

(۳۰۳۷) جانورونکو بگیرنا ابن عمر مکروہ جانتے تھے۔
کتے کا بھونکنا اور گدہے کا چلانا ۵۸۸

(۳۰۳۸) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب رات سنائی ہو جاوے
اوسوقت کم نکلا کرو اللہ کے جانور ہین اوسوقت اونکو پھیلاتا ہے اگر کوئی شخص کتا
بھونکنے کی آواز یا گدہے کے چلانے کی آواز سنے تو شیطان سے بچنے کو خدا سے
پناہ طلب کرے کیونکہ یہ جانور وہ چیزین دیکھتے ہین جو تم نہین دیکھتے۔

(۳۰۳۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تمکو رات کو کتے کے
بھونکنے کی یا گدہے کے چلانے کی آواز سنا کرو تو خدا سے پناہ طلب کرو کیونکہ
یہہ جانور وہ چیزین دیکھتے ہین جو تم نہین دیکھتے اور خدا کا نام لیکر دروازونکو بند
کر دیا کرو کیونکہ جو دروازہ خدا کا نام لیکر بند کیا جاتا ہے شیطان اوسے نہین کھولتا اور
مشکونکو ڈانک دیا کرو اور مشکونکے دہانے باندہ دیا کرو اور خالی برتنونکو اوندہا دیا کرو۔

(۳۰۴۰) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا رات کے سناٹے
کے جدکم نکلا کرو کیونکہ خدا کی ایک مخلوق ہے جنکو (اوسوقت) پھیلاتا ہے تو جب

Marfat.com

کتے کے بھونکنے یا گدھے کے چلانے کی آواز سنو تو شیطان سے بچنے کو خدا سے پناہ طلب کرو۔

جب مرغ کی آواز سنے ۵۸۹

(۳۰۴۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب رات کیوقت مرغ کی آواز سنو تو اوسنے کسی فرشتے کو دیکھا ہے اوسوقت خدا سے خدا کا فضل مانگو اور جب رات کو گدھے کی آواز سنو تو اوسنے شیطان کو دیکھا ہے اوسوقت شیطان سے بچنے کو خدا سے پناہ طلب کرو۔

پسو کو برا نہ کہے ۵۹۰

(۳۰۴۲) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک شخص نے پسو کو لعنت کی آپ نے فرمایا اوسکو لعنت نکر اسنے نماز کے لئے ایک پیغمبر کو جگا دیا تھا۔

قیلولہ ۵۹۱

(۳۰۴۳) قریشی لوگ اکثر عبداللہ ابن مسعود کے دروازے پر بیٹھا کرتے پھر جب سایہ جھک جاتا فرماتے بس اوٹھتے جاؤ کیونکہ اب جو کچھ باقی ہے سو شیطان کا ہے پھر جس شخص پر گذر ہوتا اسکو اوٹھا دیتے اسی درمیان میں کہ وہ اوٹھا رہے تھے کسینے کہا یہی بنی حساس کا مولی ہے شعر کہا کرتا ہے اونہون نے اوسے بلا کر پوچھا تو نے کیا کہا ہے اوسنے کہا ودع سلیمی ان تجھزت غادیا: ولقی الشیب والاسلام للمرء ناھیا: اونہون نے فرمایا اب بس تو نے سچ کہا تو نے سچ کہا۔

(۳۰۴۴) سایب بن یزید نے کہا دوپہر یا قریب دوپہر حضرت عمر سے لوگون کے پاس ہوکر گذرتے اور فرماتے اوٹھتے جاؤ اور لیٹ رہو کیونکہ اب جو باقی ہے وہ شیطان کا ہے۔

(۳۰۴۵) انس نے کہا صحابہ جمعہ پڑھتے اوسکے بعد قیلولہ کرتے۔

(۳۰۴۶) انس نے کہا جب شراب حرام ہوتی ہے اوسوقت خرما اور انگور

Marfat.com

خام کی شراب سے زیادہ کوئی شراب مدینہ والونکو پسند نہ تھی ہین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کو پلا رہا تھا اور وہ لوگ ابو طلحہ کے پاس تھے کہ ایک شخص گذرا اور بولا کہ شراب تو حرام کر دی گئی پھر اون لوگون نے یہ بھی نہین کہا کہ کب یا دیکھہ تو لو بس یہی کہا کہ اے انس شراب اونڈیل دی پھر ام سلیم کے یہان لیٹ رہے یہان تک کہ ٹھنڈی ہوئے اور نہائے پھر ام سلیم نے اون سبکو خوشبو لگا دیا اوسکے بعد نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہان حاضر ہوئے تو اوس شخص نے جو خبر دی تھی وہ ٹھیک تھی انس نے کہا کہ اسکے بعد پھر اون لوگون نے کبھی شراب نہین چکھی

شام کیوقت سونا ۵۹۲

ربا

(۳۰۴۷) خوات بن جبیر نے کہا اول وقت دنکو سو رہنا بیوقوفی ہے اور دوپہر کا سونا معمولی بات ہے اور پچھلے پہر دنکو سونا حماقت ہے۔

دعوت ۵۹۳

ربا

(۳۰۴۸) میمون نے کہا مین نے نافع سے پوچھا ابن عمر کھانے کی دعوت کرتے تھے اونھون نے کہا ایک دفعہ اونکا ایک اونٹ خستہ ہو گیا تھا ہملوگون نے اوسے نحر کیا تب ابن عمر نے فرمایا کہ مدینہ والون کو میرے یہان اکٹھے کرو مین نے کہا اے ابو عبد الرحمن کس چیز پر لوگونکو جمع کرون میرے پاس روٹی تو ہے نہین فرمایا خداوندا تیرا شکر ہے یہی گوشت ہے اور شوربا ہے پھر فرمایا شوربا ہے اور قیمہ ہے جو چاہے کھالے جو چاہے چھوڑ دے۔

ختنہ ۵۹۴

(۳۰۴۹) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ابراہیم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسّی برس کی بعد ختنہ کیا اور قدوم مین ختنہ کیا ابو عبد اللہ نے کہا قدوم جگہہ کا نام ہے

عورت کا خفض ۵۹۵

Marfat.com

(۳۰۵۰) ام مہاجر نے کہا روم کی چھوکریون مین مین بھی قید ہوکر آئی عثمان رضہ نے ہملوگونپر اسلام پیش کیا مگر مین اور ایک عورت اور دو کے سوا کوئی بھی مسلمان نہ ہوئی تب عثمان رضہ نے فرمایا جاؤ اندونون کا خفض کرو اور دونونکو پاک کرو۔

۵۹۶ ختنہ مین دعوت

(۳۰۵۱) سالم نے کہا ابن عمر نے میرا ختنہ کرایا مین تھا اور یعیم تھا ہملوگون کی اس تقریب مین ایک دنبہ ذبح ہوا اور ہم اپنے آپ کو دیکھتے تھے کہ ہملوگ لڑکونمین اسبات پر خوش ہوتے ہین کہ ہمارے ختنہ مین ایک دنبہ ذبح ہوا۔

۵۹۷ ختنہ مین تماشا

(۳۰۵۲) ام علقمہ نے کہا حضرت عایشہ کی بھتیجیان تھین کسی نے حضرت عایشہ سے کہا آپ کسی تماشا کرنیوالے کو نہین بلوالیتین فرمایا ہان بس اونھون نے عدی کو بلوا بھیجا اور وہ اون لڑکیون کے پاس آگیا پھر حضرت عایشہ مکان مین اوسی طرف سے گذرین اوسکو دیکھا کہ گارہا ہے اور خوشی کے مارے اپنا سر ہلا رہا ہے اور اوسکے سر مین بال بہت تھے یہ کیفیت دیکھکر حضرت عایشہ نے فرمایا اف یہ تو شیطان ہے اِسکو نکالدو اسکو نکالدو۔

۵۹۸ ذمی دعوت کرے

(۳۰۵۳) حضرت عمر کے آزاد غلام اسلم نے کہا جب حضرت عمر کے ساتھ ہملوگ ملک شام مین آگئے ایک دہقانی اونکے پاس آیا اور کہنے لگا یا امیر المومنین مین نے آپکے لئے کچھ کھانا تیار کیا ہے مین چاہتا ہون کہ آپ چند ممتاز شخصونکے ساتھ میرے یہان تشریف لائے اِس مین میرے کام کی مضبوطی ہے اور میری عزت کا باعث ہے حضرت عمر نے فرمایا ہملوگ تمہارے ان عبادتخانونمین ان تصویرون کے ہوتے ہوئے جو انمین ہین نہین آسکتے۔

۵۹۹ لونڈیونکا ختنہ

حدیث عنہ ۳۰۵ باب ۵۹۵۔

Marfat.com

بڑیکا ختنہ ۶۰۰

(۳۰۵۴) ابو ہریرہ نے فرمایا ابراہیم صلے اللہ علیہ وسلم نے اکسو بیس برس کی عمر مین اپنا ختنہ کیا اور اسکے بعد اسی برس اور زندہ رہے سعید زادی نے کہا حضرت ابراہیم ہی نے پہلے پہلے ختنہ کیا ہے اور پہلے پہلے مہمانداری کی ہے اور پہلے پہلے مونچھ کتری ہے اور پہلے پہلے ناخن لیا ہے اور پہلے پہلے انہین کا بال پکا ہے اوسوقت کہنے لگے اے پروردگار یہہ کیا فرمایا یہہ وقار ہے عرض کیا اے پروردگار میرا وقار اور زیادہ کر۔

(۳۰۵۵) حسن نے کہا تمکو کس شخص پر کچھ تعجب نہین کرتے یعنے مالک ابن منذر پر جو لشکر والون مین چند بوڑھے آدمی اسلام لائے اسنے اون لوگونکی تفتیش کر کے حکم دیا بس اونھونکا ختنہ کر دیا گیا اور یہہ جاڑے کا دن آخر ہمارے پاس خبر پہونچی ہے کہ بعض اون مین سے مر گئے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ روم والے اور حبش والے اسلام لاتے گئے مگر اونکی کچھہ تفتیش نہین ہوئی۔

(۳۰۵۶) ابن شہاب نے کہا معمول تھا کہ جب کوئی اسلام لاتا اگرچہ بڑا بھی ہوتا اوسکے ختنہ کا حکم دیا جاتا۔

ولادت کی دعوت ۶۰۱

(۳۰۵۷) بلال بن کعب نے کہا حسن اور ابراہیم بن ادہم اور عبدالعزیز ابن قرید اور موسے بن یسار چارون آدمی ایک گاؤن مین یحیی ابن حسان کی ملاقات کو گئے وہ لوگون کے لئے کچھ کھانا لائے موسی روزہ دار تھے وہ متامل ہوئے تب یحیی نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی قبیلہ بنی کنانہ کے ایک بزرگ نے جنکی کنیت ابو قرصافہ تھی چالیس برس تک اس مسجد مین ہمکو گونکی امامت کی ہے وہ ایکدن روزہ رکھتے ایکدن افطار کرتے اتفاقا میرے باپ کے یہان ایک لڑکا پیدا ہوا میرے باپ نے ابو قرصافہ کی اوسیدن دعوت کی جو اونکے

روزہ رکھنے کا دن تھا آخر اونھون نے روزہ کھول دیا اسکے بعد ابراہیم اوٹھے اور اپنے کمل سے اوس جگہہ کو جھاڑ دیا اور موسلے نے روزہ کھول دیا ابو عبداللہ بخاری نے کہا ابو قرصافہ صحابی کا نام جندرہ بن خیشنہ ہے۔

لڑکو نکو تحنیک کرنا

۶۰۲ باب

(۳۰۵۸) انس نے فرمایا عبداللہ ابن ابی طلحہ حسدن پیدا ہوئے مین اونکو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لیگیا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اوسوقت ایک کمل اوڑھے ہوئے اپنے اونٹ کو دوا دلوا رہے تھے مجھسے پوچھا نیرس پاس کچھ خرمے ہین مینے عرض کیا ہان پھر مینے چند خرمے آپکو دیئے آپ نے اونہین چبایا پھر لڑکے کا مونہہ چیر کر خرمونکو اوسے چوسایا لڑکا اپنا ہونٹھہ چاٹنے لگا تب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یہ خرمونکی طرف انصار کی رغبت ہے اور لڑکے کا نام عبداللہ رکھدیا۔

ولادت کی دعوت مین دعا

۶۰۳ باب

(۳۰۵۹) معاویہ بن قرہ نے کہا جب میرا لڑکا ایاس پیدا ہوا مینے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چند صحابیونکی دعوت کی اور اونکو کھانا کھلایا بعد اسکے اونلوگون نے دعا کی مینے کہا تملوگ تو دعا کر چکے خدا تمہاری دعا قبول کرے اب مین دعا کرتا ہون تم لوگ آمین کہو معاویہ کا بیان ہے کہ مینے اوسکے لئے بہت دعائین کین دین کی اور عقل کی اور بہت کچھ آخر اوس دن کی دعا کے آثار اب مین پاتا بھی ہون۔

جب بچہ پورا پیدا ہو خدا کا شکر کرے اسکی پرواہ نکرے کہ بیٹا ہی یا بیٹی

۶۰۴ باب

(۳۰۶۰) حضرت عائشہ کا معمول تھا جب اونکے گوتمین کوئی بچہ پیدا ہوتا یہہ نہین پوچھتی تھین کہ لڑکا پیدا ہوا یا لڑکی یہی پوچھتی تھین کہ صحیح سالم پیدا ہوا جب کسینے کہدیا کہ ہان تب کہتین۔ الحمد للہ رب العالمین (خدا ساری جہانکی رب کا شکر ہے)

استرہ لینا باکی لینا

۶۰۵ باب

Marfat.com

(۳۰۶۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پانچ باتین فطرت کی ہین مونچھہ کترنا ناخن لینا ستر مگاہ کا بال کرنا مونڈنا بغل کے بال اوکھاڑنا۔

۶۰۶ ان کا مونکا وقت

(۳۰۶۲) نافع نے کہا ابن عمر پندرہ رات پر اپنے ناخن لیا کرتے اور مہینے مہینے استرہ لیتے۔

۶۰۷ قمار

(۳۰۶۳) ابن عباس نے کہا کہدیا جاتا تھا کہ اونٹ کی بازی والے کہان ہین بس دس مرد آدمی اکٹھے ہو کر اونٹ کے دس دودہ چھوڑنے والے بچون کے بدلے ایک جوان اونٹ خرید کرتے پھر تیر پھینک کر قرعہ ڈالتے بس جس کا نوشخصونکا ہو کر ایک آدمی کا ہوجاتا اور نو آدمی کو ایک ایک دودہ چھوڑنے والا بچہ تاوان دیتا ہوتا یہی جوا ہے۔

(۳۰۶۴) ابن عمر نے کہا میسر جوا ہے۔

۶۰۸ مرغ کا جوا

(۳۰۶۵) حضرت عمر کے زمانہ خلافت مین دو شخصون نے دو مرغ پر جوے کی بازی لگائی عمر رضہ نے مرغ کے قتل کرنیکا حکم دیا تب اون سے ایک انصاری نے کہا آپ ایسی گروہ کو قتل کرتے ہین جو تسبیح کرتی ہے تب حضرت عمر نے اوسی چھوڑ دیا۔

۶۰۹ کوئی اپنے ساتھی سے کہے آؤ جوا کھیلتے جائین

(۳۰۶۶) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم مین جو کوئی اپنی قسم مین یون کہے لات وعزہ کی قسم اوسے چاہئے کہ یہ کہے کہ لا الہ الا اللہ۔ اور اگر کوئی اپنے ساتھی سے کہے آؤ ہم تم جوا کھیلتے جائین اوسکو چاہئے کہ صدقہ کرے

۶۱۰ کبوتر کی بازی

(۳۰۶۷) ابوہریرہ رضہ سے ایک شخص نے کہا کہ ہملوگ دو کبوترون مین۔

Marfat.com

بازی لگاتے ہین مگر اون دونون کے درمیان مین محلل[۹۱] کا ڈالنا نہین پسند کرتے اس خوف سے کہ محلل اوسکو لیکر چل ندے ابو ہریرہ نے فرمایا یہ تو لڑکون کا کام ہے قریب مین اسکو چھوڑ ہی دوگے۔

عورتونکی سواریکا اونٹ تیز کرنیکو گیت[۹۲] گانا ۶۱۱

(۳۰۶۸) انس نے فرمایا مردونکے سواری کے اونٹ کے لئے برابر ابن عازب خدا پڑھتے تھے اور عورتونکی سواری کے لئے انجشہ اور انجشہ خوش آواز تھے اون سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا انجشہ! شیشون[۹۳] کے ساتھ آہستگی کا لحاظ رکھو۔

گانا ۶۱۲

(۳۰۶۹) ابن عباس نے آیہ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ کی تفسیر مین فرمایا گانا اور اسی قسم کی باتین مراد ہین۔ (اور بعض آدمی بیکار باتین بول لیتے ہین۔)

(۳۰۷۰) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سلام پھیلاؤ سلامت رہوگے اور اشرہ نہایت خراب بات ہے ابو معاویہ راوی نے کہا اشرہ یعنے بیکار بات۔

(۳۰۷۱) فضالہ بن عبیدہ کو خبر ملی کہ کچھ لوگ کوبہ کا کھیل کرتے ہین بس مارے غصے کے کھڑے ہوگئے اور بہت تاکید سے منع کرنے لگے اور کہا کہ اسکا کھیلنے والا جوا سکی جیت کا مال کھاتا ہے جیسے سور کا گوشت کھانیوالا اور خون سے ہاتھ مُنہ دھونے والا ہے کوبہ یعنے نرد۔

نرد کھیلنے والونکو سلام نکرے ۶۱۳

(۳۰۷۲) علی رضی اللہ عنہ جب مجلس اکے دروازے سے نکلتے اور کہین نرد بازونکو دیکھتے تو اونکو پکڑوا کر ساتھ لواجاتے اور صبح سے شام تک قید رکھتے بعضونکو دو پہر ہی تک قید رکھتے شام تک تو اونکو گونکو قید رکھتے جو روپیہ کی بازی لگاتے اور دو پہر تک اونلوگونکو قید رکھتے جو شغلاً اوسکو کھیلتے

اور آپ یہ حکم دیتے تھے کہ اونکو کوئی سلام نکرے۔

نرد بازکی برائی

۶۱۴

(۳۰۷۳) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس نے نرد سے کھیلا اوسنے خدا رسول کی نافرمانی کی۔

(۳۰۷۴) ابن مسعود نے فرمایا خبردار ان دو ناپاک پانسون سے جن سے چال چلتے ہین بچتے رہنا یہ دونون بھی جوے کے قسم سے ہین۔

(۳۰۷۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص نرد شیر سے کھیلتا ہے گویا اپنا ہاتھ سور کے گوشت اور خون سے رنگین کرتا ہے۔

(۳۰۷۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حدیث مذکورہ بالا

نرد باز اور اہل باطل کی سزا اور اونکو مکلوا دینا

۶۱۵

(۳۰۷۷) عبداللہ بن عمر اپنے لوگون مین کسیکو نرد کھیلتے پاتے تو اوسکو مارتے اور نرد توڑ دیا کرتے۔

(۳۰۷۸) ایک گھر والے حضرت عایشہ کے مکان مین رہتے تھے آپکو خبر ملی کہ اونکے پاس نرد ہے آپ نے اونکو کہلا بھیجا کہ اگر تملوگ نرد کو نہین نکال دوگے تو مین تمہین اپنے گھر سے نکلوا دونگی اور آپ نے انکی اس بات سے بہت برا مانا

(۳۰۷۹) کلثوم نے کہا ابن زبیر نے ہملوگون مین خطبہ کیا اور کہا کہ اے لوگو والو مجھے خبر ملی ہے کہ بعض قریشی آدمی ایک کھیل کھیلتے ہین وہ کھیل نرد شیر کہلاتا ہے اور تنگدست ہوگئے ہین اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے انما الخمر والمیسر الخ اور مین خدا کی قسم کھاتا ہون کہ جو شخص یہ کھیل کھیلیگا اور میرے پاس پکڑ آویگا مین اوسکے بال اور کھال مین اوسکے سزا کرونگا اور اوسکا اسباب چھین کر جو شخص پکڑ لایا ہوگا اوسے دیدونگا۔

(۳۰۸۰) جو شخص نرد سے جوا کھیلے اوسکی شان مین ابوہریرہ نے فرمایا کہ اوسکی مثال ایسی ہے جیسے سور کا گوشت کھاتا ہے اور جو شخص بغیر جوے کے

Marfat.com

کھیلتا ہے اوسکی مثال ایسی ہے جیسے سور کے خون مین ہاتھ ڈبوتا ہی اور جو شخص اوسکے پاس بیٹھا ہوا اوسکو دیکھتا ہے اوسکی مثال ایسی ہے جیسے سور کا گوشت دیکھ رہا ہے۔

(۳۰۸۱) عبداللہ بن عمرو بن عاص نے فرمایا غصین سے جوا کھیلنے والا آدمی جیسے سور کا گوشت کھانے والا اور بغیر جوے کے کھیلنے والا سور کے خون مین اپنا ہاتھ ڈبونے والا۔

ایماندار آدمی ایک سوراخ سے دو بار نہین کاٹا جاتا ۶۱۶

(۳۰۸۲) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایماندار آدمی ایک سوراخ[۱] سے دو بار نہین کاٹا جاتا۔

راہ کو تیر اندازی ۶۱۷

(۳۰۸۳) نبی صلعم نے فرمایا جو شخص راہ کو ہمپر تیر اندازی کرے وہ میری جماعت سی نہین ہے۔

(۳۰۸۴) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہمپر[۲] ہتھیار اوٹھاوے وہ میری جماعت سے نہین ہے۔

(۳۰۸۵) حدیث مذکورہ بالا۔

خدا جب کسی سرزمین پر کسی بندہ کو مارنا چاہتا ہی وہان اوسکو کوئی ضرورت پیدا کر دیتا ہی ۶۱۸

(۳۰۸۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خدا جب کسی بندیکو کسی خاص سرزمین پر مارنا چاہتا ہے وہان اوس بندیکے لئے کوئی ضرورت پیدا کر دیتا ہے۔

کپڑی مین ناک سنکنا ۶۱۹

(۳۰۸۷) ابوہریرہ نے اپنے کپڑے مین ناک سنکی پھر کہا بخ بخ (یعنے وہ واہ) ابوہریرہ کتان مین ناک سنکتا ہے مین اپنے کو دیکھ چکا ہون حضرت عایشہ کے حجرے اور ممبر کے درمیان گرا پڑا رہتا تھا لوگ کہتے تھے دیوانہ ہو گیا ہے اور میری یہ نوبت فقط بھوک سے تھی۔

وسواس ۶۲۰

Marfat.com

(۳۰۸۸) صحابہ نے عرض کیا یارسول ہملوگون کے دلون مین کچھہ ایسی باتین آتے ہین کہ ساری دنیا بھی ہمکو ملجاوے تب بھی اوسکا زبان پہ لانا ہمین منظور نہین فرمایا کیا یہ بات تمہین حاصل ہوئی عرض کیا ہان فرمایا یہ صریح ایمان ہے۔

(۳۰۸۹) شہر بن حوشب نے کہا مین اپنے مامون کے ساتھہ حضرت عایشہ کے یہان گیا اور عرض کیا ہم مین کسیکے سینہ مین بعض ایسی بات کھٹکتی ہے کہ اوسکے بولنے مین آخرت رخصت ہوتی ہے اور ظاہر ہو تو لوگ مارہی ڈالین حضرت عایشہ نے تین بار اللہ اکبر کہا پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی یہ بات پوچھی گئی تھی آپ نے فرمایا جب کسیکو یہ امر پیش آوے تو تین بار اللہ اکبر کہے یہ بات مومن کے سوا کسیکو محسوس نہین ہوتی

(۳۰۹۰) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لوگ برابر ناشدہ باتونکو پوچھا کرینگے یہانتک کہ یہ بھی کہینگے ہر چیز کا پیدا کرنیوالا تو اللہ ہے بھلا اللہ کو کسنے پیدا کیا۔

گمان ۶۲۱

(۳۰۹۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا گمان سے بچتے رہنا جھوٹی سے جھوٹی بات گمان کرنا ہے اور عیب جوئی نکرو اور ہسکا نکرو اور آپس مین ایک دوسرے کی طرف سے منہ موڑی پیٹھہ پھیری رہا نکرو اور حسد نکرو اور بغض نہ رکھو اور اے بندگان خدا بھائی بھائی بنجاؤ۔

(۳۰۹۲) انس نے کہا اپنی بیویون مین کسی بیوی کے ساتھہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے اتنے مین ایک شخص اودھر سے گذرا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ سلم نے اوسکو بلاکر فرمایا میان فلانے! یہ عورت میری فلانی بیوی ہے اوس شخص نے عرض کیا مین کسکے ساتھہ گمان کرتا آپکے ساتھہ تو مین گمان کبھی نکرتا آپنے فرمایا آدمی کے بدن مین خون کیطرح شیطان دوڑا پھرتا ہے۔

Marfat.com

(۳۰۹۳) عبداللہ نے فرمایا جسکا مال چوری جاتا ہی برابر گمان کرتا رہتا ہے یہانتک کے چور سے بھی بڑھ جاتا ہے۔

(۳۰۹۴) امیر معاویہ نے حضرت ابو درداصحابی کو لکھہ بھیجا کہ دمشق کے بدمعاشونکی فہرست میرے پاس بھیجدیجئے حضرت ابو درداسنے فرمایا مجھسے اور دمشق کے بدمعاشون سے کیا واسطہ ہین کہان سے اونہین پہچانونگا حضرت ابو درداکے بیٹے بلال نے کہا ہین اونکی فہرست لکھتا ہون پھر اونھون نے لکھہ ڈالا ابو درداسنے کہا تونے کہان سے معلوم کیا تو بھی اونھین بدمعاشون ہین ہے اسی سے تو اونکو پہچانتا ہے اپنے ہی سے شروع کر اور حضرت ابو درداسنے وہ اسم نویسی نہین بھیجی۔

لونڈی یا بی بی شوہر کا بال مونڈے ۶۲۲

(۳۰۹۵) عبدالعزیز نے کہا عبداللہ بن عمر کے یہان ہین گیا دیکھا کہ لونڈی بال مونڈرہی ہے اور کہا کہ نورہ سے چمڑا پتلا ہو جاتا ہے۔

بغل کا بال اوکھاڑنا ۶۲۳

(۳۰۹۶) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پانچ باتین فطرت کی ہین ختنہ کرنا استرہ لینا بغل کے بال اوکھاڑنا اور مونچھہ کترنا اور ناخن لینا۔

(۳۰۹۷) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پانچ باتین فطرت کی ہین ختنہ کرنا اور زیر ناف مونڈنا اور ناخن لینا اور بغل کی بال اوکھاڑنا اور مونچھہ کترنا۔

(۳۰۹۸) ایضاً۔

اچھا برتاؤ ۶۲۴

(۳۰۹۹) ابو طفیل نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مین نے دیکھا آپ جعرانہ مین گوشت تقسیم فرماتے تھے اور مین اوندنون لڑکا تھا اونٹ کا ایک ٹکڑا اوٹھائے ہوئے تھا اتنے مین آپ کے پاس ایک عورت

Marfat.com

آئی آپ نے اوسکے لئے اپنی چادر بچھادی مین نے پوچھا یہ کون عورت ہی کسی نے بتایا کہ یہ آپکی مان ہے اِس نے آپکو دودہ پلایا ہے۔

جان پہچان ۶۲۵

(۴۰۰۰) مغیرہ بن شعبہ نے کہا ایک شخص بولا خدا امیر کا بھلا کرے آپکا کان جن لوگون کو پہچان تا ہے اونھین کو اجازت مین ترجیح دیتا ہی جواب دیا خدا اوسے معذور رکھے جان پہچان سے تو کٹا ہے کتے اور بگڑی ہوئے اونٹ کے پاس فائدہ ہوتا ہے۔

لڑکونکا گیند کھیلنا ۶۲۶

(۴۰۰۱) ابراہیم نے کہا ہمارے لوگ ہملوگونکو کتّے کے سوا سب کھیل کھیلنے کی اجازت دیتے تھے بخاری نے کہا یعنے لڑکونکو۔

(۴۰۰۲) ابو عقبہ نے کہا ایک دفعہ مین ابن عمر کے ساتھ ایک رستے پر گذرا حبشیون کی ایک جماعت پر اونکا گذر ہوا دیکھا کہ وہ لوگ کھیل رہی ہین ابن عمر نے دو درم نکالکر اونکو دئے۔

(۴۰۰۳) عایشہ نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے ساتھ والی چھوٹی چھوٹی لڑکیونکو میرے پاس بھیجدیتے تھے وہ گڑیان کھیلتی تھین۔

کبوتر ذبح کرنا ۶۲۷

(۴۰۰۴) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک شخص کو دیکھا ایک کبوتر کا پیچھا کرتا ہے فرمایا ایک شیطان ایک شیطانہ کے پیچھے لگا ہوا ہے۔

(۴۰۰۵) حضرت عثمان ہر جمعہ کے خطبے مین کتا مارنیکا اور کبوتر ذبح کرنے کا حکم دیتے تھے۔

اگر کسیکو کسی سے ضرورت ہو تو ضرورت والی کو جانا مناسب ہے ۶۲۸

(۴۰۰۶) ایکدن حضرت عمر نے زید بن ثابت کے یہان آکر اندر آنیکی

Marfat.com

اجازت چاہی اوھنون نے اجازت دی اوسوقت اونکا سر ایک لونڈی کی ہاتھ مین تھا وہ کنگھی کر رہی تھی زید نے اپنا سر ہٹا لیا حضرت عمر نے فرمایا اوسے کنگھی کرنے دے پھر زید نے کہا یا امیر المومنین مجھے بلا بھیجتے ہین حاضر ہوتا فرمایا ضرورت ہمین کو تھی۔

لوگونکے ساتھ ہو اور اوسوقت کھنکھارے ۶۲۹

(۴۰۰۸) ابو ہریرہ نے فرمایا جب لوگونکے روبرو کھنکھار چکے تو اپنی دونون ہاتھہ کا اوٹ کرلے جسمین اوسکا کھنکھار زمین ہی پر پڑے اور جب روزہ رکھے تو تیل لگالے تاکہ روزہ کا اثر ظاہر نہو۔

منہ مین ۱۲ جب جماعت سے باتین کرے تو ایک کی جانب متوجہ نہو۔ ۶۳۰

(۴۰۰۹) اگلے لوگ اسبات کو پسند کرتے تھے کہ جب کوئی باتین کرے تو ایک ہی شخص کیطرف متوجہ نہو بلکہ خطاب عام رکھے۔

فضول نظر ۶۳۱

(۴۰۱۰) عبداللہ ایک شخص کی عیادت کو چلے اونکے ساتھ ایک آدمی اونکے مصاحبون مین سے بھی تھا جب مکان کے اندر گئے اونکے ساتھی ادھر اودھر دیکھنے لگے عبداللہ نے فرمایا قسم خدا کی اگر مین تیری دونون آنکھین پھوڑ ڈالتا تو تیرے لئے بہت بہتر تھا۔

(۴۰۱۱) عراق والونکی ایک جماعت ابن عمر کے یہان گئی پھر اونلوگون نے دیکھا تو اونکا ایک خادم سونیکا طوق پہنے ہوئے تھا تب بعض اونمین سے بعض کو دیکھنے لگا اسپر ابن عمر نے فرمایا تملوگ برائی کو کیا ہی خوب سمجھتے ہو۔

فضول گوئی ۶۳۲

(۴۰۱۲) ابو ہریرہ نے فرمایا فضول گوئی مین کچھہ خوبی نہین۔

(۴۰۱۳) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری امت مین گال

Marfat.com

پھولا پھولا کر مونہہ پھاڑ پھاڑ کر بہت بک بک کرنے والے لوگ نہایت
برے لوگ ہین اور میری امت مین بہت اچھے وہ لوگ ہین جنکی
عادات اچھی ہین -

دورخا آدمی ۶۳۳

(۴۰۱۴) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کوگون مین
دورخا آدمی بہت بُرا آدمی ہے کہ اِس جماعت مین ایک ڈہنگ لاتا ہے
دوسری جماعت مین دوسرا ڈہنگ لاتا ہے -

دورخی آدمی کی بُرائی ۶۳۴

(۴۰۱۵) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دنیا مین جو آدمی دورخا ہوتا ہی
قیامت کے دن آگ کی دو زبانین اوسکی ہونگی اتنے مین ایک موٹا آدمی
اودھر سے گذرا آپ نے فرمایا یہ اونہین لوگونمین ہے -

جسکے شر سے بچنا چاہین وہ بہت برا آدمی ہے ۶۳۵

(۴۰۱۶) حضرت عایشہ نے فرمایا ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم کے یہان حاضر ہونیکی اجازت چاہی آپ نے فرمایا آگنے دو
یہ شخص اپنے خاندان مین کیا بد آدمی ہے پھر جب وہ اندر آیا آپ نے
اوس سے نرم کلامی کی مین نے عرض کیا یارسول اللہ آپ نے جو فرمایا
سو تو فرمایا پھر اوس سے نرم کلامی فرمائی فرمایا اے عایشہ جس آدمی کو لوگ
اوسکی شرارت کے سبب سے چھوڑ دین وہ نہایت بُرا آدمی ہے -

حیا ۶۳۶

(۴۰۱۷) عمران بن حصین صحابی نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا ہے حیا سے بہلائی ہی ہوتی ہے تب بشیر بن کعب نے کہا حکمت
مین لکھا ہے کہ حیا سے وزن ہوتا ہے حیا سے سکون ہوتا ہے تب عمران
نے بشیر سے کہا مین تجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث

Marfat.com

بیان کرتا ہون اور تو مجھسے اپنے سفینہ کی بات بولتا ہے۔

(۴۰۱۸) ابن عمر نے فرمایا حیا اور ایمان ایک دوسرے کا جوڑ ہے جب دونون مین کوئی ایک جاتا رہا تو دوسرا بھی جاتا ہی رہتا ہے۔

باب جفا ۶۳۷

(۴۰۱۹) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حیا ایمان کی بات ہے اور ایمان بہشت مین ہے اور بدزبانی جفا کی بات ہے اور جفا دوزخ مین ہے۔

(۴۰۲۰) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سر مبارک بھاری تھا آنکھین دونون بڑی تھین چلتے تھے تو جھکے چلتے تھے جیسے اونچے پر چلتے ہون جب مڑتے تھے تو سارے بدن سے مڑ جاتے تھے۔

باب جب شرمائے نہین تو جو چاہ سو کر ۶۳۸

(۴۰۲۱) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگلی نبوت کی باتون مین یہ بات لوگون نے پہونچ گئی ہے کہ جب تو شرمائے نہین تو جو چاہ سو کر۔

غصہ ۶۳۹

(۴۰۲۲) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کشتی باز آدمی مضبوط نہین ہوا کرتا مضبوط وہی ہے جو غصہ کیوقت اپنے اوپر اختیار رکھے۔

(۴۰۲۳) ابن عمر نے فرمایا کوئی شخص خدا کی رضا مندی کے لئے غصہ کی گھونٹ پی جائے اِس گھونٹ سے زیادہ ثواب کے قابل خدا کے نزدیک کوئی گھونٹ نہین ہے۔

غصہ مین کیا بولے ۶۴۰

(۴۰۲۴) نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روبرو دو شخصون نے آپس مین گالی گفتہ کیا ایک آدمی لگا غصہ کرنے اور اوسکا چہرہ سرخ ہوتے لگا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوسکی طرف نظر کی اور فرمایا مجھے ایک بات معلوم ہے اگر یہ اوسے کہہ لے تو یہ کیفیت جاتی رہے یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

Marfat.com

بس ایک شخص اوسکے پاس اوٹھ کر گیا اور کہا تجھے خبر ہے آپ نے کیا فرمایا فرمایا ہے کہ کہہ اعوذ باالله من الشیطان الرجیم اوس شخص نے کہا کیا تو مجھے دیوانہ سمجھتا ہے۔

(۴۰۲۵) سلیمان بن صرد نے کہا مین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین بیٹھا ہوا تھا اور دو آدمی گالی گلوچ کر رہے تھے دونون مین ایک کا مُنہہ سرخ ہو گیا اور گردن کی رگ پھول گئی نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مین ایک ایسی بات جانتا ہون کہ اگر یہ اوسے کہہ لے تو اسکی یہ حالت جاتی رہے لوگون نے اوس سے جا کر کہا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہین اعوذ باالله من الشیطان الرجیم کہدے اوسنے کہا کیا مجھے جنون ہے

غصہ مین چپ رہو ۶۴۱

(۴۰۲۶) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سیکھاؤ اور آسانی کرو سکھاؤ اور آسانی کرو تین بار فرمایا جب غصہ آوے تو چپ چاپ ہو جاؤ یہ آپ نے دو بار فرمایا۔

سنبھل کر دوستی کرے۔ ۶۴۲

(۴۰۲۷) حضرت علی رضی اللہ عنہ ابن الکوا سے فرماتے تھے تجھے خبر ہے انگلون نے کیا کہا ہے دوست سے سنبھل کر دوستی کر شاید کسیدن تیرا دشمن ہو جائے اور دشمن سے سنبھل کر دشمنی کر شاید کسیدن تیرا دوست ہو جائے۔

دشمنی تباہی کا سبب نہو ۶۴۳

(۴۰۲۸) حضرت عمر نے فرمایا تیری دوستی تکلیف کا موجب نہو اور تیری دشمنی تباہی کا سبب نہو۔ اسلم راوی کہتا ہے مین نے کہا یہ کیونکر فرمایا یہ اسطرح کہ جب دوستی کرے تو لڑکونکی طرح تکلیف دیا کرے اور جب

Marfat.com

کسی سے دشمنی کرے تو اوسکی تباہی کا خواہان ہو ایسا ہونا نہین چاہیئے ۔

خاتمۂ کتاب

للہ الحمد ہر آن چیز کہ خاطر میخواست
آخر آمد زپس پردۂ تقدیر پدید

الحمد للہ کہ ۱۷ صفر سنہ ۱۳۰۹ ہجری کو درمیان ظہر اور عصر کے ترجمہ ادب المفرد کا تمام ہوا بعد اسکے کہ بندہ عاجز محمد عبد الغفار اسکے تمام ہونے سے نا امید ہو چکا تھا اسوجہہ سے کہ اس ترجمہ کے شروع کرنیکے تھوڑے ہی عرصہ بعد انواع تردوات مین مبتلا ہو گیا اللہ تعالے جناب اخی مولوی ابو محمد ابراہیم صاحب آروی کو جزاے خیر دے اور اونکے اعمال حسنہ مین برکت عطا کرے اور اپنے فضل سے قبول فرماوے اور اونکی گناہون سے درگذرے کہ انکی تحریکات پیہم نے اس عاجز کے ارادے اور ہمت کو متزلزل ہونے نہ دیا اور کیف ما اتفق تھوڑا تھوڑا لکھتے لکھتے آخر انجام کو پہونچا اللہ تعالے اپنے فضل و کرم سے اس ترجمہ کو قبول فرماوے اور اسکو خاص بوجہ الکریم ہونیکی عزت بخشے اور جو کچھ شائبہ نفس کا اسمین شریک ہوا ہو اوسکو مٹاوے اور میرے لئے اسکو ذخیرۂ آخرت فرماوے اور مجھے اور میرے ماں باپ اور میرے استاذہ خاصکر سیدنا مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب کو اسکی جزائے خیر سے پورا حصہ عطا کرے اور جن بزرگون نے اسپر نظر ثانی کی بھی تصحیح فرمائی ہے لکھا ہے چھاپا ہے سبکو بخشدے اور اس کتاب سے روز قیامت مین مجھپر حجت قایم نفرماوے بلکہ مجھے اسپر عمل کی توفیق دے کہ قیامت کے دن یہ کتاب خدا کے سامنے میری حجت ہو اور اپنے بندونکو اسکے دیکھنے اور اسپر عمل کرنیکی توفیق دے ۔

آمین یا رب العالمین

باکریمان کار ہا دشوار نیست

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّأُولِي الْأَبْصَارِ

الحمد للہ کہ رسالہ مؤلفہ فاضل عصر علامہ دہر مولانا امین اللہ مرحوم متخلص بہ امین -

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باہتمام تام

فاضل اجل و عالم بی بدل مولانا مولوی تلطف حسین سلمہ اللہ تعالی فی الدارین

در مطبع انصاری واقع دہلی بکمال صحت طبع یافت

Marfat.com